اللّٰہ یجتبی الیہ من یشاء ویہدی الیہ من ینیب
بعون اللہ الوہاب کتاب بافاضت انتساب تحقیق را مرجع تدقیق را مآب کہ رسائی طبع رسا بر حد تعریفش متعذر فارسی عہی
دستور فارسی
المعروف بفوائد غریبہ کہ نام تاریخی طبعش ہمان فوائد بود
۱۳۱۰ ہجری
بحسب ایمای عالی ہمم ذوالمجد والکرم ناشر علوم و فنون المشتہر فی الصدق والتسمیہ لدالبیان الاوحد الاشمل الامجد المولوی الحافظ محمد عبدالاحد سلمہ اللہ الصمد
در مطبع مجتبائی واقع دہلی مطبوع شد

فہرست ابحاث دستور نامہ فارسی

صحت نامۂ اغلاط دستور نامۂ فارسی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۴	جو	چو	۴۲	۱۱	تعداد	تعداد مین	۱۱۷	۱۷	خوابید	خوابنید
؍	۱۳	جو	چو	۵۰	۶	اسانی	اسامی	۱۱۹	۱۴	گوبندگی	گویندگی
۷	۱۲	گوئی	گوی	۵۳		نی ایمہ	یعنی ایم	۱۲۰	۱۲	مین سے	مین باسے
۱۰	۵	خارۂ	خارہ	۵۴	۱	اختصار	اختصار کے	؍	۱۴	اوسبب	اورسبب
۱۳	۲	میران	حیران	؍	۱۴	پسند	بلسند خاطر	۱۲۲	۱۴	مرآنیست	مرانیست
۱۵	۱۰	ہنسی	ہنسنے	۵۶	۱۶	خود پست	خود پرست	۱۲۳	۲۲	بہ	یہ
۲۰	۲۲	غزا	غزّا	۵۷	۲۱	اسکو	اسکو ماضی مین	؍	۲۳	اور	آور
۲۳	۲۱	صورو حروف	صورِ حروف	۶۱	۱۱	پیا	بپا	۱۲۴	۹	جنگ	چنگ
۲۴	۶	وجوبیت	وجوب	۶۳	۹	ساعائی	ساعای	۱۲۵	۱۲	آبا	آباد
۲۵	۱	ہدایت	بدایت	۶۴	۱۱	در	ور	؍	؍	قافلہ	سرنشین قافلہ
؍	۲۲	وہ	وہ	؍	۱۳	اوت	اوت	۱۲۹	۲۲	بآی مصدری	یآی مصدری
۲۶	۱۹	لھا	ںھر	؍	۲۳	نرخبر	نہ خبر	۱۳۰	۱۵	آب	آپ
؍	۲۳	لسا	رس	۶۶	۱۴	مرگیا	گزرگیا	۱۳۳	۱۲	زود خیرو	زود خیز
۲۷	۱	لساس	ساس	؍	۲۳	کا	کے	۱۳۸	۱۵	بہ عمری	بعمری
؍	۱۲	سہے	ہمہا	۶۹	۴	بخشش	بخشی	؍	۲۳	تشاندت	نشاندت
۲۸	۱۵	ورنہ اہل عرب بغیر ہمزہ اخیر استعمال نہین کرتے	اسواسطے کہ عجم ان حروف کو ہمیشہ مقصر بغیر ہمزہ اخیر استعمال کرتے ہین اور عرب بضرورت یعنی وقت اعراب ہمزۂ اخیر کو لازم اور ضروری سمجھتے ہین	۷۲	۱۲	شپر	شپّرہ	۱۴۱	۱۰	گنج خاہ	گنج خانہ
				۷۴	۱۱	اسم	کسی	۱۵۱	۲	بموران دہد	بمور آن دہد
				۷۵	برحاشیہ ۲۷	مجلس	مجالس	؍	۱۴	اضافت	اتصاف
				۸۰	۵	کہ گو	گو	؍	۱۵	یاپیل	باپیل
				۸۶	۹	رکھتا ہو	رکھتا ہو	۱۴۶	۶	یارسا	پارسا
				؍	۲۱	خلافت	خلاف	؍	۸	ان گار	انگار
۲۹	۹	قسم	قسمین	۹۰	۱	ہو	ہو	؍	۲۰	خرفش	حرفش
۳۱	۲۱	بصغ	بضع	۹۳	۲۳	جزوہر	جزو زی دہر	۱۴۷	۳	سراپانار	سراپاناز
۳۶	۱۰	نساز	سار	۹۸	۶	کمان	کمان	؍	۲۱	گھنٹون منٹون وغیرہ مین وہ آن ہوگی	گھنٹون منٹون وغیرہ مین سے جس صدی برس مہینے دن گھنٹے منٹ وغیرہ مین وہ آن ہوگی
۳۸	۱۴	منطقۃ البروج کے ہین	منطقۃ البروج ومنطقۂ مائل فلک قمر کے ہین	؍	۱۳	بہ	یہ				
				۹۹	۱۶	گیسوئے	گیسوے				
۳۹	۹	حرف	حروف	۱۰۰	برحاشیہ ۸	فرہنگناہی	فرہنگناہا				
؍	؍	حرف	حروف	۱۰۴	۳	کے لیئے	کے اظہار کیلئے	۱۴۸	۲	والسمع نہین	والسمع سے نہین
۴۰	۳	شبیہ	شبہ	؍	۹	دقت	دقّت	۱۴۹	۳	مصرع اول	کے مصرع اوّل
؍	۴	حرف	حروف	۱۰۹	۱۳	لایا	لے آیا	۱۵۰	۲۳	پو	چو
۴۱	۵	نی	کی	۱۱۷	۱۲	خوابد	خواہد	۱۵۲	۱۳	آغار	آغاز
								۱۵۳	۴	آباوما	آبادما

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۵۳	۲۰	پچان	پہچان	۱۸۴	برحاشیہ	پیذشتے	چھپا ستنے	۲۱۰	برحاشیہ ۱	سمی	اسمی
۱۵۶	۲۲	بیپی لب	بیبے لب	〃	۲۰	پریدن	بریدن	〃	۱۰	تقریر طلب	تقریر ایکہ امر کی
۱۵۷	۶	مثبتہ	مثبت	۱۸۵	۱۴	قبلہ از بیان کیے ہو	از بیانیہ کے قبل ہو			مقصود ہے	مقصود ہوتی ہے
〃	۱۹	دیتے من	دینے من	۱۸۶	۵	ازرستہ	ازستے	〃	۱۷	نظامی یہ شعر	.
۱۵۸	۱۵	میبن	میہن	۱۸۷	۳	بدانی	بہ دانی			گراو خرد رای باشد بلند	.
〃	۲۰	اورفزوت	اورفزودت	۱۸۸	۱	برد	برو			نگوید سخنہای ناسودمند	.
۱۵۹	۲	دیار بہا	و یار بہا	۱۸۹	۱۳	مادی کو	آز مادی کو			لے کسے را بایہ گرا	.
۱۶۰	۵	قصوری	قصور	۱۹۰	۱۰	سرو	سرو	〃	۲۲	تعیم	تعمیم
۱۶۲	صفحہ نمبر	۲۶۲	۱۶۲	۱۹۱	۲	موصوف ازکار رفتہ	مبتدا ازکار رفتہ و	۲۱۱	۸	واین کیمت	نہ این کیمت
۱۶۳	〃	۲۶۳	۱۶۳			وازسرگزشتہ صلہ موصول	ازسرگزشتہ خبر مبتدا	〃	۹	درع	ورع
۱۶۶	۱۵	بودکہ	بوکہ			محذوف کا موصول صلہ	خبر کے ساتھ ملکر کجا	〃	برحاشیہ ۸	کے چہ	کہ چہ
۱۶۹	۶	پنا	اپنا			سے ساتھ ملکر دست اور	صیغہ صفت کے ہو	۲۱۳	۳	توان	نوان
〃	۸	استدن	وستدن			آب کی صفت ہوئی جسکی	جسکی تقدیر کسیکہ	〃	۶	گیاربوان	گیارہوان
۱۷۰	۵	گم	کم			تقدیر دستیکہ ازکار رفتہ	دست او ازکار رفتہ	۲۱۴	۶	بجاے	بجام
〃	۲۰	ثانیہ	بیانیہ			دست آب کہ ازسر گزشتہ	دست و کسیکہ آب	۲۱۷	۲۳	پندہست	پنداشت
۱۷۱	۱۳	زآتش	زآتش			است ۔ ا مصور تمین	ازسر او گزشتہ	۲۱۹	۹	اَذنَتنَا	اَذنَتنَا
۱۷۲	۳	نبارید	نبازید			موصوف کہ توصیف ہے	است ۱۲	۲۲۰	۱۰	بخش وبس	بخش بس
〃	۶	یافتی	یاختی			لے نیاز ہوجاتا ہے		۲۲۲	۱	ادر	اور
〃	۱۴	آمیختن	آہیختن	۱۹۲	۱	الانا	لانا	۲۲۳	۱	ادعا	ادعاءً
۱۷۳	۱۲	زیر	زبر	۱۹۵	۳	رہی	رہتی	〃	۱۹	قامتی	قامت
〃	۱۹	ولہ	فردوسی شعر	۱۹۶	۱۷	گز	کز	۲۲۵	۹	اسکا تشبیہ الجمع	اسکا تشبیہ التسویہ نام
۱۷۴	۱۵	اُتو	اُتّو	〃	۲۱	آید	آمد			نام ہے	ہے جیسے ع زبان دلبش
〃	۲۰	دانستن و نستن	شکستن	۱۹۷	۹	کے مقابل کی	کا تقابل				ہمچو آب حیات ۃ اور اگر
۱۷۵	۱۲	ستد	سند	۱۹۸	۲۰	ندائی	ندامی				تعدد مشبہ بہ مین فقط ہے
۱۷۶	۶	بضمہاے	بضمہاے	۱۹۹	۱۳	سیاحت	سیاہت				اسکا تشبیہ الجمع نام ہے
	برحاشیہ ۱۲	نشستن	شستن	〃	〃	بینش و غلطی	بینش و غلط	〃	۱۲	مثالون سے مین	مثالون مین
۱۷۷	برحاشیہ ۵	فائدہ	قاعدہ			مکن نگارا ۱۲	مکن نگارا ۱۲	〃	۱۶	قمرمو	کمرمو
۱۷۹	۹	یزم	نیرم	〃	۲۴	ـ بر	بہ بر	۲۲۷	۱	حسی	حسی
〃	۱۱	شگفت ہوناچاہیے	شگفت ہوناچاہیے	۲۰۰	۲	برخود بہ بر	برخود بر	〃	۲	زعلم آ.م بررد	زعلم آدم علم برزد
				۲۰۳	۱۵	ہی	بھی				
〃	۱۴	مادرشس	مادرِ	۲۰۵	۱	تعبیرکن زنہاریہ	تعبیرکن کو زنہاریہ	۲۳۰	۶	سحر	سے
〃	برحاشیہ ۱۵	شنیدن	شنذن	۲۰۸	۲۲	تشبیہ	تشبیہیہ	〃	برحاشیہ ۹	ممذوف	محذوف
۱۸۰	۲	صباد	صبا	۲۰۹	۲۰	موئیدنم	موئیہ من	۲۳۴	۱۰	گزد	گرد

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۳۴	۱۳	کمال استفادہ	کمال و استفادہ	۲۴۸	۵	بھی	بے	۲۶۸	۲	ع۱	ع۲
ر	۱۴	نداب	مذاب	ر	۸	بیدادِگر	بیدادگر	ر	ر	ع۲	ع۱
۲۳۵	۸	اود	اور	۲۵۰	۹	خریدن	خزیدن	ر	۹	شاہدہ	مشاہدہ
ر	۱۱	مشہدی	مشہدی کا	ر	۱۴	متعدد	ذی تعدد	ر	۲۱	لمر	امر
ر	۲۱	غرضِ	غرض	۲۵۲	۱۵	دخرشید	دو خرشید	ر	ر	مناظرہ	مناظر
۲۳۷	۱۶	دلیس	دلیس	۲۵۳	۳	الہی کے	الٰہی کے سوای	۲۶۹	۶	رنگۓ	رنگ مین
۲۳۹	۲	بتلادے	بتلاوے	۲۵۴	۷	گر	اگر	۲۷۲	۸	گریز	گزیر
۲۴۱	۲۳	اود	اور	۲۵۵	برحاشیہ ۲	حدو	حذف	ر	۱۳	هیضم	هضیم
۲۴۴	۱۵	ناتوان	ناتوانا	ر	برحاشیہ ۱۱	ذہ	زہ	۲۷۷	۱	زمان	زمان
ر	۲۰	نسب وار	نسبت وار	۲۵۹	۱	واہ اور داہ و اخفہ	ورخہ خہ	ر	۴	نا	فا
ر	۲۳	نابسامان	نابسامان	۲۶۰	۱۵	از	ار	ر	۵	بہی	یہی
۲۴۷	۶	بے نور وغیرہ	بے نور وغیرہ موافق قیاس مستعمل ہین	۲۶۴	۳	شاد	شاذ	۲۸۰	۹	دہی نکتہ	وہی نکتہ
				ر	۱۴	حروف	حرف	۲۸۷	۱۹	مہ ستارہ	ماہ نجم
ر	۱۱	از	ار	۲۶۵	۷	زمانہ مین اور مکان	کسی زمانہ اور کسی مکان				
ر	۱۲	وہان	دہان	۲۶۶	۷	بالکلیہ	عطف بالکلیہ				

ضمیمہ بقیہ حاشیہ دستورنامہ فارسی بقید صفحہ و سطر

صفحہ	سطر	عبارت
۱۰	۱۶	(توان) نظامی مخزن صفحہ ۹۵ نہ در طبع نیرو نہ در تن توان ؛ خمیدہ شد از باد سرو جوان ؛
۲۸	۳	(واقع ہوجایا کرتا ہے) مگر عربی مین سوا ضرورت شعری کے دوسری جگہ مستعمل نہین جیسے متنبی نے اس شعر مین بکاء بالمد کو بکا بالقصر باندھا ہے ؏ وماذا بمصر من المضحکات ؛ ولکنہ ضحک کالبکا ؛
۲۸	۱۵	(ورنہ اہل عرب الخ) اور کلام مجید و فرقان حمید کے اوائل سور مین حروف مقطعات جو بلا مد پڑھے جاتے ہین جیسے طٰہٰ اور ھا و یا کہیعص اور حٰمٓ عسق اور را الر مین امر توقیفی ہے قیاس و قاعدہ کو اس مین کیا دخل جیسے زکریا بالمد کو زکریا قصر کے ساتھ پڑھتے ہین ہاتجی کے وقت قصر کرنا بوجہ کثرت استعمال ہے ۔ علامہ زمخشری فرماتے ہین والسبب فی ان قصرت متہجاۃ ومدت حیث مسہا الاعراب ان حال التہجی خلیقۃ بالاخف الاوجز واستعمالہا فیہ اکثر واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ؏
۵۱	۱۹	(حافظ شراب لعل کش الخ) ولہ گر رنج پیشت آید وگر راحت اے حکیم ؛ نسبت مکن بغیر کہ اینہا خدا کند ؛
۵۷	۲	(نظامی) ولہ زچوگان وگو اندر آمد نخست ؛ کہ تو طفل بازی بدین کن درست ؛
۷۹	۱	(اسی طرح امہر جانین) مولوی معنوی رح مثنوی صفحہ ۲۴ آن دلے آور کہ قطب عالم ست ؛ جانِ جانِ جانِ جانِ آدم ست ؛
۸۵	۲۲	(رگ کوہ) مولوی معنوی مثنوی صفحہ ۳۸۶ رفت ذو القرنین سوے کوہ قاف ؛ دید کہ راکز زمرد بود صاف ؛ گرد عالم حلقہ کردہ او محیط ؛ ماندہ حیران اندران خلق بسیط ؛ گفت تو کوہے دگرہا چیستند ؛ کہ بہ پیش عظم تو بازیستند ؛ گفت رگہاے منند آن کوہہا ؛ مثل من نبوند در فر و بہا ؛ من بہر شہرے رگی دارم نہان ؛ بر عروقم بستہ اطراف جہان ؛ حق چو خواہد زلزلہ شہرے مرا ؛

صفحہ	سطر	عبارت
		امر فرماید کہ جنبان عرق را ۞ پس بجنبانم من آن رگ را بقہر ۞ کہ بدان رگ متصل بود ست شہر ۞
۹۳	۲۳	فردوسی رح شعر [ص۸] کس از نامداران پیشین زمان ۞ نکردند آہنگ زی آسمان ۞
۹۴	۳	(تو ہمہ ما) نظامی رح شعر پیش چنین کس ہمگی پیش کش ۞ ورنہ قلم بر ہمہ خویش کش ۞
۹۸	۶	سعدی رح ؎ برون بینم اوصاف شہ از حساب ۞ نگنجد درین تنگ میدان کتاب ۞ ای میدان کتاب احتمال بدل ہم دارد ۱۲
۱۲۴	۱۰	(اخیر مین شین معجمہ) نظامی [ص۱۴۲] رح ؎ سر بچہ چونکہ بخواہد شکست ۞ وین جہش امروز درین خاک ہست ۞
۱۳۸	۲۳	(ننشاندت روزگار) ولہ ؎ گویم اگر شہ بود آموزگار ۞ حق یہ ہے کہ یہان بھی لفظ گار نسبت فاعلی کے لیئے ہے - چونکہ آموختن سیکھنے اور سکھانے کے دونون معنون مین مستعمل ہے یہان بلحاظ معنی اول نسبت فاعلی ملحوظ کیگئی ہے یعنی سیکھنے والا - جہان بمعنی استاد آتا ہے وہ بلحاظ معنے ثانی ہے یعنی سکھانیوالا -
۱۳۹	۱۷	(اصل اسکی ابازار ہے) یعنی ابا پر لفظ زار جو مفید معنی کثرت ہے لایا گیا ہے - مولوی معنوی کا شعر ہے [ص۴۲۴] شعر علم دیگ و آتش ار نبود ترا ۞ از شرر نے دیگ ماند نے ابا ۞
۱۴۰	۱۷	(اور لاخ) نظامی رح شعر [ص۱۴۹] در لقت این بادیۂ دیو لاخ ۞ خانۂ دل تنگ و غم دل فراخ ۞ -
۱۴۵	۱۳	(دوسرا اسم حالیہ) مولوی معنوی [ص۲۱۲] رح ؎ در درون شیران بدندان لاغران ۞ ورنہ گاوان را نبودندی خوران ۞
۱۵۴	۹	(اسی صیغہ مرخم کا) حافظ رح شعر من نگویم کہ چہ کن باکہ نشین وچہ بنوش ۞ کہ تو خود دانی اگر زیرک وعاقل باشی ۞
۱۵۷	۲۴	(لفظ باد) حافظ فرماید ؎ تا آباد خدای باد یارت ۞ جز عیش مباد ہیچ کارت ۞ ولہ کارت ہمہ حفظ ملک و دین باد ۞ تا باد ہمیشہ این چنین باد ۞ اے تا باشد الخ منہ ۱۲
۱۶۰	۱۷	(معنی استقبال کو) مولوی معنوی رح [ص۵۹۴] ؎ کہ چہ خواہم خورد مستقبل عجب ۞ لوت فردا از کجا سازم طلب ۞
۱۷۳	۱	(مضموم الماقبل) حافظ رح شعر چنان زندگانی کن اندر جہان ۞ کہ چون مردہ باشی نگویند مرد ۞ شود مست وحدت ز جام الست ۞ ہر آنکو چو حافظ مے صاف خورد ۞
۱۷۶	۱۴	(بستن بند الخ) یہ مصدر لازم بھی مستعمل ہوا ہے جیسے صائب شعر زانم کہ لعل او بشکر خندہ باز شد ۞ در نیشکر ز عشقۂ غیرت شکر نبست ۞ ولہ شود زرق ہما گر استخوان من زبینا بی ۞ محبت دارم دگر در استخوان مغز ہما بندد ۞
۱۸۷	۱۲	(پانچوان از اعراضیہ) نظامی رح شعر [ص۱۱] بے طمیم از ہمہ سازندہ ۞ جز تو نداریم نوازندہ ۞
۲۵۲	۱۲	(اسیطرح لفظ گزشت) لفظ بیرون بھی کلمات استثنا سے ہے مگر اسکے مدخول یعنی مستثنے پر اس کے صلہ مین کلمۂ از ضرور رہتا ہے - حافظ در مخمس خود فرماید ؎ من از تو بجز وفا نجویم ۞ بیرون ز گل وفا نبویم ۞
۲۵۳	۱۶	(حرف شرط مین سے ایک اگر ہے) یہ حرف بمعنی کاش تمنا بھی آیا ہے - حزین فرماتے ہین شعر گران جان تر ز شبنم نیست جسم ناتوان من ۞ اگر می بود با من روے گرمی آفتابش را ۞ اے کاش می بود جیسے کلام عرب مین کلمہ لو جو مرادف اگر ہے بمعنی لیت مستعمل ہے چنانچہ تفسیر آیہ کریمہ یَوَدُّ اَحَدُہُمْ لَوْ یُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَۃٍ مین قاضی بیضاوی رح فرماتے ہین ولو بمعنی لیت اور علامہ زمخشری اپنی تفسیر مین فرماتے ہین حکایۃ لوداد تہم ولو فی معنی تمنے وکان القیاس لو اعمّر واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب منہ ۱۲
۲۶۳	۵	(بلی کا امالہ معلوم ہوتا ہے) بلی کے الف کو ہاے مختفی سے بدل کر بلہ کہنا لوطیون اور مقامرون کی اصطلاح ہے میر نجات صاحب گل کشتی کا شعر ہے ؎ گنہ از بندہ و بخشیدن عصیان از تست ۞ بلہ ستار کہ ستاری رندان از تست ۞ بلے آرے ای ستار پردہ پوشی ما گنہگاران از تو آید ۱۲ منہ (فقط)

اللہ یجتبی الیہ من یشاء و یہدی الیہ من ینیب
للہ الحمد کہ کتابِ ہدایت انتساب ترنّد خوانانِ فرس مصحف و چہرہ پردازانِ تحقیق آرسی یعنی
دستورِ فارسی
۱۳۱۸
جناب قلندر حسین صاحب اطہر قدس سرہ نتیجۂ فکرِ گلشن آرای الفاظ و معانی
حسبِ ایمائی طبع فیض رسانِ علوم و فنون عارضِ جلوۂ شروح و متون المولوی حافظ محمد عبد الاحد سلمہ اللہ الصمد
در مطبع مجتبائی واقع دہلی مطبوع شد

خوان شدن درویش واله هروی گوید شعر بذکر روی تو چشم سپهر گردانی ست • ز وابهای سرشکے کرباله جگر ست ۱۲

سر فرود آوردن خامهٔ جادو هنگامه در سپاس اختتام

دستور نامه

بسم الله الرحمٰن الرحیم

بنام خداے که جان آفرید — عیان را به نیرو نهان آفرید

ز اسرارها گنج درو ے نهاد — زبان را کلید در گنج داد

نه گنجے ز کاهش درو ناگزیر — ز داد و دهشها فزایش پذیر

زہے بخت بیدار گنجینه دار — که سازد چنین گنج برکس نثار

که بارید بر ما همه شهد و شیر — ز فیض ازل همچو ابر مطیر

زہے جود کو نامده در وجود — شده علت بود چرخ کبود

ندیده کسے آخرین این چنین — که بود ست وے علت اولین

کمالے که ممکن در امکان بداشت — خداوند یکیک بذاتش نگاشت

بدانم که در غیب چون دیر بود — تعلم بعلم الٰہی نمود

ازان ظاهرا حرف ناموخته — کتب خانهٔ کفر را سوخته

ز نور جمالش خرد رخ فروخت — جلال رعبش پر عقل سوخت

ز مهر دانش و داد آموخته — دل از تیرگیها برافروخته

ز شے منے بیک لمحه گردون نورد — ز شمشیر انگشت مه را دو کرد

زہے فیض صحبت که یکدم نشست — حصاتش شده سبحه گردان بدست

بجوشد چو فیضان او چون سحاب — شود لشکری سیر از مشت آب
ستون را چو شد لطف او پشتبان — بهجرش بنالید چون ذی هشان
کسی را بجنبش نماندست جای — که قرانش بجدلیست نزد خدای
که با وصف قدرت نیارد دگر — توانا خدا و نه چون او بشر
سخنهای من کاندرین داوریست — زاعجاز آن فیض نامنتهیست
بعزم نکوخواه دل کرده سخت — بصحرا نهادم گرانمایه رخت
بانصاف بین هرچه من گفته‌ام — همه دُرّ ناسفته را سفته‌ام
بیاوردم از کاوش مغزگاه — گهرهای روشن تر از مهر و ماه
همه سر بسر گوهر نابسود — که از مهر و مه گوی سبقت ربود
ببستم درین نامه آئین نگر — که مانند صنم خانهٔ چین نگر
چو کردم همه راز از سینه باز — بجاهست اگر نامش گنج راز
به آهنگ معنی زدم سازرا — چه آسان کشادم درِ رازرا
بود راز سربسته را بازجای — به تحقیق گردد ترا رهنمای
چه مایه قلم نکتهٔ نغز زاد — زهر گونه تدقیق در وی نهاد
نباید که دوزی بشهرت نگاه — به تحقیق حق جوی هموار راه
زبانت زبیغاره کوتاه کن — به اثبات حق رفته چندین سخن
هر آن مدعا کو غریب اوفتاد — بذکر دلیلش قریب اوفتاد
بهر دعوی‌اش حجت انگیختم — ز طول مُمِلّ رشته بگسیختم
به تفصیل مجمل شدم مشتغل — که نامد پسند اختصار مخل

مرا گوش برگفتهٔ کس نبود | خرد زراه تحقیق بر من گشود

خدای که در سر خرد آفرید | شناسندهٔ نیک و بد آفرید

خرد بر رهِ حق چراغِ رہ است | چو با وصفِ آن ره نه بینی خطاست

درین نامه من هرچه کردم بیان | نیابیش در صحفِ پیشینیان

بهر نقطه از چشمِ انصاف بین | ستاره بیاورده ام بر زمین

دو صد نکته در نقطه کردم نهان | بهر حرف رازِ جهان در جهان

چه شبها که خوردم ز دود چراغ | ازان کت رسانم تری در دماغ

ازان پس که بردم بسے دسترنج | چه ارزان کشادم بتو قفلِ گنج

اگر گنج نه بینی همین ست راست | بگنج ار نیائی غرامت تراست

ببین سرسری سوے این جادوی | که در هر نوردش بود صد نوی

بیا **حکمیا** ایدر آرام گیر | ز دستت بنه خامه و جام گیر

تو از فکر جز خویشتن تن زنی | ازین گفتگو مغز در سر کنی

نباید که بندی دل اندر نوی | تو در چارهٔ کهنگی ناقوی (اے قادر نیستی)

دریغا جوانی و نوزادگی | که بر سر زدم داغ از سادگی (اے بے ریشی)

چو سالِ من از حدِ سی برگذشت | ازان رشته ام نیشه قطع گشت

چو بر رخ گرانمایه از عمر رفت | مرا باید از بزم بزم سر گرفت

چو در من بهارِ نشاطے نماند | نباید بهر بزم دستے فشاند

شبابم که در من همه تاب بود | که یکسر از و خاک من آب بود (اے وجود من — اے بے رونق)

دگر گشت آن تاب در چند خواب | تو گفتی که بودست نقشے بر آب

دریغا کزین داغ شد مغز دود | که بر سر ز مو تا جم از مشک بود

دریغ آن برو برز و آن سفت و یال ... نشاط جوانی خوشا بی سال

نشاط جوانی چو یاد آیدم ... یکے از جگر سرد باد آیدم

سرور از دہا غم کنارہ کشید ... چو از برف پیریش سردی رسید

دریغا ہمان سرو آزاد من ... چمان قامتی ہمچو شمشاد من

خم اندر خم او ہمچو چنبر شدہ ... بباب عدم حلقۂ در شدہ

زبرنائیم شبیم انگیخت گرد ... گل و گردم از گرد شد لاجورد

چو مشکین سرونگاہ کافور زاد ... کفن آمد و آب چشمم بیاد

چو جان از نہیب اجل رنگ باخت ... بسازم لحد رانہ با مہد ساخت

بحصن قوے لشکر ضعف تاخت ... بباید کنون مرگ را برگ ساخت

چو بینم کہ چشمم سپیدی گرفت ... سیاہی زدن از من آید شگفت

چو آبی شود کار چشمان من ... بآتش رخان چون نظر آختن

کجا رفت آن روزگار نشاط ... کجا آن چو گل بود نم زانبساط

چہ باید مرا آرزو خواستن ... چو ہر دم فزاید بمن کاستن

بود آخر کاستن نیستی ... بیک حال در ساعتے نایستی

حقیقت تو دانی کہ این جاے کیست ... چو ہر دم صدا آید اینجا مایست

چو باید کہ خود گرم بر تیغ زنم ... غم جان خورم فکر آخر کنم

نشاندم پس این باغ خورم بہار ... نمانم اگر ماندم یادگار

چو از کار این نامہ پرداختم ... بتاریخ آن فکرہا ساختم

بناگہ خرد سوے او یافت راہ ... کہ دستور نامہ افادت پناہ

دگر سال او کلک گوہر سرشت ... گلستان نازک خیالی نوشت

بسالش دگر گوهر نغز سفت — خرد نامهٔ هوش افزاے گفت

چه خوش گفته ام چشم بد دور ازان — دگر سال او "بے بہار معان"

سروشم دگر باره اندر نهفت — سنش چشمهٔ فیض پاینده گفت

قلم بین دگر گوهر نغز سفت — که شد بر فلک تیر با وجد جفت

چو در بینات و زبر رفت قال — "نخیے نامهٔ گنج نو" گفت سال

بطرز نوی نامه پرداختم — یکے خانهٔ جادوے ساختم

بقا را دو ساختم ساز و برگ — شود مانعم چون بمن تاخت مرگ

حیات ابد یافت از روزگار — کزو مانده اندر جهان یادگار

گهرهاے روشن که من سفته ام — همش مایهٔ زندگی گفته ام

بس اعجاز آن رحمت کائنات — که چون ابر مے بارد آب حیات

روانم از و قطرهٔ نوش کرد — که صد چشمهٔ نوش از و جوش کرد

عجب گر نمانم بدو جاودان — اگر گرددم خاک سود استخوان

غرض آمد آن ابر رحمت بجوش — بعالم روان کرد صد چشمه نوش

مرا نیز یک قطره از وے رسید — که در رشته چندین گهر در کشید

درود خداے زمان و زمین — بر او باد و بر پیروان گزین

بویژه بران نیک پے همرهان — خرام و سلام از خداے جهان

هزار آفرین از جهان آفرین — بران کو بخیر القرون شد قرین

آخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین والصلوة والسلام علی سید المرسلین وآله وصحبه اجمعین

عدد	[illegible]
بینات	[illegible]
زبر	[illegible]

مجموعه زبر و بینات ١٣١٠

هنگامه آرائی ارژنگ نگار جادوئی جامه خامه در تواریخ کتاب افادت نصاب دستور نامه

چو شد پرداخته این گنج حکمت	هزار و سه صد و ده بُد ز هجرت
قلم در صنعت ابجد گهر سفت	"رموز نغز" تاریخ دگر گفت
دگر لب زد بمعجم سال وی را	ز چشم حاسدان محفوظ بادا
دگر تاریخ گفت بسکه مرغوب	بیا زیبا با تحفه بسا خوب
قلم آن اصل دانش ها من فضل	دگر ره گفت سالش گلشن فضل
دگر بین کز سر انصاف در سفت	سنش گنجینهٔ فضل و هنر گفت
دگر باره سروشم گفت در حال	مضامین دقیق علمیه سال
دگر از صنعت تفریق دانی	بدادش حق فروغ جاودانی

قطعه در تاریخ

دوش دیدم بفلک تیر فلک	کرد حل مسئلهٔ علم بفن
گفتمش گوئی سن نامهٔ من	گفت گنجینهٔ اسرار سخن

قطعه دیگر در تاریخ

چو تمام گشت رساله ام پی سال جست دلم نشان	فلکم چو دید بفکرتش بدلم بر تخت همان زمان
بزبر نگار و به بینات و بجبر ز معجمه مهمله	که "زهی خزینهٔ اهل تحقیق" ست سال تمام آن

عـه صنعت تفریق یعنی بعد از تفریق اعداد حروف مهمله غیر منقوطه از اعداد حروف منقوطه هر چه ماند همان تاریخ و سال این تصنیف خواهد بود بدین تفصیل

مادهٔ تاریخ "بدادش حق فروغ جاودانی"

حروف منقوطه	اعداد	حروف غیر منقوطه	اعداد
ب	۲	د	۴
ش	۳۰۰	ا	۱
ق	۱۰۰	د	۴
ف	۸۰	ح	۸
غ	۱۰۰۰	ر	۲۰۰
ج	۳	و	۶
ن	۵۰	ا	۱
ی	۱۰	و	۶
		د	۴
		ا	۱
مجموعه اعداد منقوطه	۱۵۴۵	مجموعه اعداد مهمله	۲۳۵

۱۵۴۵
۲۳۵
۱۳۱۰

اشعار بران دارد سال تصنیف رساله برآید بدین تفصیل

حروف معجمه			حروف مهمله		
زبر	بینات	اعداد	زبر	بینات	اعداد
ز	ا	۸	ه	ا	۶
ی	ا	۱۱			
غ	ا	۱۰۰۱	ه	ا	۶
ز	ا	۸	ا	لف	۱۱۱
ی	ا	۱۱			
ن	ون	۱۰۶	ه	ا	۶
ت	ا	۴۰۱			
ق	اف	۱۸۱	ل	ام	۷۱
ی	ا	۱۱			
ق	اف	۱۸۱	ح	ا	۹
مجموعه زبر بینات معجم		۱۵۱۹	مجموعه زبر بینات مهمله		۲۰۹

۱۵۱۹
۲۰۹
۱۳۱۰

عـه [illegible] تاریخ [illegible] واقع شده [illegible] قطعه تاریخی [illegible] اشعار این [illegible] شعر [illegible] بدادش حق فروغ جاودانی [illegible] تاریخ [illegible] اعداد [illegible] منقوطه [illegible] مهمله [illegible]

عـه پرداختن یعنی [illegible] شعر [illegible] معجم [illegible] تاریخ [illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلحمدُ لِلّٰہِ الَّذِی اَرَانَا الحَقَّ حَقًّا وَرَزَقنَا اِتِّبَاعَہٗ ؛ وَاَرَانَا البَاطِلَ بَاطِلًا وَرَزَقنَا اِجتِنَابَہٗ ؛ جَلَّ جَلَالُہٗ وَعَمَّ نَوَالُہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الرُّسُلِ ؛ وَخَاتَمِ الاَنبِیَاءِ ؛ وَعَلٰی اٰلِہٖ سُرُجِ السُّبُلِ ؛ وَاَعلَامِ الھُدَاے ؛

بعد حکمی آسیمہ سر ہرزہ لاے بیہودہ گوے یافہ سراے درگرامی خدمت والا برادر از من برمن مہربان تر دوست وفا پیشہ آشنا پرور راستی اندیشہ دادگستر سخن سنج دانش گراے فرہیدہ فرہنج صائب راے نطقش سیراب کن کوثر آبروے سلسبیل لفظش فصاحت را ہادی بلاغت را دلیل منشی محمد عبد اللہ الحسین الخلیل سلمہ اللہ الجلیل صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ بجز سر تسلیم خم کردن آدابے نداند و غیر از دست بستہ از ہیبت نفس گسستہ خموش بعرض ضراعت ایستادن برزبان القابے نراند

نظم

سلامے کہ سر تا سرش رحمت است	سر موے زان بگذری زحمت است
سلامے کہ شیرین تر از لعل یار	کہ صد جان بپرورد اندر کنار
ز حکمی آنجیدہ دل خستہ جان	بسوے **خلیل** آن بدل مہربان
ز مہر داد و دانش ور آگہی	براے و بفرہنگ ازو فرہی
نژادش بلند و ہمت بلند	بہ اختر خجستہ بہ بخت ارجمند
براے آفتاب و بعزم آسمان	بعقل و ہنر یادگار جہان
نکو راے و دل شوزہ نیک خواہ	ابا حلم او کوہ یک پرکاہ

سرش از تواضع بر افراخته　　ز نرمی بهر سختئ ساخته
خموشش و هشیوار و پالوده مغز　　بهر باب وارد و وصد نکته نغز
به هر علم و دانش ورا دستگاه　　سخن را بگیستی بود او پناه
سخنهاش یکسر فروزان گهر　　بپاکیزگی در زجان پاک تر
من اے دوست از هجرت دیریاز　　بروے وژم باغمانِ دراز
نوشتم یکے نامه چون روے آب　　هم از آب روے و هم از پیچ و تاب
برنگ و بو همچو روے نگار　　چنان چون بود تازه خرم بهار
نگه بر رهِ پاسخت دوختم　　ندیدش پاسخ دلم سوختم
نیاوردهٔ یادم از دیریاز　　بدارم ز تو شکوهاے دراز
نجنبید مهرت ازین سوزشم　　نیائی بخون گرمئ پوزشم
دریغ است بر من ترا یک نظر　　حذر کن نباشی تو بیدادگر
دماغم بضبط غمت سوخته　　سرم جاے مغز آتش اندوخته
دخانے از ان آتش این موے سر　　سرشک جگر گونه من شرر
بآه فلک دوز افتادگان　　بشور برسوائی آمادگان
بکوتاه دستی طول امل　　بداغے که صد دوزخش در بغل
بلب بستگان شکایت فروش　　بگوشه نشینان خانه بدوش
که بگذشت آن بود نیها که بود　　نه زان کاستم مهر و نه کین فزود
پس اکنون مرا آمدست این نیاز　　که کوته کنم رنجهاے دراز
شب هجر را روز آرم شتاب　　بدیدار روے تو چون آفتاب

باے قسمیه ۱۲
جواب قسم ۱۲

داغم بر خستگیهاے روزگار که بدبهرهٔ دهر انجیدگان و بنوائب زمان رنجیدگان را در مقابل چندین بے التفاتیها داشت. دو در پس که زمانه غیبت عالم خوف و هیبت ست پاے تغافل بر سر خیال گزاشت نے نے اگر پاے گزاشتی پاے اورا با سرما نسبتے مے بود که بآن نسبت اثر را علاقه مے نمود آدخ برگران جانی خود که با این گرمی سرد مهریهاے یاران نمیریم. دریغ بر سخت روئی خویش که بدین درست غلط اندازیهاے

زمانہ سرکار خویش نگیریم یاران زمانہ ہمہ شاگردان فلک بدمہر مہرہ بازندکہ از سردمہری دوزخ دوزخ آتش در دل ودماغ اندازند واز بے پروائی وبے التفاتی از ہمہ مشغول خودسازند ہے ہے چہ مایہ ستمگاری ست وچہ پایہ دل آزاری کہ گرفتاران آزادی را واژون بہ اسیری برند وآزادگان گرفتاری را سر حلق از دست دہند **غالب**

اکنون ہنم کہ رنگ برویم نمے رسد	تا رخ زخون دیدہ نہ شویم ہزار بار
در پیکرم ز درد ودر یغیست جان ودل	در بسترم زخارۂ وخارست پود وتار

خستہ نواز ابر سادگیہاے من توان بخشود کہ با این بدمہریہا کہ دل را خون کردہ وخون را با اشک جگر پالای از دیدہ برون کردہ چشم گرم مہر بہا دارم ودر کشت محبت تخم بے پایان آرزوہا کارم ایزد دردمندنواز نیک حاصل دہاد بحق محبت مجنون وفرہاد **نظم**

از منِ غمزدہ چہ مے پرسی	تو کہ بر گُنہ حال ما نرسی
ز آتشِ ہجر یار سوختۂ	درد را در وصال توختۂ
دردمند الم کشیدۂ غیر	بہر شرے زدست دادۂ خیر
در خیال حبیب جان بازی	در محیط بلا دل اندازی
ساغر بادۂ فنا زدۂ	پاے بر جادۂ بقا زدۂ
سر بسر بے سرے وسامانے	چاک از خار دشت دامانے
ز آتش دہر جان گداختۂ	با ہمہ سوختگیش ساختۂ
سود را بر سر زیان زدۂ	ناتوان پاے بر توان زدۂ
پستئی را بلند آہنگے	ننگ را نام ونام را ننگے
خون نفس کردۂ جگر خواری	دل و دین باختہ سکساری
از تپِ عشق سخت زار ونحیف	نام گردش پدر حسین شریف
تیر حکمی درد خوردۂ دوست	ہمہ عالم گواہ ہمت اوست

نمے دانم این ہمہ اعراض از بہر چہ خاست ورو بے گردانیدن از من چراست مگر ہمی دانم کہ آن مخدوم از من نامستعد کاہل بنگارش تحقیقات نحو فارسی خواستگار آمدند وبہزاران تقاضا نامہ نگار آمدند اگرچہ بندہ را از ان باز کہ در تحریر زرمشت افشار کہ صرف در قواعد صرفیہ قلم فرسودہ است خاطر را بنگارش نکات

۵ سوختۂ و توختۂ یعنی
سرانجام آوردن ترانہ
بجا فرماید شعر ظلّ زینل
زحل کالت آرام یافتہ
۱ ساختۂ ساختن یعنی موافقت کردن
ہرگاہ صلاش باد بر در آید
صائب فرماید شعر عقل اگر
صائب نسازد با دل من گو
سازد عشق با آن بے نیازی
میکشد نازم
۲ توان یعنی قوت وطاقت
نظامی قدس سرہ فرماید شعر
در اندیشہ از ...
۳ جگر خواری
یعنی غم وغصہ خوردن
...
۴ نام گردش ...
نظامی ... فرماید شعر
...
۵ تیر حکمی
...
شعر
...

معنوی تدقیقات نحوی هوس بوده **نظم**

بود در اندیشهٔ من دیر باز — کز دل دانندهٔ اندیشه ساز

حکمت پوشیده بصحرا نهم — رخت گرانمایه بسودا نهم

بیخبران را ز هم آگاهیی — تازه کنم شرط نکو خواهیی

امّا نامستعدی و کور سوادی که دست بخت کاهلی من ست خواست خاطر مراد رلیت ولعل انداخت اکنون آزردگی مخدوم برلیت ولعل هجوم آورد و بر کاهلی من تاخت در برآوردن دیرینه آرزویم پرداخت **نظم**

گرچه همی خواست سخن کام خویش — لیک گرو بود بهنگام خویش

هین که رسید آن نفس جان نواز — کان نفس از جان شودم جلوه ساز

ناگزیر وقت آن رسیده که حکمت پوشیده و رازها که در دل کس نرسیده بصحرا نهم و درین کشورکشائی و عالمگیری دست به انبازی کس ندهم به هدایت اَلْحَقُّ اَحَقُّ بِالْاِتِّبَاعِ به هرچه نگارم محققانه بمدد مبدء فیاض از خود نگارم گردن همت خویش در کمند منت کس نیارم **نظم**

هر صفتی را که برانگیختم — شعبدهٔ تازه در و ریختم

مور شدم بر شکر خویش و بس — در نزدم دست بحلوای کس

نیست ز کس لؤلؤ لالای من — ژرف ببین در تهٔ دریای من

نکتهٔ من گوهر کان من ست — زان کسی نیست ازان من ست

کانچه درین ست چو بیند کسی — یاد کند از من مسکین بسی

از بهر یک نغز تا صد مغز نپالودم نیاسودم و بهر یک الماس پاره تا هزار کوه خارا نکافتم آرامش نیافتم **نظم**

صد شکر که نوک خامهٔ من — بر بست طراز نامهٔ من

گشتست ز صورخانهٔ من — حشر معنی بنامهٔ من

غواص قلم ز ذهن دریا — آورده بدست دُرِ یکتا

کلک من نکته دان تر دست — زنگوله بمعنی نوی بست

هر رشحه که از قلم بریزد — خمخانه هزار جوش می زد

هر نقطه که از قلم چکیده — استاره بزیر آورده

کلکم نکشید خط - کشیدست | در دیدهٔ ناز سرمهٔ مست

هر حرف چه نغز و ناز زاید | زهره بسلام حرفم آید

صد نکته بنقطه ام نهفته | صد سحر بنکته ام بخفته

پیش سخنم چه سحر بابل | زهره زده زانوم مقابل

معنیم بفکر سرپرست ست | هر نکتهٔ من ز دور دستست

این نقش بدیع و این نو آئین | از فیض جناب اطهرست این

این جادویم که لاجوابست | زاعجاز کمال آنجناب ست

این سرخوشیم که در دماغ ست | تخمیر شراب آن ایاغ ست

شورست بخامه ام از ان گل | گشت ست چراغ مست بلبل

از وے بدلم هزار رازست | بر من در هر خزینه بازست

کلکم چو بوصف حرف کوشد | از قطره هزار بحر جوشد

طبعم چو بشرح معنے آید | از نقطه هزار نکته زاید

رخشندگی معانیم بین | شاباش کند سپهر پروین

طبعم بر دیده منت افزود | تحقیق چنین چو کار فرمود

اے هرزه درا ادب فراموش | بیهوده برین زیاده مخروش

حکمی زین حرف سر دبس کن | وقت ست دعاے گرم رس کن

این نامه مروج جهان باد | انشاء الله همچنان باد

مقدمہ

جاننا چاہیے کہ آدمی جب کسی زبان کو سیکھنا چاہے پہلے اُس زبان کے قوانین کلیہ کا معلوم کرنا ضرور ہے اسواسطے کہ **قانون** یونانی زبان مین بمعنی مسطر کے ہے جیسے کہ آدمی سیدھی سطر لکھنا جانتا ہو بوسیلہ مسطر سیدھا لکھ سکتا ہے اسیطرح جو کوئی کسی زبان کو درستی سے بول نہ سکتا ہو

بوسیلہ اس قانون کے اپنے مضمون کو اُس زبان مین درستی سے ادا کرسکتا ہے مثلاً اہل دکن لغت اُردو بولتے
ہین لیکن علامت فاعل کے استعمال اور فعل کے تابع کرنے مین حیران رہ جاتے ہین کہین فاعل لازم پر علامت
فاعل نے کو دہرتے ہین کہین فعل لازم کو مفعول کے تابع کرتے ہین وہ اگر اس قاعدہ کو جان لین کہ فعل
متعدی صیغۂ ماضی معلوم کے فاعل پر علامت فاعل یعنی نے کو لایا کرتے ہین اور یہ لفظ نے فاعل اور فعل کے
درمیان کافہ[۱] یعنی فاعل کو عمل سے روکنے والا ہوتا ہے اسیواسطے اُس فعل کو تانیث و تذکیر مین تابع مفعول کے
کردیتے ہین جیسی زید نے کتاب لکھی ہندہ نے خط لکھا۔ اگر مفعول پر بھی علامت مفعول یعنی لفظ کو داخل ہوگا
اسکو بھی عمل سے روکدیگا کسواسطے کہ یہ بھی حروف کافہ[۱] سے ہے پس اسوقت فعل کسی کے تابع نرہیگا یعنی وہ
فعل نہ مذکر رہیگا نہ مؤنث بلکہ اپنی حیثیت اطلاق پر رہجاویگا جیسے زید نے کتاب کو لکھا ہندہ نے کتاب کو
لکھا زید نے خط کو لکھا ہندہ نے خط کو لکھا لیکن اس فعل کا مذکر کا بھیس پانا دراصل مطلق کا اپنے فرد کامل کی
زیّ مین آنا ہے یعنی جس علاقہ کی وجہ سے مطلق کہکر فرد کامل مراد لیتے ہین اُسی علاقہ کو ملحوظ نظر رکھکر ذکر فرد کامل
سے مطلق مراد لیا گیا اور یہ قاعدہ اُسیوقت تک ہے کہ اس فعل کا دوسرا مفعول نہو ورنہ وہ فعل اُس دوسرے مفعول
کے تابع ہوجاتا ہے جیسے زید نے عمرو کو کتاب دی ہندہ نے خولہ کو خط لکھا۔ لیکن چند متعدی فعل اس سے
مستثنیٰ ہین جیسے بولنا پکارنا[۲] بمعنی فغان کرنا لانا دُہلانا لگنا چمٹنا ملنا بھولنا جھپٹنا جیتنا ہارنا سوچنا
وغیرہ یعنی ہین نے لایا اُس نے چمٹا نہین کہتے اور سوائے مطلق ماضی کے حال اور استقبال کے
فاعلونپر کافہ نہین لاتے اور اُن مین بھی چند[۳] ماضی معلوم جو مطلق قریب بعید شکی کی قیود سے پابجولان ہین
مختص ہین جیسے زید نے لکھا یا لکھا ہے یا لکھا تھا یا لکھا ہوگا نسیم لکھنوی کا شعر ہے **شعر** بولا شکر کا
اِک سپاہی ٭ جاتی ہے ارم کو فوج شاہی ٭ **ولہ** بولی وہ حسین کہ مین پری ہون ٭ اس دیو کے بس
مین آگئی ہون ٭ میرحسن دہلوی **شعر** پکارا وہ جس تس کو فریاد کر ٭ نہ پہونچا کوئی کاروان بھی اُدہر ٭ نسیم
لکھنوی **شعر** آیا کوئی لے کے نسخۂ نور ٭ لایا کوئی جا کے سرمۂ طور **ولہ** خرشید سا آفتابہ لائے ٭
مُنہ ہاتھ ہر ایک کے دُہلائے ٭ بعضون کے نزدیک لانا مرکب مرجی لے آنیکا ہے۔ نسیم لکھنوی **شعر**
دو ساز طرب سے ملے نوش آہنگ ٭ دوراز ادب کھُلے بصد ننگ ٭ اسیر **شعر** وادیِ عشق ہے یہ عرصۂ
شطرنج نہین ٭ نقد جان ہارگیا چال جو انسان بھولا ٭ نسیم **شعر** اک بلّی جو جھپٹی چوہے کو بھانپ ٭ نیولے
نے بھگا دیا دکھا سانپ ٭ **ولہ** بولی بہزار عجز و زاری ٭ تم جیتے میان مین تمسے ہاری ٭ **ولہ** وان جا کے

اردو متعدی و لازم مفرد و مرکب افعال کے استعمال کا بیان

[۲] پکارنا بمعنی فغان کرنا لازم ہے جیسا کہ رونا اور پیٹنا لیکن تعبیر ان مصنفوں کی بصورت متعدی واقع ہے پس یہ بحیثیت متعدی سے خارج ہے ۱۲ منہ

[۳] چند ماضی معلوم پس ماضی تمنائی و تمنائی وغیرہ پر نے کافہ نہین لایا جائیگا ۱۲

وہ سوچی اسکو بے لاگ ؛ لے چلیئے تورا جہ لائے گا راگ ؛ غرض یہ تمام حال افعال مفردہ کا تھا۔
اور فعل مرکب مین خواہی ترکیب اسکی ثنائی ہو یا ثلاثی اخیر فعل کا اعتبار کیا جاتا ہے یعنی وہ فعل اخیر اگر
اُس قسم کے افعال متعدیہ سے ہے کہ جنکی ماضی پر علامت فاعل نے لایا کرتے ہین تو ان مرکبات کی ماضیون
پر بھی علامت فاعل لائی جائیگی ورنہ نہین اور ماقبل کے افعال کا کچھ اعتبار نہین کیا جائیگا خواہ متعدی ہون
خواہ لازم مثلاً ترکیب ثنائی مین جسکے دونون فعل لازم ہون جیسے زید آچکا کوا اڑگیا عمرو رو بیٹھا۔ یا دونون
متعدی جیسے زید نے تمہارا کہنا مان لیا مومن خان کا شعر ہے **شعر** چین نے مضطرب کیا مجکو ؛ تیرے
ملنے نے کھو دیا مجکو ؛ یا اول لازم دوسرا متعدی جیسے بلی نے کبوتر آدبایا یا زید نے رو دیا **مومن** بات
کہنے مین رو دیا مین نے ؛ جو جواب آیا سو دیا مین نے ؛ یا اسکا عکس جیسے زید لے اڑا اور بحکم رائے بعض
مقننین لانا بھی اسی اصل مین درج ہے اور یہی حکم ترکیب ثلاثی کا ہے جیسے زید اٹھا لیگیا عمرو لیجا
چکا لیکن بعض مرکبات اس حکم سے مستثنیٰ ہین کسواسطے کہ انکی ترکیب سے یا تو جزو اول کے معنی لزوم
مین فرق نہین آتا جیسے ہنسدیا اور رولیا مین یا انکی باہمی ترکیب سے معنی لازمی ازسرنو پیدا ہوجاوین
جیسے دکھائی دیا اور کہنے پایا یا انکی ترکیب مفید معنی استمرار ہو جیسے رو یا کیا مین میر حسن دہلوی کا شعر ہے
شعر بجاتی رہی بین وہ صبح تک ؛ یہ رو یا کیا سامنے بید ھڑک **ولہ** بغل کھول کر دونون آپسمین مل ؛
وہ رو یا کیئے دیر تک متصل ؛ نسیم **شعر** کیا کہتی وہ دم بخود سنا کی ؛ سوچی سمجھی رضا خدا کی ؛ اگر افعال
لازمہ و متعدیہ خواہی اُنپر علامت فاعل آسکتی ہو یا نہ آسکتی ہو متعدی کر لیئے جائین کافۂ فاعلی کا الحاق
اُنپر واجب ہوگا جیسے زید نے رولایا ہنسایا عمرو نے اُٹھایا بٹھایا۔ زید نے بلایا چھٹایا عمرو نے بلوایا
لگایا لگوایا وغیرہ مگر سوجھانا جو تعدیہ سوجھنے کا ہے شاذ ہے نسیم کا شعر ہے **شعر** اک دن ہنجر اُڑا کے لائی ؛
حسن آرا کو وہ کل سجھائی ؛ اسکے مقابلہ مین بعض افعال لازمہ پر کافۂ فاعلی لایا جاتا ہے جیسے موتنا اور
کوسنا۔ جان صاحب کا شعر ہے **شعر** دوگانہ جانکے بچے نے موتا مجھ نمازی پر ؛ میانی تر ہوئی ساری پڑا
آدھا بدن دھونا ؛ بعض افعال لازم و متعدی دونو طرح مستعمل ہین پس کافۂ فاعلی بحسب موقع لایا جاتا ہے
جیسے سمجھنا۔ پلٹنا۔ بدلنا۔ پکڑنا وغیرہ۔ نسیم **شعر** وہ چوٹ پہ تھی یہ میل سمجھی ؛ بازی چوسر کی کھیل سمجھی ؛
آتش **شعر** بسکہ تھی اُس سے عیان سینۂ عارف کی صفا ؛ چہرۂ یار کو مین نے دل روشن سمجھا ؛ ظفر علیہ الرحمۃ
شعر خط مین جب آپنے تحریر سراسر پلٹی ؛ مین نے جانا مری تقدیر سراسر پلٹی ؛ اسیطرح میرا دل بدلا

لازم ۱۲ ‏ متعدی ۱۲ ‏ لازم ۱۲ ‏ لازم ۱۲

اُردو مین بعض افعال کا لازم و متعدی معنون مین اشتراک ۱۲

مین نے پوشاک بدلی۔ میرا گلا پکڑا یعنے آواز بیٹھ گئی۔ مین نے ہاتھ پکڑا وَاللہُ تعالٰی شانُہٗ اَعلمُ بِالصّواب
اب میری تمنا ہے کہ اس استقراء کو یہان موقوف رکھون اور اُس قاعدہ بافائدہ کو درج کرکے جو اسی بارہ مین قبل از
ترتیب رسالہ ایک عزیز کی استدعا سے قلمبند کیا گیا ہے اپنے دستور نامہ کو دُرج جواہر فیض بناؤن اور اس اجمال
جملہ جمال و ایجاز ہمہ ناز و اعجاز کو بلفظہ سلک تحریر مین منسلک کرون اور مجکو چونکہ طبائع دقّت پسند و سہل جو سے
ہر دو کی لطف اندوزی بالطبع منظور ہے اُسکی کچھ تشریح کرنی بھی بعد مین ضرور ہے۔

و ہو ھذا

”یہ قاعدہ مطلق فعل مرکب مین نہین ہے بلکہ مادۂ فعل کہیئے یا اصل فعل کے ساتھ وہ فعل ترکیب پاوے بشرطیکہ مقصود اُس سے عطف تعقیبی ہو جیسے آدبایا۔ آ یہان اصل فعل ہے نہ امر اور آنا بعد دبانا مقصود ہے پس ہنسدیا رولیا رودیا کیا مین کوئی فعل ماضی اصل فعل سے مرکب نہین تعقیب کا کیا ذکر محض ہنسی اور رونے مین لفظ دیا اور لیا بڑھا کر معانی مختلفہ حاصل کیے ہین جیسے عربی مین ایک ہی مادہ کو مختلف ابواب مین لیجا کر مختلف معانی حاصل کرتے ہین“ انتہٰی جاننا چاہیئے کہ یہ قاعدہ یعنی استعمال علامت فاعل برتقدیر تعدیہ فعل اخیر مرکب **مطلق فعل مرکب مین نہین بلکہ مادۂ فعل کہیئے یا اصل فعل** جسکو ہم دوسرے عنوان مین حاصل مصدر بسیط کے ساتھ بھی تعبیر کر سکتے ہین اور وہ کبھی مطلق امر اور کبھی مطلق ماضی کے بھیس مین ہوگا تو اُس مادۂ فعل **کے ساتھ وہ فعل** اخیر متعدی **ترکیب پاوے بشرطیکہ مقصود اُس ترکیب سے عطف** بواسطہ عاطفہ (جیسے بعض مواضع مین ہوتا ہے مثلاً پکڑ کر مارا کہ بواسطہ لفظ کر عطف ہوا ہے) نہو بلکہ عطف **تعقیبی ہو** کیا معنی کہ مقصود و مراد افعال مرکبہ مین ترتیب ذکری ہو یعنی جزو ثانی جزو اول سے ثالث ثانی سے قصد مین موخر ہو **جیسے آدبایا** مثال فعل مرکب مقصود العطف المذکور کی ہے اسواسطے کہ لفظ **آ یہان** یعنی اس ترکیب مین **اصل فعل ہے** جو زِیِّ امر مین صورت پذیر ہوا ہے **نہ عین صیغہ امر** اور مقصود اول **آنا** جو مفاد جزو اول ترکیب مذکور تمثیلی آدبایا ہے اور **بعد** مفاد جزو ثانی **یعنے دبانا مقصود** متکلم ہے کسواسطے کہ آنے کو دبانے پر کم از کم تقدم ذاتی ہوگا **پس** اور باقی افعال مرکبہ جیسے **ہنسدیا رولیا رودیا کیا مین کوئی فعل ماضی اصل** یا مادۂ **فعل سے مرکب نہین ہے** چونکہ یہ تعقیب ضابطہ قانون کے نزدیک اُس ترکیب مذکور کی فرع ہے تو تحقق

قاعدہ استعمال افعال ہندیہ کا ایک نئے ڈھنگ اور انوکھے طرز پر

فروع کا بدون متفرعات کے صورت پذیر ہو نہین سکتا کسواسطے کہ یہان ہنسنے اور دینے رونے اور لینے رونے اور کرنے مین تعدد مقصود ہی نہین اور ترکیب بغیر تحقق تعدد متصور نہین پس ان مواد خاص مین تعقیب کا کیا ذکر کسواسطے کہ محض ہنسنے اور رونے مین جو مفاد جزئین اولین افعال مرکبہ مثالیہ ہے لفظ دیا ہنسدیا مین اور لیا رولیا مین وغیرہ یعنی کیا رو یا لیا مین بڑہا کر معانی ہر ہر فعل مرکب کے باعتبار اُسکے مجرد اور مزید ہونے کے مختلفہ حاصل کیے مین جیسے عربی کے علم صرف مین مبین ہوگیا ہے کہ ایک ہی مادہ مثلاً ک ر م کو مختلف ابواب افعال و تفعیل و تفعُّل وغیرہ مین لیجاکر مختلف معانی جنکو خواص ابواب بھی نام دیتے ہین مثلاً لزوم و تعدیہ و تکلف وغیرہ حاصل کرتے ہین ان تراکیب قسم ثانی کا بھی درباب تغیر لفظ و معنی وہی حال ہی جس طرح مواد عربیہ مین تغیرات خواص ابواب سے ہوتا ہے وبس ناظرین باتمکین کی خدمت مین عذرخواہ ہون کہ مین نے کلام مین فصحاے اُردو کے بڑا تفحص کیا اور نہایت ہی فکر و قیاس کو کام مین لایا اس عرقریزی مین محض خیرخواہی و آگاہی اہل وطن ہیش نہاد خاطر رہی علے الخصوص باعث قوی اس امر کا اپنے مربی مکرم برادر معظم مغفور کی فرمان واجب الاذعان کا امتثال ہے۔

نظم

گرامی برادر کہ آن رادمرد	زگردیتیمی رخنم پاک کرد
رہاند او مرا از غمان دراز	زہر آرزو ساختم بے نیاز
زبے چارگیہا مرا او خرید	چنان کز کسے درجہان کس ندید
بچید اشک از چشم من دل بسوخت	دل چاکم از رشتۂ مہر دوخت
برافشاند گرد و زرخ کند خاک	روانم زہر درد و غم کرد پاک
بدادش خداے جہان آفرین	سرے پر ز دانش دلے پر ز دین
بشکرش زبان مرا روئے نیست	سپاسش فراوان زبانم یکیست
بہ ہر موے گر صد دہان آورم	وراز ہر دہان صد زبان آورم
گراز ہر زبان آورم صد بیان	ندانم حدِ شکر او ہمچنان
ہمان بہ کہ خواہم بصدق از خداے	کہ یابد بہشت برین باز جاے
دہاد آبرویش خداوند نشر	کہ باشد خنک در تب و تاب حشر

چونکہ یہ میری زبان نہین اور نیز اپنی نامستعدی کی وجہ سے خطاے قیاسی وغلطی استقراء کا قوی احتمال ہے میری خطائین دامن عفو مین چھپائین

نظم

چون منم اندر قلبِ کاہنِ خویش	معترفِ عجز بنقصانِ خویش
ہست امیدم کہ سخن پروران	چون نگرند از رہِ بینش دران
عیب یکے نیست کہ جویند باز	چون ہمہ عیب ست چہ گویند باز
خردہ نگیرند بزرگی کنند	ورنہ چنان نیست کہ گرگی کنند

غرضکہ ان قوانین کے جاننے سے اُنکے کلام مین غلطی بہت کم واقع ہوگی اس سے یہ بات بھی سمجھ مین آگئی ہوگی کہ جب کوئی بے وساطت مسطر کشیدہ کاغذ کے سیدھی سطر لکھ سکتا ہو اُسکو مسطر کی کچھ ضرورت نہین پڑتی بلکہ وہ یہ بھی نہین جانتا کہ مسطر سے کسقدر بلندی اور کسقدر پستی سے کون کون حروف لکھے جائین اسیطرح اہل زبان کو ان قوانین سے کوئی ضرورت متعلق نہین بلکہ وہ ان باتون کو جانتے بھی نہین ہان جب وہ بولتے ہین اپنی زبان کو بغیر ان قانون پر تولتے ہین بلکہ ہمارے قوانین کے شواہد انہین کے کلام ہین یعنے قبل از انضباط قوانین اہل زبان کا وجود چاہیئے تا اُس سے قوانین کا استنباط درست ہو بس ہر کوئی اس بات کو سمجھ لے گا کہ بعض ہندیون نے گو علوم عربیہ اور جمیع علوم وفنون کے عالم وماہر ہی کیون نہون اہل فارس جیسے شیوا اے طوس فردوسی اور افصح الفصحا سعدی علیہ الرحمۃ اور سند المتاخرین علی حزین کے کلام پر جو اعتراض کیئے ہین اور اُنہین اصلاح بھی دی ہے بڑی واہیات ہے ہان مضامین اور مطالب پر اعتراض اور اصلاح کی گنجایش ہی تاہم ایسون سے چھوٹا منہ بڑی بات ہے مضمون آفرینی کسی کے گھر کی ملک نہین ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم اختصار کلام یہ ہے کہ جب کسی زبان کے سیکھنے کی آسانی اُسکے قواعد اور قوانین کی نگہداشت پر موقوف ہوئی اور اَدَب بتحقیق لغت مین نگاہداشت حد ہر چیز کو کہتے ہین تو اسی مناسبت سے خاص کسی زبان کے قواعد اور قوانین کی مراعات کے جاننے کا (جسکی وجہ سے اپنے کلام کی نگاہداشت یعنے اپنے کلام کو خلل اور خلاف محاورت سے بچایا جاتا ہے) علم ادب نام ہے پس چاہیئے کہ پہلے اُسکو بڑی تحقیق اور صحت کے ساتھ حفظ کر لیا جائے تا کلام کے صواب وخطا پر آگہی پائے پھر اپنی مطلب ادائی مین بہت کم خطا کھائے تو بنام خدا چند فارسی قواعد اُردو عبارت مین بحسب فرمان

اہل لسان کی زبان پر نحو وغیرہ کا اعتراض بیجا ہے ۱۲

علم ادب کی تعریف ۱۲

واجب الاذعان معرض عرض مین لاتا ہون گو یہ میری زبان نہین اگر کوئی بات خلاف محاورہ اردو رقم پائے معذور ہون ہان طریق اداے اصل مطلب مین ٹھوکرین کھانا البتہ قابل عذر نہین پھر کیا کیجیے ان نادستوری اور جہالت کا برا ہو نہین معلوم کہان کہان ٹھوکرین کھلائیگی اور کس کس جگہ دھوکے دلائیگی اللّٰھمّ اسئلنا بِسَتْرِکَ الْجَمِیْلِ خدا کرے یہ میری سعی مشکور ہو حصول دولت قبول اسکے ہمراہ ضرور ہو۔ چونکہ اس خط مین زبان فارسی کا قانون مذکور ہوگا **دستور نامہ فارسی** اسکا نام رکھنا البتہ ارتجال سے دور ہوگا اور سخن **شگرف** اسکا سال ہے۔ رب جلیل سے التجائے خیر مآل ہے۔ وبس **نظم**

بار خدایا من غافل براز	این ورق سادہ کہ بستم طراز
گرچہ کہ امروز جمال من ست	عاقبۃ الامر وبال من ست
چون ز تو شد این ہمہ ناچیز چیز	ہم تو کنی در دل خلقے عزیز
عیب شناسان بکمین من اند	مے ہنران جملہ بکین من اند
تو بکرم عیب من عیب کوش	در نظر عیب شناسان بپوش
سرمۂ انصاف بہ ہر چشم ساے	بکر من آنگاہ بر ایشان نماے
داغ قبولی بکشش اندر سرش	تا نکند باد خزان ابترش

تمہید

یہ بات ظاہر ہے کہ اللہ جل جلالہ وعم نوالہ نے آدمی کی شرافت کا زینہ تمامی مخلوقات کے درجہ سے اوپر اُٹھایا ہے باوجود اسکے اسکو مدنی الطبع بنایا ہے۔ بہ نسبت اور جاندارونکے اس مین تکلفات بھی زیادہ آگئے مثلاً خورش و پوشش مین دیکھیے کس بلا کے تکلفات نکلتے جاتے ہین کیسی کیسی نادر چیزین اختراع پاتی ہین جان بچانے کے لیئے کسی ایک خاص غلہ کا اسیطرح پھانک لینا یا ابال کر کھالینا کافی نتھا جو اسطرحکے پلاؤ متنجن قورمے کی ضرورت پڑی اور پوشش ستر اور دفع حر و برد کے لیئے کسی ایک خاص کپڑیکا اوڑھ لینا اور باندھ لینا بس نتھا جو اسطرحکے مطرز ملبوسات کی حاجت ہوئی غرض انسان کو بسبب ان تکلفات کے چند در چند حاجتین پڑگئین بہ نسبت اور جاندارونکے غرضین بڑھ گئین تو باقتضاے تمدن اپنے نوع کے ساتھ بغیر ملے جلے جینا دبال ٹھہرا اور اپنے جی کی آرزو اور دل کے مقصد کو بدون بتلائے ایکدوسرے کے تعیش محال ٹھہرا تو زیادہ احتیاج سمجھنے سمجھانے کی پڑی یعنی ایک کو اظہار ما فی الضمیر کی دوسرے کو اسکے

(حاشیہ: وجہ تسمیہ کتاب دستور نامہ فارسی — زبان یعنی سخن کی ضرورت کا بیان)

اخذ کی ضرورت سر پر آکھڑی ہوئی ناچار کوئی ایسی چیز ڈھونڈھنی چاہیئے کہ جسکے وسیلہ سے ایک کے جی کی بات دوسرے کے جی پر کھلجاتے۔ پس اصطلاح مین کسی کے اسطرح پر ہونے کو کہ جسکے جاننے سے ایک نامعلوم شے کا علم ہوجاوے **دلالت** کہتے ہین اور اُس شے کو جس سے علم ہوا ہے **دال** اور جس کا علم ہوا ہے اُسکو **مدلول** کہتے ہین اور اس رہنمائی کا وسیلہ یا تو لفظ ہونگے یا سواے لفظ کے کوئی اور شئے۔ ہر ایک ان مین سے کئی طرح پر ہے ایک تو یہ کہ دال اور مدلول مین کوئی ایک علاقہ ذاتیہ ہوگا جسکی وجہ سے دال مدلول تک رہنمائی کرے مثال اول کی جیسے کوئی شخص ہماری آنکھون سے غائب ہوکر کچھ بول رہا ہو مجرد استماع ہماری عقل اس بات پر رہنما بنجائیگی کہ یہان وجود کسی بولنے والے کا ضرور ہے ثانی یعنی غیر لفظی جیسے دھوئین اور آگ کے دیکھنے سے آگ اور حرارت کی طرف رہنما نہ بننا عقل سے دور ہے اسطرح کی دلالت کا **عقلیہ** نام ہے۔

دوسرے یہ کہ واضع کی جانب سے دال اور مدلول مین کوئی علاقہ وضع کار کھدیا جاے اول یعنی لفظیہ مثلاً واضع نے زندہ گویا کو مقابل مین مردہ کے اور لفظ زید کا بمقابلہ ایک شخص خاص کے وضع کردیا ہے اور ثانی یعنی غیر لفظیہ جیسے دوال اربع کی دلالت اپنے موضوعات پر مثلاً خُطُوط وعُقُود ونُصُب واشارات

اور خطوط جیسے یہ پڑی ہوئی لکیر — نفی پر دلالت کرتی ہے اسی طرح دو لکیرون کا موازی ہونا = مساوات پر اگر ایسا نہو بلکہ دونو نکے سرے کسی ایک جانب مل پڑین < > کمی اور زیادتی پر اور ایک کا دوسری سے تقاطع کرنا اگر سیدھے پڑے ہوئے خط کا سیدھے کھڑے ہوئے خط سے ہے کہ جس سے چار قائمے پیدا ہوجائین جیسی یہ شکل + جمع پر اگر اسطرح کا تقاطع نہو گو قائمہ پیدا کرین جیسے یہ X ضرب پر اور ایک پڑے ہوئے خط کے نیچے اوپر ایک ایک نقطہ کا لگادینا جیسے یہ ÷ تقسیم پر اور اُن دو نقطون مین سے خط کو اُٹھا دینا جیسے یہ : نسبت پر دلالت کرتا ہے اسی طرح نقوش اعداد مثلاً یہ نقش ۴ چار پر اور یہ ۵ پانچ پر دلالت کرتا ہے اسی طرح نقوش حرفون کے جو ایک صوت مخرج خاص پر دلالت کرتے ہین۔

اور عقود مثلاً سبابہ کے سر کو ابہام کی جڑ مین پہونچادین تو یہ عقد نود پر دلالت کرتا ہے اور سر خنصر کو ہتیلی کے سر پر رکھنا ایک کے لیئے اور اُسکے ساتھ بنصر بھی رکھہ لیجاے دو کے لیئے اور وسطیٰ بھی اُنکے ساتھ دبا لیجاے تین کے لیئے موضوع ہے اب اگر اُس عقد نود کو تین والے عقود کے ساتھ جمع کرین بالکل بندھی ہوئی مٹھی نظر آئیگی اسی سبب سے اس سے بخل اور نے فیضی کیجانب

کنایہ کرتے ہین جیسے اسکے مقابل مین کشادہ دست کو فیض وسخا سے چنانچہ فردوسی علیہ الرحمہ نے سلطان محمود غازی کی ہجو مین کہا ہے **شعر** کف شاہ محمود عالی تبار ٭ نہ اندر نہ آمد سہ اندر چہار ٭ اور نصب جیسے دو سنارون کا عمارت پر عیناً ویساراً کھڑا کردینا مسجد کو اور پتھرون یا ہڈیون کا ڈھیر لگاتے چلے جانا رہگذر کو بتلا رہا ہے یہ رسم زمانہ قدیم کی تھی اور راہون مین میلون کا گاڑ دینا ایک خاص مسافت مکانی کو بتلا رہا ہے اسیطرح گھڑیون مین سوئی ایک خاص مسافت زمانیکو بتلاتی ہے اور اشارات جیسے کسیکو بلانے کے لیئے پھیلے ہوئے ہاتھ کی انگلیون کو اپنی جانب موڑین انکار کے لیئے داہین بائین ہلادین اور ایک کے لیئے ایک انگلی دو کے لیئے دو انگلیان چار کے لیئے انگوٹھے کو دباکر چارون انگلیان کھڑا کردین یہ سب اشارات ہین لیکن عقد اور اشارہ مین اتنا فرق ہے کہ اشارات مین مشار الیہ کے ہیأت کو کچھہ دخل ہوتا ہے اور عقود مین اس طرح نہین ہوتا۔ اسی قبیل سے ہی ملک کے دخول و خروج پر توپون کا چلنا نقارون کی چوٹ سے پہر کا ڈہلنا ان تمام کا دلالت وضعیہ نام ہے۔

اے از قبیل اشارات ۱۲

تیسری وہ دلالت ہے کہ جب مدلول عارض ہوتا ہے تو خواہ مخواہ طبیعت سے اسکے دال کا احداث ہوتا ہے اول یعنی لفظیہ جیسے اُح اُح کرنا سینہ کے درد اور کھانسی پر دلالت کرتا ہے اور کسیکا اونہ اونہ کرنا جسکو کونلا کہتے ہین اسکے درد جسم پر دلالت کرتا ہے۔ ثانی یعنے غیر لفظیہ جیسے سرخ ہوجانا چہرہ اور دیدونکا غضب پر اور آنکھونکا نیچا کرلینا شرم وحیا پر دلالت کرتا ہے اس قسم کی دلالت کا طبعیہ نام ہے۔ جب تینے دلالتون کا حال جان لیا اور آدمی کی کثرت احتیاج کو مان لیا تو ضرور عقلیہ اور طبعیہ کا کارآمد نہونا معلوم کرلیا ہوگا کسواسطے کہ اخذ ما فی الضمیر وفہم مطلوب کے لیئے انضباط ضرور ہے اور یہان عقول اور طبائع کے اختلاف کی جہت سے انضباط کوسون دور ہے تو ضرور وضعی اُس مین بھی لفظی کو اختیار کرنا مختار ہوگا اسواسطے کہ غیر لفظیہ مثل دوال اربع مین ہزارون تکلفات کا سامنا ہوگا بعض وقت کوئی بات بن نہ آیگی جیسی صاف ظاہر ہے یہان تک کہ اشارات ہی کیون نہون کم از کم ان مین اتنی ضرورت تو ہوگی کہ جسکو اشارہ کررہے ہین وہ اُس اشارہ کے سامنے ہو بہ صحت بینائی کے ساتھ روشنی بھی ہونا اُسکو دیکھے قطع نظر اسکے خداوند تعالیٰ شانہ کا آدمی کو بازار دنیا مین نقد عمر اُسکے گرہ وجود مین باندہ کر بھیجنا اپنی رضا کی خریداری کے لیئے ہے یہ امر عقائد حقہ کے استحکام اور شریعت غرا کے احکام کی تسلیم پر منحصر ہے تو اُن مین ایسی ایسی باتون کے سمجھنے سمجھانے کی ضرورت پڑیگی کہ وہ معقولات صرفہ ہونگی تو اُن مین غیر لفظیہ دلالتون سے

فردوسی کے مشہور شعر کف شاہ محمود الخ کا بیان ۱۲

بیان فرق عقد و اشارہ ۱۲

کام چلتا نظر نہین آتا غرض لفظی وضعی سے ایفاے مطلب بخوبی ہو سکتا ہے اور ون مین ایسا ہو نہین سکتا اور خلاق عالم نے جیسا اس انسان کو طرح طرح کی حاجتون مین پابند کر رکھا ہے بغیر دوسرے کو مطلع کر سکے حاجتون کا پورا ہونا معلوم مثلا ہمارے پاس روپیہ رکھا ہوا ہے اور کھانیکی سخت ضرورت ہے تو روپیہ کو کھا نہین سکتے غلہ کی جستجو ہوگی اسی طرح اور کسی کے پاس غلہ اسکی حاجت سے افزون ہے لیکن اسکو پوشاک کی ضرورت ہے تو اسکو کپڑونکی تلاش ہوگی اسیطرح اور کسی کے پاس کپڑا اسکی حاجت سے سوا ہے لیکن اسکو کسی اور شے کی ضرورت ہے تو ہم اس غلہ والے سے یا وہ غلہ والا ہم سے اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کریگا آپس مین روپیہ اور جنس کی مبادلت ہو جاویگی اور وہ پھر کپڑے والے سے یا کپڑے والا اس سے اپنی اپنی حاجتین ظاہر کر کے کام پورا کر لین گے **شعر**

زانکہ جملہ کسب ناید از یکے	ہم درو گر ہم سقا ہم حا ئکے
چون بانبازی ست عالم برقرار	ہر کسے کا سے گزیند زافتقار

الحاصل جیسا یہ انسان اپنی حاجتونکی کڑی زنجیر مین پابجولان ہے حکیم علے الاطلاق کی قدرت کاملہ سے اسکے اظہار کی راہ ویسے ہی آسان ہے یعنے حکیمے سخن برزبان آفرین جلت حکمتہ نے اپنی حکمت کاملہ سے اس ہوا کو جو بوسیلہ باد زن شُش کے دار السلطنت قلب کی گرمی نکال لاتی تھی ضائع جانے ندیا۔ اس اونے اسی چیز سے بہت بڑا کام لیا اس طور پر کہ جب مقابلہ مین ہر ایک معنی اور مقصد کے لفظ وضع کر دیے گئے اگر کوئی پرتو اعلم خداوندی سے **نفس ناطقہ** پر پڑیگا بہ امر دی **دل** اُسکا قدم جانب برزخستان **خیال** جو بین بین مجرد اور مادی کے ہے بڑہیگا تا اپنے تجرد کے پاؤن مین تقئید کی خلخال ڈالے اور پھر بوسیلہ رکابہاے **لب و زبان** ادہم صبادم **ہوا** پر سوار ہو کر متکلم سے جس جس منزل پر مقام کرتا زبان تک پہونچا تھا دروازۂ **گوش** سے گزرتا سامع کے انہین منازل مین اترتا طوق تعلق وزنجیر تقئید سے پاکشا ہو کر پھر شہرستان دل مین جاگزین ہو جاتا ہے **مصرعہ** سخن کز دل آید بود دلپذیر ۹ اور انہین ہونٹونکا آپس مین اور زبان کا کسی موضع خاص کے ساتھ جنکا مخارج نام ہے ٹکر کھانا جسکو قرع کہتے ہین یا اُنکا اکھڑنا جسکو قلع کہتے ہین ہوا مین تموج پیدا کرتا ہے جس سے اُس مین ایک کیفیت خاص آجاتی ہے جسکو عرف مین آواز کہتے ہین زیری بمی ہیچاک غنگی اُسی آواز مطلق کے عوارض سے ہین اور اُسی تموج ہوا کی مخارج پر ٹکر کھانے سے اجزائی ہوائی کی تقطیع ہوئی

حروف تہجی کے بامعنی ہونے کا بیان

اور جب انہین اجزاے ہوائی پر ہیچاک غنگی زیری بھی عارض ہوئی تو اس عارض مع معروض کا حرف نام ہوا۔ یہان یہ بات بھی قابل یادرکھنے کے ہے کہ انہین حروف کو بعض علماء تو مہمل یعنی موضوعہ فقط غرض ترکیب کلمات کے لیئے بتلاتے ہین اور بعض دور اندیشون کے نزدیک بامعنی کہلاتے ہین۔ یہی راے مختار اہل تحقیق ہے خصوصا یہ بات زبان عربی مین بخوبی متحقق ہے کسواسطے کہ جب الفاظ عربیہ چند حروف مین باہم اشتراک رکھتے ہین اور کسی حرف مین اختلاف تو اُنکے معانی مین بھی اشتراک اور اختلاف ہوتا ہے مثلاً قثم و قسم و قشم و قصم و قضم و قلم ملاحظہ فرمایئے تو ان سب مین شکستگی و دبریدگی کا مضمون دائر و سائر ہے اور پھر باہم انکے معانی مین اختلاف بھی موجود ہے یعنی ہر ایک اپنے جُدے جُدے مخصوصہ معنون پر دلالت کرتا ہے قثم بالفتح والثاء المثلثہ مال سے ایک حصہ الگ کرکے دینا اور قسم بالسین المہملہ کسی چیز کے حصے اور ٹکڑے کرنا اور قشم بالشین المعجمہ کھانا اور کھجور کے پتون کو درازی مین پھاڑنا اور قَلَم باللام ناخن تراشنا غرض ان الفاظ مین جیسا اشتراک قاف اور میم مین ہے ویسا ہی اشتراک اُنکے مضمون خاص مین ہے اور جیسا اختلاف اُنکے عین کلمہ مین ہے ویسا ہی اختلاف اُنکے معانی جزئیہ مین ہے بلکہ ہم صاف دیکھتے ہین کہ حروف کی سختی و نرمی سے کلمہ کے معنون مین سختی و نرمی آجاتی ہے مثلا قصم مہملۃ العین و قضم معجمۃ العین جیسے نرمی صاد مہملہ مین اور سختی ضاد معجمہ مین ہے ویسی ہی نرمی اور سختی اُنکے معانی مین ہے یعنی قصم اس طرحکے توڑنے کو کہتے ہین کہ ایک متصل واحد منفصل ہوجاے اور قضم بعض دانتون سے اس طرح کے چبانے کو کہتے ہین کہ جس سے ریزہ ریزہ بنجاے اگر اس سے بھی زیادہ سختی معنون مین پیدا کرنی منظور ہوتی ہے تو قاف کو خاء معجمہ سے بدلدیتے ہین جیسے خَضم یہ کل دانتون سے چبانا ہوتا ہے الخضم الاکل بجمیع الفم والقضم دون ذلك کمافی الصراح۔ اب معلوم ہوگیا کہ حروف کو بھی الفاظ کے معانی مین دخل ہے بلکہ حرکات و سکنات کو بھی جیسے حَیَوَان کی توالی حرکات بلکہ ترتیب حروف کو جیسے لفظ بلع مین ترتیب مخارج حروف کو ترتیب معانی کے ساتھ کس بلاکی مناسبت ہے ملاحظہ فرمایئے اول تو با حرف شفتی پھر لام وسطی پھر عین حلقی اور نگلنا بھی اسی ترتیب و تدریج سے ہوتا ہے اسی طرح ہیئات ترکیبی کو بھی لفظ کے معنی مین بڑا دخل ہے چنانچہ اسی بناء پر نہی رَاعِنَا کے قول پر آئی کیا معنی کہ رَاعِنَا صیغہ باب مفاعلہ کا ہے جسکی ہیأت خاص مساوات بین المخاطبین کو چاہتی ہے تو گویا یون کہا کہ تو رعایت ہماری کر

ہم تیری رعایت کرینگے اور ایسی گفتگو رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم سے کرنی بدلیل لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا بیجا ٹھہری اسی واسطے اُنْظُرْنَا جو بالمادہ شفقت کا کلمہ ہے تعلیم ہوا اور اس بات پر بھی غور کرنی چاہیئے کہ جب حروف کی مناسبات طبعی کو جو کہ ایک امر معنوی تھا ملحوظ رکھا جاے تو ان مناسبات صوری کو جو انکی شکل کے ساتھ تعلق رکھتی ہین کیونکر لحاظ نکرین بوجہ اسی شرافت کے اس زبان نے کلام خداوندی سے عز اسمہ تشریف قبولیت حاصل کی چنانچہ آغاز کلام مجید الم ذلك الكتاب لا ريب فيه کو دیکھیئے خصوصاً ان حروف مقطعات کو بغور ملاحظہ کیجیئے اگرچہ مفسرین رحمہم اللہ تعالے نے انکے کئی معنی بیان کیئے ہین لیکن ان حروف کی شکل اور صورت کو نظر کرنے سے میری فہم ناقص مین یہ معنی آئے ہین کہ الف سے ذات بحت جل وعلی شانہ اور لام سے اُسکی صفات اور میم سے ذات معجز آیات محمدی صلے اللہ علیہ وسلم مراد ہے اور وجہ مناسبت ان معنی کی مجملاً یہان کچھ عرض کرتا ہون ملاحظہ فرمائین اگر پسند خاطر شریف ہوز ہے نصیب ورنہ جہل ونادانی تو اپنی کل کائنات ہے تعجب کی کیا بات ہے۔

ادنے فکر سے یہ بات کھلجاتی ہے کہ ہر حرف کے فی حد ذاتہا خواص الگ ہین مثلاً الف جسطرح یہ منارہ سا کھڑا ہوا ہے ویسے ہی وہ دوز برون کی قوت مین سمجھا گیا ہے اسی وجہ سے فتح کو اخت الف کہتے ہین اور اخت ایک حصہ میراث سے پاتی ہے اور اخ دو حصے تو زبر کا نصف للف اور الف کا دوز برونکی قوت مین ہونا اچھی طرح واضح ہے پس معلوم ہوا کہ اس حرف کو اپنی شکل کیطرح اونچائی مین سوا ے اسکے اور بہت سے خواص مین دخل ہے مثلاً وہ اول الاول حرف ہے اُس سے کوئی اول نہین اپنے تقدم ذاتی کے ساتھ وہ صدر نشین اولیت ہے اب عند الترکیب اس حرف کا اپنے ماقبل سے امتزاجی ترکیب پانے اور اپنے مابعد سے نپانے کو ہم کہہ سکتے ہین کہ وہ کسی سے تعلق خلطی اور امتزاج نہین رکھتا دوسرا یہ حرف نقطہ کے داغ سے منزہ ہے تیسرا یہ کہ یہ حرف ہمیشہ ساکن مانا جاتا ہے اور حالت سکون اُسی حالت مطلقہ کی صورت ہے جس کو ہم باین عبارت ادا کر سکتے ہین کہ یہ حرف حدوث تبادل وتداول حرکات سے منزہ ہے اسی طرح ہر حرف مین خواص الگ الگ موجود ہین لیکن انپر ہماری واقفیت کوئی ضروری نہین اور واضع صور وحروف حکیم مطلق جل وعلا شانہ ہے تو انکی خاصیتون کو جانتے بوجھتے کیونکر اہمال تناسب کرتا تو ضرور واضع جلت حکمتہ نے مع رعایت خواص مناسب مناسب ہر ایک کی صورت وضع کردی پس ہمارا مدعا البتہ بین الثبوت ہو گا کہ الف کی اولیت اور علو اور نہ نلنگی اور عدم عروض حرکات مع ہذا اُسکی یہ - ا -

صفا اور نا علاقہ وار شکل جس مین خم وپیچ کا نام نہین اُس سے ذات بحت خداوند پاک مراد ہونے مین کھلی کھلی
مناسبت رکھتی ہے کسواسطے کہ درجہ ذات مین وہ ورا، الورا، صفا در صفا مقام ہے کوئی مقرب وہان نہین
پہونچتا کسی مستفیض کا دست تعلق اُس پر نہین ٹھہرتا شعر بشر با دراے جلالش نیافت ❊ بصر منتہاے
جمالش نیافت ❊ جب اشرف المخلوقات بشر اُسکی تجلیات سے پرے جو درجہ ذات کا ہے پہونچنے
نپایا اور اسرع وانفذ الاشیا بصر کو اُسکی سرحد جمال پر پہونچنا میسر نہ آیا اورون کی کیا ہستی بس اب
استفاضہ اُس وجود با جود سے بوجہ اُس غنی مطلق کی وجوبیت ذاتی اور اس ہمہ تن محتاجی امکان کے
محال تھا اسیواسطے صفات جو ذات سے درجہ تنزل کا رکھتے ہین بوجہ اپنی قدامت وامکان دونون
جانب کی رعایت سے واسطۃ الفیض ہوئین اور ہر طرح کا تعلق اور اُلجھاؤ عالم کا ان صفات کے ساتھ
ہے جس سے رب رازق خالق غفور کریم وغیرہ اُسکو کہتے ہین تو دیکھئے کس خوبی وخوش اسلوبی کے ساتھ
شکل لام۔ ل۔ مناسبات صفاتیہ کو کھلی کھلی بتلا رہی ہے کسواسطے کہ لام الف کے تنزل سے
حاصل ہوتا ہے اور متناہی تنزل ایک علاقہ اور آنکڑے کی شکل پر ہوتا ہے اس سے یہ بات بھی
ظاہر ہوگئی کہ لام نہ تو بالکل عین الف ہے نہ تو بالکل غیر الف اور پھر ان کے اسمون کی محبت قلبی
جو لام مین الف اور الف مین لام پڑا ہوا ہے سوان دونون باتون سے وہ مسئلہ مسلمہ اہل سنت
کہ صفات نہ عین ہین نہ غیر کیسا منصہ کمال پر جلوہ پا رہا ہے اور جیسے اُس ذات پاک جل شانہ سے
بغیر واسطہ صفات کے کسیکا فیضیاب ہونا ناممکن تھا اسیطرح بغیر وسیلہ محمدی صلے اللہ علیہ وسلم
صفات سے تعلق پکڑ کر لینے آپ مستفیض ہو جانا باقتضاے لولاک لما خلقت الافلاک محال تھا
خصوصاً اس فیض سرمدی تک جو تنزیل قرآن مجید سے منظور تھا بغیر ذات بابرکات آپکے کون
پہونچتا کسواسطے کہ آپ کی ذات صفات خداوندی کے ساتھ تعلق اتم رکھتی ہے اسیواسطے آپکے
اخلاق کو قرآن فرمایا گیا اور آپ کی ذات مجمع البرکات چشمۂ فیوض ہے تو دیکھئے شکل میم۔ م۔
مین ان امور کا لحاظ اور مناسبت کس درجہ ملحوظ ہے اور یہ بات بھی ہے کہ میم متناہی لام پر
اور یہ مشیر اس امر کا ہے کہ بعد ذات جل علا شانہ کے درجہ صفات کا ہے بعد صفات کے بجز
ذات منبع الکمالات محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کسیکا مقام نہین سب اس سے نیچے ہین یہ معنی
خاتمیت کے ہین ❊ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر ❊ اور اسکے مسمی یعنی م کا شکل دائرہ

ہوناجسکی نہایت عین ہدایت ہے اور اسکے اسم یعنی میم کے اول و آخر میم ہونے مین یہ نکتہ ہے
کہ جب سے آپکے چشمۂ فیض سے عالم پر دہانہ فیضان کا اول سے بہتا ہے آخر تک بہیگا یہی ایماے عدم
نسخ شریعت غراے محمدی ہے صلے اللہ علیہ وسلم یہ تینون حرف جیسے بے نقطہ ہین بے نکتہ ہین اور پھر لام
کے ساتھ علاقہ پانے کے لیئے یہ حلقہ ہ کیسا کچھ مناسب ہے اور اُس چشمہ سے جو بوسیلہ لام الف کے
فیض سے پُر ہے اپنے تحت یعنی جانب عالم میزاب کی طرح کیسا دہانہ فیضان کا روان ہے غرض
یہ ارشاد ہے کہ وہ فیض ذات عز اسمہ وجل شانہ جو بیانگی صفات تقدس آیات زبان پاک محمدی صلے اللہ
علیہ وسلم سے جاری کیا گیا ہے وہ کتاب ہے جس مین شک نہین مسلمات سے ہے کہ یہ کتاب مجید
وفرقان حمید سب سے بڑا فیض ہے اب اختیار اشارۂ بعید ذلك کی مناسبت بھی خوب سمجھہ مین
آتی ہے وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِحَقَائِقِ الْاَشْیَاءِ ۔

حرکات اور سکون اور تشدید کی حقیقت ۱۲

اور یہان یہ بات بھی قابل معلوم کرنے کے ہے کہ زمانہ قدیم مین ان حرکات کی کوئی صورت معین
نہ تھی چونکہ نفس کو اداے سخن مین حرکات متنوعہ پیش آتے ہین کبھی جانب بالا کبھی جانب زیر
کبھی آگے کی جانب کو میلان ہوتا ہے اسی مناسبت سے اداے حرکات ثلثہ کے لیئے حروف
کے اوپر نیچے آگے نقطے دھر دیئے زبر زیر پیش نام کردیئے لیکن نقطۂ اصلی سے التباس کو رفع کرنیکے
لیئے رنگ اس نقطۂ محرکہ کا رنگ مکتوب سے مغائر ہوا کرتا تھا پھر بعد ایک زمانہ درازکے خلیل بن احمد
عروضی رحمۃ اللہ علیہ نے دیکھا کہ اہتمام رنگ مغائر مکتوب ایک عبث دقّت مہمل کلفت ہے معہذا جیسی یہ
حرکات میلان نفس بجہات ثلثہ کے مشعر ہین اپنے مابعد سے توسل بھی پیدا کرتے ہین تو اس مناسبت
سے اُسی نقطہ کو جانب متوسلہ حرکت خطی دیدی اور چونکہ پیش مین التباس حرکت مابعد سے ہوتا تھا
بلحاظ ہیأت مخارج جو اُسکے ادا کے وقت لب آگے کی جانب سمٹتے ہین جس وجہ سے ضمہ نام ہے
اُس خط نقطہ زاد کے سرے کو آگے کی جانب سمیٹ کر بالائی حرف رکھدیا اور سکون کے لیئے چونکہ
یہان نہ مابعد سے توسل ہے نہ نفس کو حرکت تو فقط نقطہ پر کفایت کیا لیکن پھر بوجہ اُسی التباس
نقطۂ اصلی وو قّت اہتمام رنگ صورت صفر دیدی کسواسطے کہ یہ امتداد خطی کا طرف اول ہے اور
وہ امتداد سلسلۂ اعداد کا طرف اول یعنی نقطہ وصفر یہ دونون طرف کم مطلق کے ہین لیکن روانی کتابت
مین نصف صفر پر کفایت کرجاتے ہین چنانچہ اسطرح ـــٍـ ـــُـ آج کل مروج ہے غرض اس سے معلوم

ہوگیا کہ یہ کل حرکات وسکنات قسم اعراض سے ہین جنکا وجود مستقل بنفسہ بغیر کسی حرف پر قائم ہونے سے امکان نہین رکھتا یعنی ہم کسیکو حرکت وسکون مین سے بغیر مدد کسی حرف معروض کے ادا نہین کرسکتے اسیطرح یہ امر بھی منکشف ہوگیا ہوگا کہ یہ حرکات باہم علاقہ تضایف رکھتے ہین جنکا اجتماع ایک حرف پر ایک حیثیت سے ممتنع ہے رہے حرکات مع سکون یہ بھی بوجہ تقابل عدمی ایک حرف پر ایک حیثیت سے جمع نہین ہوسکتے اور **تشدید** ایک ہیأت مرکبہ از حرکات وسکون کا نام ہے اور ظاہر ہے کہ جب دو شے وحدت صوری وترکب معنوی پاوین ضرور اُن مین شدت وثقل حاصل ہوگا اسیوجہ سے معروض التشدید کا مشدد نام ہے الحاصل چونکہ مشدد دراصل ایک نوع کے دو حرفون کے ادغام وادخال صوری کا نام ہے دونون حرفون کا ایک نوع ہونا وقت ادغام شرط ہے خواہی قبل ادغام یک نوع ہون جیسے دَرَّدَ بُرِّدَ **شعر** بدرّد یقین پردہاے خیال ٭ نماند سراپردہ الاجلال ٭ خواہی قبل ادغام یک نوع کے نہون جیسے بَبَرَّ اور چونکہ ادخال اکثر ایک شئے مدخل فیہ ساکن مین شئے داخل کو حرکت دینے سے حاصل ہوتا ہے حرف مدغم فیہ کو ساکن اور مدغم کو متحرک رکھتے ہین اس سے معلوم ہوگیا کہ تشدید مین اجتماع حرکت وسکون حرف واحد پر نہین ہے اور یہ بھی معلوم ہوگیا کہ ماقبل مدغم ساکن کے حرف متحرک کا ہونا واجب ہے ورنہ بعض مواضع مین ابتدا بساکن لازم آئیگا جس کا استحالہ علم صیغہ مین ثابت ہے اسی واسطے اُسکو شکل سکون مابین الحرکتین کی دی گئی۔ یعنی صفر بین الخطین اور صفر کا خطوط محرکہ سے باہم پیوند براے اشعار وحدت ادغام ہے چونکہ یہ دونو طرفی حرکتین حیثیت اطلاق مین متعین کیا معنی کہ اُن حرکتون کی نہ تعیین فتحی ہوسکتی ہے نہ کسری نہ ضمی کسواسطے کہ بیان مطلق تشدید ہے قطع نظر اسکے کہ طرفون مین فلان حرکت ہو اور نیز اُس مطلق کا بغیر تضمن فرد من الافراد متحقق ہونا ممکن نہ تھا بخوف ترجیح بلامرجح اُسکو فرد کامل اعنے فتح کے پیرایہ مین جلوۂ ظہور دیا اور کمال جنبش فتحی خود اُسکے عنوان عالی سے مترشح ہے ـسـا لیکن روانی تحریر مین حلقۂ صفر کے دونون کنارہ یمین ویسار کو ملادیتے ہین اور حرکت ثانیہ کو بر قیاس حروف ایک دامنہ پر ختم کرتے ہین جیسے ــــ مثلا لام اس ل صورت کا نام تھا لیکن روانی تحریر مین ل دامنہ اور علاقہ دار صورت کردی اور ممکن ہے کہ حقیقت صورت تشدید کی ایک خط اور نصف زیرین صفر کی ترکیب سے جو مشعر حرکت حرف اول وسکون ثانی ہے جیسے ـ یا اُسکا عکس یعنی

بیان حقیقت تشدید

ایک نصف زیرین صفر جزمی اور ایک خط حرکتی سے مرکب ہو جیسے لا لیکن اتصال خط حرکتی وسکون کا دونون صورتون مین براے اشعار ادغام معروض و وحدت ترکیبی عارض ہے خاصۃ صورت ثانیہ مین دامنہ بوجہ روانی قلم واختتام نقش ہے۔

فارسی زبان مین حروف تیئیس مین

خیر حروف موضوع ہون یا مہمل زبان فارسی مین تیئیس ہین اور ذال معجمہ کو حروف فارسیہ مین شمار کرنا خلاف تحقیق ہے چنانچہ محقق فرزانہ اسد اللہ خان غالب نے اپنے اُستاد ہرمزد سے درفش کاویانی مین نقل کیا ہے کسواسطے کہ اہل فارس کی طبیعت نازک اور انکا مزاج غایت درجہ کا نزاکت پسند تھا تو اپنے پر اتنی دشواری کو کہ دو حرف متحد المخرج زبان سے نکالین گوارا نہین فرماتے بلکہ قریب المخرج کو بھی زبان پر نہین لاتے اسیواسطے سین سعفص کو جب لیا ہے تاے مثلثہ وصاد مہملہ کو چھوڑ دیا تاے قرشت کو لیا طاے مہملہ کو چھوڑ دیا الف کو لیا تو عین کو چھوڑ دیا غین معجمہ کو لیا تو قاف کو چھوڑ دیا بلکہ خاے جوز ثخذ کو لیا تو قاف کو چھوڑ دیا ہاے ہوز کو لیا تو حاے حطی کو چھوڑ دیا اسی طرح جب زاے معجمہ کو لینے کی وجہ سے ضاد وظاے معجمتین کو چھوڑ دیا پھر اس ذال معجمہ کو باوجود زاے ہوز کسطرح لیتے اداے مخارج کی دقّت پسندیان اہل عرب ہی کا حصّہ ہے۔

ہمزہ کا بیان

رہا ہمزہ یہ سواے الف کے اور کوئی شے نہین اور یہ بھی واضح رہے کہ خداوند کریم کے ہان سے بفحواے علّم آدم الاسماء کلھا ہر ایک شئے موجود کے لیئے ایک ایک اسم عنایت ہوا ہے تو ان حروف کے لیئے بھی ایک ایک نام اس قسم کا موضوع ہے کہ خواہی حروف ملفوظہ ہون یا منقوشہ انکا سر نام عین مسمیٰ ہو گا یعنے اگر حرف ملفوظی ہے اُسکے اسم ملفوظی کا سر حرف عین مسمی ملفوظی ہوگا۔ اگر حرف منقوشی یعنی مکتوبی ہے اُسکے اسم منقوشی کا سر حرف عین مسمی منقوشی ہوگا۔

تقسیم حروف بحیثیت اسم حروف

اور یہ بھی خیال رکھین کہ مسروری ملفوظی مقلوبی انہین اسمای حروف کی توزیع ہے نہ حروف من حیث ہی ہی کی اور کتب قواعد مین جو حروف کو خود مقسم بتایا ہے تسامح ہے وہان بھی حیثیت اسمی ملحوظ ہے یعنی حروف من حیث الاسم۔

وجہ تسمیہ مسروری وغیرہ

اور وجہ تسمیہ ملفوظ و مقلوب کی ظاہر ہے لیکن ان دو حرفی بارہ اسمون کو مسروری کہنے کے تین وجوہ سمجھ مین آتے ہین کیا معنی کہ یا تو وہ منسوب ہے بجانب مسرور بمعنی ناف بریدہ جو ماخوذ ہے سَرٌّ بالفتح سے بمعنی ناف بریدن لے وسَرَّ الصّبی ناف برید کودک را کما فی المنتہی الارب چونکہ ناف بحسب ولادت جزو اخیر مولود بھی ہے چنانچہ اُسکا تعلق جسم ولد کے ساتھ مشعر ہے اور ایک شئے زائد بھی چنانچہ جسم ولد سے وہ قطع کیا جاتا ہے

پس حروف سروری کا اخیر ہمزہ باعتبار اصل وضع آن کا جزو اخیر بھی ہے اور اہل فارس ایک شئے زائد کی طرح گرا بھی دیتے ہین انکے نزدیک یہ امر کچھہ انہین اسماے حروف کی خصوصیات مین سے نہین ہے بلکہ انکے ہان ہر الف ممدودہ الف مقصورہ کا قافیہ واقع ہوجایا کرتا ہے۔ حافظ فرماتے ہین شعر

بملازمان سلطان کہ رساند این دعارا ✤ کہ بشکر بادشاہی زنظر مران گدارا ✤ عرفی کہتے ہین شعر

اسے برزدہ دامن بلارا ✤ سردرپے خویش داد مارا ✤ شعر اول مین دعا اور شعر ثانی مین بلا جنکی اصل دعاء و بلاء الف ممدودہ کے ساتھہ ہے حرف اخیر ہمزہ کو حذف کرکے گدا اور ما کا قافیہ کردئے گئے یا وہ ماخوذ ہے سَرَّاء بالفتح والتشدید والمد سے جو کھوکری شئے کو عموماً کہتے ہین اور کھوکرے بانس کو خصوصاً کما فی المنتہی الارب۔ پس اس تقدیر پر الف وسط کلمہ سے محذوف اور ہمزہ اخیر بحال سمجھا جائیگا لیکن فارسی مین چونکہ اس قسم کے ہمزہ اور الف کے لکھنے اور پڑہنے مین کچھہ فرق نہین کرتے دونون تقدیر پر یہ اسمای حروف ایک ہی طرح لکھے پڑہے جائینگے۔ یا وہ منسوب ہی جانب مسرور جو مفعول سَرَّ یَسُرُّ سُرُوراً کا ہے کیا معنی کہ ان اسمون کو جیسے الف کے ساتھہ با تا ثا حا کہتے ہین اسی طرح امالہ کے ساتھ بے تے ثے حے کہنا بھی جائز ہے چونکہ دونون طرح کی اجازت سے ایک نوع کی تنگی نکلگئی طبیعت کو حصول وسعت سے سرور ہوا مسروری نام رکھنا ارتجال سے دور ہوا لیکن بہر تقدیر نام ان اسمای حروف کا مسروری رکھنا اگرچہ بحسب لغت عرب ہے مگر توجیہ وعلت تسمیہ باعتبار استعمال عجم ہے ورنہ اہل عرب بغیر ہمزۂ اخیر استعمال نہین کرتے واللہ تعالے شانہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ حاصل کلام یہ ہے کہ انہین چند حروف کی باہمی ترکیب سے لفظ اصطلاحی بنتا ہے جسکے بیان کے ہم درپے ہین ورنہ ازروے لغت منہ کی پھونک کو بھی لفظ کہہ سکتے ہین۔ پس اب جاننا چاہئے کہ جو لفظ زبان سے آدمی کی نکلے اگر معنی رکھتا ہو موضوع ہے ورنہ مہمل۔ موضوع کی دو قسم ہین مفرد اور مرکب۔

لفظ اصطلاحی کی تقسیم

لفظ موضوع کی تقسیم

لفظ مفرد کی تعریف

مفرد وہ لفظ ہے کہ دلالت جزو لفظ کی اسکے جزو معنی پر باعتبار وضع اصلی کے نہو جیسے زید عمرو بکر پس وضع اصلی کے اعتبار سے ناظم شروان شیواے طوس اور ایسی ہی القابی اور علمی ترکیبین نکل گئین اسواسطے کہ انکی اصلی وضع ناظم اور شروان شیوا اور طوس کی اپنے جدے جدے معنون پر دال ہے ہان یہ وضع القابی ثانوی وضع ہے رہا منطقیون کا ایسی ترکیبون کو مفرد کی

قسم مین درج کرنا محض رعایت معنوی ہے کیونکہ انکی غرض اصلی معنون کے ساتھ متعلق ہے۔ اور نحویون کا انہین القاب مرکبہ کو مرکبات مین داخل کرنا فقط لفظی رعایت ہے کسواسطے کہ غرض اصلی نحویون کی لفظ کے ساتھ متعلق ہے۔ اور مرکب وہ ہے جو اسطرح نہو جیسے ناظم شروان وغیرہ۔ اور اُس لفظ مفرد بامعنی کو کلمہ کہتے ہین اسکی تین قسم ہین۔ اسم۔ فعل۔ حرف۔

بحث الاسم

جو کلمہ کہ اپنے معنی بتلانے مین مستقل ہو نہ کسی زمانہ کی قید سے پابگل تو شرف استقلال کی جہت سے اعلےٰ مقام پایا سمو المکانی سے اسم نام پایا اولاً یہ جامد۔ مصدر۔ مشتق پر منقسم ہے۔

جامد ایک جما ہوا کلمہ ہے نہ وہ کسی سے مشتق ہے نہ اُس سے کوئی اور وہ نکرہ اور معرفہ پر منقسم ہے۔

نکرہ ایک غیر معین شئے کا نام ہی جیسے کاغذ قلم دوات اسکی کئی قسم ہین ایک تو اسماے اصوات جن سے جانورون کو بلاوین ہانکین اُٹھاوین بٹھاوین۔ اگر غور کیجئے تو یہ بمنزلہ اسماے افعال کے معلوم ہوتے ہین اُنکو نکرہ اور معرفہ کیا کہیئے گا یا جن سے جانورون کی آوازون کی حکایت کرین یہ البتہ نکرہ ہین جیسے کوّے کی آواز کو قا کے ساتھ۔ مولانا جامی قدس سرہ العزیز کے معما سے نقل کیا جاتا ہی **شعر** یک بانگ کلاغ و نیم کنجد ٭ نام بت من وران بگنجد ٭ اور قمری کی آواز کی نقل کوکو کی عمر خیام علیہ الرحمتہ کا شعر ہے **شعر** آن قصر کہ با چرخ ہمی زد پہلو ٭ بر گنبد او شہان نہادندی رو ٭ دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختۂ ٭ بنشستہ ہمی گفت کہ کوکو کوکو۔ یا اور کسی چیز کی نقل کرین جیسے ترنگا ترنگ وچقاچق کمان اور تیر اور شمشیر کی آواز۔ نظامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین **شعر** ز بیم چقاچق کہ آمد ز تیر ٭ کفن گشت در زیر جوشن حریر ٭ ترنگا ترنگ درخشندہ تیغ ٭ زماہ درقہا برآوردہ میغ ٭ ترنگ کمانہای بازو شکن ٭ بسے خلق را بردہ از خویشتن ٭ اور یہ ابیات زیب النسا کی اس قسم کی صداؤن سے گونجتی ہین **قطعہ** از صداہاے جہانم چار چیز آمد پسند ٭ قلقل بانگ صراحی چرچر سیخ کباب ٭ مچ مچ بوس و کنار و سر سر شلوار بند ٭ اسیطرح مصیبت مین انسان کا ہاے واے کرنا خوشی اور تعجب مین واہ واہ کرنا۔

دوسرے اسماے ظروف خواہی وہ زمانی ہون خواہی مکانی۔ اول یعنی زمانی جیسے چون و چو و گاہ **شعر** گفتہ بودم چو بیائی غم دل با تو بگویم ٭ چہ بگویم کہ غم از دل برود چون تو بیائی ٭ خاقانی رح **شعر**

[Margin notes:] مرکب کی تعریف — کلمہ کی تعریف اور اسکی قسمیں — اسم — اسم جامد کی تعریف اور اسکے اقسام — نکرہ کی تعریف اور اقسام — اسماے اصوات اور نظیر تحقیقی

از دور در رفتہا نمائی ✤ گاہے نکنی گرہ کشائی ✤ ثانی یعنی مکانی جیسے پست و بلند و نشیب و فراز و پیش و پس و زیر و زبر۔ فردوسی علیہ الرحمۃ زلیخا مین فرماتے ہین شعر چپ و راست و پیش و پس زیر و بر زلیخا سے بت روے بد سر بسر ✤ اور اسی صورت کا ایک حرف رابط ہوتا ہے جسکو عربی والے جار کہتے ہین بمعنی علی لیکن فرق اتنا ہے کہ استعمال معنی اول مین خواص اسم اسپر آتے ہین جیسے مضاف واقع ہونا اگرچہ علامت اضافت تحقیقاً ہو یا حکماً اور معنی ثانی مین یہ بات نہین ہوتی نظامی قدس سرہ فرماتے ہین شعر کہ بسیار ناید بر اندکے ✤ یکے بر صد آید نہ صد بر یکے ✤ اور خاصۃً ظرف زمانی مین اکنون اور اُسکا مخفف کنون اور نون فردوسی رہ شعر و لے اے پسر گاہ آنست نون ✤ کہ سازی یکے چارۂ پُر فسون ✤ اور زمان اور مکان مین مشترک ایدر و ایدون معرفہ ہین اور ایدر اوسی اِدہر ہندی کے معنون مین ہے مثال ایدر زمانیکی شیواے طوس فردوسی رح کا مشہور شعر ہے شعر بدو گفت ایدر ابی کام تو ✤ بنو یم بجویم بجز نام تو ✤ یعنی این زمان مثال ایدر مکانی کی فردوسی رح جنگ سہراب و رستم کی داستان مین لکھتے ہین شعر بدو گفت ہومان کہ فرمان شاہ ✤ چنین بد کز ایدر بجنبد سپاہ ✤ یعنی ادہر سے۔ نظامی رحمۃ اللہ علیہ شعر گر ایدون درآید فریدون بمن ✤ گرفتار گردد ہمیدون بمن ✤

ایدر زمانی و مکانی"

تیسرے اسماے کنایات وہ چند اسم ہین کہ جب کہنے والا اپنے مخاطب کو حاضرین سے چھپا کر بیان کرنا چاہے یا اُس سے پوچھے اُنکو استعمال کرتا ہے اور یہ کبھی کنایہ معدود سے ہوتے ہین کبھی عدد سے کبھی سخن سے۔ اول جیسے باہمان جسکا امالہ بیہمان محاورہ خراسانیون کا ہے اور اسکا مخفف بہمان بالکسر اور بہدان بجاے بہمان کا شیون کا روزمرّہ ہے کہ اُسکو باستار اور امالہ کے ساتھ بیستار بھی کہتے ہین جیسے عربی مین لفظ فلان مستعمل ہے اُستاد رودکی کا شعر ہے شعر اے خواجہ این ہمہ کہ تو بر سیدہی شمار ✤ بادام تر و سنگی و مہمان و باستار ✤ شمس فخری کہتے ہین شعر باوجود ت از شہان باستان ✤ چرخ نارد برزبان جز بیستار ✤ غرض یہ الفاظ اپنی وضع و ذات مین نکرہ ہین لیکن وقت استعمال بلحاظ خصوصیت و اعتبار عہدیت معرفہ ہوجاتے ہین اور یہ ذو العقول وغیر ذو العقول ہر دو سے کنایہ ہوتے ہین حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ کا شعر ہے شعر تو بر آوردہ دست بر بہمان ✤ کہ چرا دست مے بر آرد آن ✤ مگر غالباً ان کا استعمال لفظ فلان کے ہمراہ ہوتا ہی بمعنی

اسماے کنایات"

باہمان و بہمان و باستار کا بیان"

استاد المحققین حضرت قلندر حسین اطہر قدس سرہ العزیز الاکبر نے ان کو تابع لفظ فلان فرمایا نہ بحسب اصطلاح کیا معنی کہ تقدم توابع کا متبوعات پر خلاف موضوع ہے اور یہ الفاظ لفظ فلان پر بلا مضائقہ مقدم ہوجاتے ہین چنانچہ امثلہ سے ہویدا ہے عرفی شعر عرفی چہ احتیاج کہ گوید بداستان ؛ کین از فلان مجوے وز بہمان فلان مخواہ ؛ سنائی رحمۃ اللہ علیہ شعر آواز برآوردہ کہ اے قوم تن خویش ؛ دوزخ مبرید از پے بہمان و فلان را ؛ انوری شعر در نسبت شاہی تو ہچو شہ شطرنج ؛ نامست دگر ہیچ چہ بہمان چہ فلان را ؛ علی بن حسن باخرزی کا شعر ہے شعر نہ چشم چراگہ کند روے ساقی ؛ نہ گوشم بدزدد حدیث نہانی ؛ ز مطرب سرود آرزو ہم نخواہم ؛ نگویم فلانی تو یا بہمانی ؛ درویش والاہروی شعر تا بہ براہین ذو العقول و بحجت ؛ جاے فرود یقین دہند گمان را ؛ زیر نگین تو باد ملک سراسر ؛ زان بکنم عرض بیہمان و فلان را ؛ باد بفعل آمدہ زقوہ بعہدت ؛ ہرچہ توان نام سعد کرد قران را ؛ اور ان پر یا کی زیادتی سے فلانی و بہمانی بھی کہدیتے ہین خصوصا فلان کو ہاے مختفی کی زیادتی سے فلانہ بھی کہدیتے ہین مگر بہمان مین یہ دونون زیادتیان مسموع نہین۔ سنجر کاشی شعر بہ تخلص نتوان ہمسری سن کردن ؛ چہ اگر نام فلانی شدہ یا بہمانی ؛ غنیمت شعر دلے بایدز فیض ناتوانی ؛ جواب چشم بیمار فلانی ؛ امیر خسرو علیہ الرحمۃ شعر صنا بیا کہ خسرو زبراے تست ہر شب ؛ در دیدہ باز کردہ کہ فلانہ درآید ؛ شیخ علی نقی شعر شب کہ یک شہر چو من داشت خرابات خراب ؛ بہمدان بود و فلان بود ندانستم ؛ ثانی کنایہ از عدد یعنی وہ لفظ کہ کمیت منفصلہ عددی کی طلب کے لیئے استعمال کیا جاوے جیسے چند یہ لفظ اصل مین چہ اور اند سے مرکب ہے اسیواسطے یہ لفظ چند استفہام کے لیے حقیقت اور استخبار کے لیئے مجاز سمجھا گیا ہے چنانچہ زبان پہلوی مین اند بھی مستعمل ہے۔ مولانا ے روم کا شعر ہے شعر گفت اوراکین ہمہ حلوا بچند ؛ گفت کودک نیم دینارست واند ؛ نظیری کا شعر ہے۔ شعر آنکس کہ دین ندارد گوید کہ عارفم ؛ تکفیر او بملت ہفتاد واند کن ؛ اور اندک اسی اند کا مصغر ہے اور یہ کثیر الاستعمال ہے غرض لفظ چند عدد غیر معین کا کنایہ ہے۔ بعضون نے کہا ہے کہ یہ لفظ دو سے زیادہ اور دس سے کم پر بولا جاتا ہے بعض نے اُسکو بضع کا ترجمہ سمجھا ہے اور کہا ہے کہ ایک سے نو تک پر بولا جاتا ہے اور بعضون نے کہا ہے ایک سے پانچ تک پر استعمال پاتا ہے غرض پانچ ہون یا نو یا دس ان قلیل مقدارون پر اکثر لفظ چند بولا جاتا ہے۔ اور اگر اُس عدد

بیان چندین و چندان

غیر معین کی قلت وکثرت مین مبالغہ منظور ہو تو بزیادتی حروف مبالغہ یا و نون چندین کہا کرتے ہین مثال ہر دو کی بلف ونشر معکوس سعدی علیہ الرحمۃ کی اس نثر سے واضح ہے **نثر** گفت این گدائے شوخ چشم مبذر را کہ چندین نعمت بچندین مدت برانداخت برایند - اور مبالغہ کثرت کی مثالین بہت ہین سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین **شعر** فرو ماندم از شکر چندین کرم ✤ ہمان بہ کہ دست دعا گسترم ✤ **ولہ** عجب نیست بر خاک اگر گل شگفت ✤ کہ چندین گل اندام در خاک خفت ✤ اور اسیطرح ہی نخست

نخست و نخستین کا بیان

اور نخستین یہان اس مبالغہ سے ابتدائے حقیقی کے معنی پیدا ہو گئے گو کہ بعض وقت مجازاً معنی ابتدائے غیر حقیقی مین مستعمل ہو جاتا ہے اور یہی معنی کثرت جو بذریعۂ حروف مبالغہ حاصل کیئے گئے ہین الحاق ادوات جمع سے بھی حاصل کرتے ہین. سعدی رح فرماتے ہین **شعر** تو در روے ہمان عیب دیدی کہ ہست ✤ ز چندان ہنر چشم غفلت ببست ✤ چونکہ یہ دونون لفظ چند سے ترکیب پاتے ہین تو اُسی کی طرح

چندین و چندان استخباری و استفہامی

استفہام و استخبار دونون مین استعمال کیئے جاتے ہین - یعنی جب سوال کے موقع مین واقع ہون استفہامی اگر جواب یا خبر کے تو کم خبریہ کیطرح استخباری ہین مثال استفہامی کی ظاہر ہی استخباری جیسے اوپر کے اشعار مین از شکر چندین کرم ز چندان ہنر وغیرہ اور فردوسی رح کا یہ شعر بھی اسی معنی مین ہے **شعر** بیاورد چندان زر و خواستہ ✤ ابی آنکہ ز و شاہ بد خواستہ ✤ یعنی بہت کچھ زر و مال بغیر طلب بادشہ کے لایا - ممکن ہے کہ چندان اور چندین لفظ چند اور اسماے اشارہ آن و این سے مرکب ہو اور ان مین کثرت و قلت کا مبالغہ تعظیمی و تحقیری قرب و بُعد سے لیا گیا ہو اسوقت لفظ چند کو بمعنی قدر و مقدار سمجھنا چاہیئے اور یہ مقدار زمانی ہو یا غیر زمانی یعنی چندان و چندین بمعنی اُسقدر اور اسقدر خصوصاً اگر انکے بعد جملہ بیانیہ مصدر بکاف ہو یہ معنی بلا تکلف واضح تر مفہوم ہوتے ہین - نظامی رح **شعر** بہی چہرۂ باغ چندان بود ✤ کہ شمشاد با لالہ خندان بود ✤ یعنی خوبی چہرۂ باغ کی اُسقدر یعنی اُس زمانہ تک ہوتی ہے کہ الخ اگر انکے بعد اس قسم کا جملہ نہو باعتبار انکی تفخیم و تحقیر کے مبالغہ فی التکثیر و التقلیل سے کنایہ کر لیتے ہین وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ -

تمیز اس کنایہ کی معرفہ نکرہ مقدم موخر مفرد جمع سب درست ہے لیکن متاخرین کے ہان جمع کم مستعمل ہی موخر التمیز جیسے کہا جاتا ہے آنجا چند مرد بودند - مقدم التمیز سعدی رح **شعر** با عزیزے نشست روزے چند ✤ لاجرم ہمچو او گرامی شد ✤ معرفہ نکرہ مفرد موخر کی مثال ملا نسبتی **شعر** چند عمرم باسر زلفش

بسر رفت وہنوز ؛ چند مشکل حل شدست وچند مشکل ماندہ است ؛ مثال جمع کی انوری **شعر** خیز واو سعی دخان بین وزتاثیر بخار ؛ باد و تن ہر دو کنون چند رسوم عجب ست ؛ ۔ نظامیؒ **شعر** از پس چند چیزہای لطیف واد انعامہاے باتشریف ؛ کبھی تمیز کو بقرینۂ مقام حذف بھی کردیتے ہین نظامی رح **شعر** ہمان خوردکان ناتراش دگر ؛ چنین چند را خاک خارید سر ؛ اے چند کس را ۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ چنین اُسکی تمیز مقدم ہو اور سنو کہ اُسکی تمیز لفظ از کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے **شعر** چند چند از حکمت یونانیان ؛ حکمت ایمانیان راہم بخوان ؛ بعض محققین نے رحمہ اللہ تعالے گلستان کے اس شعر کو از تمیزیہ کا شاہد بنایا ہے **شعر** مؤذن بانگ بے ہنگام برداشت ؛ نمے دانست چند از شب گذشت است ؛ میرے نزدیک یہ خطاے فاحش ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس شعر مین لفظ چند محذوف التمیز اور لفظ از تبعیضیہ واقع ہے یعنی چند پاس از پاسہاے شب گذشت ست چنانچہ حضرت نظامی رح فرماتے ہین **شعر** مغنّی توئی مرغ ساعت شناس ؛ بگو تا ز شب چند رفتست پاس ؛ ورنہ شب سے لفظ از کو جو اظہار التمیز آیا ہے حذف کیجئے تو مطلب خبط ہو جائیگا ۔ اور اس لفظ چند پر باے زائدہ کا لانا بھی مطلقا جائز ہے ۔ محمد قلی سلیم کا شعر ہے **شعر** فزون تر ز بخل و فزون تر ز ہمت ؛ نشیب و فراز ش بچندین مراتب ؛ اور بمعنی مقدار کے جسکو اُردو مین گونہ کہتے ہین خسرو علیہ الرحمۃ کا شعر ہے **شعر** نور اوکز سپہر صد چندست ؛ مہ شگاف و سپہر پیوندست اور اسپر جیسے یاے تنکیر و وحدت کی زیادت سے چندے کہتے ہین یکچند و یکچندے بھی کہا کرتے ہین فردوسی علیہ الرحمۃ شہر بیداد پر رستم کی چڑہائی کرنے کی داستان مین لکھتے ہین **شعر** بہ نخچیر گور و بمی دست برد ؛ از ینگونہ یک چند خور دو شمرد ؛ مولوی معنوی قدس سرہ **شعر** آمد الہامش کہ یک چندے بدند ؛ کہ درین غم بر تو منکر میشدند ؛ اور بمعنی تا کے یعنی تعیین زمان کی طلب کے لیئے بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے عرفی کا شعر ہے **شعر** چند زین آتش خسپوش بر انگیزی دود ؛ اے بجوش جوہری آئینۂ حسن تو مثل ؛ اور یہ لفظ جب اگر شرطیہ پر لاحق ہوتا ہے توجہ کی طرح اُسکو وصلیہ بنا دیتا ہے ۔ نظامی رح کا شعر ہے **شعر** از ان مے کز و شادمانی کنم ؛ اگرچند مستم جوانی کنم ؛ ثالث چنان وچنین یہ الفاظ جیسے حدیث یعنی سخن سے کنایہ ہوتے ہین اسیطرح غیر حدیث سے بھی کنایہ کیئے جاتے ہین اصل اسکی حرف تشبیہ چون اور اسماے اشارہ آن واین سے مرکب ہے جیسے عرب کذا کہتے ہین ۔ مثال کنایہ از حدیث کی نظامی رح **شعر** چنین گفت با بہمن اسفندیار

اگر بشکنی لشکری کارزار ÷ ظہیر فاریابی شعر گرم سر ذوق گردانی بخدمت ÷ چنان گفتم کہ گفتہ بود
واغل ÷ نظامی رح شعر چنان گفتم از ہر چہ دیدم شگفت ÷ کہ دل راہ باور شدن برگرفت ÷ مثال
غیر حدیث کی نظامی علیہ الرحمہ کا شعر ہے شعر وزیرے چنین شہریارے چنان ÷ جہان چون
نگیرد قرارے چنان ÷ دلہ شعر مبین سرورا در سرافگندگی ÷ چنان شاہ را در چنین بندگی ÷
اور وقت تکرار لفظ جیسے ویسے کے معنون مین بھی مستعمل ہے۔ نظامی رح شعر گر آسودہ ور ناتوان
میزیم ÷ چنان کافریدی چنان میزیم ÷ یعنے جیسا پیدا کیا ویسا جیتا ہون۔ مولوی معنوی
قدس سرہ فرماتے ہین ۳۰۲ شعر تو چنین خواہی خدا خواہد چنین ÷ میدہد حق آرزوے متقین ÷
یعنی تو جیسا چاہتا ہے ویسا ہی اقتضاے مشیت ایزدی ہوتا ہے اور اونکے جواب مین کاف
بیانیہ کا ہونا واجب ہے تحقیقاً ہو یا تقدیراً۔ تحقیقاً جیسے امثلۂ مذکورہ سے ظاہر ہے اور تقدیراً
جیسے تاثیر کا شعر ہے شعر گل چنان بے ثمر ہیاے چمن مے پوشد ÷ آنچنان عیب ترا خلق
حسن مے پوشد ÷ اے گل چنانکہ الخ۔ اور اگر دو شئے مجہول الحقیقت کا بیان منظور ہوتا ہے چنان
و چنین یہ ہر دو لفظ معا بیان کیے جاتے ہین شعر آگہ از خویشتن چو نیست چنین ÷ چہ خبر دارد
از چنان و چنین ÷ اگر ان کنایات توام پر حرف ندا لایا جاوے مفید تحقیر و تذلیل منادا ہوتا ہے
جیسے بزبان عوام ہند ایسی تیسی بجاے دشنام بولا جاتا ہے انوری کا شعر ہے شعر بانگ برزد
مرا خرد کہ خموش ÷ تو کہ باری اے چنان و چنین ÷ اور چنان چون بجاے چنانچہ و چنانکہ مستعمل ہی
نظامی رح شعر ہمین را برافروخت از گرد خیل ÷ چنان چون ادیم یمن از سہیل ÷ فردوسی رح شعر
بر خویش بر تخت بنشاختش ÷ چنان چون سزا بود بنواختش۔ چوتھے اسماے اعداد ہین
کہ جنسے چندگی آحاد اشیا کی بیان ہوتی ہے یعنی اگر کسی سے لفظ چند کے ساتھ مثلاً
سوال کرین جیسے پوچھین در انجا چند کس بودند تو جواب مین جتنی اکائیان مسئول عنہ کی ہین
بیان ہو جائین۔ مثلاً جواب مین یک یا دو یا پنج کس بودند فرمادین معلوم ہو جائے گا کہ پانچ
اکائیان ہین۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ایک اور دو بھی اسماے اعداد سے ہین۔ گو کہ
بعض حساب نے ان ہر دو کو اور بعض نے فقط ایک کو اعداد مین نہین گنا ہے یہ بات خلاف
تحقیق ہے حالانکہ دو اور ایک تو کیا صفر بھی عدد ہے بلکہ محققین کے نزدیک صفر درمیان

ان کنایات کا توام شئے مجہول الحقیقت کے لیے استعمال
ان کنایات توام پر ندا کا لانا تذلیل و تحقیر کے معنے پیدا کرتا ہی
چنان چون بمعنی چنانکہ
بیان اسماے اعداد

اور اُن کے زعم کے موافق مہ آبادیون کی سلطنت صدزاد سال قائم رہی اور وہ بھی اسطرح کہ سال
اُنکا مطابق سال متعارف کے نہین بلکہ سال بارہ ماہ کا اور مہینا تیس روز کا اور روز ایک دورۂ کامل
ستارہ بلند کوکب زحل کے زمانہ کا نام ہے اور وہ ایک دورہ تیس سال متعارف مین پورا ہوتا ہی
غرض سیارۂ بلند ایوان کیوان کے دورۂ سی سالہ کا ایک روز ہوا اور اس قسم کے تیس روز کا ایک ماہ
اور اس نوع کے دوازدہ ماہ کا ایک سال اور اس قسم کے صدزاد سال زمانۂ قیام سلطنت مہ آبادیان
بتلاتے ہین اسیطرح لفظ بیور پہلوی زبان کے اصول اعداد مین سے ہے جسکو دری زبان مین
دہ ہزار سے تعبیر کرتے ہین یعنی اُسکی اظہار نسبت دہ ہزار سے کیجاتی ہے سعدی رح فرماتے ہین **شعر**
ہنوزت سپاس اندکے گفتہ اند ٭ ز بیور ہزاران یکے گفتہ اند ٭ اور چونکہ ضحاک کے اصطبل مین
دس ہزار گھوڑا خاص بزین ولجام تیار دوام رہتا تھا اُسکا بیور اسپ لقب کرتے تھے۔ فردوسی رح
آغاز داستان ضحاک مین لکھتے ہین **شعر** جہان جوے را نام ضحاک بود ٭ دلیر و سبک ساز و ناپاک بود ٭
ہمان بیور اسپش ہمی خواندند ٭ چنین نام بر پہلوی راندند ٭ لیکن ان اصول اعداد نے شہرت
رواجی نہین پائی جس سے زبان استعمال پر نہین چڑھے۔ چنانچہ خود فردوسی کو اُس زمانہ مین فارسی
زبانون کے لیئے شرح کرنی پڑی چنانچہ بعد اُس شعر کے خود کہتے ہین **شعر** کجا بیور از پہلوانی شمار ٭
بود در زبان دری دہ ہزار ٭ ز اسپان تازی بزرین ستام ٭ ورا بود بیور چو بردند نام ٭ اصول اعداد
کی تقریب پر بعض شارحین کاملین نکتۂ رسالہ عبدالواسع کی تحقیق یاد آگئی کہ انہون نے لک و کرور کو اصول
اعداد فارسی مین شمار کیا ہے حالانکہ ہندیان فارسی نگار نے اپنے معاملات روزمرہ مین حساب و کتاب
کے وقت سہولت فہم کے لیئے اپنی ہی زبان کے الفاظ استعمال کر لیئے اور محمد قاسم فرشتہ نے
جو اپنی تاریخ مین اسی قسم کے الفاظ برتے ہین اور طغرائی مشہدی نے آشوبنامہ مین رودکی شاعر
کی مدح مین یہ جو لکھا ہے **نثر** تا آخر حرکات رقاص قلم صوت چندین لک شعر برلب خوانند نگذاشت
یہ سب اسی پر محمول ہین گو کہ وہ اہل زبان تھے لیکن ہند کی بود و باش اور یہانکے رواج نے
اُن پر اس امر کا اقتضا کیا یہ جیسے اختلاط ترک وعرب سے الفاظ عربی و ترکی شامل ہوگئے ہندیون
کے اختلاط سے الفاظ ہندیہ داخل ہوگئے۔ سنائی رحمہ اللہ تعالی **شعر** نہ دران دیدہ قطرۂ پانی
عرفی کا شعر ہے۔ **شعر** آن بادکہ در ہند گراید جگر آید ٭ سالک کا شعر ہے **شعر** سبز گشتم

زکھچری ایام ✦ ہوس خوان سیم وزر نگنم ✦ ملامحسن تاثیر گو کہ وارد ہندوستان نہین ہوئے مگر یاران
ہم پیشہ کے اتباع سے اپنے اشعار مین الفاظ ہندیہ کا رنگ جماتے ہین شعر دگر از شیوہاے راگ
رنگش ✦ برقص آرد فلک را ساز چنگش ✦ طغرا شعر ز پوشیدن آن نگار ختن ✦ شدہ پرنیان چیت مچلی
پتن ✦ اے چھینٹ مچھلی پٹن۔ غرض مین نے اس تذکرہ کو بیان شرح نکتہ کے لیئے حسن تقریب پایا
اپنے احبہ کی فرمانبری مین جو بارہا خواہش کر چکے تھے قلم اُٹھایا منہ التوفیق وبیدہ ازمۃ التحقیق ✦

نکتۂ اختیار بست وہشت حرف در کلام عرب کہ استیفاے اقسام اعداد از مفردات ومرکبات امتزاجیہ وغیر امتزاجیہ باشد اقتضاے آن میکند کہ ہمگی سی حرف باشند لیکن عوض دو عقد حائل ضروری کہ بست وسی باشد دو را کم کردند

جاننا چاہیئے کہ نکتہ بالضم نکت بالفتح سے ماخوذ ہے اور وہ لکڑی یا اُنگلی سے زمین کریدنے کو کہتے
ہین چونکہ یہ فعل اکثر فکر وسوچ مین آدمی سے وقوع پاتا ہے کنایہ فکر سے ہو جاتا ہے جیسے کہتے ہین
يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ اَيْ مُتَفَكِّرًا فِي اَمْرِهٖ نکتہ بالضم اسیکا اثر ونشان ہے منتخب مین ہے نکتہ بالضم
نشانۂ سر انگشت یا سر چوب کہ بر زمین زنند چونکہ سخن باریک وکلام دقیق بھی اکثر فکر ہی کا اثر ونتیجہ ہوتا ہی
اُسکو نکتہ کہنے لگے اور یہان انہین معنی مصطلحہ مین مستعمل ہے اور یہ لفظ نکتہ کا اولی یہی ہے کہ مابعد سے
مضاف بنایا جاوے ورنہ درصورت عدم اضافت مثل باب وفصل مقطوعات کلام سے سمجھا جائیگا تو پھر
اور اسکے سرے پر لفظ مقدمہ کا قطع کلام کے لیئے موجود ہے اور معنون کی راہ سے یہ خرابی جدی ہوگی
کہ جب اختیار خود مبتدا اور اقتضا اُسکی خبر ہوئی تو اٹھائیس کا اختیار کرنا تیس بننے کو مقتضی ہے
حاصل اس کلام کا ہوا سو یہ ظاہر البطلان ہے درصورت اضافت یہ خرابی نہوگی کسواسطے کہ اضافت
مین تقئید داخل اور قید خارج مانی گئی ہے غرض نکتۂ اختیار بست وہشت حرف موصوف اور جملۂ فعلیہ
کہ استیفاے اقسام اعداد از مفردات ومرکبات امتزاجی وغیر امتزاجی باشد اُسکی صفت چونکہ صفت
جملہ فعلیہ واقع ہے صفت کو اُسکی اصل پر لانے کے لیئے جو افراد ہے مصدر بکاف کیا پس موصوف صفت
ملکر مبتدا ہوا اقتضاے آن میکند کہ ہمگی سی حرف باشند اسکی خبر الحاصل مطلب یہ ہے کہ کلام عرب مین
اٹھائیس حرف اختیار کرنیکا نکتہ جو اسماے اعداد کی تمامی قسمون کو ملحوظ رکھکر ہوا ہے کل تیس حرف

وضع کیئے جانے کو مقتضی ہے اسواسطے کہ اسمای اعداد جو اس اختیار کے مقیس علیہ ہین ایک تو مفردات
کی قسم سے ہین یہ وہ اسم ہین کہ جنکے لفظ مین کوئی ترکیب نہو وہ کل اصول اعداد احد سے لیکر عشر تک اور مائۃ
والف جنکا مجموعہ بارہ ہے اور کل عقود ثمانیہ عشرون ثلثون اربعون خمسون ستون سبعون ثمانون تسعون
عربی مین کل یہ بیس اسم مفرد ہین باقی سب مرکبات سو وہ دو قسم کے ہین۔ امتزاجیہ کہ جنکی ترکیب کمال
خلط کی وجہ سے ایسے معرض خفا مین آگئی کہ وہ اسم مرکب ظاہر مین کلمۂ واحد معلوم ہونے لگا یہ نو اسم ہین
احد عشر اثنا عشر ثلثۃ عشر اربعۃ عشر خمسۃ عشر ستۃ عشر سبعۃ عشر ثمانیۃ عشر تسعۃ عشر۔ اور غیر امتزاجی
کہ جنکی ترکیب کھلی کھلی ہو کوئی آمیزش اُسکے اجزا مین ایسی نہو کہ ظاہر نظر اُسکو دریافت نکرسکے اور وہ
سواے ان دو قسمونکے جنکا ذکر ہوچکا ہے انتہا ہین احد وعشرون اثنان وعشرون ثلثۃ وعشرون وغیرہ
پس اب استیفا اقسام کا اسطرح پر ہوا کہ دس تک کے مفردات اور احد عشر سے تسعۃ عشر تک امتزاجی
مرکبات اور احد وعشرون سے تسعۃ وعشرون تک غیر امتزاجی مرکبات چونکہ عشرون وثلثون بھی اسی
سلسلہ مین پڑے ہوئے ہین انہین کے ساتھ شمار کرلیا اس مین اسمائے اعداد کی ہر قسم مفردات ومرکبات
امتزاجیہ وغیر امتزاجیہ کی موجود ہے استیعاب واستیفاے اقسام بخوبی متحقق ہے اور یہ دو عقد حائل
عشرون وثلثون جنکی حیلولت سلسلۂ اعداد مین ضروری اور ناگزیر ہے سو بوجہ اشتراک اسمی اُن دو
عقدین حائلین کے جو دو نقطے تقاطع منطقۃ البروج کے ہین جنکو راس وذنب اور جوزہرین بھی کہتے
ہین بوجہ اُنکے گوزہر ہونے کے شمار اعداد مطلوبہ سے گرادئے گئے کسواسطے کہ منجمین کے نزدیک
حیلولت اُن دو عقدون کی منحوس ہے پس دو عقد یعنی عشرون وثلثون کو ساقط کرنے کے بعد اٹھائیس
اسم باقی رہ گئے جس سے مقیس ومقیس علیہ مین باہم مطابقت تامّہ حاصل ہوگئی اور سلسلہ حروف کو
اٹھائیس پر ٹھہرانا علے مذہب المحققین ہے جو ہمزہ اور الف کو اور حروف علت کیطرح متحرک وساکن مانتے
ہین یعنی ہمزہ اور الف کو ایک ہی شئے جانتے ہین ورنہ سلسلہ حروف کا اُنتیس پر جا ٹھریگا۔ لیکن اس
لیکن پر دو شبہے ہین اول تو یہ کہ ہر دو عدد عشرون وثلثون حائل نہین ہین اور حیلولت فقط ایک عدد
عشرون مین ہے اور عقد ثلثون منتہی پر واقع ہے اور اسکے مابعد کے باقی سلسلہ غیر امتزاجیہ کا اعتبار
جس سے ثلثون کو حیلولت حقیقیہ حاصل ہو خلاف مقصود ہے ساقط ہے ہان بات بنانے کے لیئے
اتنا جواب دے سکتے ہین کہ یہان حیلولت سے فقط اجتماع مراد ہے اور نکات شاعرانہ مین اسقدر

مناسبت اور اشتراک لفظی و مشارکت اسمی کافی ہوجاتی ہے دوسرا شبہ یہ ہے کہ جب عشرون و ثلثون
کو عقود مین شمار کیا عشرہ کو جو وہ بھی مقام متناسب عقود مین واقع ہے اور اُسکی حقیقت بھی عقد بننے کو
پکار رہی ہے چنانچہ ابھی اُسکا بیان آویگا انشاء اللہ تعالیٰ اور حیلولت بھی اُس مین متحقق ہے عقود مین
شمار نکیا یہان اسطرح عذر کرسکتے ہین کہ عشرہ خود مفرد ہونے اور حد سلسلۂ مفردات پر واقع ہونے سے
اُسکی عقدیت کے لحاظ کو مغلوب کردیا لیکن باوجود ان تمام معذرتون کے کلام ضعف سے خالی نہین کاش
مصنف محقق علیہ الرحمۃ اس طرح توجیہ فرماتے کہ کل بیس مفردات جو مجموعہ اصول اعداد ہین اور نو مرکبات
امتزاجیہ اور چونکہ غیر امتزاجی مرکبات بے نہایت تھے اور احصاے لاتناہی محال تھا تو اُن مین سے
ایک کو جو ادنے درجہ ہے لے لیا جنکا مجموعہ (بحساب ۲۰+۹+۱)=تیس ہوا سو کہا جاتا ہے کہ اعداد کی
کل قسمون کو نظر کرین جو مقیس علیہ حرف ہین تو حرف بھی تیس ہونے چاہئین لیکن دو عدد دس اور
بیس جو مفرد اور مرکب امتزاجی و غیر امتزاجی کے درمیان حائل ہین بمشابہت دو عقد حائل راس و ذنب
جو باعتقاد بے بنیاد منجمین منحوس ہین الگ کردیا تو کل اٹھائیس رہ گئے اور عشرہ کا اپنی ذات مین شریک
مفردات رہنا اور ایک ضرورت کی وجہ سے بلا انقطاع سلسلۂ تعداد مفردات مین واقع ہونا اُسکے عقد
بننے کے لیئے مانع نہین کسواسطے کہ حقیقت عقود کی اتنی ہے کہ جب آدمی نے ایک کے لیئے ایک اُنگلی کا
اشارہ کیا اور دو کے لیئے دو اُنگلیونکا جب دسون اُنگلیان پوری ہوگئین رُک گیا اب گیارہ کے لیئے یکمرتبہ
دسون اُنگلیان کھول کر دونون کھلے ہوئے پنجون سے اشارہ ایک بار کرکر پھر مٹھیان بند کرکے ایک اُنگلی
کھولے گا اسیطرح بیس کے لیئے کھلے ہوئے دونون پنجون سے دو مرتبہ اشارہ کرے گا اب ظاہر ہے
کہ دس ایکبار کل اُنگلیونکے اشارے کو ختم کرنے کا نام ہے اور بیس دوبار تیس تین بار تو بیس اور تیس کو
عقد کہین دس کو نہ کہین اسکی کوئی وجہ تشفی بخش نظر نہین آتی لیکن ان ہر دو صورتون مین اتنا شبہ قوی
رہیگا کہ اسامی اعداد از قبیل لفظ ہین جو مرکب حروف سے ہے مہذا ان اسمون کو مقیس علیہ حروف قرار
دینا عقل چکر مین مہرۂ تاویل ششدر ہین ہے کہ اسامی اعداد بوجہ مقیس علیہ ہونے کے حروف مقیسہ سے
مقدم بالذات ہونے چاہئین اور اسامی اعداد لفظ ہونے اور لفظ کے مرکب از حرف ہونیکی وجہ سے تقدم
ذاتی و طبعی حروف کو مقتضی ہے درحقیقت یون ہی ہے کسواسطے کہ مرکب کا اپنے اجزا سے حیثیت
ترکیب مین موخر ہونا ضروری ہے پس اسمین دور اور تقدم الشیٔ علےٰ نفسہ لازم آیا اسلیئے کہ حرف موقوف

تحقیق عقود

اسامی اعداد کو مقیس علیہ حروف قرار دینے مین شبہ قوی

ہوئے اسمای اعداد پر اسمای اعداد بحیثیت لفظ موقوف ہوے حروف پر تو حروف کا توقف حروف پر ہوا اور موقوف علیہ موقوف سے مقدم ہوتا ہے تو حروف اپنے نفس پر مقدم ہوئے اس تقریر سے خود حروف کے اسم و مسمیات پر وہی شبہہ کہ حرف اول مثلاً الف کے لیئے جب اسم وضع ہوا اور وہ اسم بحیثیت لفظ اور حرف سے ترکیب پایا جو ابھی معرض وضع مین نہین آئے معہذا خود اس حرف سے مرکب ہے جسکے نام رکھنے کی ضرورت درپیش ہے تو یہان بھی دور اور تقدم الشئے علےنفسہ لازم آیا پیش نہین چلتا اسواسطے کہ ہمنے پہلے ہی دستورنامہ کے حروف کی تحقیق مین عرض کر دیا ہے کہ جب آواز مکیف بکیفیات اربع زیری بمی ہیچاک غنگی ہوئی تو اس عارض مع معروض کا نام حرف ہوا مثلاً اَحَد کا الف قطع نظر جنبش فتحی وغیرہ سے اور کل کے کل حروف کی وضع اسدرجہ مین بسیط ہے اور بعد وضع جمیع حروف مبسوطہ فہم و تفہیم کے تیسیر کے لیئے انکے نام رکھے۔ چونکہ یہ پہلا مرحلہ اور اول الاول سبق تھا خیال اور یادداشت کے علاقہ پر اعتماد نہ کیا۔ ہر ایک اسم کا جزو اول عین مسمی کو رکھدیا تا منزل اول مین کوئی دقت پیش نہ آئے اور یہ علاقہ محسوسہ سبب سہولت بنجائے واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب۔

اور وجہ قیاس بر اقسام اعداد یا تو یہ ہے کہ سلسلۂ حروف ہجا بھی مثل سلسلۂ اعداد کے زبان پر روان ہوتے ہین جیسے احد و اثنان و ثلث و اربع و خمس و ست و سبع وغیرہ اور الف باتا ثا جیم حا خا دال ذال وغیرہ یا یہ بات ہے کہ جیسے اسمای اعداد منقسم بسہ قسم ہین ویسے ہی اسمای حروف منقسم بسہ قسم ہین یعنی مسروری و ملفوظی و مقلوبی اس سے یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ حروف کو جو ان تین قسمون پر منقسم کرتے ہین من حیث الاسم کرتے ہین ورنہ اپنی ذات مین یعنی من حیث ہو ان سب توزیعات سے مبرا ہین یا یہ بات ہے کہ حروف باعتبار اپنے مسمیات اور اسما کے منقسم بسہ قسم ہین فتامل انشاءاللہ تعالےٰ اسکا بیان عنقریب آوے گا ؂

وتنبیہ بر استیفاے اقسام اعداد بجہت اشعارست برین کہ مسمیات این اسما از قسم اول ست و اسامی از قبیل ثانی و ثالث

تنبیہ بر استیفاے اقسام اعداد مبتدا بجہت اشعارست برین الخ خبر یعنی استیفای اقسام اسمای اعداد پر متنبہ کرنا اس بات کی خبر دینے کے لیئے ہے کہ مسمیات جو ذوات مبسوطۂ مفردہ ان اسمونکے ہین اسمای اعداد کی پہلی قسم کی طرح یعنی مفردات ہین اور انکے اسمون کا حال اسمای اعداد مرکبات کا سا ہے

کہ جنکی ترکیب از قبیل امتزاج و غیر امتزاج واقع ہے جیسے سروری بوجہ بریدگی و حذف حرف ثالث
یعنی ہمزہ یا حرف وسطی یعنی الف و عامہ مشابہت احد عشر سے رکھتے ہین کسواسطے کہ یہان بھی عاطفہ
محذوف ہے اور باقی دونون قسم یعنی ملفوظی و مقلوبی غیر امتزاجی کے مشابہ ہین یا عطیہ کہ مقلوبی جیسے
میم و نون و واو بوجہ وحدت اول و اخیر کے سرتاپا ایک ہوکر مرکب امتزاجی بنگیا باقی اسمای حروف
کی ترکیب غیر امتزاجی رہیگی یا عطیہ کہ دال ذال رازا واوا اپنے باہمی انفصال تام کی وجہ سے امتزاج سے
دور غیر امتزاجی کے نام سے مشہور ہوئے باقی اسمون نے امتزاجی ترکیب پائی اگرچہ بعض اسمون کا
جزو اول یا اخیر منفصل رہگیا ہے لیکن باعتبار اکثر اجزا کے مرکب امتزاجی کہا جاتا ہے اور جزو وسطی کا کبھی
اول کے ساتھ وصل پانا جیسے صاد کبھی اخیر سے جیسے الف اور کبھی ہر دو سے جیسے جیم سین عین
اس اختلاف تعلق عاطفہ پر مشعر ہے یا عطیہ کہ کل مسمیات از قسم مفردات ہین اور اسامی حروف باعتبار
اپنی حقیقت کے مرکب ہین یعنی ہر ایک اسم دو جزو زبر و بینات سے مرکب ہے لیکن بعض اسمونمین زبر و بینات باہم متصل مثل شئے
واحد کے ہین جیسے با تا ثا جیم صاد اور بعض اسمون مین منفصل جیسے الف دال ذال تو اول کو مرکب امتزاجی
ثانی کو غیر امتزاجی کہنا مناسبت تمام رکھتا ہے۔ لیکن یہ تنبیہ قابل تنبیہ ہے کہ اقسام اعداد کا استیفا
حروف کے اسما و مسمیات پر مشعر ہو نہین سکتا کسواسطے کہ اقسام اعداد اگر قبل اسقاط عقدین مراد ہین
تو وہ باعتبار ضرورت مثبتہ کل تیس ہین یا باعتبار حقیقت بے انتہا ہین اور اگر بعد اسقاط عقدین مراد ہین
تو وہ اٹھائیس ہین اور کل حروف اٹھائیس اور اتنے ہی اُنکے اسم جنکا مجموعہ چھپن ہوا پس باوجود
اسقدر بھاری اختلاف کے یہ تنبیہ کیسی درست ہوگی فقط از قسم و از قبیل کے تقریبی و تخمینی الفاظ
اس رخنہ کو بند نہین کر سکتے۔ ہان اگر مصنف محقق رحمہ اللہ تعالی فقط ذوات حروف کو لیتے جو مقیس
اقسام اعداد ہین اور وجہ قیاس بھی اول الذکر پھر انہین عطہ ذوات حروف مین باعتبار اُنکی حقیقت کے
بحث کرتے اسواسطے کہ بعض ان مین مفرد محض ہین جیسے ہ جو فقط سینے سے ہوا کے اُکھڑنے
کی کیفیت کو بتلا رہا ہے اور بعض مرکب لیکن اس ترکیب مین بعض ایسی ہین جو فقط مخارج کے دو جزو
کے قرع و قلع سے پیدا ہو جاتے ہین جیسے ب ت مثلا اور بعض ایسے ہین جن مین مع قرع و قلع
کے شئے ثالث کو بھی گونہ دخل ہے جیسے م یہان وہی تصادم شفتین ہے جو ب مین تھا مگر مع اسکے
ہوا ہی خیشوم کو غنیت کے لیئے اس مین ایک جدا دخل ہے اسیواسطے میم کو نون اور بے کی

الاہم ... ترتیب ... [illegible]

جو تنبیہ اس طور پر ادا کیا جاوے خالی از شبہ ہو

قوت مین سمجھتے ہین چنانچہ دُم اور ذنب دونون مستعمل ہین **شعر** بود دست خرے کہ دُم نبودش ٭ روزے غم نے دمی فزودش ٭ سعدی رح **مصرعہ** میان ببند و چو مردان بگیر دنب حریش ٭ پس اول کو مشابہ مرکب امتزاجی اور ثانی کو از قبیل مرکب غیر امتزاجی سمجھین یا فقط عطف اسامی حروف مین باعتبار عفف جوڑ توڑ اُن اسامی کی تنبیہ کا اجرا کرتے کیا معنی کہ کسیکو مفرد کیسیکو مرکب امتزاجی کسیکو مرکب غیر امتزاجی قرار دیتے مثلاً با تا ثا جیم حا خا سین شین طا ظا عین غین فا میم ہا یا کو جو ایک ذات اور ایک جوڑ ہے مفردات عددیہ احد اثنان ثلث اربع کا مقیس بناتے اور جنکے دو جوڑ ہین خواہ اتصال اول سے ہو خواہ اخیر سے خواہ کسی سے اتصال نہو جیسے الف را زا صاد ضاد قاف کاف لام نون کو مرکبات امتزاجیہ احد عشر اثنا عشر ثلثہ عشر کا اور جنکے تین جزو الگ الگ ہین مثلاً دال ذال واو کو مرکبات غیر امتزاجیہ احد وعشرون اثنان وعشرون کا مقیس بناتے یا باعتبار حساب جمل کسیکو مفرد کسیکو مرکب امتزاجی کسیکو مرکب غیر امتزاجی محسوب کرتے مثلاً با حا طا میم ہا باعتبار حساب جمل مفرد ہین اور واو یا مرکب مزجی اور جیم دال صاد لام وغیرہ مرکبات غیر امتزاجیہ اور مطابقت مقیس و مقیس علیہ کی ہر سہ قسم کی تعداد الگ الگ کوئی ضروری نہین اسیقدر مطابقت تعدادی کافی ہے کہ مجموعہ مقیس کا شمار مجموعہ مقیس علیہ کے شمار کی برابر ہوجاے۔ واللہ تعالے اعلم بالصواب وعندہ علم الکتاب ٭

تمیز اعداد کے بیان مین

آمدم برسر مطلب ان کمیتونکے متصل جو متکلم ہے یعنی معدود حقیقۃً یا حکماً مذکور ہو وہ اُنکی تمیز کہلاتی ہے حقیقۃً عطف جیسے پنج مرد پانزدہ زن کیا معنی کہ عدد مبہم تھا معلوم نہین کہ پانچ اور پندرہ مرد ہین یا عورتین آدمی ہین یا جانور درخت ہین یا پتھر وغیرہ تو بیان تمیز سے وہ ابہام رفع ہوجاتا ہے اور حکماً عطف جیسے اگر کوئی پوچھے دران جا چند مرد بودند جواب مین فقط پنج کہدیا جاے بقرینہ سوالیہ حکم مین ذکر کے ہوگا۔ اور یہان اس امر کا لحاظ رکھنا چاہیئے کہ مخاطب کو جس درجہ کا ابہام ہو جواب مین اُسی درجہ کی تمیز بھی لانی چاہیئے یا اُس سے اخص اُس سے اعم کو تمیز ڈالنا بالکل باطل ہے کہ تحصیل حاصل لاطائل ہے جیسے کسی نے کسی جگہ پانچ آدمیون کو دیکھا لیکن نہین معلوم کہ وہ مرد ہین یا عورتین تو ایسے شخص کے جواب مین تمیز بھی اُسی درجہ کی بیان کرنی چاہیئے جیسے پنج مرد یہان پنج کس کہنا جائز نہوگا اسیطرح سے اگر اُسکو اتنا علم ہے کہ کوئی جاندار شے ہین لیکن آدمی ہین یا جانور تمیز نہین کرسکتا اُسکے جواب مین پنج کس کہسکتے ہین اور خاص چونکہ عام سے خالی نہین ہوتا اس سے

انص کو بھی جواب ذیل بیان کر سکتے ہین جیسے اُسی کے جواب مین بجاے پنج کس پنج مرد کہدیا جاے تو خاص مین جس درجہ کی زیادتی اختصاص عام پر ہے مخاطب کو اُسی درجہ کی غیر مترقبہ تمیز حاصل ہوگی اور یہ بھی ملحوظ رہنا چاہیئے کہ فارسی مین تمیز ان اعداد کی مفرد اور جمع ہر دو جائز ہے مفرد جیسی دو جہان چہار یار پنج گنج شش جہت ہفت پیکر ہشت بہشت نہ کرسی دوازدہ امام نظامی رح **شعر** رفتی ز سرای عرش والا ✽ ہفتاد ہزار پردہ بالا ✽ **ولہ** اے شش جہت از تو خیرہ مانده ✽ بر ہفت فلک براق رانده ✽ **ولہ** در خانۂ دین بہ پنج بنیاد ✽ بستی در صد ہزار بیداد ✽ **ولہ** یک عہد کن این دو بیوفا را ✽ یک دست بکن چہار پارا ✽ **ولہ** بنوشتہ بخط خوب خویشم ✽ دہ پانزدہ سطر نغز پیشم ✽ گلستان مین ہے۔ چنانکہ میدانم درین شہر دو صد زاہدست اور سند مجموع کی حسان عجم خاقانی شروانی علیہ الرحمہ کا شعر ہے **شعر** این بام نگر بچشم ابدال ✽ بازیچۂ صد ہزار اطفال ✽ **ولہ** اندر برش از سر فضائل ✽ ہر چار کتب شده حمائل ✽ **ولہ** در دعوت انس ہفت مردان ✽ برزادۂ پای کوه لبنان ✽ **ولہ** او شمس و حظیرہ مغرب پاک ✽ نہ حجرۂ خاک او نہ افلاک ✽۔ اور اُسکی تمیز اور عدد ہر دو کو بصیغۂ جمع لانا بھی جائز ہے مولوی معنوی کا شعر ہے **شعر** سالہا پرم زپرّ و بالہا سالہا چہ بود ہزاران سالہا ✽ اور تمیز کا اپنے اسمای اعداد سے مقدم ہونا بھی جائز ہے گلستان کے باب اول کی چوتھی حکایت مین ہے **نثر** سال دو برین برآمد طائفہ او باش محلت در و پیوستند ✽ فردوسی علیہ الرحمہ کا ہجو مین مشہور شعر ہے **شعر** بسے رنج بردم درین سال سی ✽ عجم زنده کردم بدین پارسی اے سی سال چنانچہ اسی کے بعد پھر فرماتے ہین **شعر** چو سی سال بردم بشہنامہ رنج ✽ کہ شاہم ببخشد بپاداش گنج ✽ اور جس طرح یک یا دو یا چار یا اسی طرحکے قلیل مقدار عددون سے قلت کے معنی حاصل کرتے ہین اُن سے کوئی تحدید و تعیین عدد مذکور مطلوب نہین ہوتی جیسے نظامی رح **شعر** چہ بندی دل خود بران ملک و مال ✽ کہ ہستش یکی رنج و پیشی وبال ✽ اے کمی آن رنج و زیادتی آن وبال ست اسیطرح صد و ہفتاد و ہفتصد و ہفتاد وغیرہ مطلق کثرت کے لیئے مستعمل ہوتے ہین بلا قصد تعیین عدد نظامی رح **شعر** سکندر بدو گفت یک تیغ تیز ✽ کند چرم صد گاو را ریز ریز ✽ اے چرم بسیار گاوان **ولہ** **شعر** جوابش چنان داد خاقان چین ✽ کہ اے در خور صد ہزار آفرین ✽ اے بسیار آفرین۔

اور اسیطرح اس مشہور الحاقیہ شعر مین **شعر** ہمچو سبزہ بارہا روئیده ام ✽ ہفصد و ہفتاد قالب دیده ام ✽ بعض مثبتین تناسخ نے اس شعر مین ہمپر حجت در بارہ تناسخ پیش کی ہے حالانکہ ہمارے اصول دین

تمیز اعداد کی افراد و جمع کا بیان

تمیز کا جمع لانا اسمای اعداد سے مقدم کرنا

مثنوی شریف کے مشہور الحاقیہ شعر [illegible]

مین جو قرآن مجید وسنت نبی حمید ہے صلے اللہ علیہ وسلم اسکا ابطال صاف ہے اب اگر کسی بزرگ کا
کلام بظاہر مخالف نظر آئے بتاویل شایستہ اصول دین پر منطبق کرنا انصاف ہے نہ اسکا عکس ابن ماجہ
مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّے اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَاتَ اَحَدُکُمْ
عُرِضَ عَلَیْہِ مَقْعَدُہٗ بِالْغَدَاۃِ وَالْعَشِیِّ اِنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ فَمِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ وَاِنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ النَّارِ فَمِنْ اَھْلِ النَّارِ
یُقَالُ ھٰذَا مَقْعَدُہٗ حَتّٰی تَبْعَثَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ خصوصاً حَتّٰی تَبْعَثَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اس اعتقاد کا مبطل ہے
تو ضرور قائل کو اس قول کے ان الفاظ مستعارہ سے ایسے معانی مادّلہ مقصود ہونگے جو ذرا بھی اپنے
اصول دین سے منحرف نہونگے کیا معنی کہ ہفصد وہفتاد سے محض کثرت مراد ہے اور کثرت قالب
و بدن سے ایماً ہے جانب تجدد امثال جسکے صوفیاے کرام قائل ہین یا اشارہ اس امر کا ہے کہ عالم
جمادات و عالم نباتات کے سیکڑون مرحلے طے کرتے نطفہ بنکر پشت آبا مین آئے پھر شکم امہات مین
اور یہان بھی بحکم ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَۃَ عَلَقَۃً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَۃَ مُضْغَۃً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَۃَ عِظَامًا
فَکَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا اتنے رنگ دیکھے یا اُس جوگی کے قصہ کی جانب رمز ہے کہ کسی پر عاشق ہوکر
رضاے معشوق کی خاطر کتنے بھیس مین اپنے آپ کو ظاہر کیا اور اگر یہ تاویل نہ کیجاے بلکہ قالب
سے یہی کالبد بدن لیا جاے پھر بھی تناسخ اس شعر مین نہین ثابت ہوتا کیا معنی کہ جب تغییر قالب مین
تاویل جائز نہین رکھی گئی تو ہفصد وہفتاد مین بھی تاویل کرنی نہین چاہیے بلکہ وہی عدد معین محدود
مقصود ہوگا اور یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ بحسب اصول قائلین تناسخ ہر ایک روح انادی ہے بوجہ اپنی
ازلیت وقدامت ذاتیہ کے خداے عزوجل کی مخلوق ہونے سے اُسکو آزادی ہے تو یہ بات کیسی ظاہر البطلان
ہے کہ وہ اس ہفصد وہفتاد کی تنگ قید مین پابجولان ہے کسواسطے کہ جو شے ازلی وقدیم ہوگی ہفصد
وہفتاد مین کسطرح محدود ومحصور ہوگی بلکہ ہر عدد خاص کے دائرہ تحدید وحصر سے غیر متناہی مقدار ودور
ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ واضح رہے کہ اسماے اعداد دو قسم پر ہین یک سے تا دہ اور کل عقود
صد تک اور صد اور ہزار اخیر تک باعتبار ہر دو سلسلۂ مذکورۂ فرسنداجیان چھبیس یا انتیس اسم مفرد ہین
باقی مرکب۔ اور مرکب کی دو قسم ہین یازدہ سے بست تک مرکب امتزاجی کہلاتے ہین کسواسطے کہ انکے
اجزا مین ایسا اختلاط پیدا ہوگیا ہے کہ ظاہر بینون کو تمیز بین ہو نہین سکتی۔ اور باقی مرکب غیر امتزاجی
ایک تو وہ کہ بواسطہ حرف عطف ترکیب پاے جیسے بست ویک سی ودو وغیرہ اسکا ترکیب عطفی یا جمعی

نام ہے۔ دوسرے یہ کہ بدون واسطہ عاطفہ مرکب ہو جیسے سہ صد و صد ہزار و سہ صد ہزار
اس قسم کا ترکیب تعدادی یا ضربی نام ہے۔ لیکن ترکیب تعدادی ضربی سے عام مطلق ہے کسواسطے
کہ ترکیب ضربی فقط اعداد کی باہم تمیز ممیز واقع ہونے کی صورت مین ہوتی ہے جیسے امثلۂ مذکورہ سے
ہویدا ہے اور ترکیب تعدادی اُنکے ماورا بھی صورت پذیر ہے جیسے پنج مرد ہزار اسپ یہان ترکیب تعدادی
ہے ضربی نہین سہ صد مین ضربی و تعدادی ہردو متحقق ہین اور واضح رہے کہ عربی مین فقط ایک حرف عطف
کے فاصلے نہونے سے اسمائی اعداد کی امتزاجیہ ترکیب بنجاتی ہے لیکن عجمیون نے امتزاج مین اسی پر
کفایت نہین کی کہین درمیان دونون جزون کے فقط ایک دعامہ جسکو پرکن کہنا چاہیئے الف وزا
کو بڑہا دیا جیسے دوازدہ کہین حرف اصلی کو اُس مین سے گرا دیا جیسے ہفدہ کہین ان دونون تصرفون کو
جمع کردیا جیسے یازدہ کہین ان دونون قاعدون مین سے کسی ایک کے ساتھ حرف اصلی کی تبدیل
بھی اول یعنی تبدیل مع زیادتی دعامہ جیسے نوازدہ ثانی یعنی تبدیل مع حذف جیسے ہژدہ کہ ہشدہ
اسکی اصل ہے بعد حذف تا شین کو زاے فارسی سے بدلدیا اور ابدال ژا کا شین معجمہ سے رائج
ہے جیسے دش دژ بالضم بمعنی زشت کہین صرف حروف دعامہ مین تعلیل کرتے ہین جیسے سیزدہ
کے الف کو بجہت کسرہ ماقبل یا سے بدلدیتے ہین اور ہاے مختفی فقط اظہار حرکت اور اتمام کلمہ کے
لیئے ہوتی ہے اسکا لحاظ نہین کرتے مثلاً کہ وچہ پر ہست لگائیے تو الف کو بوجہ کسرۂ ماقبل یا سے بدلکر
کیست وچیست کہیئے گا کہین تصرف دعامہ کے ساتھ قاعدہ حذف کو بھی شامل کرلیتے ہین جیسے
پانزدہ شانزدہ اول سے نون اور جیم کو اور ثانی سے فقط شین کو حذف کرکے دعامہ کے بیچ مین ایک
نون زیادہ کردیا اور یہ نون اکثر زیادتیون مین مستعمل ہے جیسے زندمین جو مضارع ہے زدن کا بعض
محققین کی راے مین خوابنیدہ کا نون بھی اسی قسم کا ہے نظامی رح **شعر** درین رہ چون خوابنیدہ
بسے ست ٭ نیارد کسے یاد کاینجا کسے ست ٭ اسکی تحقیق بسط کے ساتھ بیان مصدر مین کیجائیگی
انشاء اللہ تعالیٰ کہین عرب کے قدم بقدم چلتے ہین جیسے چہاردہ اور یہ اسمای اعداد خواہی مفرد ہون
خواہی مرکب ان پر میم ماقبل مضموم کا زیادہ کرنا تعیین محل پیدا کرتا ہے اور اُس مین معنی فاعلیت پیدا
ہوجاتے ہین جیسے یکم دوم سوم چہارم وچہاردہم وبست وچہارم یعنی چیزیکہ قائم ست باد وحدت
واثنینیت وثلثیت وغیرہ لیکن بوجہ ثقالت توالی ضمات دُوُم کی میم فتح ماقبل کے ساتھ اکثر مستعمل ہے جیسے

غالب دہلوی کا شعر ہے شعر باجملہ دگر باخودم از خویش حدیثے ست + کز صدق وصفا مایہ دہد صبح
دُدَم را + مولوی معنوی قدس سرہ فرماتے ہین ۲۲۵ شعر او گمان بردہ کہ این دم خفتہ ام + بے خبر
زان کوست در خواب دُدَم + کبھی ماقبل مضموم بھی آتا ہے ۔ شیخ آذری اسفراینی شعر اے خطت
اول شب رازدہ بر صبح دُدُم + ابروت چشم سیہ کردہ بخون مردم + مولوی معنوی رح ۲۸۶ شعر زیر آن ہاطن
یکے بطن سُوُم + کہ در و گردد خردہا جملہ گم + کبھی اس ہیم کو حذف بھی کر دیتے ہین ملا منیر بخاری کا شعر ہے
شعر چون در ششِ محرم زاد آن شہ مکرم + تاریخ مولدش ہم آمد ششِ محرم + اے در ششم محرم ۔

جاننا چاہیئے کہ دو اور سہ مین واو اور ہا فقط اتمام حرکت و استقلالیت کلمہ کے لیئے لائی گئی ہے اصل ان دونون حرفون کی ان لفظون مین عدول و اختفا ہے مثل واو و ہاے چو و چہ کے جیسے ظاہر ہے اسیواسطے وقت لحوق کلمۂ آخر دوگونہ وسگانہ چگونہ کی طرح کہتے ہین مگر بعض وقت بضرورت ہر دو حرفون کو ظاہر و ثابت بھی کر دیتے ہین نظامی رح کا شعر ہے شعر دو پیلان خرطوم در ہم کشان + زہر دو یکے برد خواہد نشان + فردوسی رح شعر نگوید کسے جز بہ بدنام من + نباشد بہر دو سرا کام من + ولہ نشینیم ہر دو پیادہ بہم + نے تازہ داریم روے دژم + ۹۵ داستان تخت نشینی بہرام مین کہتے ہین شعر مے لعل پیش آور اے روزبہ + چو شد سال گوینده بر شصت و سہ + الحمد للہ رب العلمین نکرہ کا بیان یہان ختم ہوگیا سر دست جو تحقیق اس بحث کے متعلق سمجھ مین آئی لکھدی اب معرفہ کا بیان شروع ہوتا ہے

هو الملهم بالصواب

المعرفہ

معرفہ ایک معین چیز کا نام ہے یہ منقسم ہے علم اشارہ ضمیر اسماے موصولہ اور جو انکی جانب مضاف ہو اور منادا پر ۔

اول علم یہ کسی شخص یا جگہ یا چیز کی پہچان کے لیئے علامت ہے جیسے زید دہلی رخش اور اسامی کتب کو بعض نے اعلام اجناس مانا ہے ۔ بعض دور اندیشون کے نزدیک اسامی اجناس ہین یہی قول محقق ہے خصوصاً زبان فارسی مین کہ یہان کوئی ضرورت لفظیہ داعی اس امر کی نہین کیا معنی کہ اعراب و بنا مختص بزبان عربی ہین تو ثبوت عدم انصراف اُسامہ کے لیئے خواہ مخواہ کی علمیت کی جانب بہ ضرورت لفظیہ داعی ہوئی واللہ تعالی اعلم بالصواب واضح رہے کہ اعلام کی

معرفہ کی تعریف اور اسکے اقسام

علم کا بیان

تنکیر سے اُنکے اوصاف مشہورہ کا افادہ ہوتا ہے جیسے شعر قرنہا باید کہ تا از فضل حق پیدا شود؀
بایزیدے در خراسان یا اویسے در قرن ؀

دوسرا اسم اشارہ یہ حقیقت مین آنکھون کے سامنے نظر آتی ہوئی شے کو دور یا نزدیک سے دکھلا دینے کا نام ہے اور یہ محسوسیت اعم ہے اس سے کہ بالذات ہو یا بالعرض پھر یہ ہر دو اعم ہین اس سے کہ بلاواسطہ ہو یا بالواسطہ۔ محسوس بالذات بلاواسطہ سے ہماری یہ مراد ہے کہ جب شے سامنے بصر کے ہو پھر اُسکی محسوسیت مین کوئی حالت منتظرہ باقی نرہی جیسے آفتاب کی دہوپ چراغ کی لَو اور محسوس بالذات بالواسطہ کو فقط سامنے بصر کے ہونا کفایت نکرے کسی اور واسطہ کی بھی ضرورت ہو جیسے الوان کہ مع سامنے بصر کے ہونے کے بوسیلۂ روشنی دیکھے جاتے ہین پس اس سے معلوم ہوگیا کہ ایسی شے جسکی محسوسیت مین اصلا واسطہ نہو نظر نہین آتی کیا معنی کہ محسوسیت ایک امر ممکن ہے اور ممکن کے لیئے کوئی علت چاہیئے قال بحر قمقام العلوم العقلیۃ والنقلیۃ لفلك الکمال الشمس المنجلی مولانا عبد العلی قدس سرہ فی بعض حواشیہ فی اعتبارہ القسم الاول من المحسوس بالذات (اے مالا یکون فیہ الواسطۃ اصلا) نظر فان المحسوسیۃ امر ممکن فلابد لثبوتہ لشئی من علۃ وھی الواسطۃ فی الثبوت فلا معنی لنفی الواسطۃ فی الثبوت کسواسطے کہ ضوء ہے مثلا جسکو سب محسوس بالذات بمعنی لاواسطہ فی محسوسیتہ اصلا مانتے ہین سو وہ بھی جب تک مشیر کی آنکھون کے سامنے نہو معہذا حس بصر مشیر یعنے بینائی اُسکی بھی جب تک صحیح نہو وہ ضوء جسکو محسوس بالذات جانتے ہین ہرگز محسوس نہوگی پس اس سے معلوم ہوگیا کہ کسی شے کا محسوس بلاواسطہ ہونا ناممکن ہے۔ اور محسوس بالعرض وہ ہے کہ اُن پر حس بصر بالکل واقع نہین ہوتی چونکہ وہ خارج مین بالاستقلال بغیر کسیکے ضمن مین ہونے کے موجود ہے اور اُسکو محسوس بالذات کے ساتھ علاقہ قویہ اور تلبس خاص ہے اسیوجہ سے اہل عرف اسکو محسوس بالذات جانتے ہین جیسے اجسام کہ بواسطۂ الوان مُبصَر ہوتے ہین اشارہ ایسی شے کی جانب بھی حقیقی ہوتا ہے۔ اگر غور کیجیے تو انوار و اضوا کا بھی مطلقاً محسوس بالذات ہونا سمجھ مین نہین آتا بلکہ اضوا و غیر اضوا مین بدولت اضوا کے الوان ہی مبصر ہوتے ہین جیسے دہوپ کے وقت محض جوّ مین بغیر نظر ڈالنے در و دیوار آسمان و زمین کے ہمکو کوئی شے نہین

دکھائی دیتی ایک خلا ہی خلا معلوم ہوتا ہے اور جو نظر آتا ہے وہ یہی درود یوار عالم بخار کی رنگت
ہے۔ مثلاً اسی زمین کا دن کی دھوپ مین زرد زرد اور شب کی چاندنی مین سفید سفید دکھائی دینا
خصوصیت ان ستارون کے انوار کی ہے۔ قمر کی زمردی آفتاب کی زردی مریخ کی سرخی عطارد کی
کبودی زحل کی سیاہی بھی اُسی خصوصیت اجرام پر دال ہے جیسے کسی نے کہا ہے **قطعہ** زحل
سیاہ بود صندلی بود برجیس ٭ برنگ لعل بود سرخ گونہ بہرام ٭ چو آفتاب بود زرد و زہرہ ہست سپید ٭
کبود رنگ عطارد قمر زمرد خام ٭ پس معلوم ہوا کہ یہ انوار خارجی انوار داخلی یعنی ابصار کی طرح ابصار مین
سفیر محض ہین۔ جاننا چاہیے کہ اشارہ حسیہ امتداد مطلق موہوم کا نام ہے جو مشیر سے نکلکر مشار الیہ
تک پہونچے تخصیص اس امتداد کی خطی وسطحی وجسمی کے ساتھ باعتبار حالات مشیر ومشار الیہ ہے جیسے
اگر جانب مشیر نقطہ مانا جاے اور مشار الیہ بھی نقطہ ہی ہو تو نقطۂ مشیر حرکت اشاری سے امتداد خطی
حاصل کرتا ہوا نقطۂ مشار الیہ پر منطبق ہو جائیگا اور اگر مشار الیہ خط ہے اور خط بھی جانب غیر ممتد تو نقطۂ
مشیر بوجہ تقابل خطی کشایش تدریجی طولی سے خط بنکر اپنی حرکت سے امتداد سطحی حاصل کرتا خط مشار الیہ
کی جانب غیر ممتد منطبق ہوکر شکل مثلث کی پیدا کرے گا جسکا راس نقطۂ مشیر اور قاعدہ خط مشار الیہ
جانب غیر ممتد ہوگا اگر غیر ممتد جانب نہ لیجاوے بلکہ خط کی جانب ممتد مشار الیہ ہو تو وہی صورت
ہوگی جو نقطہ سے نقطہ کی جانب اشارہ کرنے سے ہوئی تھی لیکن فرق اتنا رہیگا کہ امتداد خطی اس
اشار کیطرف خط مشار الیہ مین نفوذ کرتی ہوئی دوسری طرف اُسی خط مشار الیہ کے پہونچے گی چونکہ
نقطہ بُعد اور امتداد کسی جہت مین نہین رکھتا فقط انطباق پر ختم ہو جاتا ہے اور اگر مشار الیہ سطح جانب
غیر ممتد ہے تو نقطۂ مشیر دونون عرضی وطولی کشایش تدریجی سے سطح اور حرکت اشاری سے جسم
بنتا جانب غیر ممتد سطح مشار الیہ پر منطبق ہوکر شکل مخروطی حاصل کریگا جسکا راس نقطہ مشیر قاعدہ
جانب غیر ممتد سطح مشار الیہ اور اگر سطح کی جانب ممتد مشار الیہ بنائی جاے تو بعینہ جانب ممتد خط کے
مشار الیہ کی شکل پیدا ہوگی کسواسطے کہ سطح اپنی جانب ممتد مین سواے ایک بُعد کے نہین رکھتا
البتہ فرق اسقدر ہوگا کہ خط مین بعد ثانی یعنی امتداد عرضی نہین ہے تو فقط انطباق پر اشارہ ختم ہو جائیگا
یہان سطح مین بوجہ موجودگی امتداد عرضی سطح کی دوسری جانب تک نفوذ کریگا اور اگر مشار الیہ جسم ہے
تو بھی ظاہر شکل اس امتداد کی ایسی ہی ہوگی جیسی جانب غیر ممتد سطح کو مشار الیہ بنانے سے ہوتی ہی

زمین وغیرہ کا دن مین زرد اور شب مین سفید نظر آنا بوجہ خصوصیت اجرام ستارگان ہے

اشارہ کے حالات

لیکن فرق یہی ہوگا کہ سطح چونکہ بعد ثالث یعنی استداد عمقی نہین رکھتا ہے فقط انطباق جانب غیر ممتد سطح سے اشارہ ختم ہوجائیگا اور جسم چونکہ ابعاد ثلثہ کو محتوی ہے اشارہ اس جسم مشار الیہ کے جزو جزو مین نفوذ کر جائیگا غرض فقط مشار الیہ کے اختلاف حالات پر نظر کرنے سے یہ چھ احتمال پیدا ہوتے ہین اگر یہی اختلافات ستہ جانب مشیر بھی لحاظ کیے جائین تو چھ چھکے (۶×۶=۳۶) چھتیس صورتین پیدا ہونگی۔

یہ بھی واضح رہے کہ یہان حس سے مخصوص حس بصر مراد ہے یعنی جس شئے کی جانب اشارہ کیا جاتا ہے اُسکو چشم بینا کا دیکھنا ممکن ہو پس اب اگر اندھا کسی کی جانب فقط اُسکی آواز کے پتہ پر اشارہ کرے اشارہ حسیہ یہی کہلائیگا اور یہ بھی جاننا چاہیئے کہ جس طرح حرکت اشاری سے امتداد پیدا ہوکر مشار الیہ محسوس پر منطبق ہوتا ہے یہی حال بعینہ امتداد نظری کا ہے کہ ساتھ ہی ساتھ بلکہ ایک قدم آگے آگے اشارے سے چلکر منظور و مبصر پر منطبق ہوجاتا ہے لیکن نظر بجز شفاف جسمونکے نفوذ نہین کرتی اشارہ سب جسمون مین نفوذ کرتا ہے اور مدارج محسوسیت کے مدارج انطباق کے موافق ہونگے یعنی منظور کے جتنے حصہ پر اشعۂ نظر کا انطباق ہوگا اُسیقدر محسوس ہوگا اسیوجہ سے اجسام کثیفہ کا سطح ظاہر اُسمین بھی جسقدر سامنے نگاہ کے ہو محسوس ہوتا ہے اندرونی اجزا اور پیچھے کی جانب محسوس نہین ہوتی کسواسطے کہ انطباق حقیقی بالذات بلا واسطہ نور نظر کو اُن اجزا کے ساتھ نہین ہے۔

اور رہی یہ بات کہ ایک ہی مقدار اور ایک ہی طرح کی انطباق والی دو شئے کا نزدیک سے بڑی اور دور سے چھوٹی نظر آنا زاویۂ نظر کے بڑے چھوٹے ہونے کی وجہ سے ہے چنانچہ مشاہد ہے مثلاً ایک مقدار کے دو خط ب ح اور د س کو ایک نقطہ ہ سے نزدیک و دور مختلف مسافت پر محاذات مین متوازی کھڑا کرکے ہر ایک خط کے ساتھ دو خط ہ ب اور ہ ح اور ہ د اور ہ س ایسے ملادین کہ جس سے دو مثلث متساوی الساقین پیدا ہوجائین اور دونون خط متوازی متساوی المقدار اُنکے قاعدہ بنجائین تو مثلث ہ ب ج جسکا قاعدہ خط بعید واقع ہے مثلث ہ د س کے جسکا قاعدہ خط قریب ہی اندر آجائیگا تو زاویہ راس مثلث ہ ب ج بنسبت زاویہ راس مثلث ہ د س چھوٹا ہوگا۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

ھکذا

زیادہ حس مین جس بنے ... معنی پر ...

زیر ... بیان

ایک ہی چیز نزدیک بڑی اور دور سے چھوٹی کیون نظر آتی ہے

اور موجود فے الذہن پر اشارہ کرنا جسکو اشارہ عقلیہ کہتے ہین جیسے مجردات کی جانب اشارہ کرنا مجازا ہوا کرتا ہے غرض اگر مشار الیہ قریب ہو بوسیلہ لفظ این اگر بعید ہے بذریعہ لفظ آن کے اشارہ کیا جاتا ہے۔ فردوسی رح کا شعر ہے ص۱۹۴ شعر یکے را بر آری و شاہی دہی ٭ یکے را بدریا بماہی دہی ٭ نہ با آنت مہر و نہ با اینت کین ٭ کہ بہ دان توئی اے جہان آفرین ٭ بعض اساتذہ سے مسموع ہے کہ این وآن مین کوئی فرق نہین ایک کو دوسرے کی جگہ جہان چاہین استعمال کرسکتے ہین جیسے شعر آن نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من ٭ وین منم کاندر میان خاک وخون بینی سرے ٭ یعنی اگر این نہ من باشم الخ وآن منم کاندر میان الخ کہدیا جاے باعتبار معنی کوئی خرابی نہین انتہی حق یہ ہے کہ نکات معنوی اس راے پر معطل ہوئے جاتے ہین کسواسطے کہ یہان اسماے اشارہ مین بعد وقرب کا لحاظ نکیا جاے تو اس بلبل گلستان فصاحت کا چہچہہ بلاغت سے خالی رہجاتا ہے کیونکہ یہان آن نے بتلادیا کہ روز جنگ پشت دکھلانی جو ایک صفت مذمومہ ہے مجھ سے بہت بعید ہے اور این نے جتلادیا کہ خاک وخون مین ملنا میدان سے نہ ٹلنا مجھ سے قریب ہے کہ یہ نعت حمید ہے ثانی تفرقہ کے لیئے یون کہدینا مفید نہو گا کہ شعر مستشہد بہ مین آن کو بجاے این اور این کو بجاے آن رکھدین اور ان سے بعد تعظیمی وقرب تحقیری جنپر اہل معانی کے نصوص دال ہین مراد رکھی جاے وہی خوبی وصف ثانی واسارت اول حاصل ہوگی کیا معنی کہ یہ بھی بر تقدیر لحاظ قرب وبعد اسمای اشارہ ہے نافی اسکا منکر ہے پھر یہ قول نافی کے مفید ہونا محض وہم ہی جاننا چاہیئے کہ یہان قرب وبُعد امتداد فاصل بین المشیر والمشار الیہ کی کمی زیادتی کا نام ہے اور یہ کمی وزیادتی امور اضافیہ مین سے ہے انشاءاللہ تعالےٰ اسکا حال ضمن مین بیان اتم کے بیان ہوگا اور اسکی کوئی حد معین نہین جس سے ہم حکم لگادین کہ یہان تک اشارہ قریب ہے یہان سے بعید بعض وقت باوجود کمی امتداد وقرب فاصل عدم ظہور کی وجہ سے اشارہ بعید کیا جاتا ہے بعض وقت باوجود غایت بعد کمال ظہور کی وجہ سے آلۂ اشارۂ قریب پر حرف تصغیر بڑہا کر جو براے اشعار صغر فاصل ہے اینک کہدیتے ہین سعدی رح شعر اگر شہ روز را گوید شب ست این ٭ بباید گفت اینک ماہ و پروین ٭ یعنی کہنا چاہیئے کہ یہ لو چاند اور تارے کیا معنی کہ چاند اور تارے ایسے کھل رہے ہین کہ کوئی شے انکے دیکھنے مین حائل نہین ایسے قریب ہین کہ ہتیلی پر دھرے ہین۔ اور نیز یہ قرب وبعد امتداد مکانی وامتداد زمانی دونون مین ہوتا ہے مثلا ہمارے سامنے کچھہ نزدیک و دور فاصلے

اسم اشارہ قریب اور اسم اشارہ بعید کا بیان

اسم اشارہ قریب مصغر

قرب وبعد کے معنی

سے دو کتابین الگ الگ رکھی ہوئی ہون ہمکو نزدیک کی کتاب منگوانی منظور ہے لانے والے نے دور کی کتاب اٹھائی تو کتاب کی جانب اشارہ کرکے کہینگے آنرا بگزار این را بیار یہ مثال قرب و بعد امتداد مکانی کی ہے اسیطرح ہم واقعہ حضرت یوسف علیہ السلام و حادثہ جناب سید الشہداء رضی اللہ تعالی عنہ کی نسبت باہمی بیان کرین تو این حادثہ ازان واقعہ ازبس عظیم ست کہین گے یہ امتداد زمانی کی مثال ہے اس عمومیت مین اینک مصغرہ بھی شریک ہے لیکن حرف تصغیر کے الحاق نے اسکو ذکر مشار الیہ سے بے نیاز کر دیا گویا بجاے مشار الیہ یہی کاف تصغیر ہے بس اتنی بات مین یہ مصغرہ اپنی اصل سے ممتاز ہے مثال قرب مکانی کی جیسے وہی اینک ماہ و پروین مثال قرب زمانی کی۔ عرفی کہتے ہین **شعر**
اینک بزبان رساندم از دل ✤ تا داغ کنم دلِ سمارا ✤ اسکا مخفف نِک بھی مستعمل ہے مولانا ے روم

اسمای اشارہ اور ضمیر کا باہمی امتیاز

ہدہد کی سلیمان علیہ السلام کو جواب دینے کے داستان مین فرماتے ہین **شعر** گر بہ بطلانست دعوے کردنم ✤ نک نہادم سر ببُر از گردنم ✤۔ یاد رہے کہ اسماے اشارہ اپنے مشار الیہ کے ساتھ جمع ہوجایا کرتے ہین بخلاف ضمائر کہ وہ اپنے مرجعون کے ساتھ نہین جمع ہوتے جیسے آن مرد و این زن کہسکتے ہین او مرد نہین کہتے ہان تقدم ضمائر اپنے مرجعون پر خصوصاً فارسی مین مطلقاً جائز ہے سعدی رح کا شعر ہے **شعر** نہ عجب گر فرو رود نفسش ✤ عندلیبے غراب ہم قفسش ✤ اور تعاکس مصرعین مردی نہیز عرفی کا شعر ہے **شعر** شمائل تو نوید بنورسان چمن ✤ زبان کلکش ازان گشت گلفشان نرگس ✤

اسمای اشارہ اور مشار الیہ پر اداۃ جمع لانے کا طریقہ اور اسکی وجہ

اسماے اشارہ جب اپنے مشار الیہ کے ساتھ ہوتے ہین تو علامت جمع ان اسماء پر نہین آتی مشار الیہ پر لاحق ہوتی ہے جیسے آن کسان و این کتابہا اسواسطے کہ جب اشارہ اور مشار الیہ ایک جگہ جمع پڑتے ہین بسبب اتحاد کے بمنزلہ شئے واحد کے بنجاتے ہین اگر یہ اسماے اشارہ بغیر مشار الیہ کے تنہا ہون علامت جمع انہین پر لائی جائیگی جیسے آنان و اینان اکثر ذوی العقول کے لیے آنہا و اینہا اکثر غیر ذوی العقول کے لیے **شعر** شراب لعل کش و روے مہ جبینان بین ✤ خلاف مذہب آنان جمالِ اینان بین ✤۔ اشارہ اور مشار الیہ کی ترکیب کو اتصافی کہنا عموماً میری پسند نہین کسواسطے کہ

اسماے اشارہ اور مشار الیہ کی ترکیب نحوی

صفت ذات کی عوارضات سے ہوتی ہے جیسے اسکی کوئی کیفیت یا خاصیت وغیرہ اور تراکیب فارسیہ مین خصوصاً کیونکہ اس مین ایک فکِ علامتِ اتصاف کی قباحت اور بڑھکر ہے بس یہی بہتر ہے کہ اس ترکیب کو بدل مبدل منہ کہا جاوے یا تمیز ممیز کسواسطے کہ اسماے اشارہ مبہمات

لفظ اِم کی تحقیق

دی و پار و پریر اور اِم کا باہم امتیاز

سے ہین واللہ تعالےٰ اعلم۔ نکات فارسی کے دانا بہار فرزانہ فرماتے ہین کہ اِم بالکسلر اشارہ قریب کے
لیئے موضوع ہے اسکا استعمال ماسوا ازمنۂ ثلثہ روز وشب وسال کے غیر مسموع میری سمجھ مین یہ بات نہین
آتی کسی طرح دل کو نہین بھاتی ہان یہ بات سمجھتا ہون کہ یہ مستقل ظرف ہی دی و پار و پریر کیطرح جیسے
اُردو مین آج اور کل اور اب اور پرسون ۔ لیکن فرق اتنا ہے کہ دی پار پریر جائز الاتصال ہین اور لفظ
اِم ازمنۂ ثلثہ سے ممتنع الانفصال اسیوجہ سے ضمائر متصلہ کیطرح تحقق مین غیر مستقل سمجھا جاتا ہے مولوی
معنوی قدس سرہ **شعر** اے زنان با طفلکان میدان روید ✦ تا زبخششہاے شہ شادان شوید ✦
آنچنانکہ پار مردان را رسید ✦ خلعت و ہر کس ازیشان زر کشید ✦ **ولہ** رح **شعر** بر دشاعر شعر سوی شہریار ✦
بر امید بخشش واحسان پار ✦ ولہ رح **شعر** جنگ میکردند حمالان پریر ✦ تو مکش تا من کشم حملش چو شیر ✦
شاید کسیکو اپنے اُردو ترجمہ سے یہ شبہ پڑے کہ امروز وامسال وامشب کو اس روز اس سال اس رات
بھی کہتے ہین حالانکہ اُردو مین جیسے اس سال کہتے ہین ویسے ہی اُس سال بھی کہتے ہین ورنہ ترجمہ
اُنکا آج کا دن آج کی رات اب کا برس ہے ۔ پس آج اور اب مستقلہ ظروف ہین نہ اسم اشارہ
دوسری خرابی یہ ہے کہ اشارات مین قرب وبعد اضافی ہوتا ہے نہ کہ این ابھی کے زمانہ کو آن سب سے
اخیر کے زمانہ کو کہین بلکہ ہم حضرت آدم علے نبینا وعلیہ السلام کے زمانہ کو آن کے ساتھ اشارہ کرین
پھر حضرت نوح علے نبینا وعلیہ السلام کے زمانہ کو بنسبت اُس زمانہ کے قریب جانکر این کے ساتھ
اشارہ کر سکتے ہین یہ بات اِم مین متصور نہین خاص ایک معین وقت پر بولا جاتا ہے جیسے ظاہر
ہے غرض مین ۔ نے بہ نیت تشحیذ اذہان مبتدیان مقتضاے قیاس کو ذکر کر دیا کہ اِم کا ان وجوہات
سے اسم اشارۂ قریب ہونا سمجھ مین نہین آتا لیکن چونکہ قائل اس قول کا ایک بڑا وسیع النظر

ایمہ بجاے این مستعمل ہوا ہے

فاضل ہے اسکی تصحیح قول مین ایک تاویل کرتا ہون وہ یہ ہے کہ بعض اساتذۂ قدیم کے کلام مین لفظ
ایمہ بجاے این یعنی اسم اشارۂ قریب کی جگہ بولا گیا ہے ۔ خاقانی شروانی فرماتے ہین **شعر** پس مگو
کایمہ ہمہ آدمی اند ✦ آدمی نیست شیطان شیم ست ✦ یعنی پس مگو این ہمہ آدمی ہستند الخ ولہ **شعر** ایمہ مگو
کہ آسمان اہل برون نمی دہد ✦ اہل چونامد از عدم چیست گناہ آسمان ✦ یعنی این مگو کہ آسمان لائق وشایستہ

کسان بیرون نمی آرد اے پیدا نمی کند الخ پس اس لفظ مین جہان تک خیال کیا جاتا ہے یہ سمجھ مین آتا
ہے کہ یہ لفظ مبدل ومزید علیہ لفظ این کا ہے یعنی بقاعدہ تبدیل میم بانون این سی ایم بنا اور اُسپر

ہائے مختفی کی زیادتی سے اُیئہ کہنے لگے جیسے کام سے کامہ وغیرہ لیکن متاخرین نے دیکھا کہ یہ مبدل بمعنی ایمۂ خلاف اصل ہے جہانتک ہوسکے اس مین تخفیف کرنی چاہیئے تو جیسے متقدمین نے اس مبدل کے مزید علیہ کو اپنے کلام مین استعمال کیا انہون نے اُسی مبدل کے مخفف کو یعنی تخفیف حرف علت کے ساتھ جو بجاے دعامہ زائدہ واقع ہے حذف کرکے اِم کو اپنے کلام مین برتا غرض اس مبدل کی دونون طرفین رواج پاگئین مگر حالت وسطی یعنی اُیم تحتانی کے ساتھ متروک فریقین رہی اور نیز لفظ مین چونکہ تخفیف کیگئی تھی معنی مین یہ تخفیف کی کہ استعمال لفظ ام کو ازمنۂ ثلثہ روز و شب و سال کے ساتھ مقصر رکھا اور حضرت بیدل رحمہ اللہ نے شام وصبح پر بھی استعمال فرمایا ہے بعض وقت امشب کا اطلاق شب گزشتہ پر بھی آتا ہے کس لیئے کہ شب گزشتہ آتے چکے دن کی (جس مین اُسکی حکایت کرتا ہے) تابع ہوتی ہے نظیری کا شعر ہے **شعر** تا روز مکیدم سر انگشت حلاوت ✤ زان قند کہ امشب زشکر خند شکستم ✤ امیر خسرو رح **شعر** تو شبانہ می نمائی بہ بر کہ بودی امشب ✤ کہ ہنوز چشم مستت اثر خمار دارد ✤ جس طرح شب بقرینۂ مقالیہ بمعنی دی شب آتا ہے۔ نظیری کا شعر ہے **شعر** آنکہ شب دادتو بہ ام زشراب ✤ امشبم باز دیدست و خراب ✤ اے آنکہ دی الخ۔ بعض وقت مجازاً امروز کو بمعنی زمانۂ حال مستعمل کرتے ہین شاپور کا شعر ہے **شعر** ہوا خوش ست چو طاؤس گلستان مست ست ✤ جہان ازوست کہ امروز در جہان مست ست ✤ عرفی **شعر** دیوانگی محبت تو ✤ کامروز مسلم ست مارا ✤ چنانچہ فقط روز بمعنی مطلق زمانہ و وقت بولا جاتا ہے صائب **شعر** شبے کہ جلوہ کندمے بجام ما صائب ✤ سیاہ روز نگردد چراغ ہستی ما ✤ سیاہ روز مین اگر روز بمعنی مطلق وقت نہ لیا جاے بلکہ روز کو اپنے حقیقی معنون مین رکھین پھر چراغ کے ساتھ اور وہ بھی شب مین کیا مناسبت ہوگی۔ اسیطرح آبروے متاخرین شیخ علی حزین کا شعر ہے **شعر** روزیکہ حجت از خلق خواہند در قیامت ✤ روے توحجت ماست اے قبلہ گاہ حاجت ✤ ورنہ قیامت کا تو ایک ہی دن ہے پھر روزیکہ کہنا کیونکر درست ہوتا۔ اسی طرح نظامی رح فرماتے ہین **شعر** بروز جوانی و نوزادگی ✤ زدوم لاف پیری و افتادگی ✤ فردوسی رح حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ مین فرماتے ہین **شعر** ہمہ مردم مصر پیر و جوان ✤ ہمہ شان بدل در ہمین زگمان ✤ کہ اے کاش این بندہ بخریدمے ✤ شب و روز ہر روز مے دیدمے ✤ اسے ہر وقت دیدمے۔ واللہ تعالیٰ شانہ اعلم بالصواب ✤۔

تیسرا ضمیر اور وہ ایک اسم ہے جو بحسب وضع متکلم یا مخاطب یا غائب پر دلالت کرتا ہے اور نیز ایک اختصا

شب کا اطلاق بمعنی شب گزشتہ

امشب بمعنی دی شب یعنی پارینہ

روز بمعنی مطلق وقت و زمانہ

تعریف ضمیر اور ضمیر کی قسمیں

کے ساتھ بطور راز اور بھید کے اپنے مرجع کو بتلاتا ہے بسبب اسی اختصار تکرار بیان کے وقت بجای
اُس مرجع ماتقدم کے اسکو لاتے ہین جیسے نظامی رح **شعر** شہ از کار دار او بپیکار او ❊ سخن راند و بیچید
در کار او ❊ بعض وقت یہانتک اختصار مدنظر ہوتا ہے کہ اس ضمیر کو عبارت سے حذف بھی کر دیتے ہین
فقط اُسکے معنوی مراد ہونے پر کفایت کرتے ہین اور یہ عمل ضمائر مرفوع و منصوب و مجرور سب مین جاری
ہے اول جیسے سعدی رح فرماتے ہین **شعر** گفتم کہ گلے بچینم از باغ ❊ گل دیدم و مست شد بوی ❊
اے مست شدم۔ ثانی یعنی حذف ضمیر منصوب مولوی معنوی قدہ **شعر** وان یکے افشاند گرد از رخت او ❊
وان یکے بوسید دستش را و رو ❊ اے رویش را مثال مجرور کی جیسے سعدی رح کا شعر ہے **شعر** دیدۂ سعدی و
دل ہمراہ تست ❊ تا نہ پنداری کہ تنہا مے روی ❊ یعنی دیدۂ سعدی و دل او۔ ہمنے بطریق راز اور بھید
اسلیئے کہا کہ تا فے الجملہ اس اسم کی وجہ تسمیہ معلوم ہو در اصل یہ امر درست ہے۔ کسواسطے کہ من و تو گو کہ
اخص الخواص ہین لیکن بہ نسبت زید عمرو کے اُن مین ایک گونہ خفا ہے کیا معنی کہ ہر شخص من و تو بننے
کی صلاحیت رکھتا ہے چنانچہ کوئی شخص آپ کو خط لکھے اور بجاے نام یہ لکھدیوے کہ اس خط کا لکھنے والا
مین ہون آپ اُسکی طرز تحریر اور صورت خط سے آشنا ہوئے تو آپ کیونکر تعین کرینگے کہ فلان ہے
اسیوجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو جابر رضی اللہ عنہ کا دروازہ پر سے بوقت دریافت انا کہنا
بوجہ ابہام جواب پسند شریف نہ آیا آپ نے صلے اللہ علیہ وسلم جواب مین انا انا فرمایا یعنی مین تو مین
بھی ہون اس سے کیونکر تشخیص کر سکتے ہین کہ تم فلان ہو۔ بخلاف اَعلام کہ وہ مشترک ہی کیون نہون
اسقدر ابہام اُن مین نہین ہوتا واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ یا اس تسمیہ کی یہ وجہ ہے کہ ضمائر اکثر اپنے
سابق الذکر مرجعون کی جانب ناظر ہوتے ہین یعنی منظور و مقصود ضمائر اُنکا مرجع ہے اور وہ اُنکے ابہام
مین ایسا سما گیا ہے جیسے جی مین راز تخم مین درخت پس اتنی مناسبت سے کہ وہ باہم علاقہ حال و محل
رکھتے ہین بطریق مجاز مرسل انہی کو ضمیر کہنے لگے ہان وہم جاتا ہے کہ ضمائر خطاب و تکلم پر اطلاق اس اسم
کا مجاز در مجاز ہو کسواسطے کہ لفظون مین اُنکا کوئی مرجع نہین ہوتا لیکن اگر غور سے دیکھا جاے تو اُنکے
کمال حضور و عینیت کے ظاہر کرنے کے لیئے مرجع کو ذکر نہین کرتے ورنہ باعتبار لفظ ابہام مین کوئی
فرق معلوم نہین ہوتا چنانچہ دیکھیئے زید میگفت کہ من با خالد موافقت کنم و او با من مخالفت میورزد
اور زید میگفت کہ او با خالد موافقت کند و خالد باوے مخالفت مے ورزد ضمیرین اور مرجع دونو جگہ

ضمائر مین بہ نسبت اسماے ظاہر خفا و ابہام ہے

ضمیر کی دوسری وجہ تسمیہ

موجود ہین مگر ایک جگہ لفظ غائب راجع کرتے ہین لیکن بغیر نظر مرجع جو زید ہے ابہام دونون مین برابر رہیگا واللہ تعالےٰ اعلم۔ واضح ہو کہ ضمائر مین سب سے اول متصل ضمیر ہے اُس مین بھی مرفوع اور اُسمین بھی واحد غائب کی ضمیر پھر اُس مین بھی فعل ماضی کی سب سے بدرجہا اول الاول ہے جب واضع نے ضمیر کا نام وضع کرنے سے پہلے ماضی کے صیغہ واحد غائب پر جو اول المشتقات ہے غور کیا تو دیکھا کہ یہ صیغہ جسوقت مبتدا کے ساتھ (جو دراصل اُس فعل کا مبدا و مصدر یا نائب مناب اُنکا ہے) ترکیب پاتا ہے ہم اُس فعل مین ایک شے کو پاتے ہین کہ وہ اُسی فعل کے مبدء واحد غائب کو بتلاتی ہے جسکے سبب سے یعنی بواسطہ اُس شے کے اُس فعل کو واحد اور غائب وغیرہ کے ساتھ متصف کر دیتے ہین لیکن ظاہر مین اُسکا کوئی وجود معلوم نہین ہوتا صورت نظر نہین آتی باطن اور درونہ فعل مین ایسی سمائی ہوئی ہے جیسے دل سینہ مین بلکہ جیسے بھید دل مین پس چاہا کہ اسکا کوئی نام تجویز ہو مناسبت تامہ اس نام کی بلاغت ریز ہو نہ ارتجال خیز تو ضمیر کے لقب سے ممتاز فرمایا اور باقیماندہ جمع غائب و حاضر و متکلم اسیطرح کل منصوبات و مجرورات کی ضمیرین ہی کہلاتی ہین گو کہ اُس علت اور وجہ تسمیہ سے عاری ہین لیکن اسی کی اخوات ساری ہین نقل کے لیئے اتنی مناسبت کفایت کرتی ہے۔ ہان یہ شبہ ضرور ہوتا ہے کہ ضمائر منفصلہ ازروے استقلال و استغنا عن الاتصال مشابہ اسماے ظاہر کے ہین لہذا یہ مستحق اوّلیت ہونی چاہئین مین عرض کرتا ہون کہ بیشک ظاہر نظر اسی بات کو مقتضی ہے لیکن بااین ہمہ بیان وجہ تسمیہ مین ضمیر مستتر کو اول قرار دینا ایک دقیق نظر پر مبنی ہے وہ یہ ہے کہ کلمہ کے تینون نوع مین نوع اسم شرف اولویت و اولیت سے ممتاز ہے بعد ازان اقسام اسم مین اسم مظہر کو بوجہ عدم ابہام زیادہ شرف ہے اور ان مین بھی فواعل و مبادی افعال کا درجہ اول ہے اسی وجہ سے مرفوعات پہلے بیان کیئے جاتے ہین پس جبکہ ہمنے اس قسم خاص یعنی اسم مظہر کو مبدا کسی فعل کا بنایا اور اُسکے ساتھ اُسکے فعل کو اس ترتیب سے بیان کیا کہ مبدا کو اپنے فعل پر جو تقدم واقعی بوجہ علت و فاعل ہونیکے تھا لفظ مین بھی باقی رہے جیسے زَیدٌ ضَرَبَ مین پس ہمنے اسی اول مرحلہ مین فعل کے اندر ایک ضمیر مستتر غائب کو رابط و مظہر مبدا پایا۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ فواعل چونکہ مبادی افعال و مصدر افعال ہین اپنے افعال پر اُنکا ذاتاً تقدم واجب ہے اسیطرح جب وہ باعتبار لفظ بھی مقدم ہو گئے ربط و تعلق کے لیئے ایک ضمیر ان افعال موخرہ مین ضرور لاتے ہین تا معلوم ہو جائے کہ یہ

ضمیر کی وجہ تسمیہ اور فعل کے صیغہ واحد غائب سے ضمیر کی تسمیہ [illegible]

جواب شبہ کہ ضمائر منفصلہ بوجہ مشابہت باسماے ظاہر تقدم اور اولیت کے مستحق ہین۔

فعل فلان فاعل سے صادر ہوا ہے یعنی فاعل مخاطب و متکلم و غائب مین سے کون اس فعل کا مبدا
بنا ہے خصوصاً جب مبادی متقدمہ جنکو اہل عرف مبتدا کہتے ہین غائب ہون اُس ربط مضر کو جو مظہر
صنف فاعل تھا غیبوبت صیغہ کے سوا غائب عن الحواس یعنی مستتر لاتے ہین تا غیبوبت مبدا بخوبی
متحقق ہو جاے کسواسطے کہ اسماے ظاہر غائب قرار دیئے گئے ہین اگر غور کیا جائے نہ وہ غائب ہین نہ
حاضر نہ متکلم ایک درجہ اطلاق مین ہین البتہ وقت بیان انکا تحقق کسی نہ کسی فرد مین ہوگا اسیوجہ سے
بندہ مے گویم کہنا بھی درست ہے اسی طرح جب وہ منادا واقع ہوتے ہین شرف خطاب مین
ہوتے ہین چنانچہ جواب ندا کی خطابی ضمیرین اس امر کو مبرہن کرتی ہین لیکن اکثر استعمال انکا غائب کے ساتھ
اس لیئے ہے کہ غائب فرد کامل ہے اور غائب کا فرد کامل ہونا ہمنے اپنے رسالہ زر مشت افشار مین
مدلل کر دیا ہے اُن بیانات کی یہ مختصر گنجایش نہین رکھتا واللہ تعالے شانہ اعلم بالصواب ۔ واضح ہو کہ
ضمائر کا کوئی نہ کوئی مرجع و مآب ضرور ہوگا مثلاً ضمائر مرفوع فاعل یا مبتدا یا خبر کی جانب راجع ہونگے
اور ضمائر منصوب مفعول کیطرف اور ضمائر مجرور عام ہین خواہ فاعل کی جانب انکا رجوع ہو خواہ مفعول
کی جانب لیکن ترکیب مین مضاف الیہ یا مدخول حرف جار بنے رہتے ہین چنانچہ امثلۂ آتیہ سے انکا
حال بخوبی منکشف ہو جائیگا ۔ اور یہ بھی واضح رہے کہ مرجع کو راجع سے مقدم ہونا چاہیئے ۔ لیکن
فارسی مین تقدیم راجع و تاخیر مرجع جسکو اضمار قبل الذکر کہتے ہین عمدہ مین ہو یا فضلہ مین مطلقاً جائز
رکھا گیا ہے اہل عرب فضلہ مین جائز نہین رکھتے ۔ سعدی علیہ الرحمہ کا شعر ہے **شعر** چو بام بلندش
بود خود پرست ٭ کند بول و خاشاک بر بام پست ٭ **ولہ** شکم تا بنافش بریدند مشک ٭ قدح را بر و چشم
خونی پر اشک ٭ عرفی **شعر** نظر بہ بخت حسودت کشادزان او یافت ٭ سپیدی مژہ در دیدۂ عنوان نرگس ٭
نیز یہ امر فارسی کی خصوصیات سے ہے کہ ضمائر موصوف واقع ہو جاتے ہین اس باب مین تخصیص ضمیر
واحد متکلم کی کوئی سمجھ مین نہین آتی **شعر** صلاح کار کجا و من خراب کجا ٭ ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا ٭
نظامی رح **شعر** چو بہ ہستی تو من سست راے ٭ بسے حجت انگیختم دلکشاے ٭ کبھی علامت اتصاف کو بضرورت
حذف بھی کر دیتے ہین ۔ خواجہ جمال الدین سلمان کا شعر ہے **شعر** پادشاہا در بہار دولت من بینوا ٭
ہستم آن بلبل کہ چون عنقاست مثل من عدیم ٭ حیاتی گیلانی **شعر** چنانچہ بخشش دیوانہ ہست برجا ہش ٭
بخاک پایش من بندہ آرزو مندم ٭ مثال ضمیر جمع کی عبدی اشتر خانی کا شعر ہے **شعر** عشق از گلشن

ف اسماے ظاہر غائب قرار دیے گئے ہین دراصل نہ غائب ہین نہ حاضر نہ متکلم

ضمیر کبھی مرجع پر مقدم ہو جاتی ہے

ضمیر مطلقاً موصوف واقع ہو جاتی ہے تخصیص واحد متکلم کی کچھ نہین

رسوائی باید نادان ٭ یک گل داغ جنون بر سر مجنون زدہ است ٭ مولوی معنوی قدس سرہ **شعر** وزد را
از بانگ تو بگزاشتم ٭ من تو خر آدمی پنداشتم ٭ نظامی رح **شعر** چہ باید رصد گاہ دار اشدن ٭
بجزیہ دہی آشکاراشدن ٭ شما زیرکان از سر یاوری ٭ چہ گوئید چون باشد این داوری ٭ ۔ اور
شاہنامہ مین جواوشور بخت آیا ہے اسی قبیل سے ہے فرہنگ نگار شاہنامہ نے ضمیر و مرجع کی ایک جگہ
جمع ہونے سے او بمعنی آن کہدیا یہ سامحت ہے چنانچہ فردوسی علیہ الرحمہ گرسیوز وافراسیاب کی
تجہیز و تکفین کے بیان مین لکھتے ہین **شعر** بخوابا ندش پس برافراز تخت ٭ بگرید فراوان براوشور بخت ٭
اے برافراسیاب کہ شوربخت است ۔ بعض وقت اس ضمیر جمع کی صفت کو مفرد بھی لاتے ہین یا تو
اس لیئے کہ مطابقت کا خیال نہین کرتے یا اُس صیغہ صفت کو بمنزلہ اسم جنس کے قرار دیتے ہین
فیضی فیاضی کا شعر ہے **شعر** از کنہ کمال او چہ یابیم ٭ ما ہیچمدان آفرینش ٭ حیاتی گیلانی ۔ **شعر**
یاد آن وقت کہ با دلشدہ را یارے بود ٭ ہر کسے را بسر کوے کسے کارے بود ٭ اور یہ متصل و منفصل پر منقسم
ہوتی ہے ۔ متصل وہ ہے کہ کبھی لفظ سے الگ ہو کر مستعمل نہو اسی وجہ سے اُسکو غیر مستقل کہتے ہین ۔
منفصل وہ ہے کہ علیحدہ بھی مستعمل ہو کسواسطے کہ وہ مستقل بنفسہ ہوتی ہے ہر ایک ان مین سے تین
قسم پر ہے اسواسطے کہ ضمائر یا مسند الیہ اور مسند واقع ہوتے ہین یا مفعول یا کسی جار کے تحت مین
اگر اول ہے مرفوع کہلاتی ہے ثانی منصوب ثالث مجرور ۔ واضح ہو کہ یہ نام مجوزہ اہل عرب ہین اسلیئے
کہ اُن کے ہان مسند الیہ اور مسند کی علامت رفع مفعول کی علامت نصب مضاف الیہ کی علامت جر ہی

(حاشیہ: ضمیر موصوف کو جمع لا کر صفت کو مفرد لانا جمع مین مطابقت شرط نہین)

(حاشیہ: ضمیر متصل کی تعریف)

(حاشیہ: ضمیر منفصل کی تعریف)

جدول المضمرات المرفوعة المتصلة

جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ن د	ی	ی د	م	ی م

مثلاً گفتند گفتی گفتید گفتم گفتیم

ضمیر واحد غائب کہین مستتر رہتی ہے جیسے ماضی کی بحث مین کہین بارز ہو جاتی ہے جیسے بحث مضارع
مین اور وہ دال ہے ما قبل مفتوح جیسے کند و گوید مین اُسکو اسلئے مستتر کردیا کہ ماضی کا خاتمہ دال یا تا پر
ہونا واجب ہی پس اگر یہ دال ضمیر غائب بھی اُس پر لاتے دو متحد المخرج یا دو قریب المخرج کے اجتماع
کی وجہ سے جو ثقالت کہ پیدا ہوئی ہے عام ہو جاتی ۔ جاننا چاہیئے کہ ہمنے ثقالت عامہ کو محذور

(حاشیہ: ضمیر واحد غائب مرفوع متصل کا استتار و بروز)

ٹھہرایا ہے نہ ثقالت مطلقہ کو تا معترض ستدن کے ماضی ستد و گشتن کے مضارع گردد کو بطریق نقص پیش نکرے یعنی کوئی یون نہ کہے کہ اگر یہ ثقالت بری تھی تو ستدمین جو ماضی ستدن کی ہے اور گردد مین جو مضارع گشتن کا ہے کس لیئے اختیار کیگئی اسکی زیادہ تحقیق منظور ہو تو زرشت افشار کی بحث مطلق مین ملاحظہ کرین۔ اور جاننا چاہیئے کہ ان ضمیرون کو بقرینہ مقام مقدر بھی کردیتے ہین۔ سعدی رح **شعر** گفتم کہ گلے بچینم از باغ ؛ گل دیدم و دست شد بوے ؛ نظامی رح **شعر** نیاوردم از خانہ چیزے نخست ؛ تو دادی ہمہ چیز و من چیز تست ؛ **شعر** القصہ بازگشتم و آمد بخانہ زود ؛ در باز کرد و باز بہ بست از لبس ستوا ؛ ہاتفی رح **شعر** اگر من ہراسان شدی از سخن ؛ نماندی مرا در جہان بیخ بن ؛ جامی رح **شعر** بجاے نیل من بودی چہ بودی ؛ زپا بوسش من آسودی چہ بودی ؛ اگر غور کیجیئے تو تسلیم حذف جزو معتد بہ سے بلا ضرورت کلام مین نقصان ماننا ہے حق یہ ہے کہ یہ تکلم سے جانب غیبت التفات ہے رہا بعض شراح گلستان کا غیبت اور التفات مین عاطفہ کو فارق رکھنا بالکل بے اصل ہے۔ اسیطرح ضمیر اور مرجع مین باعتبار افراد و جمع اختلاف بھی ہوتا ہے یعنی بعض وقت باہم مطابقت کمّی کا لحاظ نہین کرتے۔ حزین کا شعر ہے **شعر** شکرت چہ گویم اے مژہاے دراز دست ؛ نگذاشتی بدست کسے اختیار من ؛ شفائی کہتے ہین **شعر** خوبان اصفہان چو شفائی پسند نیست ؛ خیزم ازین دیار بشہر دگر روم ؛ جامی قدس سرہ فرماتے ہین **شعر** پرستاران پرستاریش کردی ؛ ہواداران ہواداریش کردی ؛ نظامی رح **شعر**

ملوک طوائف بفرمان او ؛ کمر بستہ بر عہد و پیمان او

جدول ضمائر منصوب و مجرور متصل

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ش	شان	ت	تان	م	مان

جاننا چاہیئے کہ ماقبل ان ضمائر متصلہ کا درصورت اتصال ہمیشہ مفتوح رہتا ہے پس کش و کت کو مکسور الاول پڑہنا جیسے اکثر ہندوستان مین مروج ہے قول مرجوح ہے راجح یہی ہے کہ فتح کے ساتھ پڑہین اسلیئے کش اور کت اصل مین کہ اَش اور کہ اَت بقیاس سائر ہمزات مضمرات جو بعد ہاے مختفی کے تحمل حرکت کے لیئے لائے جاتے ہین بفتح ہمزہ ہے پس بعد نقل حرکت بسوے کاف ہمزہ کو گرا کر اُس ضمیر یعنی ش یا ت یا میم کو چہ و کہ کے ساتھ وصل کرین تو وہ ہاے مختفی جو بضرورت اتمام

ضمائر مرفوع منفصل کا بقرینہ مقام مقدر ہونا

بیان التفات

ضمیر و مرجع مین کبھی مطابقت کمی کا لحاظ نہین ہوتا

ضمائر متصلہ سے ماقبل ہمیشہ حرف متحرک مفتوح

کلمہ مثل واو تو کے کلمہ پر لاحق ہو گئی تھی ساقط ہو جائیگی چشؔ اور کشؔ اور کتؔ اور کمؔ بالفتح رہجائیگا نظامیؒ
شعر بہ ہر چش رسد سازگاری کند ٭ فلک بر ستیزندہ خواری کند ٭ خسروؒ شعر این قدم عرصہ درین
سکندر نامہ بحری صفحہ ۹۔
ملک ہست ٭ کم نزود سوے دگر پایہ دست ٭ اے کہ نزود دستم۔ امیر خسروؒ شعر بیشتر از جنبش این دار و گیر
باعثہ بود مرا در ضمیر ٭ کم زچہ رود دست بران در شود ٭ کین شرفم زود میسر شود ٭ اے درضمیرمن کہ مرا از چہ
بر آن در رسیدن میسر آید۔ غالب شعر منم کم بود در طراز کلام ٭ شہنشہ ہمیبر سپہبد امام۔ یہ تعلیل وتخفیف
بوجہ نقل حرکت موافق قیاس سبب اولویت ہے چنانچہ از پہ بھی کاف اور نون نافیہ لایا جاتا ہے توکزؔ اوؔ
نزؔ بالفتح پڑھتے ہین۔ سعدی رحہ شعر عزیزے کہ ہرکز درش سرنتافت ٭ بہ ہر در کہ شد ہیچ عزت نیافت
خسروؒ شعر گرسنہ زانی کہ درین تنگناے ٭ نان زملک مے طلبی نز خداے ٭ چنانچہ مخفف نیز اور
عاطفہ ۱۲
نافیہ مین ما بہ الامتیاز یہی فتح ماقبل وکسرۂ ماقبل ہے پھر کش اور کت اور کم مین کسرہ کی وجہ تشفی بخش نہین
نیز اولویت کا یہ بھی ایک سبب ہے کہ اور باقی مواضع مین جہان کہین یہ ضمیرین وصل پاتی ہین اُنکے
ماقبل کو حرکت ہوتی ہے تو فتح کی ہوتی ہے جیسے قلمشؔ قلمتؔ قلمم کتابشؔ کتابتؔ کتابمؔ وغیرہا چنانچہ
بعض مقنین نے شین مصدری اور شین ضمیری مین ما بہ الامتیاز کسرۂ ماقبل و فتح ماقبل شین کو رکھا ہے
دوسری یہ بات کہ حذف ہمزہ بغیر نقل حرکت جس سے کشؔ وکتؔ بالکسر حاصل ہوتا ہے خلاف قیاس
غیر اولی ہے لیکن کرا بالکسر اس قاعدہ سے خارج ہے اسواسطے کہ یہان سے کوئی ہمزۂ مفتوحہ حذف
نہین ہوا بعض وقت اُس ہمزہ کو بحال رکھکر بوجہ کسرۂ ماقبل یاے تحتانی سے بدلدیتے ہین جیسے جیست
وکیست مین لیکن حرکت ہمزہ کی بعض وقت اپنی حالت پر رہجاتی ہے اور بعض وقت کیست وچیست
کے ہمزہ کی طرح ساقط ہو جاتی ہے ہر دو کی مثالین حضرت مولوی معنویؒ کے اشعار سے واضح ہے
شعر مادرش از خشم گفتش ہین خموش ٭ کیت افگند این شہادت را بگوش ٭ ولہ این کیت آموخت
اے طفل صغیر ٭ کہ زبانت گشت در طفلی جریر ٭ واللہ تعالی اعلم۔ امثلہ منصوبہ متصلہ ضمیر ونکے مولانا جامیؒ

ضمائر متصلہ منصوبہ کی مثالین

شعر بدہقانیش اگر داری مسلم ٭ بدان ماند کہ گوئی روح اعظم ٭ ولہ مدہ شان قرض وستان نیم حبہ ٭
۳۳
فان القرض مقراض المحبہ ٭ ولہ مے عشقت دہد گرمی وستی ٭ دگر افسردگی وخود پرستی ٭ فردوسی رحہ شعر
اگر راستیتان بود گفتگو ٭ بہ نزدیک ہنتان بود آبرو ٭ وگر ہیچ کژّی گمانے برم ٭ بزیر پے پیلتان بسپرم ٭
سعدی رحہ شعر دریغ آمدم زان ہمہ بوستان ٭ تہی دست رفتن سوے دوستان ٭ ای دریغ آمد مرا۔ ترکیب نحوی اس شعر

کی یون ہے۔ آمد صیغہ واحد غائب ماضی مطلق آمدن کا جو منجملہ افعال ناقصہ ہے۔ رفتن مصدر معروف مضاف۔ اسکا مضاف الیہ محذوف یعنی رفتنم یہ ذو الحال۔ تہی دست۔ حال۔ سوے دوستان مضاف ومضاف الیہ ملکر رفتن کا مفعول بہ زر۔ جارہ رابط۔ آن۔ اسم اشارہ مبدل منہ۔ ہمہ بوستان مضاف ومضاف الیہ ملکر مشار الیہ بدل اسم اشارہ مع مشار الیہ یعنی بدل مع مبدل منہ کے زر کے ساتھ مربوط ہوکر متعلق رفتن کا اور رفتنم اپنے حال اور مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر اسم آمد کا۔ دریغ اسکی خبر۔ مَ۔ آمد کا مفعول بہ۔ آمدن کے فعل ناقص ہونے کے شواہد بہت ہین گلستان مین ہے " دشمنان اسیر آمدند" یعنی دشمن قید ہوگئے۔ دشمن اسم۔ اسیر۔ اسکی خبر۔ مثال جمع کی فردوسی رح **شعر** بایران بمردان نخوانند مان ✤ زنان کمر بستہ دانند مان ✤ مثال مجرور متصل ضمیرون کی جیسے کتابش قلمت کاغذم۔ جاننا چاہیئے کہ کبھی ان جمع کی متصل ضمیرون کو جمع کی منفصل ضمیرون سے استعارہ کر لیتے ہین یعنی یہ متصل ضمیرین لفظاً ومعنیً منفصل ضمیرون کے قائم مقام مستعمل ہوجاتے ہین۔ فردوسی رح سورۂ یوسف کی شان نزول مین لکھتے ہین **شعر** پیمبر چنین گفت کاین امتان ✤ کہ شان من شفیعم برغیب وان ✤ اے اوشان رامن شفیعم۔ اور محتمل ہے کہ مضاف الیہ شفیع کا ہو ای من شفیعشان ہستم۔ مولوی معنوی رح **شعر** از سو دوزخ بزنجیر گران ✤ میکشم تان تا بہشت جاودان ✤ ورنہ رسم الخط مین اپنے ماقبل سے منفصل لکھا جانا درست نہوگا کش کیطرح کشان من شفیعم الخ اور می کشمت کی طرح می کشمتان لکھنا چاہیے تھا غرض یہ امثلۂ جمع ضمائر متصلہ منصوبہ کی تھین جو بجاے منفصلہ مستعمل ہوئین اور ضمائر مجرورہ متصلہ کی مثالین جو بجاے منفصلہ مستعمل ہوی ہین ہم آگے بیان کرینگے جیسے میان شان بدیدہ فرق اندک کیا معنی کہ انکے مضافون پر کسرہ اضافت کا لانا اتصال سے انفصال مین لیجانے یعنی متصلہ کو منفصلہ بنانے کی دلیل ہے بخلاف ضمائر مفردہ متصلہ کے اسلیئے کہ واحد کی متصل ضمیرین یک حرفی ہوتی ہین بلا استناد کسی کلمہ کے انکا تنہا آنا ممکن نہین اسقدر استقلال ان مین پیدا ہو نہین سکتا کہ وہ بجاے ضمائر منفصلہ اپنی جمعون کی طرح مستعمل ہون اسیواسطے درصورت اضافت ان کے مضافون پر سے علامت اضافت وجوباً ابداً اُٹھا لیجاتی ہے اس سے معلوم ہوگیا کہ جب کسی دوسرے کلمہ کے سہارے اور استناد کے بغیر انکا بروز وظہور نہین ہوتا تو یہ دوسری شئے کیلئے خود سہارا اور مستند کب بن سکتے ہین پس تست اور تُش کو تو است اور تو اش کا مخفف سمجھنا چاہیئے

آمدن کے فعل ناقص ہونیکی مثال

مجرور متصل ضمیرون کی مثالین

ضمائر جمع متصلہ کا بجاے منفصلہ استعمال

ضمائر مفردہ متصلہ کبھی منفصلہ نہین مستعمل ہوتین

تست اور تش تو است اور تو اش کا مخفف ہے

جیسے ترا تورا کا اور ہمرا من را کا مخفف ہے۔ انشاء اللہ تعالے اسکا بیان ضمائر منفصلہ مین آئیگا۔
ورنہ غیر مستند کا مستند غیر مستقل کا مستقل ہونا لازم آئیگا مولانا ے روم کا شعر ہے **شعر** نے خودی
نامد بخود تش خواندہ ﴿ اختیار از خود نشد تش خواندہ۔ اے تو اورا خواندہ۔ اور کبھی یہ شین ضمیر متصل
منصوب زائد بھی لائی جاتی ہے جیسے فردوسی رح پیغام سلم و تور کا فریدون کے پاس پہونچانے
کے داستان مین لکھتے ہین **شعر** بگفتش بدان شاہِ کُشتہ پسر ﴿ پیام دو فرزند بیداد گر ﴿
اے بگفت بدان شاہ۔ **وله** چو اورا بدیدش جہان شہریار ﴿ نشاندش بر خویشتن نامدار ﴿ اے
چو اورا بدید **وله** چو شاہ آنچنان دید بر پاے جست ﴿ گرفتش سر و دست رستم بدست ﴿ ای گرفت
سر و دست رستم۔ اسی طرح ضمیر متکلم مع الغیر منفصل بھی زائد آتی ہے۔ اسکا بیان انشاء اللہ تعالے
اخیر مین آویگا۔ اور یہ ضمائر متصلہ منفردہ اپنے مضاف سے ایسی ملجاتی ہین کہ گویا جوہر کلمہ مضاف
بنجاتی ہین بخلاف ضمائر جمع کے کہ کبھی مفرد کی طرح اپنے اتصال اصلی پر رہتے ہین جیسے
مولانا جامی کا شعر ہے **شعر** کنیزان را بہ پیش او بپا کرد ﴿ بخدمت سرو بالاشان دوتا کرد **وله**
ز شیرینی دہانشان در شکر خند ﴿ ز لعل و زر ہمہ بر موکمر بند ﴿ جنگ سکندر و فورین فردوسی رح
فرماتے ہین **شعر** نوازش کنون من بافزون کنم ﴿ ز دلتان غم و ترس بیرون کنم ﴿ سنائی رح **شعر**
از دست تو مشت بر دہانمان خوردن ﴿ خوشتر کہ بدست خویشتن نان خوردن ﴿ مولوی معنوی رح **شعر**
آنش گوید ہر دو عالم آن تست ﴿ جملہ جا ہا مان طفیل جان تست ﴿ کبھی انکے مضاف پر علامت اضافت
لے آتے ہین یعنی انکو بجاے منفصل استعمال کرتے ہین۔ مولانا جامی **شعر** میان شان چو دیدہ
فرق اندک ﴿ بعینہ ہر یکے چون آن دگر یک ﴿ کبھی تنہا بلا استناد مستقلا نائب مناب ضمیر مرفوع منفصل
مستعمل ہوتے ہین۔ نظامی علیہ الرحمہ کا شعر ہے **شعر** ز چینی بخوید کسے مردمی ﴿ کہ جز صورتے نیست
شان آدمی ﴿ اے اوشان آدمی۔ امیر خسرو رح **شعر** دزد متاع من و با من بجوش ﴿ شان بزبان
آوری و من خموش ﴿ اے اوشان بزبان آوری۔ غالب دہلوی **شعر** با من این خشم و کین
دریغ دریغ ﴿ من چنان تان چنین دریغ دریغ ﴿ اے من چنان شما چنین۔ واللہ تعالے
اعلم بالصواب۔

جدول ضمائر مرفوع و مجرور منفصل

ف ضمائر متصلہ جمع تنہا بلا استناد مستقلا نائب مناب ضمائر منفصل کے مستعمل ہوتے ہین لیکن مولوی معنوی کے شعر (صد ہزاران دفتر اشعار بود ﴿ پیش حرف امیش عار بود) مین امیش بجاے امی او بمقتضاے ضرورت تجنیس ہے ۱۲ منہ

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
او - وے	اوشان - ایشان	تو	شما	من	ما

جیسے گفت او یعنی گفت کے فعل ہونے کی صورت مین ضمیر مرفوع ہے ورنہ ضمیر مجرور۔

جدول ضمائر منصوبہ منفصلہ

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
اورا - ورا - ویرا	اوشانرا - ایشانرا	ترا	شمارا	مرا	مارا

ضمیر واحد غائب وی کی تحقیق لفظی اور اسکو ضمیر جمع غائب ایشان کی تحقیق لفظی کی بہمبر سمجھنی چاہیئے

جاننا چاہیئے کہ وے مرادف او ممکن ہے کہ ایک مستقل ضمیر ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ اوی کا مخفف ہو اور اوی مین یاے تحتانی اُسی قسم کی ہے جو بعد مدتین زائد ہوتی ہے جسکا بیان اضافت مین آئیگا فردوسی رح فرماتے ہین شعر ہر آنکس کہ از راہ یزدان بگشت * ہمان عہد اوی وہمان باد دشت * یعنے عہد او و باد دشت ہر دو برابرست ۔ ایضا در حمد سراید شعر از و شادمانی وزو مردمی ست * ازویت فزونی زویت کمی ست * سعدی رح شعر چنوے خردمند فرخ نہاد * ندارد جہان تا جہانست یاد * اسواسطے کہ ازویت مرکب ہے از اوی اور تاے خطاب سے اسی طرح چنوے مخفف ہے چون اوے کا غرض اُسی اُوے مین سے جب الف حذف کیا گیا واو ساکن رہگیا تو بوجہ تعذر سکون ابتدائی اُسپر حرکت فتح کی دیگئی کیونکہ وہ اخف الحرکات ہے۔ سعدی رح شعر بگفت انچہ دید از کرمہاے وَے * شہنشہ ثنا گفت برآل طے * اہل توران بہ نسبت او کے وَے کو زیادہ استعمال کرتے ہین اسیطرح جب ضمیر منصوب اُورا پر سے الف گرا دیا جاتا ہے وَرا بالفتح کہا جاتا ہے اُسکو ویرا کا مخفف ماننا تعلیل در تعلیل تخفیف در تخفیف ہے رہا تُرا مین جو مخفف تورا ہے حرکت اصلی ہے نہ عارضی اور اُوی مین جیسے الف حذف ہو کر وی رہگیا اُسی اُوی مین سے واو حذف ہو کر اِی بالکسر رہجاتا ہے لیکن الف کا ضمہ بمجاورت یاے تحتانی کسرہ سے بدلدیا گیا چنانچہ اُسکی جمع ایشان مستعمل ہے۔

ضمیر جمع غائب ایشان کا بیان

جامی قدس سرہ شعر نمی دانم کہ با ایشان چہ کین داشت * کہ زیر خاکستان آسودہ نگذاشت * یعنی ان دونون قسمون کے تخفیفی صیغون مین یون عدل کیا گیا کہ جس کا اول تخفیف مین آگیا ہے اُسکی عوض حالت اولی کے ساتھ جو افراد ہے وہ مختص ہوا اور جسکا اخیر تخفیف مین آگیا حالت آخری کے ساتھ جو جمع ہے وہ مختص ہو یعنی اسکا نقصان جو تخفیف حرف اخیر سے ہوا ہے ادات جمع سے بھرا جاے اور اُسکا نقصان -

حرف اول کمالیت افراد سے غرض اول مین تکمیل معنوی ہوئی ہے اور ثانی مین تکمیل لفظی ہمنے
حذف واو کو حذف اخیر اس لیئے قرار دیا کہ یہان یاے بعد مدہ دراصل زائد جوہر کلمہ سے خارج ہے گو کہ
ان دونون تخفیفون مین بمنزلہ جوہر کلمہ اُسکو وجوب عارض ہوگیا اور نیز اشتراک السنہ پر نظر کرین یہ
امر بخوبی ظاہر ہوسکتا ہے جیسے عربی مین ھو اور ھی پس اُو اور اِی اُوسی ہُو و ہِی کا مبدل ہی
اور ہاے ہوز کا ہمزہ سے بدلنا معلوم ہے اسیطرح ہندی مین وہ اور یہ اوسی ہُو اور ہِی کا قلب
ہے ہان امر تانیث و تذکیر خصوصیات زبان سے ہے جو ہُو اور ہِی مین فرق ہے اور اُو اور اِی
مین اس قسم کا فرق نہین ۔ واللہ تعالےٰ اعلم ۔

اشتراک السنہ او اور ای اور ہو اور ہی اور وہ اور یہ

ضمائر منصوبہ مفردہ مین سواے اوُرا و ویرا کے حاضر و متکلم مین صیغہاے مخففہ کا استعمال اکثر ہے
صیغہاے اصلی شاذ و نادر برتے جاتے ہین۔ سامعائی ہمدانی کا شعر ہے **شعر** بسکہ عادت دل من را
بمروت باشد ؛ نگزم گر ہمہ انگشت ندامت باشد ؛ آگاہ ہوجاین کہ ضمائر منفصلہ غائبہ بحسب اصل
ذوی العقول کی ضمیرین ہین۔ لیکن بعض وقت اُنکو غیر ذوی العقول کے لیئے استعارہ کرلیتے ہین
نظامی رح کا شعر ہے **شعر** پو مرارہ بمنزل برد ؛ ہمہ دل برند او غم دل برد ؛ لیکن میرے نزدیک
اس تخصیص کی کوئی وجہ نہین اساتذہ اہل زبان سے دونون موقعون پر ضمائر منفصلہ کا استعمال بکثرت
ثابت ہے معہذا قیاس بھی اسکو مقتضی ہے اسی طرح ضمائر جمع بھی نظامی رح **شعر** مہندس بسے جوید
از رازشان ؛ نداند کہ چون کردی آغازشان ؛ مگر جب اُنپر کوئی رابط وغیرہ آجاتا ہے تو اُسکے اتصال
کی وجہ سے ضمائر متصلہ غیر مستقلہ کے مشابہ ہوجاتی ہین پس اُن متصل ضمیرون کی طرح ذوی العقول
وغیر ذوی العقول ہر دو مین بالاتفاق انکا استعمال جائز رکھتے ہین۔ سعدی رح **شعر** بترسد خردمند
ازین بحر خون ؛ کز و کس نبردست کشتی برون ؛ **ولہ** چو خرما بشیرینی اندودہ پوست ؛ چو بازش کنی
استخوانے درو ست ؛ مثال وے کی **ولہ** درخرمی بر سرائے بہ بند ؛ کہ بانگ زن از وے برآید بلند ؛

من را کی سند

ضمائر منفصلہ غائبہ کا غیر ذوی العقول کے لیئے استعارہ کرلینا

واضح ہو کہ ضمائر خواہ متصلہ ہون یا منفصلہ ان مواضع مین مستعمل ہوتے ہین کہ جہان زبان اردو مین
لفظ اپنا بولا جاتا ہے ۔ یہ اپنے اپنے محاورہ اور خصوصیت زبان کی بات ہے اون کو بمعنی خود کہنا
مین پسند نہین کرتا اس بطرہ یہ کہ ضمائر متصلہ کو مخصوص کرتے ہین یہ خلاف تفحص ہے ظہوری **شعر**
نہد خور ہر طرف داماے زتارش ؛ کزان رو پر توی گرد شکارش ؛ سعدی رح **شعر** تراکے میسر شود این مقام ؛

ضمائر متصلہ یا منفصلہ کا ایسی جگہ استعمال جہان اردو مین لفظ اپنا بولا جاتا ہے

کہ با دوستانت خلاف ست وجنگ * سعدی رح شعر چو من نام مردم بزشتی برم * نگویم بجز غیبت مادرم *
اسی معنی مین ضمائر منفصلہ بھی مستعمل ہو جاتی ہین۔ نظامی فرماتے ہین شعر چو خاقان خبر یافت از کار او *
کہ آمد سکندر بہ پیکار او * ولہ بدانست مانی کہ در راہ او * بدان حوضۂ چینیان چاہ او * خسرو علیہ الرحمہ
فرماتے ہین شعر چشم تو از عیب تو دیدن تہی ست * از دگرے پرس کہ عیب تو چیست * نظامی رح شعر
چنان گرم کن عزم رایم بتو * کہ خرم دل آیم چو آیم بتو * فردوسی رح بہرام کی بہن سے خاقان کی منگنی
کرنے کی داستان مین لکھتے ہین شعر بہ از من ندیدم ترا کتخدائے * بیارائے این پردۂ مادرلے *
غرض اس معنی مین تخصیص ضمائر متصلہ کی بجا نہین کبھی بحکم ضرورت ضمائر منفصلہ پر ضمائر متصلہ لاتے ہین

ضمیر کا لانا بجائے متصل جائز ہے *

مولوی معنوی قدس سرہ العزیز کا ارشاد ہے شعر گفت پیغمبر صباحے زید را * کیف اصبحت اے
رفیق باصفا * گفت عبداً مومناً باز اوش گفت * کو نشان از باغ ایمان گر شگفت * ولہ او گریزان و انا
اندر پیَش * میدود چون ید ویرانی وَیش * ولہ روغن اندر دوغ پنہان میشود * ہر چہ مے سازی
تواش آن میشود * ولہ کہ اگر حق ست او پیداش کن * ور نباشد حق زبون ماش کن * ولہ دیدۂ
عقلت بدو بیرون جہد * طعن اوت اندر کف طاعون نہد * سعدی رح شعر اگہ شخصے منت حقیر نمود *
تا درشتی ہنر نہ پنداری * اور بعض مواضع مین لفظ خود پر ضمائر متصلہ بنظر تاکید مزید لاحق کرتے
ہین جیسے نظامی رح کا شعر ہے شعر سخن بر بدیہہ نیاید صواب * بوقت خودش دادہ باید جواب *
اسکا بیان بحث حرف مین آویگا۔ انشاء اللہ تعالے شانہ *

لفظ خود پر ضمائر متصلہ کا الحاق بنظر تاکید

ضمائر پر خواہ وہ متصلہ ہون یا منفصلہ الف زائد بھی لاتے ہین فردوسی رح بیژن کے بحیثیت مجرمانہ
افراسیاب کے روبرو ہونے کی داستان مین لکھتے ہین شعر نہ بینی کہ این بدکنش ریمنا * فزونی
سگالد ہمی بر منا * اے برمن ولہ من از بادشاہیت آباد ما * بزرگان فرخندہ بنیاد ما *
اے آبادم اور ضمیر جمع متکلم درصورت مضاف الیہ زائد بھی لائی جاتی ہے۔ فخر المتاخرین علی حزین
کا شعر ہے شعر صف مژگان تو گر سایہ بدریا فگند * خار قلاب شود در بدن ماہی ما * ای در بدن ماہی

مطلقاً ضمائر کیساتھ الف زائد کا الحاق

علامت ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ کا زائد آنا

چوتھا موصول یہ وہ اسم ہے کہ اُسکے ساتھ جب تک کوئی جملہ وصل نپائے جس مین ایک ضمیر
اُسی موصول کیطرف راجع ہو کسی مرکب کا کامل جزو نہین بن سکتا یعنی فقط موصول کو نہ تو مبتدا
کہہ سکتے ہین نہ خبر نہ فاعل نہ مفعول نہ مضاف الیہ وغیرہ اور اُس جملہ کو جو اس اسم موصول کے ساتھ

بیان اسمائے موصول

ملا ہوا ہے صلہ اور اُنکے اندر کی ضمیر کو جو اسم موصول کی جانب پھرتی ہے اور اس جملہ کا تعلق اُس
اسم کے ساتھ پیدا کرتی ہے عائد و رابط کہتے ہین۔ اسماے موصولہ کہ وچہ جیسے عربی مین **مَنْ**
وما سعدی رح کا شعر ہے **شعر** اے کہ پنجاہ رفت و در خوابی ٭ مگر این پنج روز دریابی **ولہ** ہر کہ آمد
عمارت نو ساخت ٭ رفت و منزل بدیگرے پرداخت ٭ یہ بھی یاد رہے کہ آمد و ساخت پہلے مصرع
مین مرکب فعل ہین لیکن انکے بیچ مین فاصلہ مفعول بہ کا واقع ہوگیا ہے اور انکے درمیان سے
ایک حرف وصل کہئے یا عاطفہ محذوف ہے اور وہ واو ہے یا ہاے مختفی اسیواسطے اصل اسکی
ہر کہ آمد و ساخت یا ہر کہ آمدہ ساخت عمارت نو را ہے اسکی نظائر بہت سی ہین نظامی رحمہ اللہ تعالے
معراج مین فرماتے ہین **شعر** تن او کہ صافی تر از جان ماست ٭ اگر شد بیک لحظہ آمد رواست ٭ اے
بیک لحظہ شد و آمد یا شدہ آمد یہان فاصلہ ظرف کا ہے **ولہ** درفشان یکے تیغ چون چشم گور ٭ بلارک
درو رفتہ چون پاے مور ٭ برآہیخت آمد بران تند شیر ٭ نشاید شدن سوے شیران دلیر ٭ لیکن واو اور ہاے
مختفی کے موضع استعمال مین فرق ہے درصورت واو دونون فعلون مین مطابقت شرط ہے یعنی اگر
اول ماضی ہے دوسرا بھی ماضی مضارع ہے مضارع واحد ہے واحد جمع ہے دوسرا بھی جمع چاہیے
اسی طرح غیبت و خطاب و تکلم مین باہم موافق ہونے ضرور ہین اور ہاے مختفی اس قید مطابقت سے پاک ہے
لیکن فعل ملحق بہ ہا کا ماضی ہونا اور فعل ثانی کے اول پر تفریع شرط ہے پس ان مین نسبت عموم من وجہ
کی متحقق ہوگی ملا ضمیری کا شعر ہے **شعر** سینہ وا کردہ بگلشن چو خرامان گزرد ٭ بلبل از جان گزرد گل
ز گریبان گزرد ٭ جیسے زید نزد من آمدہ نشست یعنی بیٹھنا آنے پر متفرع ہے اور اس قسم کے ترکیبی
فعلونکے فاعلونکا اتحاد واجب ہے اگر فاعل مغائر ہونگے ترکیب باقی نرہے گی۔ اس قسم کی تقدیر
اُردو مین بھی مع الفاصل و غیر فاصل دونون طرح مستعمل ہے جیسے کہتے ہین کھا چکا لے بھاگا لا دیا
آلگا یا یہ سب بلا فاصل کی مثالین ہین اور مع الفاصل نسیم لکھنوی کا شعر ہے **شعر** وہ آئی تو غافل
اُسکو پایا ٭ آغوش مین آ گلے لگایا ٭ آمدم بر سر مطلب ہر کا لفظ عموم افراد کے لیئے۔ وہ مضاف ہے
جانب کہ موصولہ۔ آمد معطوف علیہ۔ عمارت نو ساخت کا مفعول بہ۔ ساخت معطوف بتقدیر حرف عطف
معطوف اور معطوف علیہ ملکر صلہ۔ اور دونون فعلون مین جو ضمیر فاعلی مستتر ہے عائد و رابط۔ اور صلہ
معہ موصول مضاف الیہ ہر کا اور مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدا۔ رفت فعل لازم۔ اُس مین ضمیر فاعلی

حروف وصل یا عاطفہ یعنی واو اور ہاے مختفی کا باہمی فرق امتیازی

عطف عاطفہ کا مقدر رکھنا اُردو مین بھی مروج ہے اور عاطفہ او۔ واو وصل کے ساتھ بھی جیسے لا کر دیا جا کر لیا وغیرہ۔ علی عفی عنہ

مستتر جانب مبتدا راجع وہ ذوالحال۔ واو حالیہ۔ منزل پرداخت کا مفعول بہ۔ بدیگرے متعلق پرداخت اور پرداخت فعل متعدی اسکی ضمیر بھی جانب مبتدا راجع۔ اور پرداخت مع فاعل اور مفعول اور متعلق کے ملکر حال۔ اور حال مع ذوالحال کے فاعل رفت کا۔ رفت مع اپنے فاعل کے خبر۔ اور مبتدا خبر کے ساتھ ملکر جملۂ اسمیہ۔ پس ان معنوں کی تقدیر پر جو بظاہر لفظ آمد زائد لایا گیا ہے ازروے لطائف بلاغت فاعل کے تردد وسعی ومحنت کشی پر شعر ہے جیسے یہی نکتہ لفظ آورد کی زیادتی سے ناصر علی علیہ الرحمہ کے شعر مین ملحوظ ہے **شعر** خیال بیکسی من وفا بیادش داد ٭ بجاے شمع دل آورد و برمزارم سوخت ٭ ورنہ ہر کہ عمارت نوساخت اور دل برمزارم سوخت۔ اداے مطلب کو کافی تھا۔ ایک اور طرح بھی اس جملہ کی ترکیب کر سکتے ہین۔ ہر کہ آمد موصول صلہ اور مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدا۔ عمارت نوساخت خبر۔ اور رفت و منزل الخ بدستور مذکور خبر بعد خبر۔ ایک اور طرح بھی ترکیب اس جملہ کی ہو سکتی ہے۔ ہر کہ موصول متضمن معنے شرط۔ عمارت نوساخت ورفت و منزل الخ معطوف ومعطوف علیہ اسکی جزا۔ بعض ہیا بجیون کا اس شعر پر اعتراض ہے کہ "بہت سے بچے پیدا ہوتے ہین مرجاتے ہین پس عمارت نوساخت کا مفاد بخوبی سمجھ مین نہین آتا" اس قسم کے اعتراض قابل التفات نہین عمارت نوساختن یعنی نو آباد کرنا مراد اس آبادانی سے دنیا مین وجود نو کا پانا ہے۔ یعنی جو کوئی دنیا مین آیا اپنے قدم سے اُس مین ایک نئی آبادی لایا جب وہ مرگیا اس منزل کو جو دنیا ہی اور دونکے لیئے خالی کر دیا۔ ان معنوں کی رو سے لفظ ہر کی عمومیت پورے طور سے ثابت رہ سکتی ہے کیا حیوان کیا نبات کیا جماد وغیرہ وغیرہ۔ ہان کہ موصولہ جو ذوالعقول کے لیئے موضوع ہے تغلیباً لشرافۃ العاقل بولا گیا اور یہ تکلف فقط ہر کی عمومیت سنبھالنے کی خاطر کیا گیا اور جو معنی ہم پہلے بیان کر آئے ہین اُس مین کوئی تکلف نہین معہذا اگر لفظ ہر کا اندیشہ تھا تو اُسکو عمومیت حقیقیہ کے لیئے لینا کیا ضرور ہے بلکہ عمومیت عرفیہ مراد ہو سکتی ہے واللہ اعلم بالصواب اور بہت جاے عمومیت حقیقیہ کے لیئے بھی آتا ہے فردوسی علیہ الرحمۃ جنگ رستم وخاقان[۱۹۴] مین زمزمہ سنج ہین **شعر** جہان را بلندی وپستی توئی ٭ ندانم چہ ہر چہ ہستی توئی ٭ یہ بات بعض مورخین کے نزدیک مشہور ہے کہ فردوسی کا یہ شعر مقبول بارگاہ صمدیت ہوا جو موجب اُنکی نجات کا ہوا لیکن بنظر انصاف دیکھا جاے نظامی علیہ الرحمۃ کا شعر ۵ پناہ بلندی وپستی توئی ٭ ہمہ نیستند ہر چہ ہستی توئی ٭

مین کس غضب کی بلاغت کوٹ کوٹ کر بھری ہے چونکہ یہ شعر اپنے ماقبل و مابعد سے مربوط ہے بغیر تشریح اشعار ماقبل و مابعد لطف حاصل نہوگا۔ مختصر عرض کرتا ہون ۵ خدایا جہان پادشاہی ترا ست * زما خدمت آید خدائی ترا ست * خدا یہ صیغہ فاعل ترکیبی کا ہے از روے لفظ مرکب ہے خود اور آ سے جو امر ہے آمدن کا چونکہ کثرت استعمال تخفیف کو مقتضی ہے واو حذف ہوگیا اور یہ قاعدہ ہے کہ الف اور واو مدہ کے بعد خاصکر افعال مین یاے تحتانی جوازاً بڑہا دیا کرتے ہین اور ترکیب کے وقت تحمل حرکت کے لیئے وجوباً ۵ جیسے آی و گوی اور آ و گو اور آید و گوید اور یہان بھی بوجہ ترکیب حرف ندا زیادتی وجوبی ہے اور اسکے جزو ثانی صیغہ امر کی فعلیت سے حدوث کا شبہ محض وہم ہے۔ قابل التفات نہین معہذا جب تک کہ اُسکے فعلیت کا لحاظ بلکہ لحاظ اُسکی ترکیب سے اُٹھا کر شئے واحد نکر دیا جاے معنی فاعلیت ترکیبی کے پیدا نہین ہوتے اسیواسطے یہ ترکیبی صیغے صفات کے مساوی سمجھے جاتے ہین اور اسماء صفات مین کوئی حدوث کا قائل نہین ورنہ واجب بھی اسم صفت ہے واللہ تعالے اعلم بالصواب اور ندا کے لیئے فارسی مین ای بالکسر کثیر الاستعمال ہے تو ما سوا اور حروف ندائیہ کے الف کا اختیار کرنا حدیث شریف کل امر ذی بال لم یبدء ببسم اللہ فہو اقطع کی امتثال مین جھپٹنا ہے اسواسطے کہ جو لفظ پہلے زبان سے نکلے وہ نام خداوند عظم شانہ نکلے بخلاف اور حروف ندائیہ کے کہ اُن مین بوجہ تقاضاے صدارت یہ بات ممکن نہتھی معہذا چونکہ شیطان انسان کا عدو مبین ہے ہر طرح سے اُسکے اہلاک اور نجات کی راہ زنی کے درپے ہے تو سواے اسکے کہ اُس خداوند غالب و قاہر جلّ و علا کے حریم حمایت و حماے حضور مین ہوکر پناہ گزین ہون دشمن سے امن پانے کی کوئی صورت نظر نہین آتی تو پہلے ہی بصیغۂ حاضر افتتاح کلام کیا اور دعواے جہان بادشاہی کو بلباس خطاب جو جواب ندا ہے بیان کیا اور یہ مصداق تعوذ ہے سبحان اللہ العظیم کس بلاغت سے ان ہر دو مضمون تعوذ و تسمیہ کو ایک عبارت مین بیان فرمایا۔ جہان بالفتح بمعنے عالم و روزگار تحقیق اسکی صفت مشبہ کے بیان مین آویگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ پادشاہی بقاعدۂ تبدیل پادشاہی سے پادشائی کرلیا یا بقاعدہ حذف گیا و گیاہ گواہ و گوا ۵ جیسے سعدی رح شعر

پسران وزیر ناقص عقل * بگدائی بروستا رفتند * روستازادگان دانشمند * بوزیری بادشا رفتند *

فردوسیؒ شعر چو دستور باشد مرا بادشا * ازیشان سوارے نمانم بجا۔ بعد حذف ہا وقت الحاق

[illegible]

[illegible]

۴ واضح ہو کہ لفظ خدا کا استعمال باعتبار مفہوم ترکیبی بمعنی واجب الوجود مین حقیقی ہے جیسے نظامی رح نے کہا ہے شعر بین اور صاحب و حاکم کے معنی مین اسکا استعمال مجازی ہے اسی وجہ سے اس معنی ثانی مین بلا اضافت نہین لایا جاتا فردوسیؒ کا شعر ہے ... خدای ... زال زابل خدای ...
مسند ۱۲

۵ مگر بعض مواضع مین بحکم ضرورت بغیر یاے کے مستعمل ہونا جیسے پاش و روت بجاے پایش و رویت اور جو بار بجاے جوے بار ہماری تحقیق کے منافی نہین ۱۲ مسند

۵ امیر خسرو رح شعر
بر فن شان گرچہ روانی دہد
سستی ہر بیت گرانی دہد
۱۲ مسند

یاے مصدری تحمل حرکت کے لیئے ہمزہ بڑہا دیا غرض یہ جملہ جہان پادشائی تراست دعوی ہے اور
لفظ تراست مین راء بجاے لام جارہ کے تخصیص کا کلمہ ہے اب اس دعوی پر دلیل لاتے ہین چنانچہ
اخیر مین خود فرمایا ہے۔ چو شد حجت بر خدائی درست + زما جار مجرور متعلق آید کے اور تقدم ظرف کا
اپنے متعلق پر مفید حصر۔ آید فعل ناقص بمعنے ہونے کے یا فعل تام بمعنے مشہور۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ
اس موقع مین اظہار خدمت جو عین عبادت ہے بیجا ہے معہذا علت یعنی اثبات دعواے جہان پادشائی
مین اسکو کیا دخل اور ما سے اکثر اپنے بنی نوع مراد ہوتے ہین کسیلئے کہ وہ قریب ہین تو حصر خدمت
یعنی عبادت در نوع انسان کب روا ہے جب ماخلقت الجن والانس الا لیعبدون آیا ہے اگر شرکاے
جنس عالی مراد ہین تو بیشک کل مخلوقات کی خدمتگزاری ظاہر ہوگئی لیکن فقط سب مخلوق کی
خدمتگزاری دلیل بادشاہت نہین ہوتی" جواب ان باتونکا یہ ہے کہ جب انسان سب سے اشرف ہوکر
خدمتگزار ہوا تو جمیع مخلوق اُسکے ضمن مین تبعًا و قہرًا آگئی اور زما کا تقدم مقتضی حصر ہے اور حصر مطلق
یعنے حصر کلی وہی ہے جو لزوم مساوی کے درجہ مین ہو جیسے ہم خدمت کے ساتھ مقصور ہین ویسے
ہی خدمت ہمارے ساتھ مقصور ہے تو خلاصہ اس لزوم کا یہ نکلے گا کہ عبودیت ہمارا حصہ ہے اور
ہم عبودیت ہی کے لیئے ہین تو ظہور عبادت فعلی و قہری کا ہم مخلوقات ہی سے ہوگا۔ مولوی معنوی
شعر تاج ازان اوست وآن ماکمر + واے او کز حد خود دارد گزر + پس ظاہر ہے یہان مقصود اظہار
عبادت نہین بلکہ اظہار عبودیت ہے اور نیز یہ بھی واضح ہوگیا کہ اگرچہ یہ جملہ مستقل دلیل نہین لیکن
اس سے بالکل الگ خارج بھی نہین غرض یہان تک تو یہ بات معلوم ہوئی کہ شرکاے جنس عالی یعنی مخلوقات
مین سے کوئی لایق پادشاہت و حکمرانی نہین۔ حکمرانی اور بادشاہت کے لایق ایسی ذات چاہیئے
کہ کسی کے احسان و منت کا وہ مرہون نہو سوسب سے پہلے اور سب احسانون کا کشکول اعطاے
وجود ہے اسواسطے کہ کل احسانات معادی اور معاشی اسیکے وسیلہ سے ہین تو بیشک وہی پادشاہ ہے
جو خود آیندہ ہے اپنے وجود با جود مین وہ کسیکا محتاج نہین لیکن اس ثبوت کو فقط خدائی تراست
پر اکتفا نکیا بلکہ اپنی خدمت کو بھی ساتھ لیا بلکہ مقدم اسیکو کیا کسواسطے کہ حکمرانی اور پادشاہت جانب
محکوم توجہ قوی رکھتی ہے اور دوسرا یہ کہ معرفت کی تجلیات مین جب سالک داخل ہوتا ہے تو آنکو
اُن تجلیات کے الوان مین ملون پاتا ہے جیسے رنگین آئنون کی قندیل کا عکس بحسب رنگ آئینہ ہوتا۔

عہ اس لفظ کا خود اور آئندہ سے بنا اور اس سے اس معنی ... [illegible]

یعنی جس شئے پر وہ عکس پڑیگا وہ بھی اُسی رنگ مین نظر آویگا پس اپنی غفلت اور قصور ادراک سے
یقین کر بیٹھتا ہے کہ یہ اُسکا اصلی رنگ ہے یہ حال ارباب سلوک پر مشاہد ہے چنانچہ حضرت منصور
قدس سرہ کا انا الحق کہنا اسی قبیل سے ہے تو پہلے ہی اپنی غلامی کی سند حاصل کر لی تا ہر وقت
پیش نظر ہے لیکن اُس خداوند جل وعلا شانہ کا خود موجود ہونا اور و نکے وجود بخشش کو مستلزم نہین
تھا تو فرماتے ہین ؎ پناہ بلندی و پستی توئی ٭ ہمہ نیستند ہرچہ ہستی توئی ٭ پناہ سے یہان
مابہ القیام مراد ہے یعنی مابہ القیام پستی وبلندی توہی ہے کیا معنی کہ قیام پستی وبلندی کا تجھی سے
ہے اور بلندی و پستی سے عطف وصف کلی مراد ہے اور وصف کلی سے اُنکے جمیع موصوفات مراد
ہوتے ہین یا یہ کہ دو متضاد کو ذکر کر کے جمیع افراد مراد لیتے ہین ۔غرض ہر ایک کا مابہ القیام وہی ذات
پاک ہے اُسکا کوئی مابہ القیام نہین وہ خود بخود ہے کہ خدا ہے ۔ اور پناہ کے ظرف کو حذف کر دیا یعنی
کس امر مین وہ پناہ ہے نہین بیان کیا اس سے معلوم ہوا کہ ہر شے کے لیئے ہر امر وجود و بقا وغیرہما مین
وہی پناہ ہے یعنی ہر شے کا ہر امر مین وہی مابہ القیام اور محتاج الیہ حقیقی ہے تو خود بخود آنیوالا بھی وہی
ہوگا اور سب اُسکے وجود باجود سے مستفیض ورنہ محتاج ہوگا نہ محتاج الیہ حقیقی پس جب ہر شئے ہر امر مین
اس درجہ کو اُسکی محتاج ہوئی تو پھر اُسکو ہست ہی کیا کہیئے حقیقت مین وہی ہست ہے تمام اُسکے
آگے نیست ہین اب ہمہ اوست کہیئے یا ہمہ از وست سب درست ہے یہ جادہ نہایت اسلم ہے بڑی
بات آمین یہی ہے کہ اختلاف فریقین سے مبرا بدرجہ اتم ہے اور عموم افراد کے لیئے تخصیص بلندی
و پستی کی محض برعایت ہر دو مقام معبودیت وعبدیت یعنی خدائی وخدمت ادائی سابق الذکر ہے اور
ہستی ایک صیغہ نہین بلکہ ہست سے اور اُس یا سے مرکب ہے جو بجاے فعل ناقص مخاطب کے
مستعمل ہوتا ہے یعنی موجود ستی ۔ ممکن ہے کہ ہستی حاصل مصدر بمعنی وجود مبتدا ہو اور خبر اسکی محذوف
یعنی ہستی ست اور مبتدا خبر کے ساتھ ملکر صلہ موصول کا اور موصول وصلہ ملکر ہر دو تقدیر پر مبتدا
اور توئی اسکی خبر ہان اتنا شبہ باقی رہیگا کہ تقدیر اول پر صلہ اور خبر کے دونون عائد خطابی ہین
اور موصول غائب ہے تقدیر ثانی مین عائد خبر خطابی ہے اسکی نظائر بہت سی ہین اس قسم کے
طالب العلمانہ شبہات سے جو اُنکے زمانہ مین ہوئے "یاران شعر مراد مدرسہ کہ برد" فرمایا لیکن اس
ثانی تقدیر پر ثبوت مطلب بطریق مذہب حکما ہوگا کیا معنی کہ یہ لوگ وجود باریتعالی کو عین ذات مانتے ہین

یعنی وہ جو عین وجود ہے تو ہی ہے چونکہ ثبوت مدعا الفاظ شعر سابق سے بصراحت نہ تھا تولف ونشر معکوس کیطرح پہلے عموم تضادی کو اور پھر مفاد لفظ پناہ کو بصراحت بیان فرماتے ہین تاطبائع دقت پسند وسہل طلب ہر دو لطف اندوز ہون ؎ ہمہ آفریدی ز بالا وپست ✦ توئی آفرینندۂ ہرچہ ہست ✦۔ آفریدن کسی شئے کو عدم سے وجود مین لانیکا نام ہے پناہ کی تحقیق مین معلوم ہو چکا کہ ہر شئے کا مابہ القیام وہی ہے تو وجود وبقا کی پناہ بھی اُسی سے ہے اور جو مابہ القیام وجود شئے کا ہوگا وہی خالق شئے ہوگا تو اُسکو ہمہ آفریدی کہنا درست ہوا لیکن فقط وجود کی پناہ پر کفایت کرنا اس وجہ سے ہے کہ خلق شئے اُس شئے کے اور حالات سے اقدم اور اصل اعظم ہے۔ ز بالا وپست سے ہمہ کے بیان ڈالنے مین یہی عموم تضادی پر تنبیہ ہے اور اس بات پر بھی متنبہ کرتے ہین کہ جیسے وہ اوصاف کو پیدا کرتا ہے اُنکے موصوفات کو بھی پیدا کرتا ہے تو اُسکو توئی آفرینندۂ ہرچہ ہست کہنا درست ہوا غرض نتیجہ یہ نکلا کہ اعراض وجواہر سب کا جن جن پر ہست کا اطلاق آتا ہے تو ہی آفرینندہ ہے پس توئی آفرینندۂ ہرچہ ہست خدائی تراست کے مساوی ہے اور ز بالا وپست مین ز کو ابتدائیہ بھی کہہ سکتے ہین اس صورت مین ہمہ کی عمومیت بقرینۂ ز بالا وپست مقصر ماسوائے بالا وپست مین رہیگی اور بالا وپست سے آبائے علوی وامہات سفلی مراد ہونگے اور ہمہ آفریدی سے تخلیق موالید ثلثہ کا ذکر ہوگا لیکن پھر کلام آفرینش ابوین وعالم مجردات ومرکبات ناقصہ مین رہیگا کہ انکا آفرینندہ کون ہے سو کہدیا توئی آفرینندۂ ہرچہ ہست اور یہ دلیل فقط زبانی جمع خرچ اور معقولی ڈھکوسلے نہ سمجھے جائین سو برعایت اسی بالا وپست کے مشاہدات سے تمثیلاً ثابت کرتے ہین ؎ توئی برترین دانش آموز ناک ✦ ز دانش قلم رانده برلوح خاک ✦ برترین صیغۂ تفضیل صفت دانش کی آموزناک مین لفظ ناک نسبت فاعلی کے لیئے بمعنی آموزگار لیکن محقق اُستاد یہ ہے کہ یہ کلمہ مبالغۂ فاعلیت کے لیئے آتا ہے جیسے زار وستان مبالغۂ ظرف کے لیئے آتے ہین یعنی بہت دانش سکھلانیوالا ز دانش یا تو یون کہیئے کہ بیان قلم ہے یا بیان قلم راندن جو ضمن مین قلم رانده کے ہے۔ دانش حاصل مصدر دانستن بمعنی علم بقرینۂ آموز اور یہ اشارہ ہے بجانب ارشاد خداوند جل وعلا شانہٗ عَلَّمَ اٰدَمَ الآیہ جو باعث برتری وتفوق بر ملک تھا پس لفظ برترین کا یا تو اسواسطے بیان کیا گیا کہ جو علم باعث برتری ہو وہ خود برتر ہے۔ برترین مین یا ونون مبالغۂ صفت کے لیئے یعنی اُس علم کا مادہ اور اصل برتری ہے جس سے وہ علم ہمہ تن

برتری ہوگیا اور پھر یہ برتری رتبہ کیفیت مین ہوگی جیسے ظاہر ہے یا کمیت وتعداد مین یا کیفیت وکمیت ہر دو مین یعنی اورون کو چند چیزون کا علم دیا گیا تھا اور حضرت آدم علےٰ نبینا وعلیہ السلام کو بہت سی چیزون کا اسواسطے کہ یہ بات ظاہر ہے کہ فرشتے قبل اسکے جاہل محض نہ تھے ورنہ قبل از خلقت حضرت آدم علیہ السلام خطاب آلہی سے کیونکر شرفیاب ہوتے معلوم ہوا کہ علم تھا مگر جیسا اور جتنا کہ حضرت آدم علےٰ نبینا وعلیہ السلام کو علم حقائق ومعرفت ذوات وخواص واسماے اشیاء واصول علم وقوانین صناعات وکیفیت آلات القا کیا گیا تھا نتھا کیا معنی کہ منظور انکو اپنا خلیفہ بنانا تھا تو ہر چیز کی معرفت وعلم دیا گیا تا کار خلافت سرانجام پاوے بلکہ تعالےٰ شانہ نے اپنے دست قدرت سے اُس کالبد خاکی کے ایسے قواے متبائنہ واجزاے مختلفہ رکھے کہ جو مستعد الادراک معقولات ومحسوسات ومتخیلات وموہومات کا ہوا یہانتک کہ ہنوز روح پائین بدن مین نہین پہونچی تھی کہ بمجرد عطسہ شکر آلہی مین الحمد للہ فرمایا اور علم آموزی سے علم آموزی حضرت آدم علےٰ نبینا وعلیہ السلام لینا بقرینۂ لوح خاک ہے غرض مولانا نظامی رحمہ اللہ فرماتے ہین تو ہی حضرت آدم علیہ السلام کا آموزگار علم عالی ہے اور تو نے ہی لوح خاک پر حرف علم کے لکھے اس سے وہی اجزا وقوی متبائنہ ومختلفۂ مستعدۃ الادراک مراد ہین یا یہ کہ علم آموزی ولوح خاک مین تخصیص حضرت آدم علیہ السلام کی نکرین بلکہ بوسیلہ آپ ہی کے مطلق ذات انسان کے لیئے یہ حکم ثابت کردین۔ واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب غرض اُس ذات پاک کے خود بخود ہونے پر جو جزو دلیل خدائی تراست کا مفاد ہے حجت پوری ہوگئی تو دلیل پوری ہوگئی پس دعوی اُسی کے ساتھ بادشاہی جہان کے اختصاص کا ثابت ہوگیا تو کہتے ہین ؎ چو شد حجتت بر خدائی درست * خرد داد بر تو گواہی نخست * یعنی جب حجت تیری خدائی پر پوری ہوگئی تو عقل نے تسلیم کرلیا پہلے تیری گواہی دی کہ بیشک بادشاہی جہان تجھی کو سزاوار ہے۔ تخصیص خرد اسواسطے کہ وہ مدرک کلیات وجزئیات ہے تطبیق دلیل وتصدیق دعوی اُسیکا منصب ہے گواہی صفات وذات خداوندی کی عین ایمان ہے موجب سعادت دوجہان ہے اور یہ دولت سرمدی جسکو حاصل ہو وہ بےشک قابل شاباش وآفرین ہے دوسرا ساتھ ہی اسکے یہ شبہ گزرتا ہے کہ خرد کوئی خود بخود اور مستقل مستعد بنفسہ شئے ہے جو دلائل وحجج پر نظر کرکے اُسکی گواہی دینے کی قابلیت اپنے آپ رکھتی ہے کیا ضرور ہے

کہ وہ قابلیت بھی عطا کردۂ لم یزلی ہو تو کس خوبی سے دونون مضمون کو ایک عبارت مین ادا کرتے ہین ؎ خرد را تو روشن بصر کردۂ ✤ چراغ ہدایت تو بر کردۂ ✤ یعنی ایک تو خرد کی مع روشن بصر کے ساتھ۔ دوسرا روشن کنندۂ بصر خرد اُسی خداوند پاک کا ہونا۔ را۔ یا تو اضافی یا مفعولی درصورت اولی بصر مضاف خرد مضاف الیہ۔ مضاف مع مضاف الیہ مفعول اول کردۂ اور جب کہ خرد کو قابل مدح پایا اُسپر توجہ تام کی صدر نشین بیت اُسکو بنایا لیکن فقط روشنی بصر کوئی کام نہین دیتی۔ جب تک چراغ ہدایت کی روشنی آگے نہو بڑے بڑے حکیم شہادت سے محروم مر گئے گمراہی کی اندہیری مین سہاسے بدتر گزر گئے۔ چراغ ہدایت باضافت بیانیہ ہدایت کے بہر دو معنی مشہور یعنی راہ مطلوب نمودن یا بمطلوب رسانیدن یہان ممکن۔ بر کردن بمعنی بلند کرنے کے مجازاً اُسکو مطلق روشن کرنا کہدیتے ہین اسواسطے کہ جو چیز جسقدر بلندی پر روشن ہوگی اُسیقدر دور دور تک پرتو افگن ہوگی اِسی واسطے بجلی کی چمک تمام عالم پر نہین ہوتی ستارون کی دمک بشرط محاذات تمام عالم پر ہوتی ہے یعنی چراغ راہ نمائی کو تونے ہی اوپر سُلگا دیا کہ مثل آفتاب کے عالمتاب ہے چاہے کوئی شپر چشم اُسکو ندیکھے اب یہ معنی ہوئے کہ خرد کو تونے روشنی بصر دی اور چراغ راہ نمائی بھی آگے کر دیا تو وہ راہ یاب ہوئی ۔۔ یا بر بمعنی نزدیک بتقدیر مضاف الیہ یعنی برش کردۂ یا براو کردۂ۔ یا بر کردن بغیر تاویل مطابقۃً روشن کرنے اور چراغ سُلگانے کے معنی جسکا ترجمہ مطابقی ہندی مین بالنا ہے۔ چنانچہ امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ چراغ کی پہیلی مین فرماتے ہین ؎ جب بالا تہا سب کو بہایا ✤ جب بڑا ہوا کام نہ آیا ✤۔ غرض قطع نظر نکات معنویہ و بلاغت ادبیہ کے شہادت توحید مین جو عین ایمانی اعتقاد ہے حکم تیقنی ضروری ہے ایسے موقع مین ندانم چہ بمقابلہ ہمہ نیستند جیسا کچھ ہے وہ ظاہر ہے وَاللّٰہُ تَعَالٰی شَانُہٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ه

جاننا چاہیئے کہ لفظ ہر کو موصولیت مین کچھ دخل نہین محض تعمیم کے لیئے آتا ہے یہ بات شیخ شیرازی کی شعر سے صاف ظاہر ہے **شعر** دگر کشور آباد بیند بخواب ✤ کہ دارد دل اہل کشور خراب ✤ **ولہ** حرامش بود نعمت بادشاہ ✤ کہ ہنگام فرصت ندارد نگاہ ✤ اور جس موصول پر کہ ہر داخل ہوتا ہو اُسکے عائد کا مفرد اور جمع لانا دونون جائز ہے۔ نظامی علیہ الرحمہ کا شعر ہے **شعر** ہمہ آفریدی زبالا و پست ✤ توئی آفرینندۂ ہرچہ ہست ✤ **ولہ** اے کارکشائے ہرچہ ہستند ✤ نام تو کلید ہرچہ بستند ✤

موصول پر لفظ ہر آتے ہوئے عائد کا مفرد و مجموع لانا جائز ہے۔

عائد کے صیغۂ جمع ہونے سے لفظ ہر کو کل مجموعی نہ سمجھنا چاہیئے بلکہ یہ صیغہ جمع کا خود افرادی ہے اور جمع افرادی مین ہر ہر فرد جدا جدا مراد ہوتا ہے۔ بعض وقت یہ لفظ محض تکثیر کا فائدہ دیتا ہے فردوسیؒ جنگ افراسیاب و کیخسرو کے بیان مین پشنگ کی ستایش کرتے ہین شعر بلشکر چنو نامدارے نبود ✤ بہر جاے چون او سوارے نبود ✤ اے در ہیچ جا۔ اور یہی کہ و چہ استفہام کے لیئے بھی آتے ہین جیسے عربی مین مَن و ما استفہامیہ قرار پاتے ہین انوری کا شعر ہے شعر کہ بر فروزد ہر بامداد مطلع صبح ✤ کہ بر فرازد ہر شب بقصد صبح شفق ✤ اور لفظ چہ کبھی استخبار کے لیئے بھی آتا ہے اور یہ استخبار کبھی کثرت کے لیئے ہوتا ہے۔ نظامی علیہ الرحمۃ سکندرنامہ بحری کے سبب نظم کتاب مین فرماتے ہین شعر زیک قافیہ چند زائد سخن ✤ چہ خرما کشاید زیک نخل بن ✤ اسیو جہ سے لفظ چند جو حقیقت مین چہ واند سے مرکب ہے استخبار کے لیئے بھی استعمال کیا گیا ہے جیسے کنایات کی بحث مین مذکور ہوا۔ لیکن کہ کا ذوالعقول کے لیئے اور چہ کا غیر ذوالعقول کے لیئے استعمال کرنا باعتبار حقیقت ہے بعض وقت مجازاً اسکا خلاف بھی آجاتا ہے۔ امام سخن سعدی علیہ الرحمہ کا نیک بخت کیست و بدبخت چیست فرمانا اسی بنا پر کسی نکتہ کے لیئے مجازاً مستعمل ہے یعنی بدبختون کو لاتعقل شمار کیا نہایت ذلیل و خوار کیا یعنی کہ وہ کم عقل اپنے اندوختہ مال و متاع سے بغیر نفع اُٹھائے خست کے ساتھ گزر گئے بے سمجھی سے چھوڑ کر مر گئے۔

اور نیز چیست حقیقت شے کے سوال کے لیئے بھی آتا ہے خواہ وہ حقیقت ادعائی ہو خواہ حقیقی اول جیسے یہ شعر ؎ چیست دانی بادۂ گلگون مصفا جوہرے ✤ حسن را پرورد گارے عشق را پیغمبرے ✤ اسواسطے کہ مصفا جوہر ہونا بادہ کی حقیقت واقعیہ نہین اُسکی ادعائی ماہیت ہے۔ ثانی یعنی ماہیت حقیقی جیسے انسان چیست زندہ گویا اور اصل اس یاے تحتانی کی جو چیست و کیست مین ہے ہمزہ مفتوحہ ہے اور ہاے مختفی جو انتہاے حرکت و اتمام کلمہ کے لیئے لائی گئی تھی بوجہ عدم ضرورت حذف کر دی گئی اور کبھی بحکم ضرورت حرکت فتحی ہمزہ کی اُس یاے مبدلہ پر بحال رکھتے ہین۔ مولاناے روم قدس سرہ فرماتے ہین۔ شعر این دران حیران شدہ کان بر چِیست ✤ ہر چشندہ آن دگر را نافی ست ✤ ولہ رب اعلی گرو نیست اندر جلوس ✤ بہر یک کرمی چِیست این چاپلوس ✤ اور چہ ہست بھی یہان بن سکتا ہے لیکن یہ مروی نہین۔ اور یہی کہ و چہ اسماے اشارہ کے ساتھ بھی ہوتے ہین۔ نظامی رحمہ اللہ علیہ کا شعر ہے ؎ پناہ بلندی و پستی توئی ✤ ہمہ نیستند آنچہ ہستی توئی ✤ بمعنی ذلک الذے

اور بعض محققین کی یہ راے ہے کہ یاے مجہول بھی اسماے موصولہ سے ہے بمعنی الذی لیکن اسکے ساتھ یہ شرط بھی لگانی پڑے گی کہ بغیر اتصال کسی اسم کے اسکا تنہا مستقل آنا متصور نہین یہ شرط ظاہر البطلان ہے اور نیز اسکے صلہ مین دو رابط کا ہونا واجب ہوگا ایک تو ضمیر دوسرا کاف - اور بعض صہباکش خمخانۂ تحقیق کی راے جہان آراے اُس اسم کے موصول ہونے پر آئی ہے کہ جسکے ساتھ اُس یا کا اتصال ہے پس اسوقت موصول کوئی ایک خاص اسم نرہا بلکہ جس پر وہ یا اور کاف آئیگا وہی اسم موصول نام پائیگا چنانچہ انہون نے مثال دی ہے کسیکہ عاقل ست سخن ما گوش کند اس مین لفظ کس موصول ہوا اور بنام خداے کہ جان آفرید مین لفظ خدا اسی طرح ہر ایک اسم جو ملحق بہ یا ہوگا موصول بنجائیگا پھر موصولات کا مبہم ہونا بھی باطل اور لغو ہو جائیگا - میرے نزدیک حق پوچھو تو موصول نہ وہ یاے ملحقہ ہے نہ وہ اسم ملحق بہ یا بلکہ وہی کہ ہے جسکو ہم اوپر بیان کر آئے ہین اور یہ اپنے صلہ کے ساتھ ملکر صفت اُس اسم کی جسکو انہون نے موصول مانا ہے - نظامی رح **شعر** کرا باز گو نہ بود پیرہن ؛ نہ حاجت بود بازگشتن بہ تن ؛ کرا بمعنی لمن - اور یہی کاف بمعنی اسم کے اکثر تنکیر کا کام دیتا ہے سعدی علیہ الرحمۃ کا شعر ہے ؎ کرا جاودان ماندن امید نیست ؛ کہ گیتی ہمین جاے جاوید نیست ؛ یہان دو بات یاد رکھنے کے لایق ہین ایک تو یہ کہ اس کہ کا غیر عاقل کے لیئے بھی مستعمل ہونا جیسے نظامی علیہ الرحمہ فرماتے ہین **شعر** شمعے کہ نہ از تو نور گیرد ؛ از باد بروت خود بمیرد ؛ دوسرا یہ کہ ہر موصوف پر اس یا کا ضروری نہونا - نظامی قدس سرہ کا شعر ہے **شعر** دوران کہ فرس نہادۂ تست ؛ با ہفت فرس پیادۂ تست ؛ **ولہ** دولت کہ نشانۂ مرادست ؛ در حق تو صاحب اعتقادست ؛ **ولہ** سررشتۂ غیب ناپدیدست ؛ بس قفل کہ بنگری کلیدست ؛ خصوصاً لفظ ہر اور اسماے اشارہ کے بعد مُلّا طاہر غنی رح کا شعر ہے ؎ ہر کس کہ گشت عریان در پیرہن نگنجد ؛ نظامی قدہ **شعر** آن مے کہ چو اشک من زلال ست ؛ در مذہب عاشقان حلال ست ؛ لیکن ان پر یا کا نہ لانا واجب نہین جیسے بعض نے اُسکے عدم کو واجب کہدیا ہے - نظامی رح کا شعر ہے ؎ ہر نیک و بدے کہ در شمارست ؛ چون در نگری صلاح کارست ؛ **ولہ** بر ہر زرہے کہ نیزہ راند ؛ یک حلقہ در ان زرہ نماند ؛ جامی علیہ الرحمۃ کا شعر ہے ؎ بآن موئے کہ میگوئی میانش ؛ بآن سرّیکہ مے خوانی دہانش ؛ بآن نوریکہ تابد از جبینت ؛ کہ دارد ماہ را سر بر زمینت ؛ بلکہ اسم اشارہ اور ہر ایک وقت مین اس یا کے ساتھ جمع ہو جاتے ہین - کسی اُستاد کا

[illegible]

[illegible]

دربارۂ اسم موصول ان اوراق پریشان کے مؤلف کی تحقیق

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اسم اشارہ اور لفظ ہر کے بعد یای توصیفی کا نہین لانا واجب نہین [illegible]

[illegible]

شعر ہے ۵ ہر آن کسے کہ کند پیروی اہل خرد ٭ بہ ہیچ وجہ ملالے بحال او نرسد ٭ اسی طرح ہمہ کے مدخول پر یالاتے ہین اسوقت اُس ہمہ کو کل افرادی کے معنون مین سمجھنا چاہیئے سعدیؒ فرماتے ہین **شعر** چو دست از ہمہ حیلتے درگسست ٭ حلال ست بردن بہ شمشیر دست ٭ جسطرح ہر کبھی کل مجموعی کے معنون مین بولاجاتا ہے سعدیؒ فرماتے ہین **شعر** وقتے افتاد فتنۂ درشام ٭ ہر کس از گوشۂ فرا رفتند ٭ **ولہ** ہمہ کس بمیدان کوشش درانند ٭ ولے گوئے بخشش نہ ہر کس برند ٭ اور ہر کو موکد ہمہ کے ساتھ بھی کرتے ہین امیر خسروؒ **شعر** عالم برحق نہ بتعلیم کس ٭ ہر ہمہ زو یافتہ تعلیم و بس ٭ **ولہ** تخت پدر کز پئے پاے منست ٭ ہر ہمہ دانند کہ جاے منست ٭ نظامیؒ **شعر** بجز مرگ ہر مشکلاتے کہ ہست ٭ بچارہ گرے چارہ آید بدست ٭ کبھی اظہار کلیت افرادی کے لیئے ہر کے مضاف کو مکرر بھی لاتے ہین۔ فردوسیؒ **شعر** زہر گونہ گونہ درخشان درفش ٭ جہانے شدہ سرخ و زرد و بنفش ٭ البتہ بعد ضمائر کے ابدا یا نہین لاتے۔ نظامیؒ کا شعر ہے **شعر** تو کہ جوہر نہ نداری جاے ٭ چون رسد در تو وہم شیفتہ راے ٭ **شعر** سنکہ طرف کلاہ بشکستم ٭ حیدریم قلندرم مستم ٭ نظامیؒ **شعر** ماکہ جزوے زشمع گردنیم ٭ باتو از ہفت پردہ بیرونیم ٭۔ ہمارے اس دعوے کو کہ موصول یہی کاف ہے اُردو کا لفظ جو قوی کرتا ہے چنانچہ خمخانہ کش مصطبۂ تحقیق آرائی سیہ مست بادۂ دقیقہ کشائی مولانا صہبائی علیہ الرحمۃ نے اپنے اُردو قواعد مین لفظ جو کو اسماے موصولہ مین شمار کیا ہے یہ بعینہ ترجمہ کہ کا ہے۔ اور یون بھی کہہ سکتے ہین کہ یہ سب توصیفی جملے ہین چونکہ اوصاف مین اصل افراد ہے یہ کاف جملہ وصفیہ کے سرے پر اسیواسطے لایا گیا ہے تاکہ وہ جملہ قوت مین مفرد کے ہوجاے اور درمیان خبر اور وصف کے ممیز بنجاے۔ اگر صفت خود مفرد ہو اس کاف کی کوئی ضرورت نہین پڑتی۔ اور اس کاف کو موصولہ کہیئے یا موصوفہ اسکا حذف بھی کلام اساتذہ مین آیا ہے مگر بہت کم چنانچہ اس شعر مین **شعر** ما بلبلان بلند نہ سازیم خانہ را ٭ خوش کردہ ایم خانۂ یک آشیانہ را ٭ اے ما بلبلان کہ بلند الخ۔ سراج المحققین آرزوؒ نے جملہ نعتیہ کو بدون کاف کے اوپرا سمجھا اُسکو بیان قرار دیا۔ میرے نزدیک یہ بھی ممکن ہے کہ ما بلبلان مبتدا۔ بلند نسازیم خبر ہو۔ اور مصرع ثانی یعنی خوش کردہ ایم خبر بعد خبر۔ عاطفہ بوجہ صدارت حذف ہوگیا۔ اور اسیوجہ سے صاحب مجالس النفائس نے ریاضی کے اس شعر کو **شعر** بستارہ است در گوش آن ہلال ابرو ٭ زروے

ضمائر کے بعد ابدا یا ئی توصیف نہین لاتے

کبھی اس کاف کو حذف بھی کرتے ہین۔

حسن بخورشید مے زند پہلو ؛ ناپسند ٹھہرایا اسطرح اصلاح دی ۵ زروے حسن دُرگوش آن ہلال آبرو ؛ ستارہ ایست کہ باماہ میزند پہلو ؛ مین عرض کرتا ہون کہ جب اساتذہ کے کلام مین اس قسم کا حذف موجود ہے پھر تاویلات وتسویلات کی کیا ضرورت ہے۔ فردوسی رح فریدون کے محل کی تعریف بزبان قاصد سلم وتور فرماتے ہین ۲۲ شعر چو رفتم بنزدیک ایوان فراز ؛ سرش باستارہ ہمی گفت راز ؛ اے ایوان کہ سرش الخ اوران اشعار مذیلہ مین امام فن تحقیق صاحب قول فیصل کی یہی راے ہے حزین شعر زہر بلبل صداے برنخیزد صید زاغ اولی ؛ ہماے کونہ بخشد دولتے از وے مگس بہتر ؛ اے از ہر بلبل کہ الخ صائب شعر ہر کس فشاند بر من پر شور پشت دست ؛ از جہل زد بخانۂ زنبور پشت دست ؛ اے ہر کس کہ فشاند الخ مولوی معنوی قدس سرہ شعر از جنون مے گشت ہر جا بد چنین ؛ از جہل آن کور چشم دور بین ؛ اے ہر جا کہ بد الخ۔ ہان جب کہ اس کاف کو موصولہ نہ کہین بلکہ ان کے مصدری کی طرح جملہ وصفیہ کا مُاوِّل تسلیم کرلیا جائے وہ اشعار مستشہدہ مزبورہ متاوّل یعنے محذوف الموصوفات سمجھے جائین گے جیسے شعر اے کہ پنجاہ رفت مین منادا محذوف اور یہ صفت مصدرہ بکاف اُسکے قائم مقام اسیطرح شعر کہ دارد دل اہل کشور خراب مین بادشاہی کہ دارد الخ اسیطرح شعر کہ ہنگام فرصت ندارد نگاہ مین ندیمے کہ ہنگام فرصت الخ اسی طرح شعر ہر کہ آمد عمارت نوساخت۔ مین ہر کس کہ آمد الخ محذوف ماننا پڑے گا۔ اور علے الخصوص اوپر کے دونون شعرون کے کافون کو تعلیلیہ قرار دینا اور ارجاع ضمیر فاعل کو سیاق وسباق کے حوالے کردینا یعنی یہ معنے کرنے کہ ملک کو آباد نہ دیکھنے کی وجہ رعیت کا دل دُکھانا اور نعمت شاہ کے حرام ہونے کی علت موقع ومحل کا نہ دیکھنا از قبیل تاویل مالا یرضی بہ القائل ہے اور نیز یہ شبہ کہ درصورت موصولیت کاف ہر کس کہ گشت عریان الخ اور دوران کہ فرس نہادہ الخ اور اسی کی امثال مین درمیان موصوف وصفت کے باعتبار تنکیر وتعریف باہم مطابقت نرہے گی سو یہ کچھ نہین کسواسطے کہ یہ امور اور یہ دقایق خصوصیات کلام عرب سے ہین اور درصورت موصوفیت کاف یعنی یہ کاف محض جملہ وصفیہ کو ماوّل بمفرد بنانے کے لیئے مانا جائے اور موصول نہ سمجھا جاے تو کوئی یہ شبہ کرے کہ مثلاً شعر اے کہ پنجاہ رفت و در خوابی۔ مین منادی موصوف بوجہ ندا کے معرفہ بن گیا اور اُسکی صفت مین جملہ جو قوت مین

۵ فردوسی رح جنگ رستم و خاقان مین فرماتے ہین شعر بینداخت آن تاب داده کمند سران سواران همی کرد بند ؛ اے آن تاب داده کمند کہ سران سواران باو مے بست ۱۲ منہ

کاف کو یا ماوّل غیر موصولہ ماننے کی تقدیر پر اشعار مذکورہ مین تاویل

کاف کے موصول ماننے کی صورت مین اعتراض عدم مطابقت موصوف وصفت من حیث التعریف والتنکیر

نکرہ کی ہے کسطرح درست ہوسکتا ہے اسکا بھی وہی جواب ہے جو درصورت موصولیت کاف بیان ہوامعہذا یہان سرے سے وہ شبہ ہی نہین پڑتا کسواسطے کہ ورود ندا بعد لحوق وصفیت ہے یعنی موصوف مع الصفت منادا کیا معنے کہ اُس شخص سے خطاب ہے جو موصوف بصفت غفلت ہے یعنی کہتے ہین اے غافل مغفل غفلت کو چھوڑ شاید ان باقی پانچ دن کی تجکو مہلت ملجاے وَاللہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب۔

یاد رہے کہ اسماے اشارات اور اسماے موصولہ اس لیئے مبہمات کہلاتے ہین کہ جب تک انکا مشارالیہ اور صلہ بیان نہوگا سامع پر صاف طور سے عیان نہوگا۔

پانچوان وہ اسم ہے کہ جسکی اضافت ان چارون معرفون مین کسی ایک کی طرف ہو اور افاضۂ تعریف کا مضاف الیہ سے مضاف مین بلاواسطہ ہو یا بالواسطہ اول جیسے غلام زید و غلام او و غلام آن مرد اور ثانی یعنی بواسطہ جیسے غلام کسے کہ با ما درش گفتگوے داشت۔ نظامی علیہ الرحمہ کا شعر ہے

شعر توئی آفرینندۂ ہرچہ ہست ﴿ ولہ اے کارکشاے ہرچہ ہستند ﴿ نام تو کلید ہرچہ بستند ﴿

جب اضافت کا نام درمیان آگیا اور نیز میرے اُستاد اطہر رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہدایت بنیاد تھا کہ کچھ اضافت کا بیان قلمی کرون سو اسوقت امتثالاً لامر الاستاد علیہ الرحمۃ جو امر اپنے نزدیک محقق ہے مختصر سا یہان لکھ دیا جاتا ہے۔

الاضافۃ المعنویۃ

جاننا چاہیئے کہ کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ نسبت کرنے کا نام اضافت ہے اور جس چیز کی نسبت کی گئی ہے وہ مضاف کہلاتا ہے اور جس کی جانب کی گئی ہے وہ مضاف الیہ نام پاتا ہے لیکن اس اضافت او نسبت سے دو جدے جدے اجنبی کلمون کو متعین اور کسیقدر متحد کرنا اور حکم یگانگی کا لگانا منظور ہوتا ہے اسیواسطے معنون مین بھی تخصیص اور اتحاد کا کچھ اعتبار کر لیا اور احکام لفظی مین بھی امتزاج کو شمار کر لیا معنوی اتحاد مثلاً اضافت معنوی مین مضاف الیہ اگر معرفہ ہے مضاف مین بھی اُسی درجہ کی معرفت حاصل ہوگی ورنہ تخصیص اور توضیح کا فائدہ کہین نہین گیا ہمارے اتنے کہنے سے اشارۃً یہ بات سمجھ مین آگئی ہوگی کہ ترکیب اضافی کے وضع کرنے سے مقصود تعریف یا تخصیص یا توضیح مضاف ہے پس اگر ان تینون باتون مین سے ایک بات بھی

وجہ اسماے موصول اور اسماے اشارات کے مبہم ہونے کی

معرفہ کی پانچوین قسم

معنوی اضافت کا بیان

ثابت نہوگی تو وہان اضافت بھی جائز نہوگی تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ مضاف یا تو مضاف الیہ پر بالمواطات محمول ہوگا یا نہوگا اگر محمول نہ ہو ہر دو مین نسبت تباٴن کی متحقق ہوگی پھر یہ دو حال سے خالی نہین۔ مضاف الیہ یا تو مضاف کے لیئے ظرف ہوگا یا نہوگا۔ اگر ظرف ہے تو اُس اضافت کا اضافت بمعنی برو در نام ہے جیسے سوارِ اسپ و آبِ کوزہ و سخن امروز و وعدۂ فردا اور اگر باہم ظرف ومظروف کا علاقہ نہین ہے تو اضافت بمعنی برائے و مر ہے۔ اور یہ بھی دو حال سے خالی نہین یا تو مضاف اور مضاف الیہ مشبہ بہ و مشبہ ہونگے یا نہونگے۔ اگر اول ہین یعنی باہم علاقہ تشبیہ کا رکھتے ہین تو چاہیئے مضاف مشبہ بہ ہو اور مضاف الیہ مشبہ نہ اسکا عکس اسکو عرف مین اضافت بیانیہ کہتے ہین۔ بہتر یہ ہے کہ اضافت تشبیہی نام رکھا جائے جیسے گلِ رخسار چشم نرگس۔ مثال اول مین جزو ثانی مشبہ ہے ثانی مین مشبہ بہ اور نقارچی رعد مین انسان بتمامہ مشبہ بہ ہے لیکن یہ بات اس مین اور زیادہ ہے کہ رعد خود نقارہ اور خود نقارچی اور یہان اضافت تشبیہی مین اضافت جمع کی جانب مفرد من حیث المفرد اور مفرد کی جانب جمع من حیث الجمع ممتنع ہے لیکن اُستادون کے کلام بلاغت نظام مین جو وارد ہے جیسے ملا ظہوری کہتے ہین **نثر** گلِ ترانہاے تر بر شاخسار صوت وصدا دماینده۔ بلبل شیراز گلستان مین چہکتی ہے **نثر** کلاہ شگوفہ بر سر اطفالِ شاخ نہادہ" سو وہ مفرد یعنے گل اور شاخ ان امثلہ مین اسم جنس ہین اُنکی یہ شان ہے کہ واحد اور کثیر سب پر بولے جاتے ہین اور یہی تاویل ایک جنس کے دو اسمون کی اضافت مین کیجاتی ہے جب کہ وہ افراد وجمع مین اختلاف رکھین جیسے مردان مرد و جان جانان و بانو بانوان صورت اولی مین مضاف الیہ اور ثانی مین مضاف اسم جنس ہے یعنی مردانِ مردان وجانانِ جانان فردوسی علیہ الرحمہ کا شعر ہی

شعر بگردان لشکرش آواز کرد ✤ کہ اے نامداران و مردانِ مرد ✤ افراسیاب کا غار مین چھپے ہوئے زاری کرنا بیان کرتے ہین **شعر** کجا آن دلیران و مردان مرد ✤ بہ پیشت ستادہ بروز نبرد ✤ فریبرز کے ساتھ نکاح کرنے پر فرنگیس کو راضی کرنے کے داستان مین لکھتے ہین **شعر** وزان پس گو پیلتن پہلوان چنین گفت کاے بانوے بانوان ✤ معنی باعتبار اس تاویل کے ظاہر ہین کہ یہ لوگ اپنی شیری اور دلیری کی وجہ سے مردون کے مرد بنگئے۔ یعنی اور مرد اُنکی گرمی شجاعت کے آگے بمنزلہ عورتون کے سرد بنگئے جیسے فحل آفاق کہتے ہین۔ نظامی **شعر** عروسی چنین شاہ را بندہ باد ✤ بران فحل آفاق فرخندہ باد ✤

اضافت بمعنی برو در

اضافت بیانیہ یا تشبیہی

اضافت تشبیہی مین من حیث الجمع والافراد مطابقت شرط ہے

ایک جنس کے دو اسمون کی اضافت مین حکم

اسی طرح اور جانین بہ نسبت ان جانون کے کثیف ہین تو یہ جانین باعتبار اُن جانون کے جان اور وہ جانین ان کی جسم کے مرتبہ مین ہوگئین ایسے ہی بانوے بانوان لیکن ایک شخص اکیلے پر لفظ جمع کا اطلاق ایسا ہے جیسے قرآن مجید مین سیدنا حضرت ابراہیم علیہ وعلےٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کی ذات واحد پر اُمۃ کا اطلاق آیا۔ نظامی رح سکندر کے دعواے پیغمبری کے سفر کے بیان مین فرماتے ہین **شعر** گزین کرد ہر مردے از کشورے * بمردانگی ہر یکے لشکرے * اور ایکطرح بھی تاویل کرسکتے ہین کہ مضاف مفرد جمع کے معنون مین نہ لیا جاے بلکہ مضاف الیہ جمع کے تعدد سے سمٹکر شے واحد بنجاے پھر اب اس مین دو احتمال ہین ایک تو یہ کہ تمام جانین اپنی نوعیت کے درجہ مین آکر شخص واحد بنگئین۔ اور یہ اُس شخص واحد کے لیئے بمثابہ جان کے ہے چنانچہ اس معنی کو شعر مولوی معنوی قدس سرہ کا وضح کرتا ہے **شعر** عقل عقل و جان جان اے جان توئی * عقل و جان خلق را سلطان توئی * گویا یہان اضافت مجازی ہے۔ دوسرا احتمال اضافت بیانیہ کے طریقہ پر گویا یہ ایک جان تمام جانون سے بنی ہے پس معلوم ہوگیا کہ باعتبار معنی ان مین حمل بالمواطات درست نہو گا گو کہ باعتبار صورت حمل مواطاتی تو کیا عین عینیت ہے خصوصاً جانِ جان مین ورنہ جب کہ اضافت درصورت ساوات بوجہ تحصیل حاصل کے درست نہین درصورت عینیت کب درست ہوگی اور ان ہر دو ترکیبون مین موصوف صفت ہونے کا احتمال بھی ہے پس اس صورت مین ایراد موصوف سے جو وصف مُہتم اور محط نظر قائل کے ہوتا ہے یہ صفت اُسی کی تاکید کر دیتی ہے جیسے مردان مرد یعنی فقط صورت کے مرد نہین واقعی مردی رکھنے والے مردان اسی طرح جان جان وغیرہ یہان ان باتون سے کچھ بحث نہین اور اضافت حقیقی مین یہ تکلفات نامنظور ہین اُسکی ترکیبین ایسی تاویلات سے دور ہین جیسے غلامانِ زید و فلکِ ثوابت بلاتاویل درست ترکیب انکی دلچسپ واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب۔ اگر مضاف مضاف الیہ باہم مشبہ مشبہ بہ نہون بلکہ مناسبات مشبہ بہ کی اضافت جانب استعارہ بالکنایہ کے ہو جیسے پاے فکر ناخن اجل یہان فکر کو جی ہی جی مین حیوان کے ساتھ تشبیہ دیکر مناسبات حیوانیہ مثلاً پاؤن اُسکے لیئے ثابت کیا اور اجل کو درندہ کے ساتھ دل ہی دل مین تشبیہ دے کر اُسکے لیئے ناخن ثابت کیا اور ان مناسبات کے ثابت کرنے کو استعارۂ تخلیلیہ کہتے ہین اس اضافت کا نام اضافت مجازی ہے۔ یا ایسے دو متبائن اسمون مین

اضافت مجازی

اضافت تملیکی۔ اضافت ابنی۔

اضافت واقع ہو جن مین تشبیہ اور استعارہ کا علاقہ نہو اُسکو اضافت بمعنی مرو برا سے کہتے ہین یہ کئی قسم پر ہین۔ آول تملیکی یہ بھی یا تو اضافت ملک کی مالک کی طرف ہوگی یا مالک کی ملک کی جانب جیسے غلام زید وخداوندخانہ وخداے جہان یعنی غلام مرزیدرا وخداوندمر خانہ را۔ دوسری اضافت ابنی سعدیؒ کا شعر ہے **شعر** علے الخصوص کہ دیباچۂ ہمایونش ✤ بنام سعدِ ابو بکر سعد بن زنگیست ✤ اے سعد بن ابو بکر بن سعد بن زنگیست۔ فردوسیؒ **شعر** از ایران بیامد کہ گو پیلتن ✤ فریبرزِ کاؤس و آن انجمن ✤ نظامی رح **شعر** نو آئین ترین شاہ آفاق بود ✤ نیا زادۂ عیصِ اسحاق بود ✤ اے عیص بن اسحاق بود۔ اس سے کوئی یون نہ سمجھ جاسے کہ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان سے لفظ ابن کا محذوف یا مقدر ہے بلکہ اضافت کی تخصیصات مین سے یہ بھی ایک نوع کی تخصیص ہے کہ مضاف کو مضاف الیہ سے ابن ہونے کی خصوصیت ہے اور یہ اضافت بمعنی مرو براے اضافت حقیقی کے لقب سے اسواسطے ملقب ہوئی کہ یہ سب مین اعلے درجہ کی اور اصل اضافت ہے اور جو مقصود کہ اضافت سے ہے وہ اس مین پورا پورا حاصل ہے۔ یہ بھی سُن رکھو کہ غلام زید مین مثلاً غلام زید کے اندر پوری پوری تعریف اُسیوقت ہوگی کہ جب متکلم اور مخاطب مین وہ غلام معہود ہو فقط اپنے مضاف الیہ یعنی زید کے معرفہ ہونے سے کام نہین چلتا کسواسطے کہ ممکن ہے زید کے ہزار غلام ہون پھر بغیر معہودیت فقط غلام زید کہنے سے کیونکر تخصیص وتعیین کرسکتے ہین کہ فلان غلام ہے۔

اگر مضاف مضاف الیہ مین باہم حمل درست ہوگا تو ان دونون مین چار نسبتین متحقق ہونگی اول مساوات خواہ مرادفت مین جیسے مردمِ آدمی و زرِ طلا و طلاے زر۔ خواہ صدق مین جیسے مردم گویا و دریاے آب و پستانِ شیر۔ دوسری اضافت خاص کی عام مطلق کیطرف جیسے شنبۂ روز چونکہ امر مہتم اور مقصود اہم اضافت کا یہ ہے کہ مضاف الیہ سے تعریف یا تخصیص یا توضیح مضاف مین پیدا کرین اور درصورت مساوات یہ امر ممکن نہین۔ بصریئین اضافت کی ان دونون قسمون کو ممتنع جانتے ہین لیکن یہ شعر سعدی علیہ الرحمہ کا **شعر** وجود مردم دانا مثال زر طلاست ✤ کہ ہر کجا کہ رود قدر و قیمتش دانند ✤ نظامی رح **شعر** بفرمان او زرگر چیرہ دست ✤ طلاہاے زر بر سر نقرہ بست ✤ و لہ بمرجان زپیروزہ بنشاند گرد ✤ طلاے زر انگند بر لاجورد ✤ اور یہ شعر فردوسیؒ کا **شعر**

پس آگاہی آمد بافراسیاب * کہ آتش برآمد ز دریاے آب * **ولہ** چنان دیدم اے سرو سیمین بخواب
کہ بودی یکے بیکران رود آب * نظامی رح **شعر** چنان پشہ را بجنگ عقاب * کم از قطرہ دان پیش
دریاے آب * فردوسیؔ کیخسرو کی داستان مین دنیا کی بیوفائی بیان کرتے ہین **شعر** چنین ست
کردار این چرخ پیر * ستاند ز فرزند پستان شیر * متاول ہے اور وہ تاویل یہی ہے کہ زر طلا و طلاے زر
سے یا تو زر و طلاے خالص مراد ہے اسواسطے کہ بہ نسبت جمیع فلزات کے سونا قیمتی شئے ہے اور سونا
بھی باعتبار بانگی اور عیار کے مختلف ہوتا ہے تو اس زر یا طلا مین جو مضاف واقع ہے اور اُس زر یا طلا
مین جو مضاف الیہ ہے ایسی نسبت مانی گئی ہے کہ مطلق زر کو سیم و مس و آہن کے ساتھ ہوتی ہے
تو خلاصہ اس تفوق اضافی کا یہ ہوگا کہ یہ زر خالص ہے یا زر طلا سے در صورت اضافت زر جانب
طلا سکہ طلا مراد ہے چنانچہ زر سیاہ پول و فلوس کو کہتے ہین - محمد قلی سلیم کا شعر ہے **شعر** کردند داغ
کہنہ و نو جمع در دلم * ہمچو زر قمار سفید و سیاہ و سرخ * اور طلاے زر در صورت اضافت طلا
جانب زر سونے کے ورق مراد ہین - چنانچہ یہ معنی کتب لغت مین مصرح ہین اور اسی طرح دریا و رود
کبھی خشک بھی ہوتے ہین کبھی جاری بھی رہتے ہین یہان مضاف الیہ کی ملابست سے اُس
بات کا جتلا دینا ہے کہ وہ دریا و رود کہ جن مین آب موجود ہے اسیطرح پستان کبھی دودھ سے
پر ہوتی ہین کبھی دودھ اُن مین نہین ہوتا چنانچہ شیخ علی حزین خرابات مین قحط کا حال بیان
کرتے ہین **شعر** بطے مے چو پستان نے شیر شد * ز خشکی چو پیکان گلو گیر شد * تو حسرت کے قابل
اُنہین پستانون کا چھنجانا ہے جن مین بچہ کے لیئے دودھ موجود ہے حق یہ ہے کہ یہان دعوے
مساوات ہی سرے سے ٹھیک نہین جسکی تاویل کیجائے ہان اس شعر کی تقریب پر ایک بات
یاد آگئی کہ صاحب حیات سعدی جناب حالی نے جہان آبروے متاخرین حزین کی خرابات اور حضرت
سعدی علیہ الرحمۃ کی بوستان سے ایک ایک حکایت ایک ہی مضمون قحط کی لیکر محاکمہ کیا ہے کہ
حزین نے باوجود اس کے کہ خرابات جو چند اوراق سے زیادہ نہین ہے بوستان سے پانسو
برس بعد لکھی ہے اور جیسا کہ اُس کے بیان سے مترشح ہوتا ہے اپنی پوری طاقت شیخ کے
تتبع مین صرف کی ہے کوئی کرشمہ اُسکی مثنوی مین ایسا نہین پایا جاتا جسکو دیکھکر جی پھڑک اُٹھے
پہلا شعر ~ شنیدم کہ در عہد بہرام گور * نمود از قضا قحط سالی ظہور * ہموار اور صاف ہے اُس مین

اضافت آن و دوا سیمون زر طلا و طلاے زر اور دریاے آب وغیرہ متاول ہین ہین جہاں اور وقت ابود ہین مساوی صدق ہین متنبع سے ہیں

صاحب حیات سعدی کے محاکمہ پر در بارہ بوستان و خرابات کیا گیا ہے مؤلف کتاب کی راے۔

کوئی خوبی قابل ذکر نہین - دوسرے شعر (چو صحراے محشر زمین تفت گرفت * بہ دریوزہ آسمان کف گرفت) مین زمین تفتہ کو صحراے محشر سے تشبیہ دینا تعریف الشئے بالمجہول کے قبیل سے ہے یعنی ایک ایسی تمثیل ہے جو اہل دنیا کی نظر مین قحط کی تصویر کھینچنے سے قاصر ہے صحراے محشر اور تمام اعتقادیات خود تمثیل کے محتاج ہین اُن پر قیاس کرنے سے کسی شئے کی حقیقت نہین کھل سکتی۔ تیسرا شعر (سحاب سیہ دل نشد مہربان * بحال لب تشنۂ خاکیان) بوستان کے اُس شعر سے ماخوذ ہے جو ذوالنون مصری اور مصر کے قحط کے بیان مین شیخ نے لکھا ہے اور وہ یہ ہے **شعر** خبر شد بمدین پس از روز بیست * کہ ابر سیہ دل بر ایشان گریست * مگر اتنا فرق ہے کہ شیخ نے ابر کے برسنے کو رونے سے تعبیر کیا ہے جس سے ترحم اور برسنا دونون باتین ٹپکتی ہین اور حزین نے برسنے کو مہربان ہونے سے تعبیر کیا ہے جس سے دونون معنی ویسے صاف نہین نکلتے - چوتھا شعر (بخیلی نمود ابر بر کائنات * بمہد زمین سوخت طفل نبات) شیخ کے اُس شعر سے ماخوذ ہے **ع** چنان آسمان بر زمین شد بخیل * کہ لب تر نکردند زرع و نخیل * مگر شیخ کے بیان مین اتنا لطف زیادہ ہے کہ کھڑی کھیتی کا خشک ہوجانا زیادہ حسرت ناک ہے بہ نسبت اسکے کہ تخم زمین کے اندر ہی جل جاے۔ پانچوین شعر (ز خشکی در اندام خاک دوتوہ * عروق شجر شد چو رگہاے کوہ) کا دوسرا مصرعہ بہت عمدہ مگر پہلا مصرعہ تکلف سے خالی نہین شعر کا مطلب صرف اسقدر ہی کہ زمین کی خشکی کے سبب درختون کی رگین پہاڑ کی رگون کی طرح سوکھ گئین تھین پس اندام اور دوتوہ کے لفظ کو افادۂ معنی مین کچھ دخل نہین ہے - چھٹی شعر (ز تاب فروزندہ مہر بلند * زمین مجمر و دانہ بودش سپند *) مین صرف یہ بیان ہے کہ آفتاب کی گرمی سے زمین انگیٹھی کیطرح جلتی تھی اور تخم جو اُسپر ڈالا جاتا تھا وہ سپند کا حکم رکھتا تھا پس فروزندہ مہر کہنے سے آفتاب کی گرمی کا زیادہ ثبوت ہوتا ہے تو ہم کہین گے کہ مہر بلند کہنے سے اُسکی گرمی کا خیال کم ہوجاتا ہے اور ایسی دو متضاد صفتین لانی بلاغت کے خلاف ہین - ساتوین شعر (بطِ مے چو پستان بے شیر شد * ز خشکی چو پیکان گلوگیر شد) کا مضمون بالکل خلاف عادت اور خلاف مقتضاے مقام ہے۔ نہ قحط کا یہ خاصہ ہے کہ شراب کی صراحی کو خشک کردے اور نہ صراحی کا خشک ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ قحط کی شدت ہورہی ہے"۔ انتہے۔

میرے نزدیک نہ خرابات کے ان اشعار مین غور و تامل کی نظر ڈالی گئی نہ اس محاکمہ مین انصاف کیا گیا۔ بعض وقت انسان کو اپنی زبان پر چڑھا ہوا یا بار بار کا گوش زدہ کلام بہ نسبت اجنبی اور کبھی ایک آدھ وقت کے سُنے ہوے سخن کے دل پر بھی چڑھجاتا ہے پسندیدہ اور ابلغ نظر مین آتا ہے اس مین شک نہین کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی ان دونون کتابون کی مقبولیت یعنی گلستان بوستان کی عام برگزیدگی کسی کتاب کو جو انکے مقابلہ مین تصنیف ہوئین ہرگز نصیب نہین ہوئی اسکی وجہ یہ نہین ہے کہ کسیکا کلام مایۂ بلاغت و پایۂ فصاحت مین اس حد کو نہین پہونچا بلکہ باوجود ان تمام خوبیون کے شیخ علیہ الرحمۃ کا خلق اللہ کی نصیحت اور خیر خواہی مین بلا رو رعایت نہ کسیکی خوشامد کی تمنا نہ لوم لائم کا خوف اور نہ کسی سے مقابلہ۔ نہ سبقت لیجانے کی آرزو۔ محض صدق عزم و خلوص نیت کو اپنا پیش نہاد خاطر رکھنا بہت بڑا سبب ہے یہان تک کہ خوشامدی شاعرون کی طرح اپنے پادشاہ کی مدح مین مبالغہ کرنا پسند نہین کیا اور صاف کہدیا **شعر** مرا طبع زین نوع خواہان نبود ❊ سر مدحت پادشاہان نبود ❊ پس ایسے شخص کے لیئے قبولیت عالم بالا کی استقبال کرتی ہے ستارہ اسکی پذیرائی اور برگزیدگی کا فلک اعلیٰ سے تمام عالم پر چمکتا ہے اسکی تاثیر کی کشش سے کسیکا دل سرتابی نہین کرسکتا اسکے یہ معنی نہین ہین کہ جو کلام اُسکے مقابلہ مین ہے وہ بحیثیت کلامی قبیح اور معیوب ہے۔ اب ہم خرابات کے ان سات شعرونکی نسبت یہی کہین گے کہ بغیر امعان نظر محاکمہ کردیا گیا چنانچہ ہمنے اوپر حیات سعدی کے صفحہ ۱۳۲ و ۱۴۳ سے بلفظہ اُس محاکمہ کی نقل کردی ہے اگر ذرا تامل اور انصاف سے دیکھا جاے ضرور یہ کہنا پڑیگا کہ پہلا شعر ایسا ہی ہموار اور صاف ہے جیسے شیخ علیہ الرحمۃ کی اکثر حکایتونکے آغاز مین ہے **شعر** شنیدم کہ در وقت نزع روان ❊ بہ ہرمز چنین گفت نوشیروان ❊ دوسرے شعر کا مطلب یہ ہے کہ جب زمین صحراے محشر کیطرح تپنے لگی سب نباتات جو اُسپر تھی جلکر خاک سیاہ ہوگئی زمین ہتیلی کی طرح (جو بال سے خالی[۵] ہوتی ہے) صاف پٹ میدان ہوگئی زمین کی اس حالت سے یون معلوم ہوتا تھا کہ گویا وہ آسمان کے آگے ہتیلی پسار رہی ہے اور زمین تفتہ کو صحراے محشر سے تشبیہ دینے پر وہی شخص اعتراض کرسکتا ہے جسکے دل مین حشر و نشر کا اعتقاد ہنگامۂ رستخیز کی دہشت راسخ نہین قیامت کے شدائد سنتے سنتے ایسا خیال پک گیا ہے کہ برأے العین مشاہدہ ہو

[۵] بلکہ استواد ابنات اُس سے مفقود ہے ۱۲ منہ

عوام تک بے ساختہ اپنے روزمرہ مین کہتے ہین قیامت کی گرمی پڑ رہی ہے یہانتک کہ بمعنی شدت
و بمعنی امر غریب یہ لفظ کنایہ ہوگیا ہے خود شیخ علیہ الرحمۃ فرماتے ہین **شعر** دہی زمانی بہ تکلف بر سعدی بنشست
و فتنہ بنشست چو برخاست قیامت برخاست ؁ کسی استاد کا شعر ہے **شعر** آفتاب از آتشم انگارۂ ؁
صبح محشر از گریبان پارۂ ؁ اسی قبیل سے ہے یہ مطلع ناسخ کا **شعر** مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ
ہجران کا ؁ طلوع صبح محشر چاک ہے میرے گریبان کا ؁ پھر اس تشبیہ کو ویسی تعریف الشئے بالمجہول
قرار دینا غضب ہے قیامت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ تیسرے شعر کا یہ مطلب ہے کہ
جب گدا اگر کسی کے آگے ہاتھ پسارے وہ شخص اگر سخی کریم ہے مہربان ہوگا اُسپر رحم کھائے گا
یہی مہربانی اور ترحم سبب عطا و بخشش کا ہوتا ہے اور مسلمات سے ہے کہ مسبب سبب کا تابع ہوتا ہے
اور جہان سبب کا وجود ہی متحقق نہو وہان مسبب کا وجود کیونکر ہوگا پس اس مین بڑی بلاغت ہے
کہ سرے سے سبب ہی کی نفی کردی خصوصاً سائل فقیر کے ہاتھ پسارنے پر رحم تک نہ کرنیکو بتلانا
بہت دل دُکھاتا ہے زیادہ افسوس مین ڈالتا ہے یہان یہی مناسب ہے نہ گریہ و عطا کی نفی اور
کلام شیخ رحمۃ اللہ علیہ مین جہان فرمایا ہے ''ابر سیہ دل برایشان گریست'' گریستن و عطا کا ثبوت
انسب ہے کیا معنی کہ یہان شہر دین کے قحط زدون پر بارش برسنے کا بیان ہے تو سیاہ دل
سخت جانون کا مصیبت زدگان قحط کی تباہی کو نہ دیکھ سکھکر رو دینے کے ساتھ اُس برسنے کو تعبیر
کرنا بڑا ابلغ ہے معہذا اس قبیل کے گریہ اور بخشش کی علت ترحم ہے تو مقام نفی مین سرے سے
علت شئے کی نفی کردینی جیسے حزین کہتے ہین ابلغ ہے بہ نسبت گریہ اعطائی کے یعنی اگر گریہ اور عطا
کی نفی کرتے نفی ترحم کی بخوبی سمجھ مین نہ آتی کیا معنی کہ ممکن ہے کہ اُسکو رحم آیا ہو مگر ناداری یا اور کسی
وجہ سے عطا نکیا۔ اور شیخ علیہ الرحمۃ کا کلام مقام موجب و اثبات مین ہے وہان اگر فقط ثبوت علت
یعنی بیان ترحم پر کفایت کرتے بے شک اتنا بلیغ نہوتا۔ چوتھے شعر کا محاکمہ تو غضب ہے یعنی یہ
فرمانا کہ ''شیخ کے بیان مین اتنا لطف زیادہ ہے کہ کھڑی کھیتی کا خشک ہوجانا زیادہ حسرتناک ہے
بہ نسبت اسکے کہ تخم زمین کے اندر ہی جلجائے'' مسلم مگر کس لفظ سے تخم کا زمین کے اندر جلجانا مستفاد
ہوتا ہے وہ شعر تو یہ ہے'' بسکہ زمین سوخت طفل نبات'' نبات تخم کو نہین کہتے جس لغت مین
چاہین دیکھ لین ہر درخت اور ہریاول کو جو زمین پر جم آوے نبات کہتے ہین تو کھڑی کھیتی پر بھی

اطلاق نبات کا ہوسکتا ہے لیکن طفل کے لفظ نے بتلادیا کہ ناتمام نارسیدہ درخت اور کھیتیان
مراد ہین گویا اُسی نے بے رحمی اور نامہربانی کا ثبوت دیتے ہین کہ باوجود سائل کے ہاتھ پھیلانے کے
ایسی سیہ دلی کہ ذرہ رحم نکیا یہانتک کہ ننھے ننھے واجب الرحم بچے جنپر ہر کوئی ترس کھاتا ہے افسوس
ہے کہ گہوارے مین جلکر خاک سیاہ ہوگئے۔ ہان البتہ تخم کا زمین مین جلجانا چھٹے شعر سے مستفاد ہے
جہان کہا ہے "زمین مجمر و دانہ بودش سپند" انشاء اللہ تعالےٰ اُس موقع پر عرض کیا جائیگا۔ اور اُسکا پہلا
مصرعہ "بخیلی نمود ابر بر کائنات" اسکے ماقبل کے شعر کی توضیح اور بیان ہے کیا معنی کہ سحاب کی سیہ دلی
اور نامہربانی کا ظہور کس رنگ مین اور کس صورت مین ہوا نامعلوم تھا یا اسقدر برسے کہ گاؤن بہ جائین
کھیتیان گل سڑ جائین یا اس درجہ بارش بند ہوجائے کہ تخم زمین مین جلجائے جمے ہوئے پودے
جلکر خاک ہوجائین اگرچہ اس امر کی جانب لفظ لب تشنہ اور بیان واقعہ خشک سالی سے بخوبی ایما
ہوسکتا ہے مگر پھر بھی توضیح کردی کہ وہ نامہربانی بخل کی زنگی مین نمودار ہوئی ہان شیخ علیہ الرحمۃ
نے بخیلی کو خوب نبھایا کہ ابر بخیل نے زرع و نخیل کو ایک گھونٹ پانی نہ دیا جس سے لب یا حلق انکا
تر ہوتا۔ اور حزین کا سوخت طفل نبات فرمانا اگرچہ سوختِ لازم لازمِ تشنگی ہی کیون نہو بخیلی کے
ضلع کو نبھانے مین قاصر ہے ایسے قصور تو سب مین موجود ہین۔ پانچوین شعر کا یہ مضمون ہے کہ جب
ابر نے اس درجہ بخیلی کی کہ نازک نازک نورس پودھے اور ہریاول جلکر خاک ہوگئے کوئی یہ خیال نکرے
کہ بڑے بڑے درخت بوجہ اپنی پختگی اور زمین کے اندر دور دور تک کی ریشہ دوانی کی وجہ سے
خشک نہوئے ہون اور ایسا ہی ہوتا ہے کہ تھوڑے بہت پانی کے کھنچ جانے سے بڑے درخت
سوکھا نہین کرتے تو اس خیال کی بھی نفی کردی اور کہدیا "ز خشکی در اندام خاک دو توہ ؛ عروق شجر
شد چو رگہائے کوہ ؛" یہان عرق سے اصل اور بیخ اور جڑ مراد ہے رگین اور پتون کی نسین مراد نہین چنانچہ
اس معنی مین اسکا استعمال کثیر ہے جیسے عرق السوس اصل السوس کو کہتے ہین عروق الصفر بھی اسطرح
عروق الاصف۔ بیخ کبر عروق الطیب زرنباد جو ایک قسم کی خوشبودار جڑین ہین اور لفظی ترجمہ بھی
اُسکا بیخ خوشبو ہے عروق بیض بوزیدان کو کہتے ہین وہ بھی سفید سفید جڑین ہین اور لفظی ترجمہ
بھی اُسکا بیخ سفید ہے۔ اور رگ کوہ وہ پہاڑونکی جڑین کہئے یا رگین جو زمین کے اندر اندر
پھیلتی ہین بعض جگہون پر کنوان وغیرہ کھودنے کے وقت اندر سے نمودار ہوتی ہین جیسے

رگ ابر پارۂ ابر کو کہتے ہین جو بادل سے مستطیل اور دراز نکلے ہوئے ہون۔ اندام جسم کو کہتے ہین
جوذی جرم کثیف ہو اور یہ بات بھی معلوم ہے کہ اثر ایک شئے کا جسطرح کثیف اور گاڑہے جسمون مین
دیرپا ہوتا ہے اجسام لطیف مین نہین ہوتا بوجہ لطافت اجزا کے بہت جلد مستحیل ہوجاتا ہے چنانچہ عطریت
کسی شے کی جسطرح موم کی شرکت سے دیر تک ٹھہرتی ہے روغن مین شریک کرنے سے اُس
مدت تک نہین ٹھہرتی اور روغن کی شرکت سے جس مدت تک ٹھہرتی ہے اُسقدر پانی کی
شرکت سے نہین ٹھہرتی اسیطرح ادویہ کی تاثیر بہ نسبت شہد اور قوام شربت کے متفاوت
ہے اسیطرح پانی کی رطوبت کا طول مکث جسطرح خاک کی آمیزش سے ہوگا ہوا وغیرہ مین
رکھدینے سے نہوگا مثلاً پان کو ہم گیلے کپڑے مین رکھتے ہین تا خشک نہو اگر زیادہ دنون تک
رکھنا ہو ریتے کو پانی مین ترکرکے پانون کو اُس مین دبا دیتے ہین پس لفظ اندام سے اسی امر پر
تنبیہ ہے اور اسی امر کی تاکید لفظ دوتوہ سے بھی مقصود ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ گیلے کپڑے
یا ریگ کی ایک تاہ جسقدر دیر ایک شے کو تر رکھے گی دوہرا کپڑا یا دوتاہ ریت سے زیادہ دیر تک
وہ شے تر رہے گی تو اس شعر مین بھی خشک سالی کی شدت اور سختی بیان کرتے ہین کہ درختون
کی جڑین جرم زمین کے اندر جو تہ در تہ پہونچ گئی تھین جنکے خشک ہونے کا احتمال بھی نہ تھا
پہاڑ کی رگون کیطرح خشک اور ہمرنگ خاک ہوگئی تھین اب انصاف کرنا چاہیئے کہ اندام
اور دوتوہ کے لفظ کو افادہ معنی مین کیونکر کہا جاے کہ دخل نہین غرض بڑے بڑے درختون
کی جڑون کا جو زمین کی تہ در تہ مین ہین سوکھکر سخت پتھر بنجانا فقط بارش کے بند ہوجانے
سے نہین دھوپ کی تیزی آفتاب کا نے نقاب زمین کو انگیٹھی کی طرح تپانا اُسپر اور غضب کر دیا اور
بارش کی امید پر جو تخم زمین مین ڈالا جاتا تھا وہ سپند کی طرح جل بھن جاتا تھا تو چھٹے شعر کا یہی
مطلب ہے مگر اس شعر کے محاکمہ مین یہ فرمانا کہ "فروزندہ مہر کہنے سے آفتاب کی گرمی کا زیادہ ثبوت
ہوتا ہے تو ہم کہین گے کہ مہر بلند کہنے سے اُسکی گرمی کا خیال کم ہوجاتا ہے اور ایسی
دو متضاد صفتین لانی بلاغت کے خلافت ہین" حیرت مین ڈالتا ہے کیا معنی کہ جیسے فروزندہ
کہنے سے گرمی کا ثبوت ہوتا ہے اسیطرح بلکہ اور زیادہ اسکے لئے بلندی اور اوج گرائی
ثابت کرنے سے کیا معنی کہ اوج گرا اور بلند ہونا آفتاب کا اُسکی سمت الراس اور جانب نصف النہار

آنے کو کہتے ہین۔ اور جب آفتاب عین دائرہ نصف النہار پر پہونچ گیا یہ وقت عین دوپہر کا ہوتا ہے بہ نسبت دن کے حصون کے اس وقت زیادہ گرمی ہوتی ہے اسکو سب لوگ جانتے ہین اور اوج گرائی اس معنی مین نیچے کی معمولہ متداولہ کتب مین موجود ہے بلکہ اہل اُردو بھی اپنے روزمرّہ مین دن چڑھ گیا آفتاب بلند ہوگیا کہتے ہین کیون نہ کہین علم ہیأت مین دائرہ نصف النہار کی تعریف مین غایۃ ارتفاع الشمس ان وصولہا الیہا مصرح موجود ہے۔ ہان اگر مطلقاً ہر بلندی کو دوری لازم ہوتی اس خیال کی کچھ گنجایش بھی تھی حالانکہ بلندی کو ابعدیت لازم نہین طول مسافت اور شے ہے ارتفاع اور شے یہ امر برہان اور دلیل کا محتاج نہین اور تخم کا سپند کیطرح جل بھن جانا اس امر پر دال ہے کہ بالکل بارش نہوئی اور بہت عرصہ سے نہوئی پس جسقدر بارش سے بُعد ہوگا قحط بھی اُسیقدر شدت کا ہوگا اس شدت کی خشکسالی کو تخم کا زمین مین جلجانا خوب بتلا رہا ہے۔ اور یہ وہ امور ہین کہ شدت خشکسالی مین کم وبیش پیش آتے ہین اگرچہ کھڑی کھیتی کا خشک ہوجانا دولت حاصل شدہ کا زوال ہے جو زیادہ حسرتناک ہے لیکن اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بارش کو بند ہوئے ایسا بڑا زمانہ نہین گزرا یا بارش اس درجہ کو بند نہ ہوئی دیکھیئے زمین پر تخم جم آئے اور بالیدہ بھی ہوئے جس پر زرع کا اطلاق درست ہوا خصوصاً ساتوین شعر کا محاکمہ سراسر تحکم ہے اسواسطے کہ یہ بات ظاہر ہے کہ جو لوگ نشہ کے عادی اور خوگر ہوجاتے ہین اُنکو نشہ کا چھوڑنا ایک موت ہے جیسے یارون کا ترک عشق کرنا سخت دشوار اور مشکل ہے تو کہتے ہین کہ ایسا قحط پڑا کہ کسی قسم کی پیداواری نہ ہوئی نہ اناج پیدا ہوا نہ میوہ اب شراب کس چیز کی بنتی لہذا وہ چمڑے کی صراحیان جو بسبب تحقّق وتسدّد ابخرہ کے بہت جلد جوش زن ہوتی تھین خالی پڑی رہین چونکہ چمڑے کی تھین سوکھ سوکھ کر بوڑھی عورتون کی سوکھی ہوئی پستانون کی طرح جابجا سے سکڑ گئین گلے اُنکے تنگ ہوگئے غرض ایسا قحط پڑا کہ نشہ باز نشہ تک بھول گئے جیسے عاشق مزاج عشق بھول گئے۔ اگر یہ بات خلاف مقتضے سمجھی جاے تو شیخ علیہ الرحمۃ کے شعر (یاران فراموش کردند عشق) کو بھی خلاف مقتضے سمجھنا چاہیئے کسواسطے کہ یہان بھی یون کہہ سکتے ہین کہ یارون کا ترک عشق کرنا اس بات کی دلیل نہین ہوسکتی کہ قحط کی شدت ہورہی ہے ہان جب تک کہ اس مقدمہ کو یہان مسلم نہ کرلین کہ یہ عشق

کھانے پینے کی مستی ہے جیسے مشہور ہے "این خمار از خوردن گندم بود" جب خشک سالی کی وجہ سے اناج پیدا نہ ہوا غذا جو سبب مادی اُس عشق کا تھا شکم کو نہ ملی مادۂ عشق فنا ہو گیا اب صورت عشق کا فیضان باطل ہو گیا یہ امر علوم حکمیہ مین ثابت ہے کہ فیضان صورت کا بغیر مادہ کے ممکن نہین۔ اور یہان عشق سے عشق حقیقی مراد نہین ہو سکتا اسواسطے کہ اُسکو قحط زائل نہین کر سکتا اُسکا مادہ تجلیات ذو الجلال و الجمال عز اسمہ ہین جو قلب بشر مین چمک جاتی ہین باقتضائے کشش جمالیہ و جذب جلالیہ اس شخص کو ایسا محو یعنی از خود رفتہ بلکہ از ماسوا گسستہ با جمیل جلیل پیوستہ کر دیتی ہین کہ سواے محبوب حقیقی کے سب سے غافل ہو جاتا ہے پس وہی وہ اُسکی نظر و نمین سما جاتا ہے ہمہ اوست کہنا اُسکے لیئے درست آتا ہے پس خشک سالی تو کیا ہے قیامت بھی اُسکے مادہ کو فنا نہین کر سکتی چنانچہ مسلم ہے **شعر** عشق آن باشد کہ کم نگردد ٭ تا باشد ازان قدم نگردد ٭ عشقے کہ نہ عشق جاودانیست ٭ بازیچۂ شہوت جوانی ست ٭ معہذا شیخ علیہ الرحمہ فرماتے ہین یاران فراموش کردند عشق۔ یعنی ہم جیسے لوگ عشق بھول گئے. گو کہ آپ فی الحقیقت مکمّل تھے مگر مکمّل اپنے آپ کو اپنی زبان سے مکمّل نہین کہتا بلکہ رند اور ہرزہ کار ہی سمجھتا ہے غرض جیسے وہان ترک عشق کا موجب گمشدگی غلہ پیداوار کا نہونا ہے یہان خشکی صراحی کا سبب میوہ اور اناج سب کا گم ہو جانا ہے پس علت ہر دو کی ایک ہے لطف ادا و طرز بیان دو وَاللّٰہُ تَعَالٰی شَانُہٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ کجا بود مطلب کجا تا ختم ٭ مین اپنے مقصود سے کسقدر دور جا پڑا اور یہی بیان تھا کہ اضافت اُن دو اسمون مین جنمین باہم نسبت مساوات کی متحقق ہو یا مضاف الیہ بہ نسبت مضاف کے عام مطلق ہو بصریئین کے نزدیک ممتنع ہے اور مین یہ عرض کرتا ہون کہ اضافت اُسجگہ ممتنع ہے کہ جہان مقصود اضافت کا حاصل نہو اب ظاہر ہے کہ جہان مضاف مضاف الیہ سے خاص مطلق ہو گا نہ تو مضاف کو تعریف حاصل ہو گی نہ تخصیص نہ توضیح بلکہ اُلٹا تخصیص سے تعمیم کیجانب جانا تحصیل حاصل تو کیا حاصل شدہ کا کھو لینا ہے یہ قلب موضوع ہے پھر اس صورت مین تصحیح اضافت کی کیا تدبیر ہو سکتی ہے رہا دو مساویون مین اضافت کا امتناع اس مین مجکو کلام ہے اسواسطے کہ جب تعریف اور تخصیص کا فائدہ نہوا نہوا سہی فقط توضیح کا حاصل ہو جانا صحت اضافت کیلیئے

کافی ہے ہان جہان کہین یہ توضیح بھی نہ ہوگی اضافت بے شک وشبہ ممتنع ہے اسواسطے کہ تعریف وتخصیص وتوضیح مین جو صحت اضافت کے شروط مین عطف منع خلو کے لیئے مانا گیا ہے - تیسری عام کی اضافت خاص کی طرف اور یہ دو حال سے خالی نہین یا تو اضافت موصوف کی صفت کیطرف ہوگی جیسے روز جمعہ علمِ فقہ کتابِ گلستان پیلِ محمود جانبِ غربی - نظامی رح **شعر** مرا پیل بار از تو مقصود نیست ✤ کہ پیل تو چون پیل محمود نیست ✤ یہ اضافت بھی بمعنی مرو براے ہے لیکن عرف مین اسکو اضافت بیانیہ بھی کہتے ہین اور بعضے توضیحی وتخصیصی اضافت بھی اسکا نام رکھتے ہین مین عرض کرتا ہون کہ یہ موشگافیان زبان عرب کا حصہ ہین - چونکہ عربی مین موصوف وصفت کے درمیان باعتبار تعریف وتنکیر مطابقت شرط ہے اور یوم الجمعۃ وعلم الفقہ وجانب الغربی مین مثلا وہ مطابقت مفقود ہے تو اس ترکیب کی تصحیح کے لیئے یہ نکتہ تراشا لیکن فارسی مین ترکیب اتصافی واضافی کی ایک ہی شکل اور ایک ہی صورت ہے جیسے کنارۂ غربی روز جمعہ پھر ضرورت ہی کیا پڑی ہے کہ بنی بنائی اتصافی ترکیب کو چھوڑ کر خواہ مخواہ بتکلف ترکیب اضافی بنائین واللہ تعالی اعلم بالصواب یا اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہوگی جیسے خردان اطفال - سعدی علیہ الرحمہ کا شعر ہے **شعر** بزرگی وعفو وکرم پیشہ کن ✤ ز خردان اطفالش اندیشہ کن ✤ چوتھی مضاف مضاف الیہ مین باہم نسبت عموم خصوص من وجہ کی ہو اس صورت مین یا تو ایک دوسرے کے لیئے اصل اور مادہ ہوگا یا نہ ہوگا - اگر ایک دوسرے کے لیئے اصل اور مادہ ہے تو دو حال سے خالی نہین یا تو مضاف الیہ مادہ مضاف کا ہوگا یا مضاف مادہ مضاف الیہ کا ہوگا درصورت اول یعنی اگر مضاف الیہ مادہ مضاف کا ہے تو یہ اضافت بھی بمعنی از ہوگی جیسے خنجر فولاد انگشتر زر اس قسم کی اضافت کا اضافت بیانیہ نام ہے اسی طرح دیو مردم یعنی دیو یکہ از مردم خیزد - نظامی رح کا شعر ہے **شعر** زمازندران ناید الا دو چیز ✤ یکے دیو مردم دگر دیو نیز ✤ **وله** ازین دیو مردم کہ دام ددانند ✤ نہان شو کہ همصحبتانت بدند ✤ چنانچہ عربی مین شیاطین الانس کہتے ہین جیسے اس آیہ وافی ہدایہ مین وکذلک جعلنا لکل نبی عدوًا شیاطین الانس والجن یوحی بعضهم الی بعض زخرف القول غرورا - اگر مضاف مادہ مضاف الیہ کا ہے جیسے زرِ انگشتر وفولادِ خنجر وسنگِ صنم اضافت حقیقی بمعنی براے ومر ہوگی حزین کا شعر ہے **شعر** از بتکدہ تا کعبہ رہے نیست برہمن ✤ سدّرہ خود

اضافت موصوف جانب صفت

اضافت صفت جانب موصوف

اضافت بیانیہ بمعنی از

بیان اُن اضافت کا جن مین مضاف مادہ مضاف الیہ کا ہے

بیان نقل مادہ اضافت بمعنی از

ساختۂ سنگِ صنم را ✦ اور بعض وقت بغیر اس علاقہ کے کہ مضاف الیہ مادۂ مضاف ہوا اضافت
بمعنی از آجاتی ہے۔ ملّا غرای مشہدی شعر دل آزاری بود کردارِ ناصح ✦ نباشم از چہ رو بیزار ناصح ✦
اے بیزار از ناصح۔ مین عرض کرتا ہون کہ یہ توزیع اقسام اضافت کی جو بمعنی مر و بر و در واز کی
گئی ہے باعتبار اُنکے مفہوم محلّل کے ہے ورنہ سبکو ایک قسم یعنی اضافت بمعنی مر بنا دے سکتے
ہین اسواسطے کہ صحت اضافت کے لیئے ادنے ملابست کفایت کرتی ہے جیسے دستِ دریغ

بیان اضافت بادنے ملابست

وبلیناس رحمۃ و شبستانِ خرد اضافت بادنی ملابست ہے سعدی رحمۃ شعر بہ تندی سبک دست
بردن بہ تیغ ✦ بدندان برد پشت دستِ دریغ ✦ نظامی رحمۃ شعر بلیناسِ رحمۃ نیز گنجے تمام ✦ ہم از
مشک پختہ ہم از مشک خام ✦ بنزد جہان داور خویش برد ✦ جہان داوری بین کہ چون پیش برد ✦
وصیت سکندر وقت وفات کے بیان مین ہے شعر ہوائے کز و سنگ خارا گداخت ✦ چو نیروی
تن بود با ما بساخت ✦ کنون در شبستان خرد پرند ✦ چو نیرو نماندہ شدم دردمند ✦ غرض ظروف
کو اپنی ظرف اور انگشتر کو اُسکے زر کے ساتھ مثلاً جو ایک اختصاص ہے صحت اضافت کیلیئے بمعنی مر
کافی ہے واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب۔ اگر ایکدوسری کے لیئے اصل اور مادہ نہین ہے اور باہم

بیان اضافت صفت بجانب موصوف

نسبت من وجہٍ متحقق ہے تو یہان بھی یا عکس صفت کی اضافت موصوف کی طرف ہوگی جیسے ویژگانِ
سیاہ و ہندیِ تیغ و تقویمِ خرد۔ نظامی رحمۃ شعر چو ہندوے بازیگر گرم خیز ✦ معلق زنان ہندیِ تیغ تیز ✦
فردوسی بہرام کی آسیابان کی لڑکیون سے شادی کرنے کے بیان مین لکھتے ہین شعر دگر ہفتہ
آمد بہ نخچیر گاہ ✦ خود و موبد و ویژگانِ سیاہ ✦ جامی رحمۃ شعر ز تقویم خرد بہروزیم بخش ✦ بر اقلیم
سخن فیروزیم بخش ✦ استشہاد اس شعر کے ساتھ اُسوقت ہوسکتا ہے کہ ز تقویم کی زا کو بیانیہ
قرار دین اور مصدر کو بمعنی مفعول لے کر مع اُسکے مضاف الیہ کے بہروزی کا بیان بنائین
یعنی خرد مقوّم واو کی تشدید اور فتح کے ساتھ۔ اور اس مصدر مضاف کو بمعنی مفعول لینے سے یہ
اضافت اضافت لفظی نہین بنجاتی اسواسطے کہ اول تو اضافت لفظی کے لیئے صیغۂ صفت کا
مضارع کے معنون مین ہونا شرط ہے اور جو اسم فاعل و اسم مفعول کہ مصدر کی صورت مین
آتا ہے وہ ضرور دوامی و استمراری معنی پاتا ہے دوسرا ہر اسم فاعل و اسم مفعول مضارع کے
معنون مین نہین ہوتا اسیواسطے اس قسم کی ترکیب کو کلیۃً اضافت لفظی کا حکم نہین لگا سکتے یا عکس موصوف

کی اضافت صفت کی طرف جیسے نماز پیشین بسجد جامع - آسمان دنیا -
مگر یہان بھی میری وہی گذارش ہے کہ ان مثالون مین باوجود تحقق معنی مرکب توصیفی اضافت
کا قائل ہونا اور پھر بتکلف متاول کرنا فقط اس مرکب کا اسم اول مجرد عن اللام اور ثانی مجرور و
محلی باللام ہونے یعنی عدم مطابقت در اعراب و تعریف و تنکیر کی وجہ سے ہے جو زبان عرب مین
یہ امر خصوصیات ترکیب اضافی سے ہے جیسے مسجد الجامع صلوۃ الاولے سماء الدنیا غرض فقدان
مطابقت نے جو شرط ترکیب وصفی ہے نحاۃ عرب کو مرکب اضافی قرار دینے اور متاول کرنے پر
مجبور کر دیا یعنی باعتبار صورت ظاہر لفظ مرکب اضافی قرار دیا اور باعتبار معنی متاول یعنی درمیان سے
ایک اسم کو جو واقع مین مضاف الیہ اس مضاف کا ہے محذوف مانا جیسے صلوۃ الساعۃ الاولی مسجد الوقت
الجامع اور جانب الغربی اس آیہ وافی الہدایہ وَمَا کُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِیِّ مین جانب الجبل یعنی
الطور الغربی - پس غور کرنا چاہیئے کہ زبان فارسی ان خصوصیات اور ان شروط سے معرّا ہے اس
زبان مین ترکیب اضافی اور اتصافی کی ایک ہی صورت ہے فارق و فاصل فقط ایک امر معنوی
ہے کیا معنی صرف لحاظ معنی ایک دوسرے کے لیئے جدا شناس بنا ہوا ہے پھر ضرورت داعیہ
اور کون سی ہے جو سیدھی سیدھی ترکیب اتصافی کو چھوڑ کر اضافت کے قائل ہونے پر مجبور کرے
حالانکہ خود کلام عرب مین جب بعینہ اسی مرکب کا اسم اول محلّٰی باللام ہوتا ہے تو اُسکو بغیر تاویل مرکب
توصیفی مانتے ہین چنانچہ لفظ دنیا بروزن فُعلیٰ مونث ادنیٰ جو دنو بمعنی نزدیک شدن سے مشتق ہے
دونون طرح کلام عرب مین مستعمل ہوتا ہے ایک تو اپنے معنی حقیقی وصفی مین استعمال کیا جاتا ہے
جیسے الحیوۃ الدنیا والعدوۃ الدنیا والجمرۃ الدنیا والسماء الدنیا دوسرا بمقابلہ آخرت کے
اس جہان فانی کا نام رکھ لیا اسوقت اُسکی وصفیت کا لحاظ مغلوب ہوجائیگا اگرچہ یہ نام بھی بنظر
قرب ہی رکھا گیا ہے مگر غلبہ اسمیت کو ہوگا جیسے رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً - واکتب لنا فی
ھذہ الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ مین اور اسی غلبۂ اسمیت کی وجہ سے اسکی جانب اضافت بھی
بلا تاویل درست ہوجاتی ہے جیسے ثواب الدنیا وحرث الدنیا وسماء الدنیا - مجمع البحار مین ہے
الجمرۃ الدنیا ای القریبۃ الی منا فُعلیٰ من الدنو وھی اسم لھذہ الحیوۃ لبعد الاخرۃ عنھا والسماء
الدنیا لقربھا من ساکنی الارض ویقال سماء الدنیا بالاضافۃ - منتہی الارب مین ہے والسماء الدنیا

صفت و موصوف سے بجانب صفت اس امر مین ابی بغیر تقسیم

این آسمان لقربہا من ساکنی الارض وکذا اسماء الدنیا بالاضافۃ اسی طرح ومکر السئی ولا یحیق المکر السئی۔ اوّل اضافت کے ساتھ بتاویل مکر العمل السئی دوسرا اتصاف کے ساتھ آیا ہے غرض جب زبان فارسی مین ترکیب توصیفی کے لیئے کوئی حد ی شرط نہین بلاتامل ان مرکبونکو موصوف صفت کہنا چاہیئے اور بلاضرورت داعیہ صرف اتباع زبان عرب سے تکلف مین پڑنا صواب نہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ بعض وقت اہل فارس نے دنیا کو مطلق عالم کے معنون مین استعمال کیا ہے نظیری کا شعر ہے **شعر** ہر کہ از عشق غافل گشت لذت در نیافت ؛ دیدۂ نے معرفت را درد و دنیا نور نیست ؛ اے درد و عالم۔ یہ بھی سن رکھو کہ جسوقت ترکیب اتصافی اور اضافی ایک جگہ جمع پڑتی ہین۔ اہل عرب ترکیب اضافی کے جوڑ کو نہین توڑتے بلکہ صفت کو موصوف مضاف سے منفصل کر کے بعد مضاف الیہ کے ملحق کرتے ہین اور اہل فارس اکثر اتصال توصیفی کو قائم رکھتے ہین جیسے نام فرخ نوشیروان سعدیؒ **شعر** زندہ است نام فرخ نوشیروان بعدل ؛ گرچہ بسی گذشت کہ نوشیروان نماند ؛ اور کبھی تابع عرب کے ہوجاتے ہین سعدیؒ **شعر** پسران وزیر ناقص عقل ؛ بگدائی بروستا رفتند ؛ روستازادگان دانشمند ؛ بوزیری پادشا رفتند ؛ اے پسران ناقص عقل وزیر۔ اور کبھی موصوف سے صفت کو مقدم کر دیتے ہین تا اتصال مضاف کا مضاف الیہ کے ساتھ اسی طرح باقی رہے۔ فردوسیؒ جلد دوم شاہنامہ کے اخیر مین بیان کرتے ہین **شعر** کہ این نامۂ شہریاران پیش ؛ بہ پیوندم از خوب گفتار خویش ؛ یعنی از گفتار خوب خویش۔ سوائے اس ضرورت اجتماع کے بھی فاصلہ صفت موصوف اور مضاف مضاف الیہ کے بیچ مین جائز ہے۔ اول یعنی فاصلہ درمیان موصوف صفت کے جیسے نظامیؒ کے اس شعر مین **شعر** سپیدہ برد رومی از خشم درد ؛ برد تیغ من سرخی از روے زرد ؛ اے سپیدۂ رومی۔ ان مواضع مین صاحب موہبت عظمیٰ حضرت آرزو عطف بیان کے قائل ہین۔ میرے نزدیک یہ تکلف ہے دوسرا یعنی فاصلہ درمیان مضاف مضاف الیہ کے اور اس فصل کے بارہ مین کوئی خصوصیت است رابطہ کی نہین است رابطہ کے سوا دوسرے الفاظ بھی فاصل بنجاتے ہین۔ فردوسیؒ پشنگ اور افراسیاب کی گفتگو کے بیان مین لکھتے ہین **شعر** چو دستور باشد مرا بادشا ؛ از ایشان سوارے نمانم بجا اے دستور بادشاہ مرا باشد۔ سعدیؒ **شعر** برگ درختان سبز در نظر ہوشیار ؛ ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار

دنیا بمعنی مطلق عالم

ترکیب اضافی و اتصافی ایک جگہ جمع ہوجاتین تو اتصال کسکو ہوتا ہے

اے دفتر معرفت۔ وحید **شعر** اے وحید از مژہ چون ابر بہ ہنگام وصال ✤ گل بہار آمدہ وقت سبت سے آشنائیہا ✤ اے وقت مئے آشنائیہا۔ اور یہ بھی سن رکھو کہ کبھی مضاف کو حذف کرکے مضاف الیہ کو باقی رکھتے ہین جیسے سعدی کے اس شعر مین **شعر** سنگ بہ گوہر اگر کاسۂ زرین شکند ✤ قیمتِ سنگ بیفزاید و زر کم نشود ✤ اے قیمت زر۔ نظامی رح **شعر** مبین رنگ طاؤس و پروازِ او ✤ کہ چون گربہ زشت آمد آوازِ او ✤ اے چون آواز گربہ۔ کبھی بقرینۂ مقام مضاف الیہ کو حذف کرکے مضاف کو باقی رکھتے ہین جیسے **شعر** دیدۂ سعدی و دل ہمراہِ تست ✤ تا نپنداری کہ تنہا میروی ✤ اے دلِ سعدی۔ اسی طرح مضاف الیہ پر مضاف کی تقدیم بھی جائز ہے جیسے گیہان خدیو جہان بادشاہی شہنشاہ سراپردہ۔ یہ امر سماعی ہے اس مین قیاس کو دخل نہین یعنی جس مضاف الیہ کو چاہے اُسکے مضاف سے مقدم کردینا امر فصاحت مین مخل ہوگا اور اس تقدیم خلاف موضوع کو ضرورت شعری پر مبنی کرنا کلام فُصحا مین عیب اور عجز کا قائل ہونا ہے یہ خطا ہے استادونکے نثر کلام مین یہ ترکیب موجود ہے اسی طرح صفت کی موصوف پر تقدیم ضرورت شعری پر مبنی نہین جیسے کوتاہ خردمند گلستان کی تیسری حکایت مین منثور ہے **نثر** گفت اے پدر کوتاہ خردمند بہ کہ نادان بلند۔ واللہ تعالےٰ اعلم بالصّواب۔

احکام لفظیہ مین امتزاج کا شمار کرنا یہ ہے کہ فارسی مین کل کلمات مبنی علے السکون ہین اور یہ بھی ظاہر ہے کہ مضاف و مضاف الیہ قبل تعلق اضافت دو مستقل جدے جدے اسم تھے سکون پر مبنی تھے اگر بعد تعلق اضافت بھی مبنی علے السکون رکھے جائین لفظون مین امتزاج ہی کیا حاصل ہو جس طرح قبل اضافت بیگانگی اور علحدگی تھی اسیطرح اب بھی رہتی تو بنا سے سکون مضاف کو جو علامت کلمہ کی تمامیت کی تھی اُٹھاکر بجاے اُسکے جنبش کسری رکھدی جسکو علامت اضافت کہتے ہین تا بمقابلہ معنوی اتحاد کے کسیقدر لفظی اتحاد بھی ہوجاے جیسے عربی مین حذف تنوین اور نون کا اس امتزاج کے لیئے کیا جاتا ہے چنانچہ علامہ رضی نے شرح کافیہ مین تصریح کردی ہے فَلَمَّا اَرَادُوا اَنْ یَمْزُجُوا الْکَلِمَتَیْنِ مَزْجًا یَکْتَسِبُ بِہٖ الْاُوْلٰی مِنَ الثَّانِیَۃِ التَّعْرِیْفَ وَالتَّخْصِیْصَ حَذَفُوْا مِنَ الْاُوْلٰی عَلَامَۃَ تَمَامِ الْکَلِمَۃِ گویا اسوقت مضاف کے اول حرف سے لیکر مضاف الیہ کے اخیر حرف تک ایک کلمہ بنگیا۔ لیکن بعض مواضع بوجہ شذوذ مستثنےٰ ہین اور اُن مین بھی دو طرح کے ہین ایک تو وہ کہ جنکے مضاف پر علامت اضافت نہین لائی جاتی جیسے چون وجز دہر وہمہ سعدی

بیان حذف مضاف

بیان حذف مضاف الیہ

مضاف الیہ کی مضاف پر تقدیم

اسیطرح صفت کی موصوف پر تقدیم

اسیطرح وہی ہیات مرکب بھی جائز ہے ... مضاف الیہ مستقل ... شعر ... مہر و خاک ...

بیان ان مضافون کا جن پر علامت اضافت نہین لائی جاتی

بیان ان مضافون کا جنکے آخر علامت اضافت نہین لاتے

کا شعر ہے شعر مکن تکیہ بر ملک دنیا و پشت ⁂ کہ بسیار کس چون تو پرورد و کشت ⁂ ولہ ہر کہ شاہ آن کند کہ او گوید ⁂ حیف باشد کہ جز نکو گوید ⁂ لیکن یہ شعر اسد اللہ خان غالب کا شعر ساز از دم نائیست چون نے زمزمۂ ما ⁂ اے ماہمہ ہیچ تو واے تو ہمہ ما ⁂ متاوّل ہے۔ اور اُن مضافون پر بھی علامت اضافت نہین لائی جاتی جنکے مضاف الیہ مین فصل واقع ہوگیا ہو جیسے دستور باشد مرا بادشاہ وقت می آشامیہا و دفتریست معرفت وغیرہ مین اور یہی حال موصوف وصفت کے فاصلہ اور حذف علامت اتصاف کے بارہ مین سمجھنا چاہیئے جیسے سپیدہ بر درومی مین۔ دوسرے وہ مضاف ہین کہ جنکو اکثر بغیر علامت اضافت کے استعمال کرتے ہین یہ امر کبھی مضاف کی خصوصیات سے ہوتا ہے جیسے لفظ صاحب اور سر اور ابن اور نبیرہ اور پسر اور میر اور عاشق اور نیم اور پس اور ولی سعدیؒ شعر مگر صاحبدلے روزے زرحمت ⁂ کند در کار درویشان دعاے ⁂ ولہ زبان در دہان خردمند چیست ⁂ کلیدِ درِ گنج صاحب ہنر ⁂ ولہ ز صاحب غرض تا سخن نشنوی ⁂ اگر کار بندی پشیمان شوی ⁂ امثلہ سر کے جیسے سرمایہ۔ سرچشمہ۔ سرحلقہ بمعنی سردارِ جماعت سرداستان بمعنی عنوانِ داستان سردفتر سرسورہ سرطوق اُس حلقۂ کلان کو کہتے ہین جو سرے پر زنجیر کے ہوتا ہے اور کلس کو بھی کہتے ہین جو ملمع کرکے گنبدون پر نصب کرتے ہین۔ کلیم کا شعر ہے شعر گر حلقۂ دام ست وگر حلقۂ زنجیر ⁂ سرحلقہ کدام ست بغیر از منِ دیوانہ ⁂ میرزا رضی دانش۔ شعر تا ہست حرف زلف تو سرداستان ما ⁂ پیچیدگی برون نرود از زبان ما ⁂ میر محمد افضل ثابت۔ شعر بخون رقم زدہ طغراے خط پیشانی ⁂ برنگ سرخیِ سرسورہاے قرآنی ⁂۔ سعید اشرف دریا کی تعریف مین لکھتے ہین شعر خروشان موجہایش چرخ تسخیر ⁂ در و گرداب چون سرطوق زنجیر ⁂ طاہر وحید مسجد کے گنبد کی تعریف مین کہتے ہین ⁂ شعر ز سرطوق گنبد بگردون رسید ⁂ چو پیرے کہ او را پر اند مرید ⁂ لفظ ابن کا جیسے شعر علی الخصوص کہ دیباچہ ہمایونش ⁂ بنام سعد ابوبکر سعد بن زنگیست شعر خدیوِ عرصۂ عالم محمد شاہ بن تغلق ⁂ کہ در بزم جہانداری سکندر زیبدش چاکر ⁂ اور لفظ نبیرہ فردوسی علیہ الرحمہ کے اشعار مین شعر نبیرہ فریدون شبان پرورد ⁂ زراے بلند این کے اندر خورد۔ شعر نبیرہ فریدون و پیوند شاہ ⁂ کہ ہم تاج دارند و ہم جایگاہ۔ شعر نبیرہ سماعیل پیغمبرست ⁂ کہ پور براہیم نیک اخترست ⁂ شعر نبیرہ پشنگے فریدون نژاد ⁂ نباید کہ پیچے تو سر راز داد ⁂ اور لفظ پسر جیسے پسر عم و پسر ہمشیرہ وغیرہ

جو امر کبھی مضاف کی خصوصیات سے ہے

صاحب ہنر۔ نظامی رح
شعر گر دہیش خوانند صاحب ہنر ⁂ ولایت ستان بلکہ آفاق گیر
۱۲ منہ

ملک شرفی شعر دیرینہ ہمدمے کہ دلم زخمدار اوست ٭ مار ابرادرست تراگر سپہر عم ست ٭ کسی اُستاد
کا شعر ہے شعر آن پسر ہمشیرۂ سید عماد خوشنویس ٭ آن برادر زادۂ شمس الحق شیرین ادا ٭ میر معز
فطرت شعر دلم بردہ زکف بازآن پسرے رحم بزانے ٭ متاع آرزو ارزان کنے مطلب گران سازے ٭
اور لفظ میر جیسے میر آب میر آتش میر آخر میر انجمن میر بار میر چوپان میر دہ میر دیوان میر سامان میر سپاہ
میر سلاح میر شب میر شکار میر عدل میر عرض میر عمارت میر قافلہ میر کاروان میر لشکر میر مجلس میر منزل
میر میدان اساتذہ کے کلام مین مستعمل ہین چونکہ یہ لفظ موقوف الآخر ہے اور موقوف اور متحرک مین بحیثیت
وزن عروضی کچھ فرق نہین تو ان الفاظ مین فک و ثبت علامت اضافت کا ثبوت فقط اہل لسان
کے لہجہ سے ہوگا یا مضاف الیہ مصدر بہ الف ہو تو الف کے گرجانے سے یہ امر بخوبی ظاہر ہو سکتا ہے
جیسے میر آب بمعنی داروغہ آب یعنی میر بحر کلیم کا شعر ہے شعر خضر نتواند بآب زندگی از ما خرید ٭ منصب
میرابی سرچشمۂ آئینہ را ٭ اسی طرح میر آتش داروغہ توپخانہ۔ آرزو کا شعر ہے۔ شعر لشکر اہل سخن را خصم
آرزو میر آتشم تیغ آذر لیست ٭ اسی طرح میر آخر داروغہ اصطبل۔ محمد سعید اشرف شعر بسکہ در اصطبلش
آمد باخت اسپ خویش را ٭ در تلاش خدمت میر آخرے سام سوار۔ امیر خسرو شعر رفت امیر آخر و آورد زود ٭
ہر چہ در اطراف جہان بادبود ٭ اسی طرح میر آش بمعنی خوان سالار۔ اسی طرح میر انجمن۔ اور لفظ عاشق
کا جیسے عاشق آفت عاشق بادہ عاشق بناگوش عاشق پلاؤ عاشق جماع عاشق سخن عاشق صحبت
عاشق فغان عاشق گناہ عاشق نالہ عاشق نغمہ عاشق نیام ابو طالب کلیم شعر میرساند خوشہ اش
خود را بہ ابر از شوق برق ٭ مزرع امید ما از بسکہ عاشق آفت است۔ صائب اصفہانی شعر چون سبو
تا ہست نم از زندگی در پیکرت ٭ دستگیری کن مے آشامان عاشق بادہ را ٭ ولہ ندارد صفحۂ دوران
چون من عاشق بناگوشے ٭ ندارد حسن خط چون من غلامے حلقہ در گوشے ٭ فوقی یزدی شعر بود این
خسیسان عاشق پلاؤ ٭ زخر پہلوے شان ہمہ حرص گاؤ۔ ولہ چو من عاشق جماعے کو دران روز ٭ کہ
برفرہا داو میزدد و صد گوز۔ ظہوری شعر درین انجمن کیست عاشق سخن ٭ کہ عشقے نورزید با شعر من ٭
صائب شعر سر نمی پیچد بترک سر ز تیغ آبدار ٭ اینقدر کس چون قلم عاشق سخن باشد چرا۔ ولہ عالم
روشن بچشمش زود میگردد سیاہ ٭ ہر کہ چون پروانہ بیدرد عاشق صحبت ست ٭ ظہوری شعر بنازک
دلیہاے خواری کشان ٭ بلبہاے خاموش عاشق فغان ٭ ولہ بعصیان عشقبازیہاے ما چیست ٭

چرا عفوت چنین عاشق گناہ است ÷ شفائی شعر گلبن مہر و وفا را مرغ عاشق نالہ ام ÷ لب نے بندم زافغان تا گلے بر شاخ ہست ÷ صائب شعر جوش گل را گوش عاشق نغمۂ ما تازہ کرد ÷ نالۂ بلبل کجا تنہا بفریاد م رسد ÷ کلیم شعر زدستش آنچہ نایدا انتقام ست ÷ کہ تیغ کینہ اش عاشق نیام ست ÷ اور لفظ نیم کا جب مضاف ہوتا ہے ہمیشہ کے لیئے مقطوع الاضافت دکھا گیا اور یہان بھی میر کی طرح لفظ نیم کا موقوف الآخر ہے لہجہ اہل زبان سے اسکی فک علامت اضافت کا حال دریافت ہوگا جیسے نیمروز نیمشب نیمقطرہ نیمنان نیمرخ۔ سعدی رح شعر ظالمے را خفتہ دیدم نیمروز ÷ گفتم این فتنہ است خوابش بردہ بہ ÷ نظامی رح شعر چو در نیمشب از تو جویم پناہ ÷ بمہتاب فضلم برافروز راہ ÷ عرفی شعر بہ نیم قطرہ شرابے کہ باز میماند ÷ پس از پیالہ کشیدن بساغر از لب یار ÷ سعدی رح شعر نیم نانے گر خورد مرد خداے ÷ بذل درویشان کند نیمے دگر ÷ اور لفظ اول کا ہر دو طرح مستعمل ہے جیسے اول شب یعنی پاس اول شب۔ نظامی رح شعر چو اول شب آہنگ خواب آورم ÷ بہ تسبیح نامت شتاب آورم ÷ حاجی محمد جان قدسی شعر چون سر زلفش بدستم افتد از خود میروم ÷ ہمچو طفلان اول شب خواب مے آید مرا ÷ اور لفظ پس جیسے پس خوردہ پس فردا۔ میر حسن دہلوی شعر حسن آخر چرا اندیشی امروز ÷ ازان فردا کہ پس فردا اندارد ÷ اسی قبیل سے ہین پدرزن برادرزن شاہجہان۔ ولی نعمت ولی دولت کافر نعمت ولی عہد مالک رقاب۔ نظامی رح شعر زیارتگہ اصل واران پاک ÷ ولی نعمت فرع خواران خاک ÷ ولہ دگر بارہ دولت درآمد بکار ÷ ولے دولتے باسخن گشت یار ÷ میر صبحی مازندرانی شعر تو کافر نعمتے صبحی وگرنہ ÷ بخون دل تنعم مے توان کرد ÷ صائب شعر اگر بر زخم کافر نعمتان باشد گران پیکان ÷ زبان شکر گردد زخم ما را در دہان پیکان ÷ نظامی رح شعر بزرگان لشکر نمودند جہد ÷ کہ با آن ولی عہد بندند عہد ÷ جلال الدین دوانی شعر خسرو مالک رقاب دین پناہ ÷ آفتاب مکرمت ظل آلہ ÷۔

یہان تک وہ امر بیان ہوا کہ فک علامت اضافت جو خصوصیت مضاف سے ہوتا ہے اب اون مضاف الیہون کا بیان ہے جنکی خصوصیت سے کسرۂ اضافت تخفیف مین آجاتا ہے جیسے لفظ ایزد اور آب یہ دو لفظ جب مضاف الیہ واقع ہون انکے مضاف پر سے اکثر کسرۂ اضافت کو گرا دیتے ہین۔ جامی رح شعر بنامیزد چہ زیبا صورتے بود ÷ کہ صورت کاست اندر معنی افزود ÷ نظامی رح شعر چو ایزد بمن نعمتے

مضاف الیہ کی خصوصیت سے کسرہ اضافت کا گرانا

درفزود ٭ سپاس ایزدم چون نباید نمود ٭ اور لفظ آب سیلاب تالاب آسیاب دولاب وغیرہ مین
دول بالضم کوزۂ آب کو کہتے ہین کمال اسمٰعیل **شعر** چو دُول این یکے ریسمان درگلو ٭ چو چرخ آن
یکے کندہ بر بہر دوپا ٭ ۔ اور یہ بھی جان لینا ضرور ہے کہ بعض وقت اس مرکب سے ایک شے کا نام
رکھدیا جاتا ہے تو لحاظ معنی ترکیبی کا اُسوقت مغلوب ہو جاتا ہے اسمیت غالب ہو جاتی ہے اس حال
مین اسکا مقطوع الاضافہ ہونا ضروری سمجھا جائیگا جیسے سرمایہ میزاب سیلاب تالاب اور جامہ غوک
جامہ خواب شب خون جو مقابل روز خون کا ہے یہ سب اسی قبیل سے ہین کمال اسمٰعیل **شعر** خنک کسیکہ
ازین بادہ مست و بیخبر ش ٭ بغل گرفتہ ز مجلس بجامہ خواب کشید ٭ ابو البرکات منیر **شعر** شب چو دل سر
میکند حرفے زدرد ہجر دوست ٭ گریہ شبخون میزند افسانہ در خون میرود ۔ ملا شانی تکلو **شعر** رائے تو
رائیست کہ گیسوے پر خمش ٭ شبخون روشنی بشب تار میزند ٭ اگر بحیثیت اسمی نہ بیان ہون اسوقت
علامت اضافت ظاہر کردیجاتی ہے فردوسی سکندر اور فور کی جنگ کے بیان مین لکھتے ہین **شعر**
خروش آمد از دشت کاسہ دستان ٭ سرمایۂ مرز ہندوستان ٭ باقر کاشی **شعر** در دول ماشنیدنی
نیست ٭ مکشا سر داستان مارا ٭ قلی میلی **شعر** دوران بکلید مہ نو شاکہ عید ٭ بکشاد سر طوق اسیران
رہا کرد ٭ امیر خسرو **شعر** میلے بحسرت نشداے آب زندگی ٭ باآنکہ سیل آب جز اندر نشیب نیست ٭
طغرا **شعر** بہ پہلوے مسجد یکے تل آب ٭ بود پاک چون چشمۂ آفتاب ٭ سعدی **شعر** نگو بیند از سر
بازیچہ حرفے ٭ کزان پندے نگیرد صاحب ہوش ٭ حافظ رح **شعر** اے صاحب کرامت شکرانۂ سلامت ٭
روزی تفقدی کن درویش بینوارا ٭ بابا فغانی **شعر** چہ عیش از مستی یکساعت شب تیرہ روزان را ٭
کہ آتش از غم فردا بود در جامۂ خوابش ٭ سعدی رح **شعر** پسر نوح بابدان بنشست ٭ خاندان نبوتش گم
شد ٭ نظامی رح **شعر** ازان پیش کار دشب خون شتاب ٭ چو دراج دردہ صلاے کباب ٭ اسکا مقابل
روز خون بھی آتا ہے ۔ حکیم نزاری قہستانی **شعر** کنم اینک خبر دارت کہ چونست ٭ شب خون مصلحت یا روز
خون ست ٭ ان امثلہ سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ بعض موقعون مین ان الفاظ مین اثبات کسرہ اضافت کا
ہوتا ہے مگر کم اسیواسطے ہم نے پہلے کہدیا ہے کہ فک علامت اضافت کے ساتھ یہ الفاظ اکثر استعمال
کیئے جاتے ہین اسیطرح جب ضمیر متصل کسیکے مضاف الیہ واقع ہو جیسے کتابش کتابت کتابم کتابشان
کتابتان کتابمان اسکی تحقیق ضمیر کے بیان مین گزرچکی ۔ اب سنو جب یہ الفاظ بشرط وقوع طرف

رات کو پہننے کے کپڑے

سرمایہ اضافی ہے جب سرمایۂ نوری ہو بنج جمع اسکو ما لاضافت پیچھ مقطوع الاضافت کردیا جاتا ہے

جن الفاظ کو ہم نے اکثر فک علامت اضافت کیساتھ استعمال ہونا بتلایا تھا انہین کا کبھی کسرۂ اضافت کے ساتھ استعمال اور تالاب و سیلاب کو حیثیت اسمی سے قطع نظر کرکے اضافت کے ساتھ سیل آب و تل آب لکھنا

مرکبہ اضافی بحسب خصوصیت فک علامت اضافت کے ساتھ اکثر مستعمل ہوتے ہین تو یہی کثرت
استعمال اسکی اولویت کا سبب ہوگی اور اسکا خلاف خلاف اولے۔ ارجن مضافونکے اخیر مین
نون بعد مدہ ہو جیسے شبان کمان یا ہاے مختفی یا یاے معروف ہو کبھی کبھی فک علامت اضافت کے
ساتھ بھی مستعمل ہوجاتے ہین مگر اکثر نہین بہت کم تو یہان بوجہ قلت استعمال اولویت اثبات علامت
اضافت مین ہوگی۔ خاقانی شعر ضمیر من امیر آب حیوان * زبان من شبان وادی ایمن۔ بدرچاچ
شعر روے زمین چو تیر شد راست زنوک کلک تو * جز کجی که درکمانِ ابروطاق دلبر ست۔ سعدیؒ
شعر بماند سالہا این نظم و ترتیب * زما ہر ذرہ خاک افتادہ جاے * اے ذرہ خاک۔ نظامیؒ شعر
گرفتم ہمہ آہن آری زروم * در آتشکدہ ماچہ آہن چہ موم * اے آتشکدہ ما۔ خاقانیؒ شعر جملہ بدین
داوری بردر عنقا شدند * کوست خلیفہ طیور داور مالک رقاب * اے خلیفہ طیور۔ مولوی معنوی
قدس سرہ شعر گرخدا خواہد کہ پردہ کس درد * میلش اندر طعنہ پاکان برد۔ اے پردہ کس۔ سعدیؒ
شعر اے کہ شخصے منت حقیر نمود * تا درشتی ہنر نہ پنداری۔ اے درشتی ہنر۔ مولوی معنویؒ شعر
پیر پیرِ عقل باشد اے پسر * نے سفیدی موے اندر ریش و سر * اے سفیدی موے نظامیؒ شعر
ہمی چہرہ باغ چندان بود * کہ شمشاد بالالہ خندان بود * یہ بھی سُن رکھو کہ اگر مضاف کا اخیر حرف
الف مدہ ہو اس پر کسرہ اضافت کا ثقیل سمجھا جاتا ہے لہذا ایک یاے تحتانی تحمل کسرہ کے لیئے زیادہ
کیجاتی ہے جیسے داناے راز۔ اس بارہ مین الف مقصورہ اور ممدودہ ایک حکم مین ہین۔ عرفی شعر مصر ویران کرد
رود وادی ایمن نہاد * رودنیل شوق یعنی گریہ موساے من * شعر بخدا کہ جرعہ دہ تو بحافظ سحر خیز
کہ دعاے صبحگاہے اثرے کند شمارا * مگر جسوقت جانب ضمیر متصل اضافت اسکی کیجاتی ہے تو پھر الحاق
یاے تحتانی کا واجب نہین رہتا جیسے عصاش دعاش مصرعہ حسن زیباش خیل عشق آورد * امیر خسروؒ
شعر مورکہ بر سقف وود بے قیاس * پاش بلغزد چو درافتد بطاس * درصورت زیادتی یا یا کو حرکت فتح
دیجائیگی اور باوجود جانب ضمیر متصلہ اضافت نہونے کے بغیر یاکے استعمال کرنا جیسے ظہیر فاریابی کے
اس شعر مین شعر نثار مجلست ازچرخ گوہرے بادا * کہ درحساب نیاید بہا چنان گوہر۔ بحکم ضرورت ہے
نیاید آمدن سے نہ کہ یافتن سے۔ اور اگر حرف اخیر مضاف کا واو مدہ کلمہ ثنائی کے اخیر مین واقع ہو
جیسے بو خو رو مو وغیرہ یا متوالی الحرکات کے جیسے رفو سبو گلو نکو وغیرہ تو یہان بھی الف والے

مضافون کی طرح جنکا بیان ابھی اوپر گذرا تحمل کسرۂ اضافی کے لیئے یاے تحتانی کا الحاق واجب ہوگا جیسے بوے گل۔ رؤے زمین۔ موے سر۔ اور سبوے آب۔ گلوے صراحی وغیرہ۔ اور جب ضمیر متصل کیجانب انکی اضافت کیجاتی ہے یا کے ساتھ اور بغیر یا کے یہ دونون امر جائز ہوجاتے ہین۔ جیسے بوش روش بویش رویش اور سبوت گلوت سبویت گلویت۔ حافظ رح شعر لطف باشد گر نپوشی از گدا ما روت را * تا بکام دل بہ بیند دیدۂ ما روت را * اے روے ترا۔ اگر کلمۂ غیر ثنائی متوالی الحرکات نہو جیسے ابرو۔ بازو۔ پہلو۔ گیسو۔ ہندو وغیرہ تو الحاق یا کا واجب نہوگا خواہ سائر مضافات کی طرح کسرۂ اضافی پر کفایت کرین جیسے رفیع کے اس شعر مین شعر توان بمعنی وحدت زحسن یار رسید * ہلال ابروِ او مطلعیست در توحید۔ مصرعہ در پہلوِ من نشست آن شوخ * شاہی سبزواری شعر دو روزہ مہلت باقی بعیش دہ ساقی * چو عمر بالب ساغر گزشت و گیسوِ چنگ * خواہ کلمۂ ثنائی اور متوالی الحرکات کی واؤ کی طرح یا توصرف یاے تحتانی ملحق کرین جیسے خواجہ کرمانی کے شعر مین شعر برآرندۂ تیغ صبح از نیام * کشایندۂ چین زابروے شام * حکیم زلالی شب کی تعریف مین لکھتے ہین شعر زتنگی آن چنان بیچیدہ درہم * کہ موئیدہ بروگیسوے ماتم * یا بعد الحاق یاے تحتانی بوجہ عدم تعذر ثقالت توالی ماقبل یا کو اذا حرک حرک بالکسر و بمناسبت یا کسرہ دیتے ہین پس یہ کسرہ کسرۂ اضافی اور یا یاے اشباعی نہ ہوگی جیسے امیر خسرو علیہ الرحمہ کے اس شعر مین شعر طلب کرد خاقان آفاق را * گرہ باز کرد ابروے طاق را * نظامی رح شعر درم پہلوے پہلوانان بہ تیغ * خورم گردۂ گردنان بیدریغ * صائب شعر بید مجنون گیسوئے ماتم پریشان کردہ است * تا کراقسمت شہید سنگ طفلان کردہ است۔ اور جب ضمیر متصل کیجانب انکی اضافت ہوتی ہے بزیادتی یاے تحتانی وبغیر یا دونون طرح مستعمل ہے لیکن سائر ضمائر متصلہ کے ماقبل کیطرح اسکو بھی حرکت فتح دیجائیگی جیسے ابروش ابروت پہلوش۔ پہلوت ابرویش پہلویش۔ ابرویت۔ پہلویت۔ اور یہ امر بھی جائز ہے کہ خود واؤ کو اجتماع ساکنین کی ثقالت دفع کرنے کے لیئے اخف الحرکات یعنی حرکت فتح دیجاے جیسے پہلوَش ہندوَش۔ حافظ رح شعر اگر آن ترک شیرازی بدست آرد دل ما را * بخال ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را * غرض یہ واؤ واؤ مدہ ثنائیہ و متوالیہ سے احکام لفظی مین ممتاز ہے مگر لفظ سو بحکم شذوذ جمیع احکام مین شریک واؤ متوالی الحرکات

ہے جیسے **مصرعہ**۔ زمان زمان سوی من کن بعین لطف نگاہ ✤ نظامی رح **شعر** سوے مخزن آوردم اول بسیج ✤ کہ سستی نکردم درآن کار ہیچ ✤ **ولہ** تواے پہلوان کا مدی سوے ہن ✤ نگہدار پہلو ز پہلوی من واللہ تعالے شانہ اعلم بالصواب۔ اور اگر حرف اخیر یاے تحتانی مدہ ہو بوجہ عدم تعذر ثقالت کسرۂ اضافی پر کفایت کرنا اور نظر براخوت الف وواؤ مدتین یاے تحتانی کا بڑہانا یہ دونون امر جائز ہین اول جیسے حافظ رح کے اس شعر مین **شعر** ساقی بہ بے نیازی یزدان کہے بیار ✤ تا بشنوی ز صوت مُغنّی ہوالغنی ✤ طالب آملی **شعر** آیم مکن اے شرم بہ نزدیکی آن کو ✤ شاید بغلط یار ز من دست بشوید ✤ دوسرا امر یعنی یاے تحتانی کا زیادہ کرنا اس مین بھر دو باتین ہین ایک تو بوجہ اجتماع ساکنین یاے اول کو بموافقت یاے مابعد حرکت کسرہ دیکر یاے ثانی کو اُسکے اصلی سکون پر چھوڑ دیتے ہین نظامی رح **شعر** کسے را کہ قہرے تو از سر فگند ✤ بہ پامردی کس نگردد بلند ✤ اسکو اشباع نہ سمجھین۔ دوسرا یہ کہ یاے اول کو اُسی حالت سکون مین رکھکر یاے ثانی کو بحکم اذا حرک حرک بالکسر کسرہ دیتے ہین اور اور پھر چونکہ اسمین قاعدہ ادغام کا پایا جاتا ہے ادغام کردیتے ہین۔ حافظ رح **شعر** خنگ چوگانی چرخت رام شد در زیر زین ✤ شہسوارا خوش بمیدان آمدی گوے بزن ✤ اور یہ بھی یاد رکھو جب کوئی اسم اس قسم کی یاے نسبت والا جانب ضمیر متصل مضاف ہوتا ہے تو ماقبل اُس ضمیر کا متحرک بحرکت فتح رکھا جاتا ہے جس طرح اَن ضمائر کے سائر مضافات کا حال ہے لیکن بعض وقت بحکم ضرورت اُس یاے ماقبل ضمیر کو ساکن بھی کردیتے ہین مولوی معنوی[۱۴۵] رح **شعر** صد گمانت بود در پیغمبریم ✤ با چنین برہان و این خلق کریم ✤ مگر یہ کم آتا ہے۔ اور اگر اخیر حرف مضاف کا ہاے مختفی ہے تو چونکہ اُس مین صلاحیت کسرہ قبول کرنے کی نہین ہے تحمل کسرہ اضافت کے لیے ایک ہمزہ زیادہ کردیا جاتا ہے جیسے بندۂ خدا مجھ سے پوچھیے تو وہ یاے تحتانی بصورت ہمزہ ہے جیسے ہمزہ یا کی صورت پاتا ہے یا بھی ہمزہ کی شکل مین آتی ہے اسیوجہ سے ہمزہ قافیہ یاے تحتانی کا واقع ہوجاتا ہے۔ مولوی معنوی[۱۴۶] کا شعر ہے **شعر** لیک میگویم حدیث خوش نہی[۱۴۷] ✤ بر امید آنکہ تو کنعان نہ ✤ مہتی دبیر **شعر** بار دے چو نوبہار ز باخوے دی ✤ با ما چو خمار و باد کرکس چو ہئی ✤ بخت بد ماہمی کند سست پئی ✤ ورنہ تو چنین سخت کمان نیز نہ ایک لطیفہ ذرا غور کرنیکے قابل اور حظ لینے کے لایق عرض کرتا ہون ملاحظہ فرمائین کہ واضع حروف وصور حروف حکیم مطلق جلّت حکمتہ نے معنی لفظ کو حروف لفظ کے ساتھ اتنی مناسبت تو یہ

اخیر حرف مضاف کا ہاے مختفی ہو تو علامت اضافت کیا ہوتی ہے

تحقیق ہمزہ جو ہاے مختفی پر لایا جاتا ہے

[illegible] ہمزہ اور [illegible] مختار ہے [illegible] فارسی قرآن در بعض [illegible] خواندہ اند

رکھدی جسطرح تمہید مین اس رسالہ کی مبرہن ہوچکا ہے پھر شکل حروف مین کیونکر اہمال تناسب
کرتا پھر ہر ایک حرف اپنی زبان حال سے پوچھتا کہ ہمین یہ شکل کیون ملی وہ کیون نہ ملی اور حکم آیۂ
وافی الہدایۂ لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ سے یہ نہ سمجھنا کہ مالک مختار نے جس طرح چاہا بمناسبت و بلامناسبت
وضع کردیا بلکہ اُسکا ہر کام عین حکمت ہے مگر ہمکو اپنی نے سمجھی سے مناسبت پر پہنچے نہ لیجا کر خواہ مخواہ
اعتراض مین مُنہ نہین کھولنا چاہیئے پس اُن حروف کی یہ خاص خاص شکلین اور صورتین بھی ضرور
خاص خاص مناسبتون کی وجہ سے ہونگی گو کہ ان دقائق غامضہ پر ہماری نظر نہ پہونچے مثلاً اس شکل
(ء) ہمزہ کو ذرا غور سے ملاحظہ فرمائیے یہ بعینہٖ نصف بالائی حصہ یا کا ہے بلکہ کامل یا ہے صرف
ایک دامنہ جو روانی قلم مین نکلتا ہے رہ گیا ہے اور اگر اسکے بالائی سرے کو نکال دیجئے دیکھیئے
(ء) کامل واو ہے - اور جو اسکے انحنا کو لحاظ نکرین ایک مرتعش کے ہاتھ کا لکھا ہوا الف ہی چنانچہ
غالب فرماتے ہین مصرعہ الف منحنی بود ہمزہ غرض جبکہ اس مین کیفیت ان تینون حروف علت کی
بالقوۃ موجود ہے تو حالت فتحی مین الف کی صورت پاتا ہے حالت ضمی مین واو کی شکل لیتا ہے
حالت کسری مین یا بنجاتا ہے جیسے مامون مومن ایمان - آدم بر سر مطلب اور وہ گرہ کی سی شکل
جسکو ہاے مختفی کہتے ہین میرے نزدیک کوئی حرف جوہر کلمہ کا نہین بلکہ علامت کلمات متحرک الآخر
کی ہے - اور یہ بات بھی قابل یاد رکھنے کے ہے کہ بعض قواعد نگارون نے کلمات فارسی مین ماقبل
ہاے مختفی کو بھی مکسور رکھا ہے اور میانجیون نے مکتبون مین اسیکو رواج دیا ہے یہ خطا ہے
چنانچہ کلام اساتذہ اُسکے فتح پر دال ہے - میرزا غالب کا شعر ہے **شعر** شورش آمادہ رفتہ اند ہمہ ٭
ہم برین جادہ رفتہ اند ہمہ ٭ در نورد گزارش زدہ ہا ٭ کردہ انداز نشاط عربدہ ہا ٭ لیک در بعض جا
نہ در ہمہ اش ٭ لفظ ماری ہوی ست ترجمہ اش ٭ دیکھیئے قافیہ آمادہ اور زدہ اور ہمہ کا جادہ اور عربدہ
اور ترجمہ کو ڈالا ہے - یہ الفاظ عربی کے ہین انکا ماقبل اخیر مفتوح ہے اور یہان اختلاف روی کا
قائل ہونا تحکم ہے - ہان ہاے ظاہر کا ماقبل البتہ مکسور بکسرۂ اصلی رہتا ہے لیکن اس ہا کے اور
حرف ماقبل کے درمیان سے کوئی حرف علت حذف نہ ہوا ہو جیسے رَہ بمعنی طریق بفتح ماقبل و کُہ
بمعنی جبل بضم ماقبل و دِہ بمعنی قریہ بکسر ماقبل عارضی اسواسطے کہ اول سے الف ثانی سے واو ثالث
سے یاے تحتانی محذوف ہے اصل انکی راہ و کوہ و دیہ ہے - راہ و کوہ معروف ہین مگر دیہ امیر خسرو

مثال دویم کی بائے مشابہ کے ساتھ

کے اس شعر مین **شعر** قدرے چون ہمین نمط بشتافت ؛ راہ اندر سواد دیہے یافت ؛ میر حسن دہلویؒ **شعر** سلامت از دل و دین حسن چہ میپرسی ؛ نہ دیہ ماند نہ دہقان چہ واجب ست خراج ؛ غرض جہان حرف علت حذف نہوگا ضرور ماقبل اُس ہا کا مکسور یکسرہ اصلی ہوگا مثلاً بہ و کہ و مہ و گرہ و فربہ و زرہ - سعدیؒ کا شعر ہے **شعر** چو از قومے یکے بیدانشی کرد ؛ نہ کہ را منزلت ماند نہ مہ را ؛ نمے بینی کہ گاوے در علف زار ؛ بیالاید ہمہ گاوان دہ را ؛ **ولہ** آن شنیدی کہ لاغرے دانا ؛ گفت روزے بابلہٖ فربہ ؛ اسپ تازی اگر ضعیف بود ؛ ہمچنان از طویلۂ خر بہ ؛ فردوسیؒ اشکبوس پر رستم کے تیر چلانے کی تعریف کرتے ہین **شعر** قضا گفت گیر و قدر گفت دہ ؛ فلک گفت احسن ملک گفت زہ ؛ اور لفظ زہ بفتح زائے معجمہ جیسے مولوی معنوی قدس سرہ کے ان اشعار مین [۱۵۶] **شعر** تا نگیرد مادران را درد زہ ؛ طفل در زادن نیابد ہیچ رہ ؛ [۲۰۷] **ولہ** پیش مے آمد پسش میرفت شہ ؛ جملۂ شب ہمچو حامل وقت زہ ؛ اصل اس ہا کی الف ہے یعنی یہ زہیدن کا حاصل مصدر ہے اور زہیدن زادن سے مجعول ہے معنی مین اسی زادن کے ہے جیسے شتر اس جبل کی ہے بحث مصدر مین اسکی تحقیق آجائیگی انشاء اللہ تعالےٰ مولوی معنوی قدس سرہ فرماتے ہین **شعر** رزقہا از زقہا او میدہد ؛ ورنہ گندم کے غذاے کے زہد ؛ اے کے زاید - اور زہ بمعنی زادہ یعنی بچہ کے معنون مین بھی مستعمل ہے جیسے آفرینش حاصلمصدر بمعنے آفریدہ یعنی مخلوق مستعمل ہوتا ہے اور اسی سے زہدان بچہ دان یعنی رحم کو کہتے ہین - رہا لفظ دَہ کا جو عدد معروف ہے سو وہ لفظ ہندی دس کا مفرس ہے جیسے ماس سے ماہ بمعنی قمر اسی پر ہمزہ نفی کا لگا کر اماس کہتے ہین اور ہمزہ نفی کے لیئے جیسے ہندی زبان مین آتا ہے فارسی زبان مین بھی مستعمل ہوتا ہے چنانچہ اکثر جگہ دساتیر مین لفظ اخواستی بمعنی غیر ارادی و اجنبان بمعنی غیر متحرک آیا ہے اسیطرح امیر بمعنی نامیرندہ یعنی حیؔ غرض اماس وہ شب جس مین چاند بالکل نہین نکلتا بلکہ اس لفظ دہ کو مفرس ہی کیا کہیئے توافق و اشتراک دو زبانون کا سمجھنا چاہیئے - رہا مبادلہ سین کا ہاے ہوز کے ساتھ اکثر ہے جیسے راہ بمعنی طریق اس معنی مین لفظ راس جسکا مزید علیہ راستہ ژند پاژند یعنی لغت باستانی فارسی مین مستعمل ہے اور آماس و آماہ بمعنی ورم اور جستن و رستن بالفتح بحث مضارع مین جہ و رہ ہوجاتے ہین - شرف شفروہ کا شعر ہے **شعر** خصمت ار فربہی یافت ؛ ہمچون غدر ؛ چہ شود فربہی طبل ز آماہ بود ؛ مگر خَہ اور خَہ خَہ اور پَہ پَہ یہ بعض الفاظ ایسے ہین کہ انکا

لفظ زہ بفتح زاے معجمہ کی تحقیق

لفظ دہ کی تحقیق جو عدد معروف ہے

ہمزہ نفی کا جیسے ہندی زبان مین بھی ہے ویسے فارسی مین بھی آتا ہے جیسے اجنبا

تبادلہ سین کا ہا سے جیسے آماس و آماہ

ما قبل اخیر مفتوح نہ ہے۔ حکیم زلالی ایاز محمود مین لکھتے ہین شعر صراحی بر قدح چون کبک قہقہہ ؛ زدو گفتش کہ اے گلدستہ خہ خہ ؛ اور یہ یہ وہ وہ کا ہم معنی لفظ ہے یعنی ایک حیرت کے ساتھ واہ وا کرنے مین استعمال کیا جاتا ہے جیسے شعر بوحدت فرونادری ہیچگہ سر ؛ چو حلوا خوری زود گوئی کہ یہ یہ ؛ شعر چہ میگفتم و در چہ پرداختم ؛ کجا بود اشہب کجا تاختم ؛ آمدم بر سر مطلب چونکہ ہائے مختفی ہائے ظاہر کی ہمشکل ہے تو بطور ایک مستقل حرف کے ملحوظ ہوتی ہے۔ کیا آپ نہین دیکھتے علم ہیأت مین جب دوائر وقسی کی پیمائش کرتے ہین ساٹھ پر اکر ستہ لکھدیتے ہین حالانکہ باعتبار حساب جمل فقط س کے ساٹھ ہوتے ہین اگر یہ شکل واقع مین مستقل حرف سمجھی جاتی پینسٹھ بنجاتے لیکن مادۂ تاریخ مین اسکا اعتبار اسوجہ سے ہے کہ مدار اس صنعت کا فقط صورت و شکل مکتوبی پر ہے اصلیت اور واقعیت ملحوظ نہین ہوتی جیسے مشدد جو کہ اصل مین دو حرف ہین یہان ایک ہی اعتبار کیا جاتا ہے اسی بناء پر تاء عربی جو کہ گول گرہ کی سی شکل مین لکھی جاتی ہے اور حالت وقفی مین ہا بنجاتی ہے اسکے اعداد مین فضلاے مورخین کا اختلاف ہے لیکن انصاف کی بات یہ ہے کہ اگر وہ ترکیب عربی مین اس طور پر واقع ہو کہ تلفظ مین بھی تا ہی پڑھی جاے اسوقت اسکے عدد چارسو ہی لیئے جائینگے اور وہ جملۂ تاریخی خواہ عربی کی عبارت ہو یا نہو مگر وہ کلمہ جس مین یہ تا واقع ہے ترکیب عربی رکھتا ہو۔ جیسے رحمۃً للعالمین مولانا جامی قدس سرہ کا شعر ہے شعر نہ آخر رحمۃً للعالمینی ؛ ز محرومان چرا غافل نشینی ؛ اسیطرح جنۃ النعیم و کعبۃ اللہ وغیرہ۔ اور اس مین کچھ شک نہین کہ اس صنعت مین فقط مکتوبی کا اعتبار ہوا کرتا ہے ملفوظ کا کچھ بھی اعتبار نہین ہوتا۔ اسیوجہ سے خدائی پادشائی مین اگرچہ ایک ہمزہ اور ایک یا ہے مگر بلحاظ صورت مکتوبی دو یا شمار کیجاتی ہین اور انکے عدد بیس لیئے جاتے ہین اور عبدالرب عبدالرحمن مین الف لام اگرچہ ملفوظ نہین مگر بلحاظ مکتوب انکے عدد اکتیس لیئے جاتے ہین راے مشدد ایک ہی شمار کیجاتی ہے فقط دوسو اسکے عدد لیئے جاتے ہین اگرچہ بولنے مین دو رے بولی جاتی ہین۔ لیکن یہ قرار دینا کہ یہ گرہ کی سی شکل عربی وغیر عربی مین ہا کے لیے مختص ہے میری سمجھ مین نہین آتا البتہ غیر عربی کے لیئے یہ اختصاص ثابت کرو بجا ہے مگر عربی مین یہ شکل تا اور ہا دونون مین مشترک ہے لیکن مابہ الامتیاز اور جدا شناس اوپر کے دو نقطون کا وجود اور عدم ہے جیسے حا اور خا را اور زا شکل مین مشترک نقطہ سے ممتاز ہین ہان اتنی بات ہے کہ یہی تا حالت وقفی مین ہا

بنا بر ورود جو حالت وقفی مین ہا بنجاتی ہے جب کہ ایک ہی ہے تو جمع کے عدد کی

خدائی پادشاہی کی ہمزہ کی عدد کیا لینی چاہیئے۔

بنجاتی ہے تو اُسوقت اُسپر نقطے بھی دیے نہ جائینگے اور عدد بھی پانچ ہی لیئے جائینگے جیسے علیہ الرحمہ
ورب الکعبہ۔ اور آیات کریمہ قرآنی مین جو باوجود وقف نقطے دیے جاتے ہین باعتبار ما کان حالت
اصلی کے لیئے ہے تا نوآموزون کو تہجی کے وقت دقّت نہ پڑنے غرض نظم الفاظِ تاریخ عبارتِ عربی
ہو یا غیر عربی مگر وہ کلمہ جس مین یہ تاے مدور واقع ہے عربی ترکیب پر ہو پس مرزا قطب الدین کی تاریخ
وفات جو یگانہ عصر محمد عاکف رحمہ اللہ نے جعل الجنۃ مثواہٗ سے نکالی ہے اور اس تاء جنت کے
چارسو عدد لیئے ہین بہت درست ہے اور اُسپر غلام علی آزاد جیسے بے بدل ادیب بلند اندیشہ فاضل
نے جو طعن کیا ہے بجز اسکے اور کیا کہا جاے کہ سخت ہٹ دھرمی کی ہے رہا بعض غیر منقوطہ صنعت
کی عبارتون مین جیسے فیضی کی موارد الکلم اور خطبہ غیر منقوطہ علامہ حریری ہے اس قسم کی تا کا لانا اور
اُسکو مہملہ سمجھنا بوجہ تنگی مقام وضرورت صنعت کلام ہے۔ اگر یہی کلمہ ترکیب غیر عربی مین واقع ہو بحسب
املاے عجمی دراز بھی لکھا جائیگا اور عدد بھی بالاتفاق چارسو لیئے جائینگے جیسے صاحب مخبر الواصلین
حضرت شیخ الشیوخ عقد سلسلۃ الاولیا رحلۃ العلماء والفقراء صاحب النسبۃ العلیا الشیخ شہاب الدین سہروردی
قدس سرہ کی تاریخ وفات مین لکھتے ہین **شعر** آنکہ شیخ الشیوخ عالم بود ٭ زبدۂ اولیاے اعظم بود ٭
عمدۂ واصلین شہاب الدین ٭ قدوۂ کاملین شہاب الدین ٭ سال نقلش بگفت ارض وسما ٭ ساکن اوج
جنت والا ٭ ملا حیدر ذہنی اپنے والد بزرگوار کی تاریخ وفات مین لکھتے ہین **شعر** تاریخ وفات فایضاے
مرحوم ٭ کردند رقم کہ شد برحمت واصل ٭ اور اگر حرف قوی حرکت کے لیئے جو بہ نسبت حرف کے ضعیف
ہے علامت بننے کو کوئی ممتنع سمجھے تو عربی کا نون اعرابی جو مضارع پر آتا ہے حروف کے علامت
حرکات ہونے کے امتناع کو اُٹھاتا ہے۔ میرا یہ قول گو کہ اجنبی معلوم دیتا ہے لیکن اور بلند اندیشہ
قواعد نگارون کے کلام سے بھی اشارۃً یہی سمجھا جاتا ہے جیسے ٹیکچند بہار مصنف جواہر الحروف است
کے استعمال کے بیان مین تحقیق کرتے ہین کہ است الف کے ساتھ اُس جگہ پر آتا ہے کہ جہان کلمہ
متحرک الآخر ہو اب اگر ہاے مختفی بھی کوئی حرف مستقل جو ہر کلمہ سے مان لیا جانے پھر کلمہ متحرک الآخر ہی
کہان رہا۔ فارسی کے اُستاد فخر المتاخرین نواب اسد اللہ خان غالب دہلوی درفش کاویانی مین ضمیر خطاب
تَ کے بیان مین لکھتے ہین جسکا حاصل یہ ہے کہ ہمزہ ضمائر پر اُس جگہ وصل پاتا ہے جہان کلمہ ہاے غیر اصلی
مختفی پر ختم ہو جو محض اظہار حرکت ماقبل کے لیئے لایا گیا ہے " تا پدید آید کہ ہاے ایمای حرکت را وجود

حرف حرکت کیلیے علامت بن سکتا ہے

اعتباری ست نہ وجود حقیقی لاجرم جز بوساطت ہمزہ بحرف دیگر نپیوستہ اند پیوست" اور ہفت قلزم کی ساتوین
جلد مین مصادر جعلی کے بیان مین لکھتے ہین "از اندیشہ اندیشیدن وہاے مظہر حرکت را حذف کردند"
اس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ ہا مظہر حرکت وعلامت کلمات متحرک الآخر ہے غرض میری پریشان تقریر کا
حاصل یہ ہے کہ جس کلمہ کے ساتھ ہائے مختفی قائم ہے وہ متحرک الآخر دائم ہے اور اضافت کا تقاضا ہے
کہ اسپر کسرہ اضافی ضرور ہو تو ہم اسکی حرکت لازمی کو چھیڑ نہین سکتے مگر حروف لازم الحرکت پر ایک الف
متحرک زیادہ کرتے ہین جو کہ حروف علت مین سے ہے جنسے ہمیشہ دعامون اور زیادتیون مین کام لیا جاتا
ہے وہ پہلا حرف ہے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اکثر ما قبل اس ہا کا مفتوح ہوتا ہے اور فتح کے بعد
بہ نسبت اور حروف علت کے الف کا زیادہ کرنا انسب ہے پھر اس الف زائدہ پر کسرہ اضافت لایا جاتا ہے
اور اس قسم کے الف متحرک کو عرف مین ہمزہ کہتے ہین اور اگر یاے وحدت یا تنکیر یا تعظیم یا خطاب کی
اس پر لائی جاتی ہے تو رسم الخط مین کوئی صورت اسکے لیئے الگ نہین ہوتی یہی ہمزہ اسکے ادا کی
خاطر کفایت کرجاتا ہے جیسے لفظ بندہ کا سعدیؒ کے اس شعر مین **شعر** حکمت محض ست اگر لطف جہان آفرین
خاص کند بندۂ مصلحت عام را ٭ یعنی کسی ایک بندہ کو خاص کرے۔ اور یہ وہی یاے مجہول ہے جو
اور اسمون پر ان معنون کے لیئے داخل ہوتی ہے لیکن ہمزۂ ما قبل یا صرف تحمل کسرہ کے لیئے واجب
کی گئی اور نیز صیغہ واحد حاضر سے اس فعل کے جس کو ماضی قریب نام دے رکھا ہے اسکا پتہ لگتا ہے
اسواسطے کہ کردۂ مثلاً واحد حاضر کا صیغہ ہے اور واحد حاضر کی ضمیر یاے معروف ہے اور
است والی گردان مین ایک الف متحرک قائم مقام فعل ناقص کے چلا آتا ہے تو یہان بھی ایک الف
متحرک اور یاے ساکن صورت ہمزہ کے لیئے ہوئے ہین۔ (اے وحدت، تنکیر، تعظیم) اور عربی کی تاءات جو حالت وقفی مین ہا بنگئی
ہین گو اس قسم کی علامت حرکت نہین ہین لیکن عمومیت احکام کے لیئے انہین کے تابع کردیا جیسے
روضۂ رضوان ترجمۂ قرآن اور ان چار حرفون یعنی الف اور واو اور یاے مدہ اور ہاے مختفی کے سوا
سب جگہ مضاف پر کسرہ واجب ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

الحمد للہ والمنة اضافت معنوی کا مختصر سا بیان لکھ چکا اب اضافت لفظی کا کچھ تھوڑا سا پتہ بتلا دیتا ہون
ملاحظہ فرمائیگا۔ کیا کیا جاے خاطر کی تشویش اور طبیعت کی کاہلی یہ دونون امر ایسے ہاتھ دھو کر میرے
پیچھے پڑ گئے ہین کہ کسی کام مین دل نہین لگتا۔ اللہ تعالیٰ میرے حال پر رحم فرمادے ٭

کسرہ عارضی اضافی کا کسرہ اصلی مین تداخل نہین ہوتا یعنی اسکے اصلی کسرہ پر کفایت نہین کرتے

الاضافۃ اللفظیۃ

صیغہاے صفت کو اُنکے معمولون کی طرف نسبت کرنے کا نام اضافت لفظی ہے اور ان صفات کا مضارع کے معنو مین ہونا شرط ہے جیسے نویسندۂ نامہ و کشتۂ غم اور غیر معمول کیطرف نسبت کرنے سے اضافت لفظی نہین بنتی جیسے خواہندۂ مغرب و داناے طوس سعدی رح فرماتے ہین نثر خواہندۂ مغرب درصف بزازان حلب مے گفت۔ یعنی ایک سائل ملک مغرب کا رہنے والا الخ بعض نسخون مین یاے نسبت کے ساتھ خواہندۂ مغربی آیا ہے اب ترکیب اتصافی ہوگی اور جو لوگ کہ مغربی بمعنی زر مغربی کے لیتے ہین اسوقت البتہ اضافت لفظی ہوگی مگر یہ معنی لینا مجاز بے قرینہ ہوگا سو یہ قبیح ہے۔ اسی طرح جب وہ صیغہاے صفت معنی مضارع کے نہ رکھین بلکہ دوام و استمرار اُنکے معنون مین پایا جاے بحکم اذا فات الشرط فات المشروط اضافت لفظی نہ بنیگی گوکہ اُنکی اضافت اپنے معمولونکی طرف ہو جیسے۔ مصرعہ آفرینندۂ ہر چہ ہست۔ غرض ان دونون صورتون مین اضافت معنوی ہوگی ہمنے یہان اضافت لفظی مین اس امر سے بحث نہین کی کہ اُسکے وضع سے کوئی معنوی مفاد بھی ہے یا صرف لفظ ہی مین تخفیف ہے اسواسطے کہ زبان فارسی مین معرفہ اور نکرہ کے احکام بخوبی نہین کھلتے یہ تمام وسعت زبان عربی مین خدا داد ہے جیسے رَجُلٌ اور الرجل مین تعریف و تنکیر کا فرق ہوگیا بخلاف فارسی کے اُس مین ایسا کوئی تفرقہ اور حد اشناس نہین اور ہمنے فقط اپنی تحقیقات مین یمن و برکت حاصل کرنے کی نیت سے اتباع زبان عرب کا کیا معنوی اور لفظی پر اضافت کی توزیع کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

معرفون مین سے چھٹا وہ اسم ہے کہ جس پر کلمہ ندا کا داخل ہو جیسے دوست کا لفظ اس شعر مین شعر اے دوست اگر جان طلبی جان بتو بخشم ٭ از جان چہ عزیز ست بگو آن بتو بخشم ٭۔ لفظ دوست نکرہ غیر معین تھا بعد ندا کے متعین ہوگیا فلان دوست ہے کسواسطے کہ دانا بینا جسوقت ندا کرتا ہے تو اُسے کسی خاص شخص کی توجہ مطلوب ہوتی ہے ہان اگر کوئی اندھا ندا کرے اور کہے اے جانیوالے میرا ہاتھ پکڑلے یا کوئی مصیبت کا مارا کسی حصار مین گھرا ہوا یا کنوئین مین گرا ہوا بغیر دیکھے یا پہچانے کسی کی آہٹ پر آواز دیوے کہ اے شخص میری مدد کو پہونچیو تو نکرہ کا نکرہ ہی رہیگا کسواسطے کہ یہان کسی کی تعیین نہین۔ اب سنو کلمات ندا کے معاملہ مین جنکا بیان بحث حرف مین آئیگا مین ابو علی کا تابع ہون اُنکے حرف ہونے مین مجھے کلام ہے میرے نزدیک اُنکا اسماے افعال ہونا تحقیق مقام ہے

بجاے اسم فاعل و اسم مفعول و صفات مشبہ و اسم تفضیل

لا علم تعیین بیدا کرنا منادا و داعی معرفہ نہین بنانا

تحقیق ندا کی تعریف

اور اس کے معنی اُقْبِلْ یعنی متوجہ شو کے ہین۔ رہی یہ بات کہ انکا فاعل انہین اسماے منادا کو مانین یا کوئی ضمیر اسمای افعال مین مستتر سو میرے نزدیک انہین اسمای منادا کو اسمای افعال کا فاعل کہنا بہتر ہے۔ باقی استتار ضمائر وغیرہ تکلف سراسر ہے۔ اب کلمۂ ندا کو بجواسم کے قائم مقام کرنے کی ضرورت رہی نہ اُسکے مفعول کہنے کی احتیاج۔ گوکہ نحویون مین اسیکا رواج ہے۔ کسواسطے کہ نحات عرب نے جب دیکھا کہ منادا کو رفع بھی ہوتا ہے نصب بھی ہوتا ہے تو انکو کہین فاعل اور کہین مفعول کھینچ تان کر بنانا ضرور پڑا۔ زبان فارسی مین نہ تو نصب ہے نہ رفع پھر یہ تکلف بھی اُن سے دور پڑا۔ واضح رہے کہ جب کسی غائب کو ندا کرتے ہین تو منظور یہ ہوتا ہے کہ اُن غائبون کو مخاطب بنالین اپنی جانب متوجہ کرلین اور وہ منادا خواہ غائب حقیقی ہو خواہ مجازی۔ غائب حقیقی ظاہر ہے جیسے کوئی شخص دور ہو یا بسبب کسی حجاب کے نظرون سے مستور ہو یا مُنہ پھیر کر بیٹھا ہو لیکن آواز ندا کرنے والے کی اُس تک پہونچتی ہو تو اُسکو تعیین کے ساتھ آواز دین۔ غائب مجازی وہ ہے جیسے کوئی سامنے روبرو اپنے بیٹھا ہو اور وہ مخاطب ہی کیون نہو یہان خوب ہوشیاری اور توجہ دلی کے ساتھ اُسکو متوجہ کرنا منظور ہوتا ہے اس جگہ غیبوبت سے عدم اقبال مراد ہے۔ یہی حال ندا کا ہے یعنی حقیقۃً ندا اُسکی طرف ہوتی ہے جو صلاحیت ندا کی رکھے یعنی اُسکی پکار کو سُنے اور جواب دے جیسے اے زید اور جو صلاحیت ندا کی نہ رکھے اُسکو پکارنا مجازاً ہوتا ہے جامیؒ فرماتے ہین
شعر دریغا اے فلک با من چہ کردی ٭ رساندی آفتابم را بزردی ٭ اس سے معلوم ہو گیا کہ کوئی شخص اتنے فاصلہ پر ہو کہ ندا کو سُن نہین سکتا اُسکی جانب بھی ندا مجازی ہوگی مثلاً اپنے گھر بیٹھے ہوئے اپنے شوق مین مطلوب کو ندا کرتے ہین گویا اُس تصویر وخیال حاضر در دل کیجانب ندا ہوتی ہے شوق وعشق مین منادائے حقیقی کو اپنی ندا کا سُنانا کچھ مقصود بھی نہین ہوتا فقط اُس تصور اور خیال کے ساتھ دل پردازی کیجاتی ہے جو ہمیشہ ذہن عاشق مین حاضر رہتی ہے اسیطرح مُنہ مُنہ مین پکار لینا کہ اُسکی آواز مخاطب کے کان تک نہ پہونچے ندا مجازی ہی ہوگی۔ اور اگر آلہ ندا کا لفظون مین مذکور ہو ندا تحقیقی کہلاتی ہے جیسے یا زید۔ اگر مذکور نہ ہو ندائے تقدیری کہتے ہین جیسے **شعر** نظامی بسا صاحب آوازہُ ٭ کہن گشتی وہمچنان تازہُ ٭ یعنی اے نظامی الخ اسیطرح کبھی منادا مذکور ہوتا ہے کبھی اُسکو ذکر نہین کرتے ذکر کرنا تو اُسکی اصلی حالت ہے لیکن کبھی کوئی

غائب حقیقی

غائب مجازی

ندا حقیقی۔ ندا مجازی

ندا تحقیقی و تقدیری کا بیان

ذکر مین منادا کے نکتہ

نکتہ اُسکے ذکر سے مقصود بھی ہوتا ہے مثلاً اُسکے ذکر سے جان کو لذت حاصل ہوتی ہو جیسے شعر
اے دوست دست حافظ تعویذ چشم زخم ست ؛ یارب بہ بینم آنرا در گردنت حمائل ؛ کبھی جل بھنکر
اپنے خشم وغضب کا مورد بنانے کے لیئے جیسے کہتے ہین شعر شاہد معنی عیان وما بصورت
ملتفت ؛ اے درون جہل خون اے روے نادانی سیاہ ؛ یعنی دانت پیسکر جہل اور نادانی
پر غصہ اُتارتا ہے اور کہتا ہے اے جہل تیرا دل خون ہوجاے اے نادانی تیرا کالا منہ ۔ کبھی

آلۂ ندا کے مقدر کرنے مین نکتہ

اس غصّہ اور ملال مین ایسا مضطر اور عجول ہوجاتا ہے کہ آلۂ ندا کے ذکر کیئے تک صبر نہین ہوتا
خان آرزو کا شعر ہے شعر گلہ آہ از تو دارم کہ چہ کردۂ تو با من ؛ بفلک ترا رساندم کہ گہے اثر نکردی

کن نکتون کی غرض سے منادا کا عدم ذکر

اور جب تحقیر یا تعظیم یا تعمیم منادا منظور ہوتی ہے تو بھی منادا کو ذکر نہین کرتے اُسکی جگہ اُسکی صفت کو قائم مقام
کرتے ہین تا وہ وجہ تحقیر یا تعظیم بھی سامع کو معلوم ہوجاے اور عذر ترک منادا بھی مسموع صائب کا
شعر ہے شعر چہ محو ناخدا گردیدۂ اے از خدا غافل ؛ چونکہ یہ صفت جملہ نہین مصدر بکاف رابط
نہین سعدی رح شعر اے پسندیدہ حیف بر درویش ؛ از براے قبول منصب خویش ؛ تا دل بادشا
بدست آری ؛ حیف باشد کہ حق بیازاری ؛ یعنی اپنے نفع کے لیئے غریب مسکینون پر ظلم کرنا پادشاہ
کی خوشامد مین حق جل وعلا کو ناراض کرنا بےشک تذلیل وتحقیر کے مستوجب ہے پھر مخاطبہ اور مکالمہ
مین ایسے نالائق کا کیا نام لین اور کسیکی عظمت اور بزرگی کی وجہ سے بفحواے نامش بزبان گفتنم از
(اول صـ ۱۲۸)
بیخردیست منادا کو ذکر نکرنا جیسے سیاؤش اپنے قتل کے وقت خداے عزوجل سے التجا کرتا ہے۔
شعر سیاؤش بنالید بر کردگار ؛ کہ اے برتر از گردش روزگار ؛ اے وہ خداوند کہ گردش زمانہ کا برا
یا بھلا اثر تیری ذات پاک تک نہین پہونچتا تیری ذات پاک اُس سے برتر ہے . بجاے منادا اس
خاص صفت کے ایراد سے بطریق براعت ایما کرتا ہے کہ وہ گردش زمانہ کا مارا ہوا ہے ۔ اسیطرح
تعجب وتحسر وتمنا کی محویت مین منادا کا ذکر کرنا بھولجاتا ہے انکے امثلہ آگے آتے ہین غرض اس قسم کے
نکات معنوی بیان کیئے جائین یہ دستورنامہ کا ہیکو رہیگا بستان خیال بنجائیگا فقط آپکی لطف اندوزی
کے خیال سے بطریق نمونہ کچھ بیان کردیا حاصل کلام یہ ہے کہ ندا سے غائب معرض خطاب مین آتا
ہے اسیواسطے بعد ندا کے یعنی جواب ندا مین وجوباً صیغہ خطاب کا استعمال پاتا ہے جیسے ظاہر ہے
لیکن یہ نکتہ فورا یاد رکھنے کے قابل ہے کہ عین حالت ندا مین وہ اسم جسکو ندا کر رہے ہین برزخ یعنی

عین حالت ندا مین دو حیثیتین جمع ہوتی ہین باعتبار حقیقت حضور وغیبت دونون
بنا بر ان اعتبار اول استعمال صیغہ خطاب اور ثانی باعتبار ضمیر غائب

بین بین حاضر و غائب کے رہتا ہے نہ تو اُسکو پوری طرح غائب ہی کہیئے نہ حاضر اسیواسطے ان حالت
توسطی مین استعمال ہر دو صیغون کا غائب ہو یا حاضر جائز ہے یہ امر اُسوقت بخوبی مبرہن ہوتا ہے
کہ موصول یا موصوف پر جسکی صفت جملہ ہو ندا واقع ہو لیکن عربی مین صیغہاے غائب کا استعمال اکثر
ہے حاضر کا کمتر اسواسطے کہ جسکو ہم پکارتے ہین وہ غیبوبت حقیقی یا مجازی مین ہو گا اگر یہ بات
نہوتی ندا کرنے کی ضرورت ہی کیا پڑی تھی پس اُسکو ندا کرنا غیبوبت سے نکال کر خطاب مین داخل
کرنے کے لیئے ہوتا ہے تو جب تک ندا پوری نہو گی وہ غیبوبت سے شرف خطاب مین نہین آسکتا
یعنی عین حالت ندا مین وہ پورے طور سے مخاطب نہین بنا جیسے وہ پورے طور سے غائب بھی نرہا
لیکن فقط اس مخاطب نہ بننے کو لحاظ کر کے احکام غائب کے اُسپر جاری کیئے جاتے ہین یا یہ کہ منادا
اسم ظاہر ہوتا ہے اور اسماے ظاہر ہمیشہ غائب ہوتے ہین تو یہان بھی لفظ کے اعتبار سے منادا
غائب ہوا پھر اب غائب کیطرف ضمیر خطاب کا پھیرنا مکروہ جان کر استعمالا حالت ندا مین غائب ہی رکھتے
ہین۔ یا یہ وجہ ہے کہ جب منادا حالت ندا مین نہ غائب رہا نہ مخاطب بنا گویا ایک اطلاق کے درجہ مین
آگیا تو اُسکے لیئے کوئی صیغہ بھی مطلق ہونا چاہیئے اور خارج مین مطلق کا کوئی وجود نہین تو ناچار اُسکو
فرد کامل کی ترتی مین لایا اور غائب کا فرد کامل ہونا رسالہ زرشت افشار مین ہمنے مبرہن کر دیا ہے
یہ مختصر ان توطیہ اور تمہیدون کی گنجایش نہین رکھتا جیسے ارشاد ہدایت بنیاد ہوتا ہے یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ
آمَنُوْا آمِنُوْا متنبّی کا شعر ہے **شعر** یَامَنْ تَحَکَّمَ فِی نَفْسِیْ فَعَذَّبَنِیْ ÷ وَمَنْ فُؤَادِیْ عَلَی قَتْلِیْ
یُضَافِرُہٗ۔ اور وجہ استعمال حاضر ظاہر ہے کہ وجوہات اولی کی عکس ہے یعنی استعمال صیغۂ غائب
کی وجہ یہ تھی کہ وہ غیبوبت سے حیز خطاب مین کامل طور سے نہین داخل ہوا تو گویا ابتک غائب
ہی رہا پس استعمال صیغہ حاضر کی یہ وجہ ہے کہ وہ غیبوبت سے جانب خطاب چل پڑا ہے تو اب وہ
پورا غائب نرہا گویا مخاطب بنگیا اور یہ کلام عرب مین بہت کم ہے شاعر کہتا ہے **شعر** مِنْ اَجْلِكِ
یَا الَّتِیْ تَیَمَّتِ قَلْبِیْ ÷ وَاَنْتِ بَخِیْلَۃٌ بِالْوَصْلِ عَنِّیْ ÷ مگر فارسی مین صیغہ حاضر ہی کا بیشتر مستعمل
ہے جیسے **شعر** اے کریمے کہ از خزانۂ غیب ÷ گبر و ترسا وظیفہ خور داری ÷ مولوی معنوی صاحب فرماتے ہین
شعر گوش نا اے تو طلبگار صواب ÷ بشنو این اشکال و شبہت را جواب ÷ اور غائب بھی مستعمل ہے
مگر کمتر جیسے نظامی رح حمد مین فرماتے ہین **شعر** اے جہان راز ہیچ سازندہ ÷ ہم نو انجش و ہم نوازندہ ÷

وجہ اول غیبوبت منادا

وجہ دوم غیبوبت منادا

وجہ سوم غیبوبت منادا

وجہ استعمال حاضر منادا

اور نیز اس مین یہ بات بھی ہے کہ عربون نے لفظ اور معنی دونون کی رعایت کی معنون کی رعایت یہ ہے کہ پہلے سے اُسکو غیبوبت حاصل ہے لیکن اس خطاب کی وجہ سے وہ پورا غائب نہ رہا غیبوبت اُسکی ناقصہ رہ گئی تو اُسکو ابھی سے بہ نسبت حاضر کہنے کے غائب کا اطلاق امر حقیقی ہوگا اور رعایت لفظی یہی ہے کہ منادا اکثر اسم ظاہر ہوتا ہے اور اسم ظاہر غائب تو اس غائب صوری کی جانب ضمیر خطاب کا پھیر نا مکروہ سا ہے۔ یا یہ کہ عربون نے ماکان کا اعتبار کیا فارسیون نے مایئول کا واللہ تعالیٰ شانہ اعلم بالصواب۔ کلمات ندائیہ یا و ایا و ای بالکسر و اَرے یہ سب صدارت کو مقتضی ہین جیسے یارب۔ اہل فارس اس مرکب کو ایک کلمہ قرار دیکر بمعنی ہاے واے کے لیتے ہین اسکی وجہ یہ ہے کہ درد و مصیبت کے وقت ہر پہلو ہر آن یارب یارب کرتا رہتا ہے تو اُسکو معنون مین ہاے و واے کے کرلیا اسی بنا پر صائب اصفہانی نے اپنے شعر مین اسکی جمع یاربہا تراشی ہے **شعر** چہ محو نا خدا گردیدہ اے از خدا غافل ✤ ندارد این سفر بادِ مرادی غیر یاربہا ✤ اور یاے تنکیر کا اسیوجہ سے اسپر لانا جائز سمجھا گیا مولوی معنوی رح فرماتے ہین **شعر** نیز روزے باخدا زاری نکرد ✤ یاربے نامد ازو روزے بدرد ✤ سعدیؔ **شعر** نترسی کہ پاک اندرونی شبے ✤ برآرد زسوز جگر یاربے ✤ مثال ایا کی فردوسیؔ کا شعر ہے **شعر** ایا شاہ محمود کشور کشاے ✤ گر از من نترسی بترس از خداے ✤ اور اے بھی بوجہ توافق لسانین عرب و عجم مین مشترک ہے لیکن عرب بالفتح بولتے ہین اور عجم بالکسر جیسے اِیْ کریم اور ارے تحقیر کے موقع مین مستعمل ہوتا ہے شرف شفائی کا شعر ہے **شعر** ارے گیدی تو کجا شعر کجا درک کجا ✤ لاف چیزے کہ ندانی چہ زنی پیش کسان اور الف ندائیہ منادا کے اخیر مین لاحق ہوتا ہے جیسے **شعر** کریما ببخشاے برحالِ ما ✤ کہ ہستم اسیر کمند ہوا ✤ اب سنو کلمات ندا کو ایک سے زیادہ ایک منادا پر لانا بعلت حصول استغنا ممنوع سمجھا گیا ہے چنانچہ زوزنی نحاۂ عرب کا قول نقل کرتے ہین الممنوع اجتماع آلتی التعریف لاستغناء حاصل باحدھما لیکن بعض وقت استماع مدح کے موقع مین زیادہ توجہ دلانے کے قصد سے یا کمال تضرع یا زیادہ آرزو و حسرت و افسوس جتلانے کے لیئے جو ندا پر ندا کیجاتی ہے متاوّل ہے یعنی یہان یہ نہین ہوتا کہ ایک ہی منادا پر ادات ندا دو بار لاے جاتے ہون بلکہ جسطرح کلمہ ندا مکرر ہے تکرار منادا بھی مقدر ہے فردوسی رح جنگ بیژن و ہومان مین لکھتے ہین **شعر** بدادار گفت اے جہان داورا ✤ سزد گر بدین خستہ دل بنگرا ✤ یعنی اے دادار اے جہان داور۔ بیژن کا محل شاہی مین منیژہ کے ساتھ داخل ہوکر گھبرا جانا بیان کرتے ہین **شعر** چنین گفت

غیبوبت منادا

کلمات ندا کا بیان

منادا پر کلمات ندائیہ کا مکرر لانا

کاے کردگار را مرا ٭ رہائی نخواہد بدن ایدرا ٭ یعنی اے خدا اے کردگار۔ چنانچہ کلمہ ندا اے کا جو صدارت کو مقتضی ہے منادا یا حرف ندا سے موخر واقع ہونا اس امر کو محقق کرتا ہے جیسے عرفی کے اس شعر مین شعر
داورا اے نہ سزاے تو ہمین تعریف ست ٭ کہ عدیم ست عدیلت چو خداوند علیم ٭ یعنی اے داور اے شاہ اور یہ بھی ممکن ہے کہ اشعار سابق مین الف کو جو منادا کے اخیر مین ملحق ہے ندا کا حرف نہ کہین بلکہ ایک زائد محض سمجھین جسطرح مصرعہ دوم خستہ دل بنگرا مین ہے یا اُس قسم کا زائد سمجھا جاے جو ندبہ اور استغاثہ کی خصوصیات سے مدصوت کے لیئے لایا جاتا ہے یا جسطرح عرب یا غلامی کی یاے متکلم کو الف سے بدل کر یا غلاما کہتے ہین اور فارسی مین بھی بعض مقننین نے ملاذا معاذا کے الف کو متکلم کا مانا ہے اگر فارسی مین الف متکلم کا ثابت ہوجاے یہان منادا پر الف متکلم کا خاصہ کہسکتے ہین یعنی اے کردگار اے کردگار من۔ پس بہرحال مصنف شاہنامہ فردوسی علیہ الرحمۃ پر درباۂ تکرار کلمہ ندا صاحب صولت فاروقی کا اعتراض نا اعتنائی کی وجہ سے ہے اور یہی حکم ہے تعجب و تہدید و استغاثہ و ندبہ کا دربارۂ استعمال آلات ندا خصوص استغاثہ و ندبہ کے لیئے وا بھی لاتے ہین میر مغیث ہمدانی محوی کا شعر ہے شعر
وا فریادا ز عشق وا فریادا ٭ کارم بیکے شوخ نگار افتادا ٭ گرداد من شکستہ دادادادا ٭ ورنہ من و عشق ہرچہ بادا بادا۔ اور ندبہ کے وقت یعنی کسی نعمت کے زوال وفوت پر یا کسی مصیبت کے پہونچنے پران ندائیہ حروف کے ساتھ رویا جاتا ہے جیسے شاہنامہ[۱۲۹] مین سیاوش کی خبر موت سُنکر پیران ویسہ کا زاری کرنا شعر ہمیگفت زارا اے سزاوار تاج ٭ کہ چون تو نہ بیند دگر تخت عاج ٭ مقتل مین سیاوش کو ہوے کشان لیجاتے ہوئے دیکھکر فرنگیس ندبہ کرتی[۱۲۵] ہے شعر بگفت این و روے سیاوش بدید ٭ دو رُخ را بکند و فغان بر کشید ٭ کہ شاہا دلیرا گوا سرورا ٭ سرافراز شیرا و کند آورا ٭ با یران بر و بوم بگزاشتی ٭ سپہدار را باب پنداشتی ٭ کنون دست بستہ پیادہ کشان ٭ کجا افسر و گاہ و گردن کشان ٭ رستم کا مرگ سیاوش پر[۱۳۱] زاری کرنا شعر ہمی گفت رستم ایا نامدار ٭ ندیدست دوران چو تو شہریار ٭
اسیطرح اظہار تعجب و حسرت و آرزو و استغاثہ و تہدید کے لیئے بھی ندا کرتے ہین جیسے قتل سیاوش کے بیان مین فردوسی کہتے[۱۳۰] ہین شعر بزد دست وریش شہنشہ گرفت ٭ بخواری کشیدش بخاک ای شگفت نظامی ؒ شعر شہ ار ملک عالم گرفت اے شگفت ٭ من آن زاگر فتم کہ عالم گرفت ٭ حسرت مین جیسے مصرعہ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ ٭ تمنا اور آرزو مین جیسے شعر مرا اے کاشکے مادر نزادے ٭

تعجب حسرت آرزو استغاثہ کیلئے ندا

اگر زادے کسے شیرم ندادے ٭ درحقیقت خصوص ان مواقع مین منادا محذوف ہوتا ہے تا معلوم ہوجاے کہ متکلم اپنے تعجب و تحسر و تمنا مین ایسا محو ہے کہ اُسکو منادا یعنی اپنے مخاطب کا بھی دہیان نہین رہا۔ اور بعد کلمہ ندا کے جو مذکور ہے وہ جواب ندا ہے بمثلا اے شگفت یعنی اے مخاطب تعجب ست رہا قواعد عربیہ مین ان پر لام وغیرہ کا لانا اور استغاثہ کی بحث مین درج کرنا اُس زبان کی ترکیبونکی خصوصیت ہے اور استغاثہ جیسے **شعر** بداد ارگفت اے جہان داورا ٭ سزو گر بدین خستہ دل بنگرا۔ اور تہدید جیسے **شعر** ایا شاہ محمود کشور کشاے ٭ گر از من نترسی بترس از خداے ٭

المصدر

مصدر ایک اسم ہے جو حدث کے لیئے وضع کیا گیا ہے اور حدث ایک معنی قائم بالغیر بشرط الحدوث والتجدد کا نام ہے اور اسی شرط کا اعتبار و عدم اعتبار مصدر و حاصلمصدر کا جدا شناس بنا ہوا ہے خواہ وہ معنی اُس غیر سے صادر ہون جیسے رفتن و زدن یا صادر نہون بلکہ اُس غیر کے ساتھ محض اتصاف وقیام کا علاقہ رکھتے ہون جیسے زیستن و مردن و بودن و شدن پس معلوم ہوا کہ مصدر کو اس اعتبار سے مصدر نہین کہتے کہ معنی قائم بالغیر اُس غیر سے صادر ہوتے ہین بلکہ باین اعتبار کہ افعال اور صیغہای صفات اُس سے نکلتے ہین۔ جاننا چاہیئے کہ بحث مصدر اور حاصل بالمصدر دقیق اور بڑے غور سے سمجھنے کا مقام ہے۔ مین اپنے اکثر خیالات کو اس مقام مین بعض فضلاء کے خلاف پاتا ہون جو امر اپنے نزدیک محقق ہے وہی معرض عرض مین لاتا ہون۔ ذرا انظر غور سے دیکھا جاے معلوم ہوتا ہے کہ مصدر مین تین درجے ہین ایک مطلق مصدر جو درجہ مین لابشرط شی کے ہے یعنی اُس مین نہ اعتبار وجود ساذجیت حدث کا ہے نہ اُسکے عدم کا۔ دوسرا مصدر مطلق جو بشرط لاشے کے درجہ مین ہے یعنی اُس مین ازروے وضع حدث ساذج معتبر ہے یعنی اُس مین نسبت جانب فاعل تا کا عدم لحاظ معتبر ہے کیا معنی کہ نسبت جانب فاعل مفہوم مصدر مین ماخوذ نہین بخلاف فعل کے اسیوجہ سے فعل کو ازروے عمل اصل قرار دیتے ہین اور مصدر کو فرع ہان ازروے اشتقاق اُسکا عکس یعنی مصدر اصل ہے۔ تیسرا درجہ وہ ہے جس مین نسبت فاعل تا ملحوظ ہے یعنی وہ مقید ہے بقید معروف و مجہول یہ درجہ بشرط شئے کا ہے لیکن ہم جس مصدر کو مقسم بنایا چاہتے ہین وہ مصدر مطلق ہے جس مین ازروے وضع حدث ساذج معتبر ہے چونکہ مطلق خارج مین اپنا ذاتی اور اصلی وجود

مصدر سے ... مین درج

فعل ازروی عمل ... اصل مصدر سے ... اور مصدر ازروے اشتقاق فعل سے ... اصل ہے

نہین رکھتا تو ضرور مصدر مقید کے ضمن مین ہوگا جیسے آراستن زید و ستودہ شدن بکر۔ اور اگر وہ کسی سے بنا ہوا نہ ہو تو اصلی اور وضعی ہے۔ اگر بنا ہوا ہو جعلی و غیر وضعی لیکن مصادر جعلی ہون یا اصلی اُن سے اشتقاق افعال کا تحقیقاً ہو یا تقدیراً ضروری امر ہے۔ اور پھر یہ اشتقاق جمیع افعال و صفات کا ہو تو کامل التصریف کہلاتا ہے جیسے گفتن و کردن جنسے گفت گفتہ گوید گوی گوئندہ اور کرد کردہ کند کن کنندہ مشتق ہین ورنہ ناقص التصریف و مقتضب کہلاتا ہے جیسے آختن و سختن اسکی بحث مضارع مسموع نہین مگر فارسی مین کوئی ایسا مصدر کہ جس سے کوئی فعل مشتق نہ ہو نہین دیکھا گیا البتہ عربی مین موجود ہے جیسے أُفْكَل أَحْمَدُ کے وزن پر کانپ اُٹھنا اسکے معنی ہین جیسے کہتے ہین اَخَذَہٗ أَفْكَلُ إِذَا إِذْ تَعَدَّمِنْ بَرَدٍ اَوْ خَوْفٍ اسی لیئے تعریف مصدر مین اشتقاق افعال کو جو ضروری مانا گیا ہے تحقیقی و تقدیری ان دونون مین عام رکھا گیا ہے تا اس نوع مصدر معدوم المشتقات کو بھی شامل رہے یہ امور سماعی ہین قیاس کو اس مین دخل نہین۔ مصدر کی علامت فارسی مین نون ہے بعد تا کے یا دال کے بشرط حصول صیغۂ ماضی بعد ازالۂ نون جیسے گفتن و کردن اس سے واضح ہوگیا کہ گردن بوزن کردن و آبستن بوزن دانستن و خویشتن بوزن ریشتن [بمعنے رنگ کردن و آمیختن ۱۲] مصادر نہین گو کہ ان کے اخیر مین نون بعد تا یا دال ہے مگر شرط (حصول صیغۂ ماضی بعد حذف نون) نہین پائی جاتی تو بحکم اذا فات الشرط فات المشروط یہ اسم مصدریت سے خارج ہو گئے۔ اور مصدر کے تین حال ہین لازم یا متعدی یا مشترک لازم جیسے آمدن و رفتن متعدی جیسے کردن و گفتن مشترک جیسے سوختن و کشادن شعر آخر دیدم کہ در وفا و مہرت ٭ گر دل سوزم [متعدی ۱۲] نسوزدت [لازم ۱۲] دامانے ٭ اے دل را سوزم شعر در خم زلفش دل دیوانہ دار دپیچ و تاب ٭ چون کشاید [متعدی ۱۲] زلف بکشاید [لازم ۱۲] گرہ از کار ما ٭ اے کشاید زلف را۔ اور متعدی کی دو قسم ہین۔ معروف و مجہول۔ معروف وہ ہے کہ جس مین فاعل کی جانب اسناد کرنے کی صلاحیت ہو جیسے کردن و گفتن صلاحیت مذکورہ کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہین کردن زید کار را و گفتن او سخن را۔ مجہول وہ ہے کہ صلاحیت اسناد مفعول کی رکھے جیسے ترکیب مشہور کردہ شدن و گفتہ شدن جس صلاحیت کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہین کردہ شدن کار و گفتہ شدن سخن۔ یہان یہ بات بھی مدنظر رکھین کہ اہل فارس کبھی ایک ہی صورت کو معروف و مجہول کے لیئے استعمال کرنے مین اہل عرب کے ہمقدم بھی ہو جاتے ہین جیسے نظامی رح دارا کے مارے جانے کے داستان مین لکھتے ہین شعر چو در نسل ما کشتن آمد نخست ٭ کشندہ نسب کرد برما درست ٭

مصادر تام التصریف

مصادر ناقص التصریف

مصادر معدوم المشتقات

فارسی مین علامت مصدر

مصادر کے تین حال لازم متعدی مشترک

مصادر معروف

مصادر مجہول

فارسی مین عربی کی طرح معروف و مجہول کے لیے ایک ہی صورت

سعدی رح شعر اگر عاشقی خواہی آموختن ٭ زکشتن فرح یابی وز سوختن ٭ اے کشتہ شدن۔ نظامی رح شعر بخود گم شوم خلق را رہنماے ٭ ہمایون زکم دیدن آمد ہماے ٭ اے کم دیدہ شدن۔ اسی طرح لفظ دیدن کا اس مشہور شعر مین شعر می خواہم از خدا و نمی خواہم از خدا ٭ دیدن حبیب را و ندیدن رقیب را ٭ لیکن یہ سند اسوقت واضح تر سمجھ مین آئیگی کہ معنی شعر کے بطور لف و نشر غیر مرتب لیے جائین یعنے شاعر کہتا ہے کہ مین خدا سے چاہتا ہون کہ رقیب کو نہ دیکھون اور خدا سے مین نہین چاہتا دیکھے جانے حبیب کو یعنی یہ نہین چاہتا کہ کوئی شخص اس کو دیکھے اس شعر کے معنون مین اور بھی احتمالات ہین چونکہ وہ اکثر بطریق طبع آزمائی پوچھے بھی جاتے ہین اسوقت جو کچھ میری سمجھ مین آئے لکھدیتا ہون اگرچہ بعض معنی مفید استناد نہون غرض شاعر کہتا ہے کہ مین خدا سے چاہتا ہون کہ حبیب کو مین دیکھون یا حبیب مجکو دیکھے (اس صورت ثانی مین را اضافی ہوگا یا بمعنی براے) اور رقیب کو مین نہ دیکھون یا رقیب مجکو نہ دیکھے یا حبیب رقیب کو نہ دیکھے یا رقیب حبیب کو نہ دیکھے (ان اخیر کی دو نون صورتون مین را اضافی یا بمعنی براے ہوگا) اور یہ کل معنی دونون مصدرون کو معروف قرار دینے کی تقدیر پر ہین اگر دونون مصدر مبنی للمفعول یعنی مجہول بنائے جائین یہ معنی ہونگے کہ مین خدا سے چاہتا ہون دیکھے جانے حبیب کو یعنی مین اسکو دیکھون اور رقیب کے نہ دیکھے جانے کو یعنی رقیب کو مین نہ دیکھون یا حبیب نہ دیکھے اور خدا سے نہین چاہتا دیکھے جانے حبیب کو یعنی رقیب کا یا کسی غیر کا حبیب کو دیکھنا اور نہ دیکھنا رقیب کو کسی غیر کا یا رقیب کا کسی غیر کو اسوقت بھی را اضافی یا بمعنی براے ہوگی یا نہ دیکھے جانے رقیب کو یعنی کوئی غیر شخص اسکو نہ دیکھے یعنی ہمین کوئی غرض نہین کہ کوئی غیر شخص رقیب کو دیکھے یا رقیب اس غیر کو یا نہ دیکھے۔ اور یہ معنی بھی ممکن ہین کہ مصرعہ ثانی میخواہم کے متعلق کردیا جاے اور نمیخواہم کا مفعول مقدر مانا جاے۔ یعنی نمیخواہم غیر ازین چیزے دیگر۔ اور یہ معنی بھی ممکن ہین کہ خواہم و نخواہم کے دو متضاد صیغون سے جو تعمیم مفہوم ہوتی ہے اس سے یا تو اپنی تمام آرزو اور کل خواہش یعنی مقصود حصر مضمون مصرع ثانی کو ٹھہرالین تقریر اسکی اسطرح کیجاے کہ مین چاہتا ہون جب اور نہین چاہتا ہون جب مطلوب یہی ہے کہ یار کا دیدار ہو اور غیر سے بیر۔ اسکے سوا خدا سے کچھ نہین چاہتا۔ یا اس تعمیم سے ستغاث کا حصر مطلوب ہے یعنی یہ کہتا ہے کہ اپنی مراد جو مصرع ثانی مین مذکور ہے چاہون تو اپنے خدا سے اور نہ چاہون تو اپنے خدا سے یعنی سوا خدا کے کسی سے

می خواہم از خدا و نمی خواہم از خدا

نہین چاہتا۔ واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب۔ یہ کل معنی لف ونشر مرتب وغیر مرتب وغیرہ اس جدول
مذیلہ سے بوضاحت مفہوم ہوتے ہین ملاحظہ فرمائین۔

مے خواہم
و
نے خواہم
از خدا
دیدن ...... حبیب ...... را
ندیدن ...... رقیب ...... را

تعریف مصدر اصلی و وضعی

پھر مصدر معروف اصلی اور جعلی پر منقسم ہوتا ہے اصلی وہ ہے کہ بذات خود مصدر ہی وضع کیا
گیا ہو یعنے وہ اپنی وضع اوّلی مین مصدر ہو اسی سبب سے اُسکو وضعی بھی کہتے ہین جیسے

تعریف مصدر جعلی

کردن ورفتن وغیرہ۔ جعلی وہ ہے کہ وضع اوّلی مین بذات خود مصدر نہین وضع ہوا بلکہ کسی ترکیب سے
وضع ثانوی مین جاکر وہ مصدر بنگیا ہو اسی وجہ سے اُسکو غیر وضعی بھی کہتے ہین اور وہ ترکیب بحسب استقرا
اسم پر علامت مصدر دَ تَن کی لگانی اور اُنکے بیچ مین ایک دعامہ یعنی پرکن یاے تحتانی داخل
کرنے سے حاصل ہوتی ہے اور وہ اسم عام ہین اس سے کہ جامد ہون یا مصدر ہون یا مُشتق۔

مصدر جعلی کی اعلام سے ترکیب

اور اسماے جامد بھی عربی کے ہون خواہ فارسی کے پھر اُس مین بھی اعلام لیکن ہندی کے اسم
جامد سے ترکیب مسموع نہین اگرچہ قیاس اسکو بھی مقتضی ہے اوّل جیسے مکیدن و مدنیدن وابابکریدن
وعُمَریدن یعنی انکی زیارت قدس امارت سے شرفیاب ہونا ملاطرزی کا شعر ہے **شعر** مدنیدیم پس از
مکیدن * نہ بکس حیلہ وفے مکریدن * مرقد پاک نبی طوفیدیم * عُمَریدیم وابابکریدیم * ثانی یعنی فارسی

مصدر جعلی کی اسماے جامد فارسی سے ترکیب

کے اسماے جامد سے مصدر بنالینا جیسے جنگ سے جنگیدن دیر سے دیریدن دیر کرنا۔ پرہیز سے
پرہیزیدن خواب سے خوابیدن شکوہ سے شکوہیدن۔ نظامی رح **شعر** شکوہید دارا ز نزلی چنان *
حسد را برو تیز ترشد عنان * ایسے ہی گمان سے گمانیدن فردوسی رح **شعر** سپاہی کہ سکسار خوانند شان
* پلنگان جنگی گمانند شان * اسیطرح چراغ سے چراغیدن بمعنی چراغ روشن کرنا بلکہ ترنگ سے
جو آواز شمشیر وتیر وکمان وغیرہ ہے ترنگیدن بنالیتے ہین اثیر الدین اومانی کا شعر ہے **شعر** زکوب

مصادر عربیہ سے مصدر جعلی کی ترکیب

گرز وترنگیدن حسام بود * فضاے معرکہ ہمچون دکان آہنگر * اور مصادر بھی خواہ عربی کے ہون خواہ
فارسی کے خواہ ہندی کے اوّل جیسے طلبیدن وفہمیدن وطلوعیدن وسیریدن میر نجی شیرازی کا
شعر ہے **شعر** شدموے سپید وخبرم نیست زغفلت * چون خفتہ کہ غافل زطلوعیدن صبح ست * ثانی جیسے نکلو

مصادر فارسی سے مصدر جعلی کی ترکیب

شعر جہان در سایۂ خرشید من معمور و من محروم ؛ بکام غیر سے سپر د عجب سیارۂ دارم ؛ ثانی یعنی ترکیب مصادر فارسی سے لیکن وہ مصادر صورت مین امر حاضر کی آستے ہین جیسے روئیدن و کوبیدن وخیسیدن وکادیدن وگسلیدن وکاہیدن وآوریذن ورہیدن وآگنیدن ۔ نظامی رح شعر چوماشورۂ ہندوانی برنگ ؛ میان آگنیدہ بہ تیر خدنگ ۔ ظہوری شعر نکاہیدۂ یک جواز بود خویش ؛ زخلوت نشینی بگوسود خویش ؛ جامی رح شعر بکوہ قاف رفتن پا برہنہ ؛ وزانجا سنگ صدمن آوریدن سعدی رح شعر بگوشش فروگفت کاے ہوشمند ؛ بدانگے زجانے رہیدم زبند ؛ ثالث یعنی مصدر ہندی کے ساتھ ترکیب یہان بھی وہی مصادر جو بصورت امر حاضر ہون جیسے ماریدن وچلیدن ۔

مصادر ہندیہ سے مصدر جعلی کی ترکیب

اُستاد عنصری کا شعر ہے شعر اگر مارے وکژدمے ہست طبعش ؛ بصحرا اش چون مار وکژدم بمارے ؛ خسرو شعر از چل چل تو پاے من زار شد کچل ؛ من خود نمی چلم تو اگرمے چلی بچل ؛ میر نجات صاحب گل کشتی کا شعر ہے شعر عالمے رابکشی گر بجفامے چلدت ؛ ہرچہ خواہی بکن اے شوخ بمامے چلدت لیکن الفاظ ہندیہ کی ترکیب اکثر مطائبہ مین مستعمل ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ یہ الفاظ ہندی الاصل نہ ہون بلکہ توافق واشتراک لسانین کی وجہ سے فارسی مین بھی مستعمل ہوگئے ہون مثلاً چل چال کا مخفف ہو جسکا حاصل مصدر چالش آتا ہے سعدی رح شعر بیا تا درین شیوہ چالش کنیم ؛ سر خصم را سنگ بالش کنیم ؛ جسطرح فعل رابطہ ہے ہیند[۵] زبان دری اور ہندی مین مشترک ہے حافظ رح کا شعر ہے شعر ساقی اگرت ہواے ماہیے ؛ جز بادہ میار ہیش ماشئے ؛ مولاناے روم قدس سرہ القیوم فرماتے ہین شعر گفت یارب گر ترا خاصان ہیند ؛ کہ مبارک دعوت وفرخ پے اند ؛ اور یہ مصادر فارسی کے ہون خواہ ہندی کے جو بصورت امر حاضر جزو مصدر جعلی ہین اگرچہ جداگانہ مستقل افرادی حالت مین کل کے کل بمعنی مصدر مستعمل ہوتے نہین دیکھے گئے مگر بعض مصادر جیسے کوب بمعنی مصدری مولوی معنوی کے شعر مین شعر برجہید وسنگ پران کرد وچوب ؛ جملگان بگریختند از بیم کوب ؛ اسیطرح لفظ ہندی کی ترکیب مین جیسے ماریدن مین مار چنانچہ کہا جاتا ہے ضدا کی مار سخت ہے ۔ اگر کوئی یہ شبہ کرے کہ جب پہلے ہی سے ان مین معنی مصدری موجود حاصل تھے پھر اس تکلف سے اُس معنی مصدری کا حاصل کرنا تحصیل حاصل ہے سو یہ محال باطل ہے مین عرض کرتا ہون کہ وہ مصدر جو جزو اس مرکب کا ہے بہر نوع صلاحیت اشتقاق نہین رکھتا اب اس ترکیب خاص

بیان اُن مصادر کا جو ہندی اور فارسی مین مشترک ہین

[۵] اسکا مخفف ہند بھی آتا ہے [illegible] شعر [illegible] مشکل [illegible] بجہان [illegible] ۱۲ منہ

کی بدولت اس نوع کا مصدر بنجاتا ہے جس مین صلاحیت اشتقاق موجود ہوتی ہے پس یہ تحصیل
امر جدید ہوئی نہ تحصیل حاصل اس صورت مین کہ یہ خود مصادر امر صورت سے مجعول ہین تو انکو مصادر
مضارعی کہنا خوب نہین۔ اسماے مشتق ان کے جعل مین سواے مشتقات فارسی مسموع نہین انمین
بھی صیغہ حالیہ کے ساتھ لیکن نگہداشتن وکشتہ شدن میرے نزدیک اس نوع ترکیب سے خارج ہین
اگرچہ ہمنے اس جعل کو مؤلف مانا ہے مگر اسکی تعریف بہ نسبت اصلی کے ہے ورنہ دراصل یہ بھی مفرد ہی ہے
کیا معنی کہ یہ دعامہ اور علامت مصدر یعنی تن دن اگر نظر استقلال سے دیکھے جائین کوئی معنی دار لفظ
نہین بنتا فقط اس جعل خاص کی علامت ہے۔ بخلاف نگہداشتن وکشتہ شدن کے کہ نگاہ اور کشتہ
یہ دونون اسم مصادر ناقصہ جزو مرکب کی خبر ہین فافہم ولا تغفل۔ غرض صیغہ حالیہ کی ترکیب جیسے
خورانیدن گریانیدن خندانیدن خوابانیدن۔ لیکن اس جعل خاص کو تعدیہ لازم ہے یعنی اگر وہ مشتق
مصدر لازم کا ہے تو اس جعل سے تعدیت یک مفعول کی حاصل ہوگی سعدی رح **شعر** بہ نرمی و
آہستگی کردہ چیر ❊ طعامش خورانید درویش سیر ❊ اور مشہور شعر ہے ع بخندانم بگریانم جہان را ❊
صائب **شعر** بہ بیداری چہ خواہد کرد یارب بانظر بازان ❊ کہ خوابانیدن تیغست خوابانیدن چشمت ❊
اور اس مین تخفیف منظور ہوتی ہے تو کبھی یاے دعامہ کو حذف کردیتے ہین جیسے روانیدن سے رواندن
جسکا مخفف راندن مستعمل ہے ونشاندن ورماندن وغیرہ چونکہ اس تخفیف مین دعامہ جو ایک حرف زائد
ہے محذوف ہوا ہے اکثر یہی مستعمل ہوتا ہے اور کبھی الف ماقبل نون کو حذف کردیتے ہین۔ جیسے
خوابانیدن سے خوابنیدن اور اس سے خوابنید وخوابنیدہ وغیرہ مشتق ہے۔ فردوسی رح رودابہ
دختر مہراب اور زال زر کے تعشق کی داستان مین لکھتے ہین **شعر** سیہ مژہ برنرگسان دژم ❊ فرو خوابنید
نژند ہیچ دم ❊ اے فرو خوابانید. نظامی رح **شعر** درین رہ چو من خوابنیدہ بسے ست ❊ ندارد کسے یاد
کاینجا کسے ست ❊ لیکن خاص اس مصدر مین جعل پر جعل واقع ہوا ہے یعنی خوابیدن خود اسم جامد
خواب سے مجعول ہے اور پھر اسکی مشتق صیغہ حالیہ پر دوسرا جعل واقع ہوا۔ واضح ہو کہ لفظ خواب مین
دو اعتبار ہین ایک اعتبار سے وہ اسم جامد ہے جسکا ترجمہ نیند ہے اور اسی اعتبار سے اصل اور مادہ
خوابیدن کا ہے اور ایک اعتبار سے حاصل مصدر بصورت امر بھی ہے اور خود امر بھی اس اعتبار سے
فرع خوابیدن کی ہے یہ فرعیت واصلیت باعتبار لفظی اشتقاق کی ہے ورنہ حاصل بالمصدر کی

اس جعل خاص کے لیے جو حالیہ سے حاصل ہوتا ہے تعدیت جدید شرط ہے

بحث مین یہ امر ثابت کیا جائیگا کہ حاصل بالمصدر اصل اور منشاے مصدر ہے یعنی باعتبار معنی -

صہباکش مصطبۂ نازک خیالی دریانوش خمستان نکتہ سرائی حضرت امام بخش صہبائی رحمۃ اللہ علیہ نے اس خوابیندہ کے نون کو نازنین کے نون کیطرح زائد مانا ہے - آپ غور کرین یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ جب جعل خاص اور تعدیت باہم لزوم مساوی رکھتے ہین یعنی اس تالیف کو تعدیت جعلی عارضی لازم اور تعدیت جعلی عارضی کے لیئے یہ ترکیب لازم کیا معنی کہ باقی مصادر جعلیہ مین عدم تعدیت جدید شرط ہے مصدر کی حالت جو تعدیت ولزوم کے باب مین پہلے سے تھی بعد جعل کے بھی وہی ہونی چاہیئے پس اگر یہ نون خوابیندن کا زائد مانا جائے تو بمعنی ولفظ عین خوابیدن ہوا جسکا جعل جامد اسم سے ہے تو خوابیدن کو کہین متعدی مستعمل ہوتے نہ سنا نہ دیکھا - اگر بحسب راے بعض متفننین اسکو خفتن کے امر سے مجہول کرین تو بھی اسمین بقاے حالت اصلی مشروط تھی تو اس تعدیت جدید کا حصول مبطل شرط ہوگا اذا فات الشرط فات المشروط خوابنیدن وخوابیدن کا ایک جعل نہوگا ایسے نازک خیال نغز اندیشہ محقق کو بجز اس شعر کے (درین رہ چو من خوابیندہ بسے ست) کوئی اور مثال جس مین اس مصدر کا کوئی فعل مستعمل ہو شاید نہین ملی جس سے امر تعدیت ولزوم بخوبی آنپر واضح ہوتا خوابیندہ اسم مفعول ہے اور صیغہ مفعول کا چونکہ اصل اور مادہ مجہول کا ہے اور مجہول قوت مین لازم کے ہوتا ہے یہ امر تعدیت ظاہر نہوا الحمد للہ والمنۃ مین نے اس امر کے ایضاح کے لیئے شعر فردوسی رح کا ؎ سیہ مژہ بر نرگسان دژم ٭ فرو خوابنید و نزد ہیچ دم ٭ پیشکش نظر تحقیق جویان کردیا ہے - اور یہ بھی سن لو کہ مصدرون پر باے زائد بہت کم شاذ و نادر آتا ہے افعال پر کثرت سے استعمال پاتا ہے لیکن اس قلت استعمال کی وجہ سے حکم غیر فصیح کا لگانا سخت گستاخی ہے سعدی رح کا شعر ہے **شعر** بے چون برآرد مہمات کس ٭ کہ نتواند از خود براندن مگس - وله چہ بیخواہی از طارم افراشتن ٭ ہمینت بس از مہر بگذاشتن ٭ فردوسیؒ کتاب یوسف زلیخا کے دیباچہ مین لکھتے ہین **شعر** کنون چارۂ بایدم ساختن ٭ دل از کار گیتی بپرداختن ٭ ہان شاہنامہ مین کاؤس کو سوداوبہ کے فریب دینے کے داستان مین جو بسودن کا لفظ آیا ہے اُس مین با جوہر کلمہ ہے اور وہ مخفف ہی بپسودن کا بمعنی چھونا **شعر** ندید از سیاؤش چنان نیز بوے ٭ نشان بسودن ندید اندر روے - دوسری جگہ اسکا مشتق بھی مستعمل ہے **شعر** بتان رابشاہ نو آئین نمود ٭ کہ بودند چون گوہر نابسود - اور بپسودن میر معزی کے شعر مین

"اے اچھوتا"

شعر سینۂ نرمش چو بپسودم بزیر پرنیان ٭ گفتم این سینہ بنرمی پرنیانی دیگرست ٭ اسکی تحقیق اس اخیر حصہ مین

حضرت صہبائی رحمہ نے خوابیندہ کے نون کو نازنین وہمگنان کے نون کیطرح زائد محض مانا ہے یہ ٹھیک نہین

مصدر پر بائے زائد جو چند سخت کم آتی ہے لیکن آتی ہے

بپسودن مین با جوہر کلمہ کی ہے زائد نہین

جو بیان مصادر کے لیئے خاص ہوگا بخوبی کیجائیگی انشاءاللہ تعالے اور یہ بھی سن لو جیسے افعال مین الف زائد لاحق ہوتا ہے مصدر کے بھی اخیر مین الف زائد لایا جاتا ہے مثلا رفتنا وکشتنا۔ فردوسیؔ بیژن وگرگین کی داستان مین لکھتے ہین شعر ؎ بہ گرگین چنین گفت پس بیژنا ❊ کہ من پیشتر سازم این رفتنا ❊ ولہ ؎ چہ باشد مرا گفت ازین کشتنا ❊ مگر کام بدگوهر اہریمنا ❊

مصادر کے اخیر مین الف زائد بھی حسن کلام کے لیے لایا جاتا ہے

الحاصل بالمصدر

بیان حاصل بالمصدر

واضح ہو کہ مصادر مثلا زدن زید وکوفتن بکر مین معنی مصدری یعنی اتصاف زید وبکر کا حالت زدوکوب کے ساتھ امر انتزاعی اور وصف اعتباری ہے جسکا منشاء انتزاع وہی حالت ہے جو زید وبکر کے ساتھ قائم ہے اسی حالت کو جو منشاء انتزاع معنی مصدری ہے ہم حاصل بالمصدر کہتے ہین اور یہ حالت دوسری شے یعنی زدہ وکوفتہ کے ساتھ تعلق وقوعی پائے تو اس امر آخر کے ساتھ متعلق ہونیکا نام مصدر مجہول ہے جیسے زدہ شدن وکوفتہ شدن پھر اگر معنی مشتق یعنی ذات اور نسبت مصدر معلوم کے ساتھ اعتبار کرلیئے جائین یعنی زنندہ وکوبندہ کے ساتھ حالت زدوکوب کے قیام پر نظر کرکے اس زنندہ وکوبندہ کی ذات متصف بآن حالت ہونے کو عقل انتزاع کرے اسیکو مصدر مبنی للفاعل کہتے ہین جیسے زنندگی وکوبندگی۔ مولوی معنوی رح شعر ؎ او لفر مودست مان این بندگی ❊ نیست مارا ازخود این کوبندگی ❊ اور کبھی وہ مشتق مصدر مجہول کے ساتھ اعتبار کرلیا جاتا ہے یعنی تعلق وقوعی زدوکوب کو زدہ وکوفتہ پر نظر کرکے اسکی ذات کے محل وقوع زدوکوب ہونے کو عقل انتزاع کرے تو مصدر مبنی للمفعول کہلاتا ہے جیسے زدگی وکوفتگی لیکن درصورت اضافت مصدر معلوم بسوے فاعل ومصدر مجہول بسوے مفعول عین مصدر مبنی للفاعل ومصدر مبنی للمفعول بنجاتا ہے پس زدن زید وکوفتہ شدن بکر اور زنندگی وکوفتگی کا (چونکہ اضافت مین قید خارج اور تقیید داخل ہوتی ہے) ایک مفاد ہے غرض ان مین فرق اعتباری ہے اگر اضافت کا اعتبار کرین باہم اتحاد ہے اگر اعتبار نکرین تغائر ہے۔ غرض حاصل بالمصدر مین بھی دو اعتبار معروف ومجہول کے کیئے گئے ہین معروف جیسے گفتِ عالم وآفرینشِ خدا وجنبشِ افلاک و رفتارِ اسپ اور مجہول جیسے دوخت جامہ وتراش قمیص یعنی بعد تیار ہونے کے یون کہا جائے دوختِ جامہ وتراش قمیص زیباست تو دوخت وتراش کو جامہ اور قمیص کے ساتھ تعلق وقوعی ہے کیا معنی

بیان مصدر معروف ومجہول

حاصل بالمصدر مین معروف ومجہول کا اعتبار

کہ دوزندہ اور تراشندہ تو درزی ہے جامہ اور قمیص دوختہ اور تراشیدہ ہین تو دوختگی و تراشیدگی
اُسکا مفاد ہوا یہ حاصلمصدر مجہول ہے اور یہ بات محض مسامحت ہے کہ جس لفظ پر علامت مصدر دن یا
تن نہ ہو اور پھر وہ معنی مصدری دیوے اُسکا حاصل بالمصدر نام رکھین حالانکہ حاصل بالمصدر ایک معنی ہین
جسکو ہم حالت کہہ آئے ہین اور وہ منشائے انتزاع معنی مصدری ہے بس یہ معنی جس صورت مین پائے جائین
وہی حاصل بالمصدر ہے اور وہ صورت مین مصدر حقیقی اصلی ہی کی کیون نہو ہان اُس حالت کے لیئے اُس مرتبہ
مین تعلق ایقاعی و وقوعی کا وجود و عدم غیر ملحوظ ہے البتہ تحقق کسی نہ کسی فرد مین ہونا ضرور ہے۔ اول یعنی
تعلق ایقاعی حاصل بالمصدر کا زیّ مصدر حقیقی مین ظہوری کے اس شعر مین **شعر** زخطش سرمہ پرور چشم دیدن
٭ زسازش حلقہ در گوش شنیدن ٭ یعنی چشم دیدن ناظر کی سرمہ پرور یعنی منور ہوتی ہین۔ ثانی یعنی تعلق
وقوعی حاصل بالمصدر کا زیّ مصدر حقیقی مین جیسے نظامیؒ کے اس شعر مین **شعر** نشست از بر بارہ کوہ وش ٭ پدید آمدن
ہمایون بر فتار خوش ٭ یعنی دیدار بارہ منظور کا ہمایون یعنے از روے دیدار ہمایون اور از روے رفتار خوش۔
واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ خیر یہ سب ہی مگر اُس حالت قائمہ کا نام حاصل بالمصدر رکھنا ظاہر نظر مین ہماری
تحقیق کے خلاف ہوگا کیا معنی کہ حاصل بالمصدر مین سے توسل اور آلہ متبادر ہوتا ہے اور وہ اس امر کا شعر
ہے کہ وجود مصدر کا اُس حاصل سے پہلے ہو بلکہ علت اُس حاصل کی ہو حالانکہ وہ حالت قائمہ یعنی حاصل
بالمصدر منشاء انتزاع معنی مصدری یعنی علت اوسبب مصدر ہے تو وہ محصّل مصدر ہوا نہ حاصل بالمصدر
بنابران فرزانہ فاضل سیالکوٹی رحمہ اللہ نے شرح جامی کے حاشیہ مین لکھدیا ہے والحاصل بالمصدر
الھیئۃ القارۃ المترتبۃ علیہ ای علی المصدر انتہے۔ اول تو حاصل بالمصدر کا
مصدر پر مترتب ہونا ناصواب ہے چنانچہ ہمنے عنوان بیان مین اتباعاً لصدر الشریعۃ
و بحر العلوم بیان کردیا ہے کہ حاصل بالمصدر منشاے انتزاع مصدر ہے اور اسکا قارّہ ہونا بھی
باطل ہے اور بعض فضلاء نے اُسکو ایک کیفیت بتلائی ہے یعنی مقولہ کیف مین داخل کیا ہے وہ بھی
باطل ہے۔ کسواسطے کہ بعض حالات مین سے حالت جنبش بھی ایک حاصل بالمصدر ہے جسکو عربی مین
حرکۃ کہتے ہین سو علوم حکمیہ مین مبرہن ہے کہ نہ وہ قارہ ہے نہ کیف پھر صحت تسمیہ کی وجہ بھی یہی
سمجھ مین آتی ہے کہ حاصل بالمصدر مین باتعدیہ کی قرار دیجائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔
واضح ہو کہ حاصل بالمصدر کئی ہیأت اور کئی ترکیبون مین رونما ہوتا ہے کبھی مصدر حقیقی کی ہیأت

حاصل بالمصدر کی وجہ تسمیہ

حاصل بالمصدر کا مصدر حقیقی سے بنانا اور اسکا کبھی معنی مین مستعمل ہونا بمعنے مفعول

ہیأت مین جیسے فردوسی نبرد سہراب ورستم کی داستان مین لکھتے ہین شعر میایئد یک تن به آوردگاه ٭ مسازید جستن نبرد رزم راه ٭ ظہوری شعر به ادایش ادا رسیده نهاد ٭ عاشق گفتنش شنیده نهاد ٭ اور اس صورت مین حاصل بالمصدر یعنی جو مصدر حقیقی کی زی مین آتا ہے بمعنی مفعول بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے شعر مذکور مین گفتنش کا لفظ بمعنی گفتارش اے سخن او۔ نظامی شعر همه خون خاست نوشیدنم ٭ همه چرم خاست پوشیدنم ٭ اے چیزیکه فعل نوشیدن من براو واقع ست آن خون خاست ولباس من چرم خام ست۔ دوسرا صورت مین مطلق ماضی کی اور یہ یا تو تنہا ایک مفرد صیغہ ہو یا دو صیغے ماضی کے مختلف اللفظ متجانس المعنی بترکیب عطفی ہون۔ اول جیسے نظامیؒ حمد مین فرماتے ہین شعر بحکم آشکارا حکمت نهفت ٭ شناسنده حیران از و وقت گفت ٭ امیر خسروؒ شعر آنکه به بدگفت گرفتست خو ٭ نیک نگوید که بنیاید ازو ٭ سعدیؒ شعر گفت عالم بگوش جان بشنو ٭ ورنه ماند بگفتنش کردار ٭ یہ حاصل بالمصدر بمعنی مفعول کے ہے یعنی گفتۂ عالم اے سخن عالم اور نیز یہان ہاے مفعولی کی تخفیفاً حذف ہو جانے کا احتمال بھی ہے جیسے مانستن کی اسم فاعل مانندہ پر سے ہاے فاعلی کو تخفیفاً حذف کرکے مانند کہتے ہین اور بعض وقت ہاے فاعلی کو ثابت بھی رکھتے ہین فردوسی فریدون کی داستان مین لکھتے ہین شعر به بالا چو سرو و برخ چون بهار ٭ بهر چیز مانندهٔ شهریار ٭ مثال مذکور مین اضافت مصدر کی جانب فاعل تھی اور جانب مفعول بھی حاصل بالمصدر کی اضافت کرسکتے ہین۔ فردوسیؒ شعر ز شب نیمهٔ گفتِ سهراب بود ٭ دگر نیمه آرامش و خواب بود یعنی بزم رستم مین آدھی رات تک سہراب کا ذکر رہا۔ اسیطرح حاصل بالمصدر خورد اُس معنی مین مستعمل ہوتا ہے جسپر خورندہ کا فعل واقع ہوتا ہے یعنی طعام۔ نظامیؒ شعر بفرمود کارند خوانهاے خورد ٭ همین نقلدانهاے نادیده گرد ٭ اے خوانهاے طعام حق یہ ہے کہ یہان خورد حاصل بالمصدر اپنے معنون مین ہے اور اضافت کے لیئے ادنے ملابست کفایت کرجاتی ہے۔ ثانی یعنی دو صیغے جو بصورت ماضی مرکب بترکیب عطفی ہین جیسے سعدیؒ فرماتے ہین شعر انگشت تعجبی جهانے ٭ از گفت و شنود ما بدندان ٭ ایساہی آمد و رفت یا رفت و آمد۔ نظیری شعر جز رفت و آمد نفسے نیست بود ما ٭ جاوید زیست هر که ازین یک دو دم گذشت ٭ اور نیز ان دونون ماضیون مین فصل روابط کا بھی جائز ہے۔ نعمت خان عالی شعر عالی تو از کدام طرف حرف مے زدی ٭ روزے که داد و

حاصل بالمصدر مطلق ماضی کی زی مین تنہا او رکبھی بمعنی حرکات مستعمل ہوتا ہے بمعنی مفعول اور کبھی جانب اضافت

حاصل بالمصدر دو ماضیوں کی صورت مین

حاصل بالمصدر فصل رابطے کے ساتھ

حاصل بالمصدر امر حاضر کی نفی مین

بستد نازو نیاز بود ﴿ شعر زو سخن بر لب نظیری خوش ﴿ عشق در گفت و در شنود آمد ﴿ تیسرا امر واحد
حاضر کی صورت مین اور اسکا حال بھی افراد و ترکیب کے بارہ مین بالکل اُن مصادر کا سا ہے جو بصورت
صیغۂ ماضی آتے ہین اول یعنی افراد جیسے نظامیؒ فرماتے ہین شعر گریزندگان را دران رستخیز ﴿ نہ روے
رہائی نہ راہ گریز ﴿ سعدیؒ شعر اگر گنجے کنی بر عامیان بخش ﴿ رسد ہر کتخدائے را برنجے ﴿ یہان مصدر
بمعنی مفعول ہونے کا احتمال بھی ہے جیسے آفرین بمعنی آفریدہ یعنی مخلوق۔ نظامیؒ در بیان مناظرۂ
حکماے ہند با سکندر فرماتے ہین شعر دو پرکار بر زد جہان آفرین ﴿ درین آفرینش وران آفرین ﴿
اے درین آفریدہ و دران آفریدہ اے دو جہان اسی طرح گزین بمعنی گزیدہ اے مقبول و مختار و
بُرین بالضم بمعنی بریدہ یعنی قاش خربزہ وغیرہ کو قیاس فرمایئے سعدیؒ شعر تواضع کند ہوشمند
گزین ﴿ نہد شاخ پر میوہ سر بر زمین ﴿ مولوی معنویؒ شعر چون بریدا و داد او ایک بُرین ﴿ ہمچو
شکر خوردش وچون انگبین ﴿ لیکن یہ امر مستند طلب ہے کہ بریدن کی بحث امر بقیاس گزیدن بالضم
و آفریدن بُرین آتی ہے یا نہین سو عرض کرتا ہون کہ اسکے امر مین بُرو بُرین دونون قاعدے
جاری ہین۔ انشاء اللہ تعالے اسکا بیان بحث فعل مین آجائیگا لیکن اول کثیر الاستعمال ہے جس سے
بُرش حاصل بالمصدر حاصل ہوتا ہے۔ طاہر وحید قاش فروش کی تعریف مین لکھتے ہین۔ شعر
مرا نیست غیر از غم تو خورش ﴿ ز دنیا مرا بس بود یک بُرش ﴿ اسنے یک قاش اور ثانی کم مستعمل ہے
جس سے بُرین و برینش حاصل بالمصدر حاصل ہوتا ہے۔ نظامیؒ شعر دلے باید اندیشہ را تیز و تند
برینش نباید ز شمشیر کند ﴿ اے برندگی نباید الخ اسیطرح آگین حاصل بالمصدر بمعنی مفعول مصدر
آگندن بمعنی پُر کردن سے۔ فردوسی داستان دفن سہراب مین لکھتے ہین۔ شعر ہمیگفت اگر دخمہ
زرین کنم ﴿ ز مشک سیہ گردش آگین کنم ﴿ ثانی مرکب بترکیب عطفی عالم نشین کشور نظم فرماتے ہین
شعر اے مجلسیان سوز دل حافظ مسکین ﴿ از شمع بپرسید کہ در سوز و گداز است ﴿ اسی طرح
در سوز و در گداز فصل رابطہ کے ساتھ کہنا بھی جائز ہے۔ چوتھا ماضی اور امر کی صورت مین جامیؒ
شعر بظاہر باہمہ گفت و شنود داشت ﴿ ولے دل جاے دیگر در گرو داشت ﴿ یہان شنود کا مخفف
مرخم کہہ نہین سکتے۔ کسواسطے کہ قافیہ گرو کا واقع ہوا ہے جس کا واو مفتوح الما قبل ہے ایسا ہی
گفتگو یہان بوجہ کثرت استعمال واو فاصل حذف کر دیا گیا اور ایسے ہی شست و شو پخت و پز

حاصل بالمصدر صورت امر حاضر مفعول کے معنون مین

بُرین بمعنی قطع کا امر بُرن بھی آتا ہے

حاصل بالمصدر ماضی اور امر کی صورت مین

اور بعض وقت اسکا عکس یعنے امر اور ماضی کی صورت مین مولوی معنویؒ ؎ شعر اندرین اندیشه تشویشش فزود * که جزا و رانیست اینجا باش و بود * پانچوان صیغه ماضی کے اخیر مین الف و را کا لحوق جیسے رفت سے رفتار گرفت سے گرفتار۔ کبھی اس ترکیب مین مصدر مبنی للمفعول بھی آجاتا ہے جیسے غزالی مشہدی کے اس شعر کے مصرعۂ ثانیہ مین ۔ شعر کس بخوبان پر تو چہره گرفتار مباد * ہیچکس را به چنین قوم گرفتار مباد * اے گرفته شدن مباد۔ اور محتمل ہے که الف و را نسبت کے لیئے لایا گیا ہو اور صیغه ملحق بہا حاصل بالمصدر ہو اور وہ حاصل بالمصدر کبھی تو مبنی للفاعل آتا ہے کبھی مبنی للمفعول یہ دونون امر لفظ دیدار مین مثلاً بخوبی متحقق ہین اور جب اس نسبت کو مصدر مجہول پر مانیئے دیدار سے منظورات مراد ہونگی جیسے چہره وغیره جسکو طلعت کا ترجمہ سمجھیئے مثلاً ماه طلعت ماه دیدار منیژه و بیژن کی عاشقی کی داستان مین فردوسیؒ کا شعر ہے ۔ شعر فرستاد مر دایه را چون نوند * که روز یر آن شاخ سرو بلند * نگه کن که آن ماه دیدار کیست * سیاوش مگر زنده شد یا پریست * اور جب اس نسبت کو مصدر معروف پر مانیئے تو دیدار سے ناظر مراد ہونگے جیسے چشم وغیره ۔ فردوسیؒ پیران کے قتل کی داستان مین لکھتے ہین ۔ شعر بدید ندگشته بدیدار خویش (اے بچشم خویش ۱۲) * سپهبد برادر جهاندار خویش * اور اس لفظ گرفتار سے جو غزالی مشہدی کے شعر مین مذکور ہوا ہے شبہ مین نہ پڑ جائین که اس مین الف اور را نسبت کا نہین کس واسطے که وه لفظ متاوّل ہے کیا معنی که وہان مصرعۂ ثانیہ مین لفظ گرفتار مرخم واقع ہے یعنی اسکے اخیر سے یاے مصدری محذوف ہوگئی ہے جیسے ناداں و نادار سے الف فاعلی حذف ہو کر مرخم ہی اکثر مستعمل ہوتے ہین بعض وقت بلاترخیم الف بھی آتے ہین اسکا بیان مشتقات مین بالتفصیل کیا جائیگا انشاء الله تعالیٰ اسکی نظائر بلاترخیم یاے مصدری خریداری وغیره موجود اور خود لفظ گرفتاری بھی مستعمل ہے اور یہ کل ترکیبین سماعی ہین قیاس کو اس مین دخل نہین اور اسماے جامد پر اکثر اس کلمہ نسبت مین سے بہ نظر تخفیف فقط را ملحق ہوتا ہے جیسے انگشتر و زیور ۔ اور زیور مین واو باے موحده کا مبدل ہے جیسے سیب سے سیو ۔ بعض متقنین نے زیب اور کلمہ نسبت ور کے ساتھ مرکب مانا ہے جیسے ہنرور مگر بوجہ قرب مخرج بقاعدهٔ بتر باے موحده حذف ہوگئی ۔ میرے خیال مین یہ بات آتی ہے که ہنرور مین ور کوئی نسبت کا کلمہ نہین بلکہ ور مخفف آور کا ہے جو امر ہے آوردن کا

پس ہنرور سرور و آور صیغۂ فاعل مرکب از اسم و امر ہے یعنی ہنر آور داد آور سر آور چنانچہ سر بر آوردہ
بھی کہتے ہین اسکی مثال بلا تخفیف دل آور اور دلاور موجود ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابْ۔

چھٹا صیغۂ ماضی کے اخیر مین یاے معروف کالحوق جیسے کاستی و پنداشتی۔ پیشواے سخنوران شیواے
طوس فرماتے ہین **شعر** ولیکن نہ ہنگام پنداشتی ست ٭ کہ ہنگام مہر و گہ آشتی ست ٭ **ولہ** تو شاہی
کنی کئے بود راستی ٭ پدید آید از ہر سوِ کاستی ٭ اسی قبیل سے ہے کشادی بمعنی کشادگی مرشد یزد
جردی قلعہ کی تعریف مین کہتے ہین **شعر** کرد تسخیر قلعہ در دلی ٭ کاسمان ہست ازو یکے منظر ٭ در بلندی
چو دست شاہ جہان ٭ در کشادی چو دست این چاکر ٭ ساتوان امر کے اخیر مین الف کا بڑھانا
جیسے رہ بالکسر سے رہا بمعنی رستگاری۔ فردوسی جنگ سفید دیو کی داستان مین لکھتے ہین **شعر**
گر ایدونکہ از چنگ این اژدہا ٭ بریدہ پے و پوست یابم رہا ٭ **ولہ** اگر یابم از جنگ این اژدہا ٭ بدین
روزگار جوانی رہا ٭ آٹھوان امر کے اخیر مین شین معجمہ ماقبل مکسور کے لگانے سے جیسے دانش و
وکنش و آفرینش۔ کنش بمعنی کردار کردن کا حاصل بالمصدر ہے نہ لغت مستقل جیسے بعض فضلانے
فرمادیا۔ فردوسی رح گودرز کے ہاتھ سے پیران ویسہ کے قتل ہونے کی داستان مین فرماتے ہین **شعر**
سرش راہمی خواست از تن برید ٭ چنان بد کنش خویشتن راندید ٭ اور آفرینش نظامی رح کا شعر ہے
شعر ہر اندیشۂ کان بود در ضمیر ٭ خیالے بود آفرینش پذیر ٭ اے خلقت پذیر۔ اس ترکیب کا
حاصل بالمصدر بمعنی اسم مفعول بھی آتا ہے جیسے یہی آفرینش بمعنی آفریدہ اے مخلوقات۔ سنائی رح
شعر آفرینش نثار فرق توشد ٭ بر ہمین چون خسان زراہ نثار ٭ یہان آفرینش بمعنی آفریدہ مراد
اس سے دنیا ہے اور سعدی رح کے اس شعر مین **شعر** وگر نغز و پاکیزہ دارد خورش ٭ شکم بندہ خوانند و
تن پرورش ٭ صرف خور حاصل بالمصدر بصورت امر حاضر ہے اور شین ضمیر مجرور مضاف الیہ یعنی
خوراک خود اگر نغز و پاکیزہ دارد اورا چنان و چنین خوانند اب تن پرورش کا قافیہ بلا تکلف درست
بنجاتا ہے اس سے میری یہ غرض نہین کہ خورش بمعنی حاصل بالمصدر نہین آتا یا شین مصدری
شین ماقبل مفتوح کا قافیہ نہین بنتی بلکہ غرض یہ ہے کہ جب بلا تکلف معنی لفظ کے بن سکے
پھر تکلف مین کیون پڑیئے اور خورش اس معنی مین بھی آتا ہے جس پر فعل خورندہ کا واقع ہوتا ہے
یعنی ماکول و طعام۔ نظامی رح **شعر** بشہ گفت نوشابہ بکشاے دست ٭ بجز این خورشہا کہ در پیش ہست ٭

حاصل بالمصدر صیغۂ ماضی مطلق کے اخیر مین یاے معروف کے الحاق سے۔

حاصل بالمصدر امر حاضر کے اخیر مین الف کے الحاق سے

امر حاضر کے اخیر مین شین ماقبل مکسور کا الحاق۔

شین ماقبل مکسور والا حاصل بالمصدر اسم مفعول کے معنی مین بھی آتا ہے

شین ضمیری کا شین مصدری کے ساتھ قافیہ واقع ہونا

اور یہ بات ظاہر ہے کہ شین ضمیری سے شین مصدری کے رفع التباس کے لیئے یہ کسرہ ماقبل شین مابہ الامتیاز جدا شناس علامت یا شرط بنا دیا گیا ہے پس جب یہ کسرہ ماقبل شین کا شرط اور علامت اور لازمۂ ذات حاصل بالمصدر قرار دیا گیا پھر بغیر وجود اس کسرہ کے جو شرط یا علامت یا لازمۂ ذات حاصل بالمصدر ہے حاصل بالمصدر جو اُسکا مشروط و ملزوم ہے ہرگز متحقق نہ ہوگا۔ مگر استادان قادر کلام سخنوران بلاغت نظام بحکم ضرورت اس قبیل کے تصرفات کے مجاز مانے گئے ہیں ہے ع کفر گیرد کاملے ملت شود * جیسے طغرائی مشہدی نے اپنے شعر مین مثلاً لفظ دریچہ ساکن الاوسط کو متحرک باندھا ہے جہان کہا ہے **شعر** روز و شب دریچہ مشرق و مغرب بازست * ورنہ از تنگئ این خانہ نفس میگیرد * اور نظامی رح نے صُحُف متحرک الاوسط کو اپنے اشعار مین ساکن باندھا ہے جہان فرمایا ہے **شعر** گہ از لوح ناخواندہ عبرت پذیر * گہ ازصحف پیشینیان درس گیر * اور میر معزی نے نصر بمعنی یاری کردن کو جو ساکن الاوسط ہے اپنے اس شعر مین متحرک باندھا ہے **شعر** تا کہ بگیتی مدوست از طرب * تا کہ بعالم نصرست از ظفر * از طرب آباد مدد بر مدد * وز ظفر آباد نصر بر نصر * ایسے ہی قہرمان ملک سخن رانی قافلہ بلاغت بیانی خاقانی رح اور دیگر اساتذہ کلام نے شین مصدری مکسور الماقبل کو اپنے اشعار مین مفتوح باندھا ہے. خاقانی رح **شعر** حاتم کرم و نظام بخشش * بل ہر دور کا بدار خشش * نظامی رح **شعر** سنان کش یکے نیزۂ سی ارش * بہ آب جگر یافتہ پرورش * لیکن یہ امر کہ کسرۂ شین مصدری تابع فتح شین ضمیری کے ہوگیا ہے یا فتح ش ضمیری تابع کسرۂ شین مصدری کے ہوگیا ہے اہل زبان کے لہجے سے واضح ہوتا ہے لیکن میرے نزدیک ترجیح اسیکو ہے کہ حرکت مصدری مین تصرف کیا جائے اس لیئے کہ ایک اور موقع مین بھی اسی حرکت مصدری مین تصرف کیا گیا ہے یعنی بعض اساتذۂ سخن نے اپنے اشعار مین بحکم ضرورت شین ضمیری مکسور الماقبل کو ساکن باندھا ہے جیسے لفظ روش شیوائے طوس فردوسی کے اس شعر مین **شعر** تو این را دروغ و فسانہ مخوان * بیک سان تو روش زمانہ مدان * بالسرے سے یہ بحث عیوب قوافی کے حوالہ کردیجائے مگر اس مین اتنا نقص ہے کہ اُستادونکے کلام مین عیب کا تسلیم کرلینا گویا عیب لگانا ہے بہر حال اس عیب خاص کو جو بسبب اختلاف فتح روی کے پیدا ہوتا ہے اصراف کہتے ہین چنانچہ نورالدین احمد عروضی نے مثال اصراف کی

تن دادن ضمہ سخن بمیں شعر رنجیدہ رو بیمن رنجیدہ بحاذ بین

شین مصدری اور شین ضمیری کو ایک جگہ کر کے دکھلایا ہے اسی قبیل سے ہے قافیہ باللہ کا بہ کے
ساتھ خلاق معانی خاقانی کے اس شعر مین **شعر** در صفت خراس نیست باللہ * روغن گری از زبان من بہ
اور عالمے مفتوح اللام کو ظالمے کا قافیہ بنانا اسی قبیل سے ہے بوستان کا شعر ہے **شعر** چو خواہد کہ ویران
کند عالمے * نہد ملک در پنجۂ ظالمے * اور اس عیب خاص کا نام سناد اشباع ہے۔ مگر یہان بھی میری
وہی غرض ہے کہ یہ لفظ ظالم جو ظلم سے اسم فاعل کا صیغہ ہے اسکے لام کے کسرہ کو فتحہ سے بدلکر مفرس
کر لیا گیا جیسے کافر و ساغر وغیرہ کلام اساتذہ مین برابر مفتوح العین کے قافیہ واقع ہین اور تفرس کے
لیئے یہ ضرور نہین کہ حروف ہی کی تبدیل ہو اگر تغیر حرکت و تبدیل لہجہ بھی کفایت کرتا ہے پس
اس قول کے بموجب اساتذہ کے کلام بلاغت نظام پر عیب بھی نہین لگتا اور بات بھی بنی رہتی ہے
اور اس سے یہ بات بھی معلوم ہو جائیگی کہ یک فنی در ہر فن صاحب غوامض سخن حضرت صہبائی رحمۃ
اللہ علیہ نے جو فرمایا ہے کہ "یہ شین ماقبل مکسور زائد بھی آتی ہے اور ان دو شعرون کو شاہد اپنے مدعا
کا بنایا ہے فردوسی **شعر** برفتند شادان دل و خوش منش * پُر از آفرین لب زنیکی دہش **وله** زدادار
نیکی دہش یاد کرد * بدم پوسہارا پر از باد کرد * دہش کا منش کے ساتھ جسکی شین مکسور الماقبل ہے قافیہ
واقع ہونا دھوکے مین ڈالتا ہے اگر غور کیجیئے دھوکے کی کوئی بات نہین چنانچہ ہم نے اوپر ثابت
کر دیا ہے کہ شین مفتوح الماقبل کا شین مکسور الماقبل کے ساتھ واقع ہونا درست ہے تو یہان بھی
برعایت لفظ منش دہش کے شین کو مکسور الماقبل پڑھنا نہ چاہیئے بلکہ یہ شین ضمیر غائب مفتوح الماقبل
ہے جسکو قواعد نگارون نے بمعنی خود کہا ہے جسکا اُردو ترجمہ اپنا ہے پس ترجمہ شعر کا یہ ہوا کہ اپنے نیکی
دینے والے خداوند کی تعریف مین تر زبان تھی۔ جب اس قافیہ کی رعایت سے نیکی دہش کی شین
زائد سمجھی گئی اس لیئے کہ شین ضمیر غائب کی مکسور الماقبل نہین ہوتی اور مصدری معنی بھی یہان
درست نہین بیٹھتے تو دوسرے شعر کو اگرچہ وہ ایسے موقع مین نہین ہے کہ خواہی نخواہی اُس شین کا
ماقبل مکسور رہنا واجب سمجھا جائے جس سے شین مصدری کا دھوکا ہو مگر چونکہ اداے مطلب
مین اُس شین کے نہ ہونے سے بظاہر کوئی مطلب فوت نہین ہوتا اُسی پر قیاس کر کے زائد
فرما دیا اگر بغور ملاحظہ فرمایئے گا تو اپنے مالک اپنے خداوند تعالےٰ شانہ کے ساتھ ہر بار ہر ذکر مین
اپنا انتساب کیئے جانا بندہ کے لیئے موجب غایت سعادت و سبب نہایت فخر و عزت ہے اور

فخر و عزت ہر نفس کو عزیز و لذیذ ہے اگرچہ یہان متکلم اپنی ذات کو منتسب نہین کرتا جسکی حکایت کرتا ہے
اُسکا انتساب کرتا ہے چونکہ یہ بھی خواجہ تاش ہے اسکی جان بھی لذت سعادت و سعادت لذت حاصل
کرتی ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ نوان اسم اور صیغۂ ماضی واحد غائب کی صورت مین نظامی رح شعر
بجان بر خود ہر کسے گشت شاد ٭ کس از کشتن کس نیامد و باد ٭ دسوان اسم اور امر حاضر کی شکل مین نظامیؒ
شعر بخون ریز من لشکرے ساختی ٭ شبیخون کنان سوے من تاختی ٭ گیارہوان جو اسم بامدکہ معنی وصفی کہتا
ہو اُسپر الف کا بڑہانا جیسے پہن سے پہنا فراخ سے فراخا۔ ظہوری شعر در کمالات اے خرد پہنا ببین ٭
کم ز رشحہ بیش او دریا ببین ٭ بارہوان اسمای جامد و غیر جامد کے بعد یاے معروف کا الحاق۔
لیکن اگر وہ اسم ملحق مصدر عربی ہے تو اُسکو صفت کے معنون مین لیکر پھر یاے مصدری لاحق
کرتے ہین جیسے صفا و سلامت خود مصدر تھی انکو بمعنی صاف و سالم کے لے کر بزیادتی یا صفائی
و سلامتی کہتے ہین اور مصدر عربی کو صفت کے معنون مین لینا اہل عجم کا تصرف ہے جیسے صفا
بمعنی صاف صائب کا شعر ہے شعر بصد خون جگر دل را صفا کردم ندانستم ٭ کہ چون آئینہ روشن شد
بروشنگر نمے ماند ٭ اسیطرح سلامت بمعنی سالم دانش کا شعر ہے شعر بزم ما نور ز عکس مے روشن دارد
شمع اگر در سر شیشہ سلامت باشد ٭ اے سالم باشد اسکو از قبیل زَیْدٌ عَدْلٌ سمجھنا نہ چاہیئے۔
اسواسطے کہ یہان عدل اپنے حقیقی مصدری معنون مین ہے مگر اسکی نسبت مجازی ہے غرض
اس قسم کے مصدر کو صفت کے معنون مین لیکر اُسپر یاے مصدری لے آتے ہین۔ سعدی رح شعر
تأمل در آئینۂ دل کنی ٭ صفائی بتدریج حاصل کنی ٭ امیر خسروؒ شعر دو پستانش دو لیمون پر ز نوست
٭ بسختی و صفائی چون بلورست ٭ ملا شانی تکلو شعر چہ فراغ بالی آنرا کہ تو سر دہی ز بندش ٭ چہ سلامتی
کسے را کہ تو نشنوی سلامش ٭ اسیطرح خلاص بمعنی رستگار۔ محمد قلی سلیم کا شعر ہے۔ شعر عقل نگزارد
مرا یکدم ز درد سر خلاص ٭ رہزنی کو تا مرا سازد ازین رہبر خلاص ٭ در قیامت کن خداوندا سلیم خستہ را ٭
ز آتش دوزخ بآب روے پیغمبر خلاص ٭ پھر اس صیغۂ صفت پر یاے مصدری کے الحاق سے
معنی مصدری حاصل کرتے ہین۔ علی خراسانی کا شعر ہے شعر ز فرط رحمتِ شاہِ دین عجب نبود ٭
کہ در خلاصی ما کرد صد وفا زنجیر ٭ ولی دشت بیاضی شعر راضی بخلاصیم نشد مرگ ٭ مردیم و لے
نیازمندیم ٭ صائب شعر نیست نے سرگشتگی ممکن خلاصی زین محیط ٭ تا بساحل از دو صد گرداب

ے بابِ گزشت ۔ اگرچہ یہ صیغے عربی کے مصادر ہین اور استعمال انکا عربی مین معنی مصدری ہین ہی ہوتا ہے مگر باعتبار استعمال عجم معنی صفت کے اُس سے لیئے گئے ہین اب اُسپر یاے مصدری کا الحاق محصل امر جدید ہوگا برخلاف اُن مصادر عربیہ کے جو فارسی مین بمعنی صفت نہین مستعمل ہوئے اُن پر یاے مصدری کے الحاق سے معنی مصدری لینا جیسے انتظاری ۔ حضوری ۔ زیادتی ۔ غلطی ۔ فضولی نقصانی وغیرہ ہین اگرچہ ظاہر نظر بوجہ تحصیل حاصل اُسکو باطل سمجھتی ہے ۔ چونکہ کلام فصحاے عجم کا اس قسم کے تصرفات سے مملو ہے باطل نہ کہنا چاہیئے متداول سمجھنا چاہیئے ۔ ظہوری **شعر** در انتظاری اشک حنائی بودم ۔ رسید وقت زشوق نگارے گریم ۔ **شعر** حضوری گرہمی خواہی ازو غائب مشو حافظ ۔ متی ماتلق من تہوی دع الدنیا واھملہا ۔ صائب **شعر** برخاک غنی را ہمدم درویش ۔ اگر زیادتی ہست حسرتے تا چند ۔ ولہ برجسم آن قدر کہ فزودیم ہمچو شمع ۔ شد مایۂ زیادتی اشک و آہ ما ۔ حافظ **شعر** مژہ سیاہت ار کرد برخون ما اشارت ۔ زفریب او بیندیش غلطی مکن نگارا ۔ **شعر** از فضولیہاے خود صائب نجالت مے کشم ۔ منکہ باشم تا کنم تلقین کہ رحمت کن مرا ۔ نظامی **شعر** گہر خر چہار اندو گوہر چہار ۔ فروشندہ را با فضولی چہ کار ۔ خاقانی رح **شعر** بہر ناسازی درسازو دل برناخوشی خوش کن ۔ کہ آبت زیر کاہست و کمالت زیر نقصانی ۔ درویش والہ ہروی **شعر** زتنگ عرصگی فکر جز بمدحت تو ۔ نمیرسد سخن از تنگناے نقصانی ۔ پس بنظر ظاہر عرفی کے اس شعر پر ؎ بعہد جلوۂ حسن کلام من اندخت ۔ قبول شاہد نظم کمال نقصانی ۔ ملا ابو البرکات کا اعتراض محض عدم اعتنا نہین تو اور کیا کہا جاے محقق فرزانہ بہار نے اس خرابی کے مٹانے کے لیئے اس یا کو نورہانی ارمغانی فلانی بہمانی زبانی کی یا کی طرح زائد محض بھی مانا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ اہل ایران کے لہجہ مین معروف و مجہول کا امتیاز نہین رہا یعنی یہ یاے مجہول زائد ہے جس کو بتغیر لہجہ معروف پڑہا کرتے ہین مگر میرے نزدیک یہ متداول ہے یعنی یہ مصدری یا ہے لیکن اسکا مدخول جب مصدر عربی ہوتا ہے تو کبھی اُس مصدر کو صفت کے معنون مین لے کر یاے مصدری اُس پر داخل کرتے ہین جیسے خلاصی وغیرہ مین اور کبھی اُس مصدر سے معنی مصدری کی تجرید کر لیجاتی ہے جیسے زیادتی ونقصانی وغیرہ مین اسکی نظیرین موجود ہین جیسے حور خود حورا کی جمع ہے تو معنی جمع سے مجرد کر کے بطریق فارسی الف و نون جمع کا اُسپر لاحق کرتے ہین جیسے **شعر** حوران بہشتی را دوزخ بود اعراف الخ فصحاے عجم اس قسم کے

تصرفات سے مجاز سمجھے گئے ہین وَاللّٰہُ تعالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب اگر وہ اسم مصدر نہو تو اُسکے وصف مشہور کی
وجہ سے اُس کو بمنزلہ صیغہ صفت قرار دے کر یاے مصدری اُسپر لاحق کرتے ہین جیسے خر و بوم کا مشہور
وصف حماقت و نحوست ہے تو اِن لفظ بوم و خر سے احمق و منحوس مراد رکھکر خری و بومی سے احمقی و منحوسی
کے معنے لیے جاتے ہین مولوی معنوی رح شعر نم نبارد ابر از شومی او ۞ شہر شد ویرانہ از بومی او ۞
اسیطرح جسوقت یہ یاے معروف اعلام پر لائی جاتی ہے تو پہلے اُن سے معنی علمیت کا انسلاخ
کیا جاتا ہے فقط اُنکا وصف مشہور مراد لیا جاتا ہے جیسے حاتم سے حاتمی بمعنی سخاوت رستم سے رستمی
بمعنی جوانمردی زلیخا سے زلیخائی بمعنے معشوقی جامی رح شعر زلیخا از زلیخائی رمیدہ ۞ وزان صورت
بمعنی آرمیدہ ۞ اور اعلام سے جب معنی وصفی مراد ہوتے ہین اُنکی دلالت عام ہوجاتی ہے وہ نکرہ
بنجاتے ہین غرض اعتبار معنی وصفی سے اعلام ہون یا غیر اعلام اُن مین عمومیت جدیدہ حاصل ہوتی
ہے مثلا خر و شیر دو مخصوص نوع حیوانی تھے جب اُنکے اوصاف مشہورہ حماقت و دلیری مراد
ہوئے تو یہ اسم اب منحصر اُسی نوع مین نرہا بلکہ جن مین یہ اوصاف متحقق ہونگے اُن پر اس اسم کا اطلاق
بلے غائلہ درست ہوگا اور اعلام کی تنکیر مین بھی یہی سر ہے جیسے شعر چونکہ بے رنگی اسیر رنگ شد ۞
موسیے با موسیے در جنگ شد ۞ شعر قرنہا باید کہ تا از فضل حق پیدا شود ۞ بایزیدے در خراسان یا
اویسے در قرن ۞ اگر وہ خود صیغہ صفت کا ہے تو پھر کسی تکلف کی حاجت ہی نہین جیسے شکستہ و بستہ
سے شکستگی و بستگی اور یہ کاف عجمی ہاے مختفی کا بدل ہے ۔ واضح ہو کہ استاذ الاساتذہ اذکی الجہابذہ
امام فن نکتہ سرائی حضرت صہبائی رح اور صاحب قوانین دستگیری نے اس نوع کے کاف کو بدون
انقلاب از ہاے مختفی جیسے دلسوزگی و خردگی و فرزندگان و قمریگان وغیرہ مین زائد محض بھی مانا ہے
اپنی تحقیق پر ان اشعار سے شاہد گزرانا ہے فردوسی رح شعر مرا بو یہ بود کم بود خواست ۞ بدل سوزگی جان
ہمی رفت خواست ۞ انوری شعر انوری گر خردگیہا میکند ۞ تو بزرگی کن بر و خردہ مگیر ۞ سعدی رح شعر
برو تا ز خوانت نصیبے دہند ۞ کہ فرزندگانت نظر در رہند ۞ میر معزی شعر اندر دہن قمریگان ساختہ
بربط ۞ واندر گلوے فاختگان دوختہ طنبور ۞ یہ امر پسند نظر تحقیق نہین کیا معنی کہ دلسوزگی دلسوزہ
اور یاے مصدری سے مرکب ہے ہماری اس تحقیق پر کلام کمال اسمٰعیل کا گواہ عادل ہے شعر مجمر
آسا سزد ار باے کشد در دامن ۞ زانکہ دلسوزۂ خلق ست درد چون مجمر ۞ پس کاف عجمی اسی ہاے مختفی

اعلام و غیر اعلام ... معنی ... سے ... ہین ... دلالت ... ہوجاتی ہے

بعض اساتذہ تحقیق ... دلسوزگی و خردگی ... و فرزندگان و قمریگان کے کاف کو بغیر انقلاب ... زائد محض مانا ہے

کا بدل ہے اور دلسوزہ دراصل دلسوز یعنی اسم اور امر کی صورت مین آیا ہوا صفت کا صیغہ تھا چونکہ عمومیت خاصہ صیغہ صفت ہے اُس پر ہاے تسمیہ لگا کر معنون مین یک گونہ خصوصیت حاصل کر لی پس دلسوز انسان اور غیر انسان کی صفت واقع ہو سکتا ہے مگر دلسوزہ خاص اُس شخص کو کہین گے جو اورون کے حال پر رحم کھاوے۔ غیرونکی مصائب پر اپنا دل جلاوے جسطرح خودمراد سے خودمرادہ امیر خسرؔو دہلوی **شعر** فرمان نبرند زانکہ ہستند ٭ ازغایت ناز خودمرادہ ٭ اسیطرح خردگی مین کاف فارسی ہاے مختفی کا بدل ہے کیا معنی کہ خردہ بمعنے ریزۂ ہر چیز و اسباب فرومایہ وعیب ان سب معنون مین مستعمل ہے معنی اول جیسے خردۂ قلم اے ریشۂ قلم خردۂ مینا اے ریزۂ مینا سے شکستہ اور معنی ثانی جیسے خردہ فروش آئینہ کنگھی سرمہ دانی ازار بند وغیرہ کم بہا چیزونکے بیچنے والے کو کہتے ہین اور معنی ثالث یعنی عیب اُسی شعر کے مصرعہ ثانی مین خردہ مگیر موجود ہے اور انتساب شئے کے لیئے ادنے مناسبت بھی کفایت کرتی ہے جس طرح اضافت مین مذکور ہوا پس باعتبار معنی اول اپنے انکسار کی راہ سے جیسے ذرہ بمقدار وغیرہ کہا جاتا ہے اسپر یاے نسبت کے لگانیسے یہ معنی ہوئے کہ انوری حقارت کے کام کرتا ہے آپ بزرگی کو کام فرمائین اُسکے عیب سے درگزرین باعتبار معنی ثانی یہ معنی ہوئے کہ انوری اگرچہ فرومائگی اور کمینہ پن کرتا ہے آپ بزرگی کرین اور باعتبار معنی ثالث یہ معنی ہوئے کہ انوری اگرچہ وہ کام کرتا ہے جو منتسب بہ عیب ہین یعنی معیوب ہین آپ بزرگی کرین اور عیب گیری نکرین غرض خاصہ طور پر خردگی مین کاف فارسی خردہ کی ہاء مختفی کا بدل ہے شاید لفظ بزرگی کے تقابل سے شبہ پڑا ہو کیا معنی کہ خرد و بزرگ آتا ہے نہ خردہ و بزرگ اگر غور کیجیئے تو یہ شبہ کوئی وقعت اور توجہ کے قابل نہین یہان بزرگی عمر کی نہین باعتبار خُلق کے ہے اسکے لیئے تقابل خرد کا ضروری نہین۔ امیر خسرؔو **شعر** خردہ نگیرند بزرگی کنند ٭ دنبہ چنان نیست کہ گرگی کنند ٭ شیخ شیراز علیہ الرحمۃ نے اُسی مضمون کو ان الفاظ مین ادا کیا ہے **شعر** اگر من ناجوانمردم بکردار ٭ تو بر من چون جوانمردان گزرکن ٭ اور فرزندگان مین کاف عجمی نہین کاف عربی تصغیر و ترحم کے لیئے لایا گیا ہے یعنی بقیاس طفلک فرزندک مصغّر پر الف و نون جمع کا لگا کر طفلکان کی طرح فرزندکان کہدیا۔ صاحب درفش کاویانی مرزا غالب دہلوی ریدک و کودک کے کاف کو بھی اسی قسم کا تصغیری فرماتے ہین فقط رید و کود کو ترجمہ طفل کا بتلاتے ہین چنانچہ لکھتے ہین

حرف تصغیر و ترحم

کاف تازی بپارسی در آخر اسما معنی تصغیر دہد چون مردک مردمک وکودک وریدک ہمانا کود و رید ترجمۂ طفلست انتہیٰ۔ مگر فقط رید وکود بمعنی طفل کسی اُستاد کے کلام مین نظر نہین آیا البتہ رید وکود پاخانہ اور کھاد کے معنون مین آئے ہین چونکہ بچے اکثر گوہ موت مین آلودہ رہتے ہین ریدک وکودک اُنکا نام ہو گیا پس اس کاف کو چوشک وتیرک کے کاف کیطرح نسبت کا کاف سمجھنا چاہیئے اب اگرچہ وجہ تسمیہ سے قطع نظر کرلی گئی امردون اور نابالغ لڑکون کو بولنے لگے ہین۔ منوچہری کا شعر ہے **شعر** شادباش و می ستان از ساقیان وریدکان ٭ ساقیان سیم ساعد ریدکان سیم ساق ٭ غرض فرزندکان مین کاف تازی تصغیری ہے کاف عجمی زائد نہین۔ بہار باغ تحقیق وبہار تدقیق صاحب جواہر الحروف اپنے رسالہ مین تحقیق فرماتے ہین واگر قرینۂ دالہ باشد در غیر کلمۂ ذات الہا نیز ہمین عمل کند چنانچہ درین بیت میر معزی **فرد** اندر دہن قمریگان ساختہ بربط ٭ واندر گلوے فاختگان ساختہ طنبور ٭ اے مہیا وموجود شدہ است بربط و طنبور۔ واحتمال بودن کاف تازی برقیاس طفلکان خطاست وہذا غایۃ التحقیق فی ہذا المقام ولامزید علیہ" انتہی کلامہ خلاصہ تحقیق یہ ہے کہ قمریگان مین کاف فارسی زائد محض ہے غیر مبدل بہ ہا اور اس مقام مین اسی کو انتہا درجہ کی تحقیق قرار دیتے ہین مین عرض کرتا ہون کہ قمریگان قمریہ بالہا کی بطریق فارسی جمع ہے صاحب حیواۃ الحیوان نے اسکی بڑی تحقیق کی ہے اور فرماتے ہین قمری طائر مشہور کنیتہ ابوزکری وابوطلحۃ وہو حسن الصوت والانثی قمریۃ الخ منتہی الارب مین ہے قُمرِیَّۃ بالضم والیاء مشددۃ مرغیست از جنس فاختہ قَمَارِی وقُمر بالضم جمع یا مادہ قُمرِیَّہ است و نر ساق حر انتہی پس معلوم ہو گیا کہ قمریگان مین کاف فارسی زائد نہین بلکہ بعوض الہا ہے اور تخفیف یا فارسیون کا تصرف ہے جو تمامی نسبتی یاؤنمین جائز رکھتے ہین اب کیون کر مان لیا جاے کہ صاحب جواہر الحروف کا قول غایۃ التحقیق لامزید علیہ ہے فقط حسن ظن نے یکے بعد دیگرے آنکھ بند کیئے اتباع کرنے پر مجبور کر دیا۔ اور یہان یہ بات بھی سُن رکھیئے کہ اہل عجم بغیر ارادۂ تسمیہ وتانیث ہا مختفی زیادہ کرتے ہین جیسے کام کامہ معشوق معشوقہ میرزا محمد قلی سلیم طہرانی۔ **شعر** مفلس چو شدیم روبرو آوردیم ٭ معشوقۂ روزنے نوائیست خدا ٭ نظامی رح **شعر** کامۂ دل گرچہ زجان خوشترست ٭ عاقبت اندیشی ازان خوشترست ٭ سعدی رح **شعر** بکامۂ دل دشمن نشیند آن مغرور ٭ کہ بشنود سخن دشمنان دوست نماے ٭

وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

معنی حاصل بالمصدر بعض اسماء جامد بغیر مرکب ہونے کے معنی مستفاد ہوتے ہین

تیرھوان بعض اسمار جامد بغیر کسی ترکیب وغیرہ کے مفید معنی مصدری ہوتے ہین جیسے شرمسار و
مہمان جرز ارفیع واعظ شعر زلف اور از بردن دل غیرہ ٭ موبمو شرمسار بالیستی ٭ اے شرمندگی محتمل ہے کہ
یہ مرخم ہو اسواسطے کہ شرمساری بھی مستعمل ہے۔ شاہی سبزواری شعر ے کشد سرو پیش بالائیت ٭ شرمساری
زقد کوتہ خویش ٭ لفظ مہمان فارسی اور ہندی مین مشترک ہے ہندی مین بمعنی ضیافت آتا ہے اسواسطے
کہ اسکے اصلی معنی ہندی مین تعظیم وتکریم کے ہین اور ضیافت مین بھی ضیف کی تعظیم وتوقیر ہی منظور
ہوتی ہے اور فارسی مین ضیف اور ضیافت دونون معنون مین آتا ہے۔ اول یعنی بمعنی ضیف مشہور
ثانی یعنی بمعنی ضیافت جیسے سعدیؒ کے اس شعر مین شعر کہ باشند مشتے گدایان خیل ٭ بمہمان
دار السلام از طفیل ٭ نظامی رحمہ شعر بمہمان شہ بود خاقان چین ٭ دو خرشید بایکدگر ہم نشین ٭
امیر خسرو شعر دل رفت درمہمان او گفت آن ادیم آن او ٭ گر ہست این دل آن او آخر از آن من
کجا ٭ اور یہ لفظ جب ضیف کے معنون مین ہوتا ہے اسپر یاے مصدری بھی لے آتے ہین۔ نظامی
شعر کہ شہ را دہد پاے مزد ہی شگرف ٭ بمہمانی شہ کند گنج صرف ٭ ملوکانہ مہمانیے سازدش ٭ جہان
در رسم مرکب اندازدش ٭ واللہ تعالیٰ شانہ اعلم۔

المشتق

بیان مشتق

مراد ہماری یہان مشتق سے اسم مشتق ہے اور وہ مصدر سے نکلا ہوا اسم ہے اور اپنے مصدر
کے معنی حدثی پر تضمناً اسکی دلالت بھی ہوتی ہے جیسے اسم فاعل اور اسم مفعول اور صفت مشبہ
اور حالیہ۔

بیان اسم فاعل

اسم فاعل وہ اسم ہے کہ مصدر سے مشتق ہوتا ہے اور اس شئے کے لئے وضع کیا جاتا ہے
جسکے ساتھ وہ فعل یعنی معنی مصدری بحدثی قائم ہوتے ہین جیسے کنندہ۔ اور کبھی یہ معنی بعض خاص خاص
ترکیبون سے بھی حاصل کرتے ہین۔ ایک تو اسم کو امر واحد حاضر کے ساتھ ترکیب دینے سے جیسے
جان آفرین۔ اور اس اسم وامر کے درمیان کبھی کوئی فاصل بھی آجاتا ہے اور وہ فاصل یا اس اسم کا
مضاف الیہ ہوگا جیسے سعدیؒ فرماتے ہین ع نبینی کہ چون بارمردم کش است ٭ یا اسکی صفت جیسے
ع اسم بہ کہ گفتار باطل نیوش ٭ یا ظرف جیسے ع حکیم سخن بر زبان آفرین ٭ وزور در پنجہ شیر شکن ٭
اور بعض اساتذہ کے کلام مین اس ترکیبی اسم فاعل کے جزو اول یعنی اسم پر یاے مجہول اور جزو
ثانی امر پر لفظ ہی بھی زیادہ کیا جاتا ہے یعنی فاصلہ ان دو لفظون کا مابین اسم وامر اسم فاعل ترکیبی

جایز رکھا گیا ہے سید حسن اشرفی کا شعر ہے **شعر** من غزلے مے سرایٔے ہوے گلے مے نگر ٭ او طرے مے فزایٔے شاخ گلے مے شکن ٭ بعض قواعد نگارون نے اس امر کا لحاظ نہ کیا صرف صیغہ امر کو اسم فاعل کے معنون مین فرمادیا۔ اور بعضون نے مطلق فاصلہ کو جائز مانا ہے اور ہر دو فریق نے شعر حکیم سخن برزبان آفرین کو شاہد اپنے مدعا کا بنایا ہے۔ اسی طرح اسم اور نہی کی ترکیب بھی مفید معنی فاعلیت پیدا ہوتی ہے جیسے ہیچدان و ہیچمند گار و ہیچمیرز۔ واضح ہو کہ اس ترکیب کا جزو اول یعنی اسم اکثر جزو ثانی کا جب وہ افعال متعدیہ سے ہو مفعول بہ ہوا کرتا ہے جیسے جہان آفرین و کارکن اور کبھی جزو اول آلہ ہوتا ہے جیسے تیغ زن اور کبھی ظرف جیسے شب چرا اے آنکہ چریدن او در شب ست لیسے ہی شب دُزد رات مین چوری کرنے والے کو اور شب گز رات مین کاٹنے والے یعنی کھٹمل کو کہتے ہین اور کبھی جزو ثانی کے معنی مصدری کی صفت بھی واقع ہوتا ہے جیسے بسیار بخش کسیکہ بخشیدن او بسیار ست و سخت کوش اے کوشیدن او سخت ست اگر جزو ثانی فعل لازم ہے تو جزو اول جزو ثانی کا فاعل ہوگا جیسے خدائے یا صفت ہوگا مگر اُسکا صفت واقع ہونا یا بلا واسطہ ہوگا جیسے تیز رو لے کسیکہ سیر او سریعیت۔ و زود خیز و نظامی رح **شعر** و شاقان موکب رو و زود خیز ٭ بدیدار تازہ برفتار تیز ٭ یا بواسطہ جیسے بیمار خیز اے کسیکہ خاستن او مثل بیمار ست۔ نظامی رح **شعر** فریبندہ چشمے جفا جوے تیز ٭ دوا بخش بیمار و بیمار خیز ٭ یا ظرف واقع ہوگا خواہ مکانی ہو جیسے مسند نشین و تارک نشین و خانہ خیز اے جائے نشستن او مسند و تارک است و جاے خاستن او خانہ است۔ نظامی رح **شعر** زمین رامنم تاج تارک نشین ٭ ملرزان مرا تا نلرزد زمین ٭ **ولہ** گہے باچنان گوہر خانہ خیز ٭ چو بوطالبے راکنی سنگریز ٭ خواہی زمانی جیسے شب افروز و صبح خیز اے زمانہ روشن شدن او شب ست و وقت خاستن او صبح ست نظامی **شعر** شب افروز کرمیکہ تابد ز دور ٭ زبے نوری شب زند لاف نور ٭ دوسرا اسم اور ماضی مطلق کی ترکیب سے جیسے ہم نشست سعدی رح **شعر** بشولے خردمند زان دوست دست ٭ کہ با دشمنانت بود ہم نشست تیسرا امر واحد حاضر کے اخیر مین الف زیادہ کرنے سے جیسے دان سے دانا بین سے بینا دار سے دارا مخلص کاشی **شعر** دلا بصرفہ قدم نہ کہ در طریق معاش ٭ سکندری خورد از فاقہ ہر کہ دارا نیست ٭ چوتھا صیغہ ماضی مطلق کے اخیر الف ورا زیادہ کرنے سے جیسے خرید سے خریدار خواست سے خواستار بمعنی طلبگار اور چونکہ شفاعت مین بھی مجرم کو حاکم سے مانگ لینا ہوتا ہے۔ اس لفظ کو شفیع کے

پانچوان اسم اور نہی کی ترکیب سے معنی فاعلیت

ان ترکیب مین جزو اول کی تحقیق

دوسرا اسم اور ماضی مطلق کی ترکیب سے ۱۲

تیسرا امر واحد حاضر کے اخیر مین الف زیادہ کرنیسے ۱۲

چوتھا ماضی مطلق کے اخیر مین الف ورا زیادہ کرنے سے ۱۲

اس الف و را مین نسبت کا احتمال بھی ہے

اسمائے غیر مشتقہ کا معنی فاعلیت مین استعمال

معنون مین کنایہ کرتے ہین۔ فردوسیؒ کیکاؤس کے قتل سیاؤش پر مطلع ہونے کے داستان مین لکھتے ہین **شعر** بر یند از تن سر شاہوار ٭ نہ فریادرس بود و نہ خواستار ٭ اے نہ کس فریادرس بود و نہ کسے شفیع۔ یہان یہ بھی احتمال ہے کہ الف و را نسبت کے لیئے ہو۔ چنانچہ بیان حاصل مصدر مین محقق ہوچکا ہے۔ یہان سے اُن اسمائے غیر مشتقہ کا بیان ہے جو تنہا یا کسی ترکیب سے معنی فاعلیت پیدا کرتے ہین گو کہ وہ ما نحن فیہ سے نہین ہین اسواسطے کہ ہمکو مشتقات کا بیان منظور ہے لیکن تبعاً انکا ذکر بھی ضرور ہے تا بینندہ کو فی الجملہ بصیرت ہوجائے۔ ایک تو وہ کہ تنہا اسم خواہی جامد ہو خواہ مصدر عربی معنی مین فاعل کے آتا ہے جیسے جادو بمعنی جادوگر۔ نظامیؒ **شعر** نگر جادوان از من آموختند ٭ کہ از موم خود خواب را دوختند ٭ اور مصادر عربی جیسے رضا و کرم و ضمان بمعنی راضی و کریم و ضامن حیاتی گیلانی **شعر** عطیہ فیض رسانست و جرم عفو پزیر ٭ بہ ہرچہ ہست رضائیم غم چرا داریم ٭ سعدیؒ **شعر** بگریست گیاہ و گفت خاموش ٭ صحبت نکند کرم فراموش ٭ احتمال ہے کہ یہ از قبیل مجاز فی النسبت ہو خصوصاً مثال ثانی مین یہ بھی احتمال ہے کہ نسبت نفی کی حقیقۃً جانب کرم ہی ہو اسواسطے کہ اہل کرم بھی اگر حق صحبت ملحوظ رکھتے ہین تو اُسی کرم کا اقتضا ہے گو کہ وہ وصف ذی شعور نہین مگر نسبت کے لیئے اسقدر اصلیت کافی ہے۔ لفظ ضمان **شعر** دوشم نوید داد و بشارت کہ حافظا ٭ باز آ کہ من لعفو گناہت ضمان شدم ٭ اے ضامن شدم اسی طرح خبر بمعنی خبیر۔ ہاتفیؒ **شعر** خبر شد از ان قصبہ والی مصر ٭ کہ آمد خلل در حوالی مصر ٭ استاذی قلندر حسین اطہر رحمہ اللہ الاکبر اپنے مرشد واعظ مولوی عبدالحی صاحب مرحوم کی تعریف مین لکھتے ہین **شعر** واعظ نہ سحر گر کہ اینست ٭ در علم خبر خبر کہ اینست ٭ دوسرا اسم پر یائے تحتانی زیادہ کرنے سے خواہ وہ اسم فارسی مین جامد ہو جیسے شکار سے شکاری یا عربی مین صفت کا صیغہ ہو جیسے نظارہ سے نظارگی۔ نظامیؒ **شعر** عجب ماند زان کار نظارگی ٭ بعبرت فروماند یکبارگی ٭ کسواسطے کہ فقط نظارہ بھی بدون یائے تحتانی بمعنی فاعل مستعمل ہے۔ فردوسی جنگ کیخسرو اور افراسیاب کی داستان مین لکھتے ہین (حصہ دوم ۲۴۸ ۲۵) **شعر** سپہر اندران جنگ نظارہ بود ٭ ستارہ شمر سخت بیچارہ بود ٭ میرے نزدیک یہ یائے تحتانی نسبت ہی کی ہے لیکن نسبت فاعلی جس طرح اسم فاعل بمعنی نسبت مستعمل ہے مثلاً ارزندہ (۵) بمعنی قیمتی (ے ارجمند) اسیطرح نسبت کو معنی فاعلیت مین دخل ہے چنانچہ اسکی نظیرہائے مختفی نسبت فاعلی و مفعولی کے لیئے مستعمل ہوتی ہے اول جیسے فردوسی مدح رستم بزبان سہراب فرماتے ہین **شعر**

گمانے برم من کہ او رستم ست ٭ کہ چون او نبردہ بگیتی کم ست ٭ اے نبرد کنندہ۔ جس طرح گار و ناک کا
لفظ آموزگار و آموزناک مین۔ نظامیؒ **شعر** توئی برترین دانش آموزناک **ولہ** نیوشندۂ خواہم از
روزگار ٭ کہ گویم بدو رازِ آموزگار ٭ مگر دونون مین فرق یہ ہے کہ ناک معنی مبالغہ کو متضمن ہے
اور لفظ گار مین یہ بات نہین جیسے پرورشگار پروردگار وغیرہ۔ نظامی سبب نظم کتاب سکندرنامہ بحری
مین فرماتے ہین **شعر** مرا کاولین پرورشگار بود ٭ ولی نعمتے در دہش یار بود ٭ اور یہ لفظ پروردگار کا
مطلق مربی کے معنون مین مستعمل ہے فردوسیؒ فرماتے ہین [صفحہ ۱۱۲] **شعر** چو دستان کہ پروردگار من ست
٭ تہمتن کہ خرم بہار منست ٭ اور دوسری جگہ لکھتے ہین [صفحہ ۵۵۲] **شعر** شما پاک پروردگار مید ٭ ہمان از پدر
یادگار مید ٭ نخواہم کہ آید شمار اگزند ٭ مباشید با من بہ بد یارمند ٭ بعض قواعد نگاران تحقیق پیشہ (اے صاحب تحقیق القوانین ۱۲)
نازک خیالان نغز اندیشہ نے یاے فاعلی کو مصادر فارسی پر بھی مانا ہے اور یہ شعر نظامیؒ کا اپنے
دعوی پر شاہد گزرانا ہے **شعر** توانا و دانا بہر بودنی ٭ گنہ بخش و بسیار بخشودنی ٭ میری راے
مین بودنی اور بسیار بخشودنی در صورت فصل وہی یاے لیاقت ہے جو مصادر فارسیہ پر آتی
ہے اور واو رابط حالیہ ہے نہ عاطفہ اور بسیار بخشودنی خبر ہے مبتداے محذوف کی اور مبتدا اور
واو رابط حالیہ سے ملکر حال ہوا گنہ بخش کا اور یہ جملہ حالیہ بمنزلہ علت کے ہے کیا معنی کہ وہ گناہ بخش ہے
اسلیئے کہ وہ قابلیت و قدرت بخشایش بسیار کی رکھتا ہے۔ اور لفظ بسیار کا مبالغہ بخشایش کے
اظہار کے لیئے لایا گیا ہے جس طرح عربی مین لفظ رحیم مبالغہ کے لینے غرض یہ یاے
لیاقت ایسی ہے جیسے کشتنی گردن زدنی سوختنی مین۔ مگر بات یہ ہے کہ اگر وہ یاے لیاقت مصدر
مبنی للفاعل پر لاحق ہوگی تو اُس فعل کے فاعل کی لیاقت بتلائیگی جیسے بودنی مین موجود کی ہستی
کی اور بخشودنی مین بخشایندہ کی بخشایندگی کی لیاقت کا اثبات ہے۔ اور اگر وہ یاے لیاقت مصدر
مبنی للمفعول پر آویگی تو مفعول کی لیاقت کا اشعار کریگی جیسے کشتنی و سوختنی مین قتیل و حریق کے
کشتہ شدن و سوختہ شدن کی لیاقت کا اظہار ہے چنانچہ حضرت نظامیؒ دوسری جگہ مناجات مین
اسی بخشودنی کو مبنی للمفعول فرماتے ہین **شعر** توئی خالق بود ہر بودنی ٭ بہ بخشاے بر حال بخشودنی ٭
اور در صورت وصل یعنی بغیر واو بسیار بخشودنی مین وہی یا سمجھی جائیگی جو اکثر مفعول مطلق پر
لاحق ہوا کرتی ہے اور لفظ بسیار کا کثرت پر دلالت کرتا ہے جو صفت بخشودن کی ہے۔

گار و ناک [illegible]

پروردگار بمعنی مطلق مربی ۱۲

[illegible]

مفعول مطلق اپنے فعل کی کمیت و کیفیت کے اظہار کا ذمہ دار ہوتا ہے

واضح ہو کہ مفعول مطلق اپنے فعل کی کمیت و کیفیت کے اظہار کا ذمہ دار ہوتا ہے مثال کمیت کی وہی
بسیار بخشودنی اور یہ شعر نظامی علیہ الرحمۃ کا **شعر** بیا ساقی از بادہ بردار بند ✤ بہ پیمانے پیمودن بادہ چند ✤
بعض نسخون مین پیمودن باد چند آیا ہے اسوقت یہ جملہ جدا مستقل ہوگا ۔ مثال کیفیت کی نظامی علیہ الرحمۃ
کا شعر ہے **شعر** بجنبید جنبیدن باشکوہ ✤ چو از زلزلہ کالبدہاے کوہ ✤ اور یہ شعر سعدی علیہ الرحمۃ کا

مفعول مطلق بغیر لفظ

شعر نگہ کرد شوریدہ درین فقیہ ✤ نگہ کردن عالم اندر سفیہ ✤ مگر بخشودن بخش کا مفعول مطلق بغیر لفظ ہوگا
اُسکی نظائر بہت سی ہین ۔ نظامی رح سفارت سکندر بنوشابہ کی داستان مین فرماتے ہین **شعر** جواہم
بفرماے گفتن براز ✤ کہ تارہ نوردم سوخانہ باز ✤ مولاناے روم قدس سرہ [۲۱۶] **شعر** قاصدا زابر عصایت

مفعول مطلق پر یای زائد مجہول ہے نہ معروف

دست نے ✤ تو نجب اے شہ مبارک خفتنے ✤ ان دونون مثالون مین مفعول مطلق بغیر لفظ مظہر کیفیت
فعل ہے اور اس تقدیر پر یہ یا بودنی و بخشودنی وغیرہ مین زائدہ مجہول ہوگی نہ معروف چنانچہ یہ امر
مولاناے روم کے شعر قاصدان را بر عصایت الخ مین نے نافیہ کے ساتھ قافیہ واقع ہونے سے

بخشودن و بخشیدن دو معنی ترحم و عطا مین مستعمل ہوتے ہین

بخوبی واضح ہے ۔ اور جن لوگون نے بخشودن کو فقط رحم کرنے اور بخشیدن کو محض عطا کرنے کے
معنون مین خاص کرلیا ہے درست نہین اُن دونون معنون مین وہ دونون لفظ مستعمل ہین مگر اول
بمعنی ترحم و ثانی بمعنی اعطا کثیر الاستعمال ہے اور اسکا عکس قلیل سعدی رح **شعر** کریما بہ بخشاے
برحال ما ✤ کہ ہستم اسیر کمند ہوا ✤ اے رحم کن برحال ما ✤ **ولہ** خور و پوش و بخشای و راحت رسان ✤
نگہ مے چہ داری زبہر کسان ✤ اے بخور و بپوش و بدہ الخ میرزا محمد طاہر وحید اعتماد الدولہ محمد بیگ کے
خط مین لکھتے ہین **نثر** بخشائندہ پیرایۂ وجود و کسوت پوش آراستگان بزم شہود الخ اے عطا کنندۂ
پیرایۂ وجود الخ امیر خسرو **شعر** نہ من زان فگندم درین کوچہ رخش ✤ کہ یا بم ز بخشایش شاہ بخش ✤ نیم زان
حریفان بسیار جوے ✤ کہ در کار خواہش کنند آبروے ✤ [اے در کوچہ سخن] مولوی معنوی [۱۴۱/۲۲] رح **شعر** تو شب و روز از
تلے این توم عمر ✤ چون شب و روزے بدو بخشاے عمر ✤ [اے احمق] اور ثانی جیسے سعدی رح کا شعر ہے **شعر** بہ بخشید
برحال مسکین مرد ✤ فرو خورد خشم سخنہاے سرد ✤ اے رحم کرد الخ نظامی رح **شعر** کہ شاہا مرا یکدم در خورست ✤
اگر بخشی از کشوری بہترست ✤ اے عطا کنی الخ اور اسیطرح رستنی بمعنی نامی مین یاے لیاقت مصدر

یاے لیاقت معنی فاعل

مبنی للفاعل پر لائی گئی ہے ۔ نظامی رح فرماتے ہین **شعر** سر نامہ نام جہاندار پاک ✤ برآرندۂ رستنیہا
زخاک ✤ گو کہ اسکا ترجمہ نامی ہے اور نامی صیغہ اسم فاعل کا ہے مگر معنی فاعلیت کے درست

جب ہی ہونگے جب وہ کسی نبات کی صفت ہو اگر استعداد و قوت کی صفت واقع ہوتا ہے تو یہان بھی بیان نسبت کے لیئے ہو جاتا ہے جیسے قوت نامیہ۔ اور یہ لیاقت اور قابلیت جو اُس یاے ملحقہ سے مستفاد ہوتی ہے بمعنی امکان ہے پس حاصل بودنی کا ممکن الوجود کیا معنی کہ بودن بمعنی ہستی جسکو زبان عربی مین وجود کہتے ہین اور جو چیز لیاقت وجود کی رکھے وہ ممکن الوجود ہوئی مگر شدنی و بودنی مثلاً جو واجب الاقتضا ہو جیسے فردوسیؒ سہراب کے رستم کو خودکشی سے روکنے کی داستان مین لکھتے ہین شعر ازین خویشتن کشتن اکنون چہ سود ٭ چنین رفت و این بودنی کار بود ٭ اور ناشدنی کا حاصل ایک امتناع پر جا ٹھہرتا ہے ہماری تحقیق سے کوئی منافی نہین اسواسطے کہ امکان سے وہ امکان عام جسکو اعم العوام کہتے ہین مراد ہے جو واجب اور ممتنع اور ممکن خاص وغیرہ کو شامل ہے لان الامکان ھو سلب الضرورۃ اما عن الجانبین فخاصٌ و اما عن الجانب العدم فوجودیٌ او الوجود فعدمیٌ او احدھما فقط فمبائنٌ او بلا قید فقط فاعم العوام ھکذا

عام بیانی

اعم العوام

ممکن خاص

کذا افادہ الاستاذ العلام الامجد مولانا سیدنا المولوی سید احمد قدس سرہ اللہ الاحد الفرد الصمد۔ اور غالب دہلوی کے اس شعر مین شعر بودنی بخش خوب و زشت توئی ٭ رونق کعبہ و کنشت توئی ٭ اور نظامیؒ کے اس شعر مین [۱۴۹] شعر نخوردہ خورشہاے بایستنی ٭ ہم از گوسپندان شایستنی ٭ یاے معروف نسبت کے لیئے ہے حاصل بودنی کا وجود پر جو حاصل بالمصدر ہے اور حاصل شایستنی و بایستنی کا بایستہ و شایستہ پر جو صیغہ صفت کا ہے جا ٹھہرے گا وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ٭

اسم مفعول وہ اسم ہے کہ مصدر سے مشتق ہوتا ہے اور اُس شئے کے لیئے وضع کیا گیا ہے کہ جس پر وہ فعل واقع ہوتا ہے جیسے زدہ و کردہ۔ اور کبھی یہ معنی اسم اور امر کے ترکیب سے حاصل ہوتے ہین جیسے دست آموز مرزا دانش کا شعر ہے شعر کند بلبل گمان باغبان صیاد را ٭ مرغ دست آموز شاخ گل چہ داند دام چیست ٭ لفظ دست یہان آموز کا ظرف واقع ہے۔ اور بعض قواعد نگارون نے فقط صیغۂ امر واحد حاضر کو بمعنی مفعول کہا ہے اور مثال مین لفظ گزین کو بیان کیا ہے اور اس شعر کو سعدی علیہ الرحمۃ کے سند گزرانا ہے شعر تواضع کند ہوشمند گزین ٭ نہد شاخ پر میوہ سر بر زمین

میرے نزدیک یہ درست نہین کسواسطے کہ گزین حاصل مصدر بمعنی مفعول ہے اسکی تحقیق مع نظائر بیان حاصل بالمصدر مین گزرچکی ہے۔ اسیطرح اسم اور نہی کی ترکیب سے اسم مفعول ترکیبی متصف بصفت عدمی حاصل ہوتا ہے جیسے کس مپرس۔ دوسرا اسم اور ماضی مطلق کی ترکیب سے جیسے آدمی زاد و دست پخت۔ نظامی رح **شعر** ہمین روشنک راکہ دخت من ست ❖ بدین نازکی دست پخت من ست ❖ تیسرا امر کے اخیر مین الف کے زیادہ کرنے سے جیسے پزیرا۔ نظامیؒ **شعر** پزیرا سخن بود شد جاے گیر ❖ سخن کز دل آید بود دلپذیر ❖ چوتھا ماضی مطلق پر الف ورا کے زیادہ کرنے سے جیسے گرفتار و دیدار و کشتار یعنی مقتول۔ فردوسیؒ قتل پیران کی داستان مین فرماتے ہین **شعر** چو گودرز زان گرد دیدار گشت دل نامداران ازو آزار گشت ❖ خلاق معانی خاقانی رح محرمان حج بیت اللہ کی تعریف مین فرماتے ہین **شعر** بر چہرۂ تیغ آسمان وار ❖ جوہر ز برہنگی است دیدار ❖ استاد فرخی **شعر** ہنوز سیخ یکے پیش میر بردہ نبود ❖ ازان شکار کہ از تیر میر شد کشتار ❖ یہان احتمال ہے کہ الف ورا نسبت کے لیئے ہو جسطرح بیان حاصل بالمصدر مین محقق ہوچکا ہے۔ اب یہان سے وہ اسماے غیر مشتقہ بیان کیئے جاتے ہین جو تنہا یا کسی ترکیب سے معنی مفعولی کا افادہ کرتے ہین۔ اول اکیلا مصدر عربی بغیر کسی ترکیب کے مفید معنی مفعولی ہوتا ہے جیسے تسلی و عذر و اختیار و تربیت و خلاص۔ ظہوری کا شعر ہے **شعر** از بخت درین شہر تسلی مے باش ❖ دریاے صور را ز معنی مے باش ❖ سعدی رح **شعر** آن راکہ بجاے تست ہردم کرمے ❖ عذرش بنہ ار کند بعمری ستمے ❖ **ولہ** کنج صبر اختیار لقمانست ❖ ہر کرا صبر نیست حکمت نیست ❖ مولوی معنوی رح **شعر** تربیہ آن آفتاب روشنیم ❖ ربی الاعلی ازان بر می زنیم ❖ اے تربیت یافتۂ آن آفتاب الخ حافظ رح **شعر** خونم بریز و از غم ہجرم خلاص کن منت پزیر غمزۂ خنجر گزار مت ❖ دوسرا اسم کے اخیر مین یاے تحتانی کے الحاق سے جیسے شکاری و کاغذ مہری طالب آملی **شعر** پیکان ترا برغبت دل ❖ چون سبزۂ تر خورد شکارے محتمل ہے کہ یاے تحتانی یہان نسبت مفعولی کے لیئے ہو جیسے نسبت فاعلی کے لیئے لائی جاتی ہے چنانچہ اسکی نظیر لفظ رنجہ و بندہ مین ہاے مختفی ہے نظامیؒ **شعر** بسے بندہ و بندی آزاد کرد ❖ ز زیزدان بسے نیکوئی یاد کرد ❖ جیسے نسبت مفعولی کے لیئے لفظ گار بھی آتا ہے نظامی رح **شعر** چو ہستی بہ پند من آموزگار ❖ بدین روز تستاندت روزگار ❖ اسواسطے کہ آموزندہ تو ناصح ہے۔ اسم ظرف اور اسم آلہ بھی

ترکیب اسم اور نہی کی ترکیب سے معنی اسم مفعول پیدا ہوتے ہین

امر واحد حاضر کے اخیر مین الف کے زیادہ کرنے سے معنی اسم مفعول حاصل ہوجاتے ہیں

ماضی مطلق پر الف ورا کے لانے سے معنی اسم مفعول حاصل ہوتے ہین

یاے تحتانی کے الحاق سے معنی اسم مفعول

لفظ گار نسبت مفعولی

بیان اسم ظرف ترکیبی

اسی قسم کی ترکیبون سے حاصل ہو جاتے ہین اول یعنی اسم ظرف ترکیبی جیسے موج خیز بمعنی جاے
خاستن موج - آب خیز جاے خاستن آب امیر خسرو شعر دید بہ کشتیش بدانگونہ تیز ؛ کاتشے برخاست از ان
آب خیز ؛ اسکو فاعل ترکیبی کہہ نہین سکتے اسواسطے کہ خاستن بمعنی متعدی مسموع نہین اس ترکیب مین
جزو اول جزو ثانی کا فاعل واقع ہے اسیطرح دو اسمون کی ترکیب سے جیسے چار موج یعنی ایسی جگہ کہ
چارون طرف سے موج اٹھتی ہو - اسی طرح ستان و زار و سار و بار و لاخ و لان و کند و دان - پس ستان
جیسے ہندوستان و میستان و یوسفستان و بلبلستان فردوسی شعر زخون رود گفتی میستان شدہ است
زنیزہ ہوا چون نیستان شدہ است ؛ مولوی معنوی شعر آب را در غورہا پنہان کنم ؛ چشمہا را خشک و
خشکستان کنم ؛ صائب شعر این چہ لطفست کہ بر خود نظر انداز د ؛ یوسفستان شود از پرتو عارض بدنش ؛
اور ستان کی سین کو متحرک رکھنا بھی جائز ہے فردوسی گنگ دژ کی تعریف مین لکھتے ہین شعر بہر گوشہ
چشمہ و گلستان ؛ زمین سنبل و شاخ بلبلستان ؛ خاقانی رح شعر سازی پے نزہت روانہا ؛ در مزدلفہ
سمنستانہا ؛ اور اسکا مخفف سان بھی مستعمل ہے فرخی شعر گر ز جود تو نسیمے بگذرد بر زنگبار ؛ ور
ز خشمے تو سمومے در وزد بر ہندسان ؛ ہندوان را آتش سوزندہ روید شاخ شاخ ؛ زنگیان را
شوشہ از مسکن بر آید خیزران ؛ فردوسی رح شعر بسے شارسان گشت بیمارسان ؛ بسے بوستان نیز
شد خارسان ؛ شارسان مخفف شارستان اور شار بمعنی عمارت اور یہ مبدل شہر ہے اور شہرستان
بمعنی شہر کلان یعنی ایسا شہر کہ اور شہرون کے لیئے بمنزلہ ظرف کے ہے یعنی یہ شہر کئی شہرون کو
مشتمل ہے یہی معنی نہاوند کے ہین کسواسطے کہ نہ بالکسر بمعنی شہر ہے اور زار جیسے کارزار یوسف زار
ہندوار - گلزار - اور بازار بھی اسی قبیل سے ہے اصل اسکی ابازار ہے اسواسطے کہ بازار مین اکثر
کھانے پینے کی چیزین فروخت ہوتی ہین پھر بعد مین مطلق سُوق کے معنی مین اس لفظ کو استعمال کرنیلگے۔
سعدی رح شعر اے تہیدست رفتہ در بازار ؛ ترسمت برنیاوری دستار ؛ ولہ چہ مردی کند در صف
کارزار ؛ کہ دستش تہی باشد و کارزار ؛ عرفی شعر بہ برقع مہ کنعان کہ ہست حسن آباد ؛ بحجلہ گاہ زلیخا
کہ بود یوسف زار ؛ للوہ الب کلیم شعر نروید سبزہ در ہر جا نمک زار یست حیرانم ؛ کہ خط چون سبز و خرم
میکند لعل لب اورا ؛ عرفی شعر فروغ شعلۂ قہرت فتد چو در ارحام ؛ بچشمہ زار بزاید سمندر از خرچنگ ؛
زلالی شعر چو آتش سوے ہندوزار بگذشت ؛ بخار سوختہ خیل شتر گشت ؛ اور سار جیسے چشمہ سار

اسم اور امر کی ترکیب سے
اسم اور امر کی ترکیب
ستان کا بیان
چند حروف کی ترکیب سے معنی ظرفی متضمن معنی مبالغیت و کثرت ہوتے ہین
ستان کی سین کی حرکت
ستان کا مخفف سان بھی مستعمل ہے
شارسان کی تحقیق
زار کا بیان
لفظ بازار کی تحقیق
لفظ سار کا بیان

ساران وساره مزید علیہ سار بھی آتا ہے

وچاہسار وکوہسار صائب شعر نے رویم چو ماہی بچشمہ سارزندہ ؛ چو تیغ جوہر ذاتی بس ست جوشن ما ؛
فردوسیؒ شعر کشان بیژن گیو از پیش دار ؛ ببردند بستہ بدان چاہ سار ؛ اور ساران اور سارہ اسیکا مزید علیہ
جیسے کوہساران وکوہسارہ وکتف سارہ صائب شعر راہ رورا بال وپر ہست سختیہاے دہر ؛ کوہساران
مے شود سنگ فسان این سیل ہا ؛ فرخی شعر برکشیدند بکہسارۂ غزنین دیبا ؛ برنوشتند زکہپایۂ غزنین ملحم ؛
حکیم مختاری شعر بکتف سارہ برآوردہ زانو از ادبار ؛ بچشم خانہ فرو رفتہ دیدہ از نا ہار ؛ اور اسکا مخفف

سار مخفف سر بھی آتا ہے

سر بھی مستعمل ہوتا ہے . فردوسیؒ شعر منیژہ بیامد بدان چاہ سر ؛ دوان خوردنیہا گرفتہ ببر ؛ ممکن ہے
کہ یہ کلمہ جو لفظ سار سے مرکب ہے مقلوب ہو اور لفظ سار مزید علیہ سر کا ہو جیسے نگونسار سرنگون کا مقلوب
اور مزید علیہ ہے اور جیسے اس شعر مین جو رستم اور شنگل کی رزم مین مذکور ہے شعر از ایران بیامد دلاور
ہزار ؛ زرہ دار با گرزۂ گاوسار ؛ گاوسار مزید علیہ گاوسر ہے کسواسطے کہ گرز رستم کا بشکل سر گاو تھا
چنانچہ اس گرز کی گاوچہر بھی صفت کہتے ہین اسی داستان مین فردوسیؒ فرماتے ہین شعر چو گیرد بچنگ
گرزۂ گاوچہر ؛ تو گفتی ہمین سنگ بارد سپہر ؛ بلکہ گاوسر وگاوسرہ بھی اُسکی صفت واقع ہوئی ہے.

لفظ بار کا بیان

اگرچہ یہ ترکیب اور ہے . وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمْ اور بار جیسے جوبار رودبار وزنگبار وہندوبار وگنجبار اور یہ
دونون لفظ زنگبار وہندوبار بوجہ سیاہی رنگ دوات سے کنایہ ہوتے ہین نظامیؒ شعر ز بس رود

جوبار مخفف جویبار بھی آتا ہے

خیزان لب رودبار ؛ فشاندہ زرخسار گیتی غبار ؛ کمال اسمعیل شعر بخاتم تو کہ دریاش تا کمرگاہ است
بخامہ ات کہ بسر میرود بہندوبار ؛ اور جویبار کو بتخفیف یاے تحتانی جوبار بھی کہتے ہین ملا مفید
بلخی کا شعر ہے شعر نصیب صاف دلان ست عیش این گلشن ؛ ہمیشہ سرو سہی درکنار جوبار ست ؛

بیان لاخ کا

فردوسیؒ شعر بیارم نشانمش بر تخت یار ؛ وزان پس کشایم در گنجبار ؛ اور لاخ جیسے سنگلاخ و
دیولاخ . صائب شعر روشندلان ز سختی ایام خوشدل اند ؛ کز سنگلاخ آب سبکتر کند گذر ؛ ولہ

بیان لان کا.

دیولاخ ست جہان در نظر وحشت من ؛ تا مرا رہ بہ پریخانۂ عزلت دادند ؛ اور لان جیسے تریاق

بیان کند کا.

لان مولوی معنویؒ شعر سروری زہر ست جز آن روح را ؛ کو بود تریاق لانی ز ابتدا ؛ اور کند جیسے
نارکند بمعنے نارستان یعنی باغ انار واضح ہو کہ یہ الفاظ معنی مبالغیت کو متضمن ہین یعنی اپنے

لفظ وان کا بیان.

مدخول کی کثرت اور انبوہی کا افادہ کرتے ہین وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ بعض محققین لفظ وان
کو اسی قبیل کا فرماتے ہین مگر معنی کثرت اور مبالغہ کا افادہ اس سے نہوگا اور یہ لفظ جس اسم کے ساتھ

لفظ وان [illegible]

ترکیب پاتا ہے وہ اسم اکثر مظروف ہوا کرتا ہے جیسے قلمدان وجزودان وگنجدان۔ محمد سعید اشرف **شعر** آمد آن شوخ و براوراق دلم گردید و رفت ٭ جزودان سینہ را ازیکدگر پاشید و رفت ٭ نظامیؒ **شعر** گراتو ہند آمد تو ہستی درخش ٭ گر اوگنجدان شد تو ئی گنج بخش ٭ اسیطرح حبردان حبر بالکسر بمعنی سیاہی حبردان دوات جیسے کاشی تاریکی شب تار کی تعریف مین کہتے ہین **شعر** یک قلم از تیرگی شب جہان ٭ پر ز سیاہی شدہ چون حبردان ٭ اور کبھی مادہ جیسے چرمدان ہمیانی چرمی مولوی معنویؒ **شعر** چونکہ حق و باطلی آمیختند ٭ نقد و قلب اندر چرمدان ریختند ٭ **ولہ** کہ درین کشتی چرمدان گم شدہ است ٭ جملہ را حستیم نتوانی تو رست ٭ مگر لفظ چرم بمعنی جلد بسکون راے مہملہ ہے بروزن نرم وگرم اور چرمدان مین را متحرک ہے وَاللهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ واضح ہو کہ یہان اسم ظرف سے وہ اسم مراد ہین کہ اُن مین اس ترکیب خاص سے معنی ظرفی پیدا ہو جائین اسکا کوئی جز بالاستقلال ظرفیت پر دال نہ ہو اسیوجہ سے تماشاگاہ و درسگاہ ونہاوند و بازجاے بمعنی ماوا و روزگار وشب خانہ وگنج خانہ وشبگاہ وغیرہ ان مین نہین شمار کیے گئے اگرچہ گنج خانہ گنجدان کے معنی مین ہے اور چار موج ان مین یعنی ظرف ترکیبی شمار کیا گیا۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ ستان اور کند وہی ہندی کے اُستھان اور کھنڈ ہین اُستھان بالفتح والہاء المخلوطہ مطلق جاے اور مکان کو کہتے ہین۔ اور کھنڈ بالفتح والہاء المخلوطہ والدال الہندی حجرہ وغیرہ کے معنی مین ہے مگر یہ بھی بلا استقلال مستعمل ہوتے ہین فارسی مین ضمائر متصلہ کی طرح بغیر کسی اسم کے نہین مستعمل ہوتی اسیوجہ سے حروف مین شمار کیے جاتے ہین لیکن افادہ کثرت و انبوہی کا ان مین بڑھا ہوا ہے نیز خصوصاً ستان جس طرح ظرف مکان کے لیے آتا ہے ظرف زمان مین بھی استعمال پاتا ہے جیسے تابستان وزمستان یعنے زمانہ بسیار گرمی وزمانہ بسیار سردی سو یہ بات اس زبان کی خصوصیات سے ہے۔ بعض وقت یہ الفاظ بغیر ارادہ کثرت بھی استعمال کرتے ہین جیسے شبستان مطلق رات کے رہنے کے مکان کو کہتے ہین اسیطرح چاہسار در خسار شعر مذکور مین اسواسطے کہ جس مین بیژن قید ہوا وہ ایک ہی کنوان تھا البتہ اس مین اس تاویل کی گنجایش ہے کہ وہ کنوان جس مین بیژن قید تھا چونکہ بہت بڑا تھا کئی کنوونکی وسعت اور عمق اُس مین تھا مجازاً چاہ سار کہدیا۔ اسیطرح رودبار وجویبار کو سمجھنا چاہیئے وَاللهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

بیان اسم آلہ

اسم آلہ بھی اسم اور امر کی ترکیب سے حاصل ہوتا ہے جیسے گمسران بادزن جاروب منزل شناس

یہان جزو اول جزو ثانی کا مفعول بہ واقع ہے نظامی؎ شعر زمین را شود میل منزل شناس ۰ بتری و خشکی ساند قیاس ۰ بعض وقت امر پر ہائے تسمیہ نسبی کے الحاق سے معنی اسم آلہ کے حاصل کرتے ہین جیسے شان سے شانہ کنگھی کے معنی مین اور شان شاندن کا امر ہے اور شاندن بال سلجھانے کے معنون مین آتا ہے اور شانہ بھی اسی بات کا آلہ ہے۔ امیر خسرو؎ شعر چو شانم سر زلف آشفتہ را ۰ برقص آورم فتنۂ خفتہ را ۰ نسبت کے لیئے ادنے مناسبت بھی کفایت کرتی ہے چونکہ اس ہا کا مفتوح الماقبل ہونا شرط ہے اگر اُس ہا کے ماقبل ایسا کوئی حرف واقع ہو جس پر حرکت کا لانا متعذر ہو تحمل حرکت فتحی کے لیئے نون زیادہ کیا جاتا ہے جیسے پیمودن سے پیما صیغہ امر کا ہے اسکا اخیر قبول حرکت سے عاری ہے وقت الحاق ہائے نسبی آلی نون زیادہ کیا گیا تو پیما سے پیمانہ بنا اسیطرح گرس بمعنی بھوک سے گرسنہ مگر یہان ہائے نسبت غیر آلی ہے سید یحیی شیرازی شعر غریبے کہ آید بشہر صفاہان ۰ عجب نیست گر گرسنہ ماند بیرون ۰ اور نون کی زیادتی افعال اور اسماء مین شایع ہے جیسے زدن سے زند ہمہ سے ہمگنان وغیرہ واللہ تعالی اعلم بالصواب **اسم حالیہ** یہ مشتق شمار مشتقات عربیہ سے زائد ہے کیا معنے کہ عربی مین کوئی خاص صورت نوع حالی کے لیئے فعل سے مشتق کرنے کی نہین وضع کیگئی جیسے فارسی مین آلہ اور ظرف کے لیئے نہین وضع کی گئی مگر فارسی مین صیغہ اسم حال کا فعل سے مشتق ہوتا ہے اسکے لیئے ایک خاص صورت معین ہے جیسے اسم فاعل و اسم مفعول کیلئے خاص خاص صورتین از روے اشتقاق معین ہین وہ یہ ہے کہ امر حاضر پر الف و نون زیادہ کرنیسے جیسے افتان و خیزان و گریان امیر خسرو؎ شعر گریان جگرے زمین کشادند ۰ وان کان نمک درونہادند ۰ اور اسکے ایراد سے متکلم کو یہ منظور ہوتا ہے کہ فاعل یا مفعول یا ما یتعلق بہما کی ہیأت یا کوئی کیفیت بیان کرے جیسے گریان جگرے زمین کشادند ۰ مین قبر کھودنے والون کی کیفیت بیان کرتے ہین کہ روتے ہوئے قبر کھودتے تھے۔ فردوسی؎ افراسیاب کی گرفتاری ہوم کی زبانی بیان کرتے ہین شعر بکوہ اندر آدروش تازیان ۰ خروشان و نوحہ کنان چون زنان ۰ یعنی ہوم کہتا ہے کہ افراسیاب کو پہاڑ پر لے گیا اس حال مین کہ وہ عورتون کی طرح روتا چیختا تھا۔ اور خود اسم فاعل اور اسم مفعول بھی حال واقع ہوجاتے ہین جیسے فردوسی سلطان محمود کی ہجو مین لکھتے ہین شعر بنالم بدرگاہ یزدان پاک ۰ فشانندہ بر سر پراگندہ خاک ۰ عرفی شعر آمد آشفتہ بخوابم شبے آن مایۂ ناز ۰ بروش مہر فرا

اسم آلہ صیغہ امر پر ہائے نسبت الحاق سے

امر ... الحاق ... [illegible]

بیان اسم حالیہ

امر حاضر پر الف و نون ... حالیہ بنتا ہے

... متکلم ... منظور ...

اسم فاعل و اسم مفعول بھی حال واقع ہوتے ہین

وبنگہ صبر گداز ؛ اسی طرح اسم فاعل اور اسم مفعول ترکیبی جیسے عذرخواہ ع عقوبت مکن عذرخواہ آمدم ؛ اور کبھی صفت مشبہ کے صیغے مطلقاً کسی ترکیب کے ہون حال واقع ہوجاتے ہین جیسے مردہ مشتقات مین سے سعدیؒ کے اس شعر مین **شعر** یا زر بہ ہر دو دست کند خواجہ در کنار ؛ یا موج روزے افگندش مردہ برکنار ؛ اور روسیاہ دو اسمون کی ترکیب سے نظامیؒ **شعر** عقوبت مکن عذرخواہ آمدم ؛ بدرگاہ تو روسیاہ آمدم ؛ اور روے برخاک عجز اسم اور ظرف کی ترکیب سے یعنی بتوسط حرف جار یہ تینون صیغے صفت مشبہ کے ہین سعدیؒ **شعر** روے برخاک عجز مے نالم ؛ ہر سحرگہ کہ باد مے آید ؛ یہان عذرخواہ و روسیاہ و روے برخاک عجز آمدم و مے نالم کی ضمیر مرفوع متکلم سے اور مردہ افگندش کی ضمیر غائب منصوب سے حال واقع ہے بعض محققین نے روے برخاک عجز کو جملہ قرار دیکر بلبل گلستان فصاحت پر عدم ربط کا الزام لگایا ہے سو یہ محض بے اعتنائی ہے کیا معنی کہ روے برخاک عجز دست بدل و دست بر سر و دست بسر کی طرح جو کنایہ عاجز اور حیران سے ہین اور چشم بر در و چشم براہ و گوش برآواز و گوش براہ کی طرح جو کنایہ منتظر و مترصد سے ہین صفت مشبہ ہے بیدلؒ **شعر** چہ سلیمانیست اے غافل ؛ دانہ گیری زمور دست بدل سعدیؒ **شعر** آن سرور کائنات و آن فخر بشر ؛ جبرئیل امین ز قرب او دست بسر ؛ صائب **شعر** اے جادۂ سودائے تو ہر رشتۂ آہے ؛ در ہر گزرے چشم براہ تو نگاہے ؛ کسی استاد کا شعر ہے **شعر** او رفت و دلم باز نیامد ز برش ؛ من چشم بدر گوش براہ بر اثرش ؛ معہذا ضمیر مستکن کا ظرف مین موجود ہونا نحویون کے نزدیک مسلم ہے۔ یہ بھی سن رکھو کہ صحت حالیت کے لیئے چونکہ کسی اسم کا دال بر ہیأت ہونا کافی ہوجاتا ہے بعض جامد غیر مشتق بھی حال واقع ہوجاتے ہین جیسے لفظ یار مصرعہ اولے مین فردوسیؒ **شعر** نخوہم ز ایرانیان یار کس ؛ پئے رخش و ایزد مرا یار بس ؛ واضح ہو کہ جب جملہ خبریہ حال واقع ہو خواہ وہ جملہ فعلیہ ہو خواہ اسمیہ اُس مین عائد و رابط کا ہونا ضروری ہے تاکہ اُسکو اپنے ذوالحال سے مربوط کردیوے اور یہ رابط کبھی صرف واؤ ہوتا ہے کبھی ضمیر فقط۔ کبھی واؤ اور ضمیر ہر دو جملہ فعلیہ جیسے محمد قلی میلی شیرازی کا شعر ہے **شعر** مُردم و بر زندگانم رحم مے آید کہ تو ؛ خون آن بیداد ہا داری کہ با ما کردۂ و بر زندگانم رحم مے آید۔ مردم کی ضمیر مرفوع سے حال ہے اس مین واو اور ضمیر دو رابط ہین اور فعل بھی مثبت ہے اور فردوسیؒ فریبرز کی کوہ ہماون پر لشکر لیجانے کے داستان مین لکھتے ہین

حالیہ اسم فاعل ترکیبی اور اسم مفعول ترکیبی کی نظیر مین

روے برخاک عجز کی بابت بعض کا عدم ربط کا الزام

دست بدل وہ شخص جسکا دل قابو سے نکلا جاتا ہو اور وہ باوجود عدم قدرت اوسکو بتکلف تھامے جاتا ہو ۱۲

جمل حالیہ مین رابط و عائد کی ضرورت ۱۲

شعر شب تیرہ را تا سپیدہ دمان ✤ بیاید بجوید برہ برزمان ✤ یہان بجوید فعل مضارع غائب منفی حال ہے اور رابط صرف ضمیر مستتر ایک سے اور وہی فاعل بھی ہے۔ برہ بر ظرف مستقر متعلق فعل یا شبہ فعل محذوف یہ بھی حال ہے زمان ذوالحال کا اسکو حال متداخلہ اور حال در حال کہتے ہین۔ زمان بمعنی توقف ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول بہ بجوید کا بجوید فعل اپنے فاعل رابط اور مفعول سے ملکر حال ہوا بیاید کی ضمیر غائب مستتر کا ضمیر غائب مرفوع مستتر ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل ہوئی بیاید کا اور مصرعہ اولی شب تیرہ را تا سپیدہ دمان مفعول فیہ۔ یا تا غائیہ۔ سپیدہ دم مضاف شب تیرہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مجرور۔ جار و مجرور متعلق بیاید۔ سپیدہ دمان مین الف و نون مزید تان جیسے بامداد بامدادان امشب امشبان۔ مولوی معنوی رح شعر ورکہ باد رنیستت خیز امشبان ✤ تا ببینی فسق شیحت راعیان ✤ اسیطرح الف نون ہستان مین مولوی معنوی رح شعر این جہان نیست چون ہستان شدہ ✤ وان جہان ہست بس پنہان شدہ ✤ یعنی مزید علیہ سپیدہ دم ✤ را اضافی لے تا صبح امشب بیاید۔ یہ بھی سن لو کہ ان ضمائر سے جو جمل حالیہ یا صفات حالیہ مین ہوتے ہین یا انکے کسی متعلق سے دوسرا حال واقع ہوجاتا ہے اسکو حال در حال یا حال متداخلہ کہتے ہین جیسے اوپر بیان ہوا اور کبھی ایک ذوالحال کے چند حال متساوی الرتبہ واقع ہوتے ہین انکو حال مترادفہ یا حال بر حال کہتے ہین فردوسی رح رزم رستم و شنگل مین لکھتے ہین شعر بیک زخم صد نیزہ کردی قلم ✤ خروشان و جوشان چو شیر دژم ✤ خروشان و جوشان کردی کی ضمیر مرفوع سے متساوی الرتبہ حال ہین اور جملہ اسمیہ جیسے سعدی کا شعر ہے شعر بہ بدبختی و نیک بختی قلم ✤ بگردید وما ہمچنان در شکم ✤ وہمچنان در شکم بگردید کی ضمیر مرفوع مستتر سے حال ہے ولہ بلند آسمان پیش قدرت خجل ✤ تو مخلوق و آدم ہنوز آب و گل ✤ ان دونون مین فقط ایک واؤ رابط ہے۔ کبھی بنظر تاکید صیغہ حال کو مکرر بھی کرتے ہین اسوقت اول پر سے الف و نون حالیہ کا تخفیفاً حذف کرنا بھی جائز ہے تا دونون صیغے ملکر بمنزلہ ایک صیغہ کے ہوجاہین جیسے پرس پرسان و کش کشان و خند خندان۔ مولوی معنوی رح شعر پرس پرسان میکشیدش تا بصدر ✤ گفت گنجے یافتم اما بصبر ✤ ولہ فکر در سینہ درآید نو بہ نو ✤ خند خندان پیش او تو باز رو ✤ جنب جنبان فردوسی شعر زمین جنب جنبان شد و روز تار ✤ پس اندر فراز آمد و ہیش غار ✤ اور حال اپنے ذوالحال سے مقدم بھی ہوتا ہے موخر بھی جیسے امثلہ بالا سے ہویدا ہے

حال متداخلہ

امشبان

حال مترادفہ

بنظر تاکید صیغہ حالیہ کا تکرار اور اول میں تخفیف

اسم اور امر کی ترکیب سے قدر اور اندازہ

واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب ⁂ کبھی اسم اور امر کی ترکیب لفظ وار کیطرح قدر اور اندازہ کو بتلاتی ہے نظامیؔ **شعر** بوران دہد کوبود مور خوار ⁂ دہد پیل را طعمۂ پیل وار ⁂ **صفت مشبہ** وہ اسم ہے کہ وہ فعل لازم سے اس شئے کے لیئے اشتقاق کیا جاتا ہے کہ جسکے ساتھ وہ فعل قائم ہے یعنی قیام فعل کا اس شے کے ساتھ اکثر بحیثیت ثبوت ہوتا ہے نہ بحیثیت حدوث و تجدد اکثر کی قید اس لیئے ہے کہ تا خفتہ و رفتہ و مردہ وغیرہ اس سے خارج نہ ہون اسواسطے کہ سونا اور چلنا اور مرنا انکے فاعلون مین امر حادث ہے نہ ثابت کیا معنی کہ سونا بعد بیداری کے چلنا بعد سکون کے مرنا بعد حیات کے ہے۔ اسکے صیغے سوائے صورت اسم فاعل کے کئی طرح مستعمل ہین۔ ایک تو جسطرح عربی مین فعیل جیسے اسم مفعول (مثلاً قتیل و جریح) کی میزان ہے صفت مشبہ (مثلاً رحیم و کریم وغیرہ) کا وزن بھی قرار دیا گیا ہے۔ اسیطرح فارسی مین خفتہ و رفتہ و مردہ وغیرہ کا وزن اسم مفعول اور صفت مشبہ مین مشترک ہے سعدیؔ **شعر** باطل ست آنکہ مدعی گوید ⁂ خفتہ را خفتہ کے کند بیدار ⁂ **ولہ** نام نیک رفتگان ضائع مکن ⁂ تا بماند نام نیکت برقرار ⁂ انکی صورت ظاہری پر نظر کر کے انکو اسم مفعول کہدینا بے توجہی کی بات ہے اسواسطے کہ اسم مفعول اس شے کا نام ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو اب یہان خفتہ پر کس کا خواب اور رفتگان پر کسکی رفتار واقع ہوئی۔ دوسرا اسم حالیہ کی شکل مین جیسے روان و درخشان و دمان و جہان جیسے آب روان و مہر درخشان و پیل دمان و برق جہان اضافت کے ساتھ تا معنی سال کا شائبہ نرہے سعدیؔ **شعر** نہ مردست آن بہ نزدیک خردمند ⁂ کہ با پیل دمان پیکار جوید **ولہ** بگفت احوال ما برق جہانست ⁂ دمے پیدا و دیگر دم نہانست ⁂ فردوسیؔ کاموس کے قتل کی داستان مین لکھتے ہین **شعر** چنین ست رسم جہان جہان ⁂ گہے با غم و درد گہ شادمان ⁂ اردشیر کے خاتمہ کار مین لکھتے ہین **شعر** بیا تا ہمہ دست نیکی بریم ⁂ جہان جہان را بہ بد نسپریم ⁂ اسے روزگار بے ثبات ناپائدار را۔

صیغہ صفت مشبہ بوزن اسم مفعول

صیغہ صفت مشبہ بوزن اسم حالیہ

لفظ جہان کی تحقیق

جاننا چاہیئے کہ جہان بالکسر تیزی سے نکلجانے والا یعنی بے ثبات غیر قار کیونکہ یہ جستن بالفتح سے مشتق ہے اور وہ معنی مین کودنے کے ہے لیکن جب نام ایک شئے کا رکھدیا اسکے کسرۂ حرف اول کو فتح سے بدلدیا تا معنی وصفی سے ذہول ہو جاسے یعنی وہ صفت کا صیغہ نہ سمجھا جاسے جس طرح ہائے تسمیہ صیغہائے صفت پر بڑہائی جاتی ہے جیسے دلسوز سے دلسوزہ اسیوجہ سے جیسے دنیائے ناپائدار کا جہان نام رکھا ہے دولت زوال پذیر کو بھی جہان سے کنایہ کرتے ہین نظامیؔ کا شعر

شعر جہان خوش بدان نیست کارے بدست * بزنجیر وقفلش کنی پاے بست * اور کبھی دو اسمون
کی ترکیب سے معنی صفت مشبہ کے حاصل کرتے ہین جیسے سرو بالا و گلعذار۔ میر نجات صاحب گل کشتی کا شعر ہے
شعر سرو بالا صنمے آمدہ خوش بر سر پا * از سر صدق بگوئیم ہمہ نام خدا * اس مقام پر یہ بات یاد رکھنے
کے قابل ہے کہ معنی صفت کے فقط اس ہیأت خاص ترکیبی سے کہ متکلم نے دو کلمون کو بمنزلہ ایک
کلمہ کے قرار دیا ہے پیدا ہوتے ہین اور درحقیقت یہ ہر دو اسم آپس مین ایسی نسبت رکھتے ہین کہ اگر ان
سے لحاظ افراد اُٹھا دیا جاوے تو یا تو ترکیب اضافی متحقق ہوگی اور اضافت بھی۔ یا تشبیہی جسکو بیانیہ
کہتے ہین جیسے خرشید چہر سرو بالا یا حقیقی جیسے جامہ پارسا۔ سعدیؒ فرماتے ہین شعر ہر کرا جامہ پارسا
بینی * پارسا دان و نیکمرد انگار * اور کبھی یہ دونون ترکیبین مقلوب بھی ہوجاتے ہین اوّل
یعنی قلب تشبیہی جیسے ابرش سپہر بدر چاچ کا شعر ہے شعر مہر منوچہر چہر آرش ابرش سپہر * جعفر فغفور
فر حیدر احمد شعار * ثانی یعنی قلب اضافت حقیقی جیسے جور پیشہ سپاس اندیشہ سعدیؒ فرماتے ہین
شعر نکند جور پیشہ سلطانی * کہ نیاید زگرگ چوپانی * یا ترکیب اتصافی متحقق ہوگی جیسے روسیاہ لب خشک
زبان دراز سینہ صاف جامیؒ شعر تو آب رحمتی آن بہ کہ گاہے * کنی بر حال لب خشکان نگاہے *
اور اکثر اس ترکیب کا قلب بھی مستعمل ہے جیسے سیاہ روی نیک خوی مرغولہ موی تشنہ لب جیسے ع
ما تشنہ لبانیم توئی آب حیات * یا باہم ظرف و مظروف کا علاقہ متحقق ہوگا یعنے ان دونون اسمون
کے درمیان مین بر یا در نکالنا پڑے جیسے اژدہا دوش اے کیسکہ اژدہا بر دوش دارد رحمدل اے کسیکہ
در دل او رحم ست فردوسیؒ شعر نخواہیم برگاہ ضحاک را * مر آن اژدہا دوش ناپاک را * اب اُنہی صیغہاے
صفات کی ترکیب اور ڈھنگ سے ضبط کیجاتی ہے تا ناظرین نغز خیال بلند اندیشہ لطف اندوز ہون
اور اس اختراع نادر کی داد دین۔

گوہر ازین بیش زکانیکہ زاد	نادرہ چندین زز بانیکہ زاد
ہر خرفش زیور معنی ست بین	گر شناسی لغرامت نشین

وہو ہذا جن دو اسمون کی ترکیب اسنادی سے معنی وصفی حاصل ہو کر متعلق مسند الیہ کو موصوف
بنانا چاہین اس مرکب کو مین صفت مشبہ ترکیبی کہتا ہون اُن مین مسند مقدم ہو تو اکثری اور موخر
تو اقلی پھر ہر ایک مین مسند مسند الیہ بلا تاویل بنے تو صغری جیسے اکثری مین پاک نظر تو آئین سیر چشم

صفت مشبہ ترکیبی کے دونون اسمون سے اگر لحاظ وحدت اٹھا لیا جاوے تو صلاحیت ترکیب اضافی کی تشبیہی ہو یا حقیقی دونو اسمون مین متحقق ہوگی

صفت مشبہ ترکیبی کے دونون اسمون مین ترکیب اتصافی کی صلاحیت ۱۲

صفت مشبہ ترکیبی کے دونون اسمون مین ظرف و مظروف کا علاقہ ۱۲

بیان صفت مشبہ ترکیبی ایک نادر طرز پر ۱۲

عصمت بنیاد تقدس فرش قدسی نفس کشادہ رو خیرہ چشم نگارین تمثال زرین پر و بال شور بخت
خالی کیسہ تنگ سرمایہ سنگدل پاک گوہر یعنی آنکہ نظر او پاک ست و آئین او نوست و چشم او سیرست الخ
اور اقلّی مین کدورت رُفتہ سراپانگار سرگرم ۔ دل ریش سربلند جگرخون سراپانار رو سیہ زبان دراز سیہ صفات
یعنی آنکہ کدورت او رُفتہ است سراپاے او نگارست سر او گرم است الخ اور جو بروقت اسناد لفظ مثل مقدر
ماننا پڑے تو وُسطی جیسے اکثری مین ماہ طلعت خرشید رُخ غنچہ طبع یاقوت لب گوہر دندان یعنی آنکہ طلعت
او مثل ماہ ست و رخ او چون خورشید ست ولب او مانند یاقوت ست الخ ۔ اَقلّی وُسطی جیسے تن البرز
و ابرش سپہر یعنی آنکہ تن او مثل البرز کوہ ست و ابرش او چون سپہر ست اور جو لفظ مثل و مثل لفظ مسند الیہ
مقدر ماننا پڑے تو کبریٰ جیسے اکثری مین صدف دہان سلیمان جاہ سکندر حشمت جم رتبت دارا راے
مظفر فر یعنی آنکہ دہان او مثل دہان صدف ست جاہ او چون جاہ سلیمان ست حشمت او مانند حشمت سکندر
است الخ ۔ اَقلّی کبریٰ جیسے جامہ پارسا ۔ یعنی آنکہ جامۂ او مثل جامۂ پارسا ست لے کسیکہ زی پارسایان
گرفتہ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ شَانُہٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ۔

بحث الفعل

جو کلمہ کہ اپنے معنی بتلانے مین مستقل ہو محتاج انضمام کلمۂ دیگر نہ ہو یعنی وہ معنی مستقل بالمفہومیت
ہون اور اُس سے تینون زمانون مین سے کسی ایک معین زمانے کا اقتران بھی مفہوم ہو تو فعل
کہلاتا ہے اور مشہور یہ ہے کہ زمانے تین ہین ماضی حال مستقبل ماضی گزرے ہوے زمانہ کو کہتے ہین
مستقبل آنے والے زمانہ کا نام ہے حال ان دونون زمانون کے درمیان کا وقت ۔ اس سے
یہ بات سمجھ مین آگئی ہوگی کہ درحقیقت زمانے دو ہین ماضی یا مستقبل اور حال ایک آن کا نام ہے
اور یہ آن ماضی اور مستقبل کے درمیان فصل مشترک ہے جسطرح نقطہ خط مین لیکن مجازاً زمانے کی
ایک تقسیم سے جسقدر حصّے کیئے جائین ان اقسام متساویہ مین سے جس قسم مین یہ آن دائر وسائر ہوگی
اس قسم کو بہ نسبت اقسام گذشتہ و آئندہ حال کہتے ہین جیسے زمانہ کو صدیون برسون مہینون دنون
گھنٹون منٹون وغیرہ مین وہ آن ہوگی وہ ہی حال کے نام سے مشہور ہے چنانچہ ماہ حال سال حال
محاورہ اور زبان زد ہے ۔ واضح ہو کہ فعل ان تینون معنون کو مشتمل ہے حدث یعنی معنی مصدری
جو مدلول مادۂ فعل ہے ۔ اور نسبت جانب کسی نہ کسی فاعل معین کے اور اقتران زمان جسپر ہیأت

فعل کی دلالت کرتی ہے لیکن مادہ اور ہیأت کے جدی جدی معنون پر دلالت کرنے سے فعل حد مفرد سے خارج ہوکر مرکبات مین داخل نہین ہوتا اسواسطے کہ یہ ہیأت اجزاسے مترتبہ فی التکلم والسمع نہین ہے صرف مادہ کی تبعیت مین ملحوظ ومسموع ہوجاتی ہے اور مرکب کے لیئے لحاظ تبعیت کفایت نہین کرتا واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب جیسے کرد زید یا عمرو وکند زید یا عمرو یعنی کرنا زید یا عمرو کا زمانہ ماضی اور حال یا مستقبل مین پس دلالت فعل کی ان تینون معنون کے مجموعہ پر دلالت مطابقی ہوئی اور اس مجموعہ مین نسبت فاعلی ایک ایسا جزو ہے کہ وہ غیر مستقل بالمفہومیت ہے اسواسطے کہ وہ آلہ اور واسطۂ ارتباط فعل با فاعل ہے اور آلات وروابط معنے حرفی غیر مستقل بالمفہومیت ہین اور ظاہر ہے کہ مجموعۂ مرکب مین ایسے جزو کی مداخلت جو معنی حرفی غیر مستقل ہو اُس مجموعۂ مرکب کو غیر مستقل بنادیگی تو فعل مستقل بالمفہومیت نہین رہ سکتا پھر معنی فعل کا محکوم بہ واقع ہونا محال ہوجائیگا اسیوجہ سے حضرت جامی قدس سرہ العزیز نے کافیہ کی دلیل حصر ما دل علی معنی فی نفسہ مین دلالت کو اعم یعنی مطلق رکھا ہے اور مطلق کا تحقق کسی نہ کسی فرد مین ہوا کرتا ہے تعریف اسم مین مطابقی کی اور تعریف فعل مین تضمنی کی ضمن مین متحقق ہوگا مگر یہ بات سمجھ مین نہین آتی کیا معنی کہ یہ امر محقق ومسلم ہے کہ تضمنی بغیر ضمن مطابقی کے نہین پائی جاتی تو تضمنی کے استقلال اور مطابقی کے عدم استقلال کا کیونکر حکم لگا سکتے ہین۔ ہان البتہ اجمال وتفصیل کا فرق کردینے سے کچھ بات بنجائیگی یعنی معنی فعل کو اگر بنظر اجمالی دیکھا جاے ایک گول مول مستقل بالمفہومیت ہونگے اور اگر بنظر تفصیلی ملاحظہ ہون عقل تو بال کی کھال کھینچ ڈالتی ہے تو اسکے کل اجزا نسبت حدث وغیرہ سب کو الگ الگ بکھیر کر رکھدیگی پھر معنی فعل کے مستقل بالمفہومیت نرہینگے چنانچہ میر زاہد رحمۃ اللہ تعالے شرح مواقف امور عامہ کے موقف ثانی وجود وعدم کی بحث مین فرماتے ہین وھکذا ینبغی ان یفھم معنی الفعل فان معناہ معنی اجمالی مستقل بالمفھومیۃ یحللہ العقل الی الحدث والزمان والنسبۃ الی الفاعل المعین واللہ تعالے اعلم بالصواب۔

افعال دو قسم کے ہوتے ہین لازم اور متعدی **لازم** وہ فعل ہے کہ فاعل پر تمام ہوجاے محتاج مفعول بہ کا نہ ہو یعنی اُس فعل کا فاعل سے تجاوز کرکے مفعول بہ پر پہونچنا تقدیراً یا تحقیقاً کوئی ضروری نہ ہو پس تعریف لازم مین اعتبار عدم ضرورت سے اس امر کا افادہ ہے کہ اگر افعال لازم کہین مفعول بہ کے ساتھ تعلق پکڑین ہماری تعریف کے منافی نہوگا اور یہ بات عربی فارسی اردو

مادہ حدث پر ہیأت اقتران پر دلالت کرنے سے فعل مرکب نہین بنجاتا

مولانا جامی کا معنی دلالت کو دلیل حصر مین اعم رکھنے کی وجہ

معنی فعل کو اجمال اور تفصیل کے لحاظ سے مستقل وغیر مستقل بنانا

تعریف فعل لازم

فعل لازم کا بلا واسطہ حرف جار مفعول بہ زبان عربی مین
زبان فارسی مین
زبان اردو مین

سب مین عام ہے جیسے ارشاد قرآنی ہے وَجَاءَتْهُمُ الْمُرْسَلُونَ اور حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ دیکھیے
یہان ضمیر جمع غائب بلا توسط حرف جار خاصہ مفعول بہ ہے اور **شعر** در لیغ آمدم زان ہمہ بوستان ؛
تہی دست رفتن سوے دوستان ؛ مصرعۂ اول مین میم متکلم اور مصرعۂ ثانی مین سوے دوستان بلا واسطۂ
رابط آمد اور رفتن کے مفعول بہ ہین اور اردو مین جیسے کہتے ہین مجکو بخار آیا- میر تقی کا شعر ہے **شعر** کس
دل سے ترا تیر نگہ پار نہ گزرا ؛ کس جان کو بہ مرگ کا پیغام نہ آیا ؛

تعریف فعل متعدی

متعدی وہ فعل ہے کہ فاعل سے
تجاوز کر کے مفعول بہ پر پہونچتا تحقیقاً یا تقدیراً اسکو ناگزیر ہے تحقیقاً جیسے زد زید عمرو را تقدیراً جیسے نظامی
کا شعر ہے **شعر** زمین ناورد تا نگوئی بیار ؛ نبارد ہوا تا نگوئی ببار ؛ اے نیاورد زمین رستنیہا را
و نبارد ہوا باران را- اب طریقۂ اشتقاق ملاحظہ فرمائیے ؛-

بیان فعل ماضی و طریقۂ اشتقاق و صیغہ

الماضی

لازمہ ذات مصدر نون کے گرا دینے اور حرف اخیر کو ساکن کر دینے سے ماضی مطلق کا صیغہ بنتا
ہے جیسے گفتن سے گفت کردن سے کرد- ہم اس ماضی مطلق کو بمقابلہ ماضی ناقص کے بحکم
اذا اطلق اطلق الفرد الکامل ماضی کامل کے ساتھ ملقب کرتے ہین- اگر اسکے اول مین لفظی
یا ہمی یا اخیر مین یاے مجہول زیادہ کیجاے ماضی ناقص جسکو تمنائی- شرطی ناتمام دوامی استمراری
کہتے ہین ظہور پاے جیسے گفت سے می گفت یا ہمی گفت یا گفتی مگر حروف تمنا کا اقتران جیسے کاش و
کاشکے و کاج ان ماضیون کی تمنائیت پر قرینہ ہے قاضی رضی الدین اصفہانی کا شعر ہے **شعر**
از خدا اقرب تو آن روز کہ مے خواست رقیب ؛ کاش آزادی مانیز تمنا مے کرد ؛ فردوسی[۱۱۲] **شعر**
نزادے مرا کاشکے مادرم ؛ و گر زاد مرگ آمدے بر سرم ؛ اور ادات شرط جیسے اگر و چون و چو کا
اتصال انکی شرطیت پر دال ہے- سعدیؒ **شعر** نعوذ باللہ اگر خلق غیب دان بودے ؛ کسے بحال
خود از دست کس نیاسودے ؛ اور ان ہر دو یعنی ادات تمنا و شرط سے خالی رہنا دوامیت و استمرار
کے معنی دیتا ہے- اور کبھی سیاق و سباق کلام قرینۂ مقام بنجاتا ہے فردوسیؒ[۴۳۱] **شعر** مرا کاش ہرگز
نہ پروردہ بود ؛ چو پروردہ بودی شبانم ربود ؛ اے نہ پروردہ بودے- نظامیؒ **شعر** بدار انداد

مثال تمنا بلا علامت تمنا

انچہ داد از نخست ؛ ہمان دادہ را نیز از و باز جست ؛ اے انچہ مے داد یعنی سکندر نے دارا کو دیا

مثال استمرار بغیر علامت استمرار

جو کچھ پہلے دیا کرتا تھا- اور کبھی یہ علامات زائد محض حسن کلام کے لیئے بھی لائی جاتی ہین جیسے

فردوسیؒ فرماتے ہین شعر[453] زرومی و مصری و از بربری ❊ سواران شایستہ و لشکری ❊ گزین کرد قیصر ده و دو ہزار ❊ ہمہ رزم جوے و ہمہ نامدار ❊ ز اختر شناسان و از موبدان ❊ جہان دیدۂ و نامور بخردان ❊ ہمی برد با خویشتن شصت مرد ❊ پژدہندۂ روزگار نبرد ❊ اے گزین کرد و باخویشتن برد ولہ[452] اگر خفت شاہ بودی کہ من ❊ بیایم بنزدیک این انجمن ❊ نمی ماندی زندہ از لشکرت ❊ ہمی بر سر نیزہ بودی سرت مولوی معنویؒ شعر[455] ہمچنین در گریہ و در نالہ او ❊ مے شمردی جرم چندین سالہ او ❊ یہان یا تو می و ہمی کو زائد مانین یا یاے تحتانی کو جس طرح اس شعر مین می اور ہمی ہر دو جمع ہو گئے ہین ان مین سے ایک کو زائد ماننا چاہیئے۔ مولوی معنویؒ شعر آن ولی حق چو پیدا شد ز دور ❊ از سراپایش ہمی می ریخت نور ❊ اور ماضی کامل ہو یا ناقص انکے اخیر مین ضمائر مرفوعہ متصلہ کے لاحق کرنے سے چھہ صیغے پیدا ہوتے ہین جیسے ان جدولون سے واضح ہے۔

جدول تصریف ماضی کامل

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفت	گفتند	گفتی	گفتید	گفتم	گفتیم

جدول قسم اوّل تصریف ماضی ناقص

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
می[ب] گفت	می گفتند	می گفتی	می گفتید	می گفتم	می گفتیم

جدول قسم ثانی تصریف ماضی ناقص

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتے	گفتندے	٠	٠	گفتمے	٠

یہان چونکہ صیغہ واحد حاضر مین دو یاے مجہول کا اجتماع ایک ناموزون سا تھا تو وہ صیغہ بہت کم مستعمل ہوا اور اُسکی متابعت سے صیغۂ جمع حاضر اور جمع حاضر کی مطاوعت سے متکلم مع الغیر کو فصحا نے اپنے کلام مین بہت کم استعمال کیا جس سے عوام اُنکو متروک الاستعمال تصور کرنے لگے مگر درحقیقت ایسا نہین جیسے عوام کا خیال ہے بلکہ بطریق شذوذ مستعمل ہو بھی جاتے ہین چنانچہ صیغہ حاضر فردوسیؒ کے اس شعر مین شعر[266] مرا کاش ہرگز نہ پروردیئے ❊ چو پروردہ بودی
بعد وفات سکندر آسمان سے شکوہ کرتے ہین

داستان لشکر آرائی سکندر بر جنگ فور
[ب] شاہ مازندران کے پاس رستم کے پیام پہنچانے کی داستان

[ب] بجاے نقطے نقط ہی کالانا اسی معنی کا افادہ کرتا ہے بخوف طوالت موجب ملالت اسکو جدا جدول میں نہیں بیان کیا ہے

یاے مجہول والی ... [illegible] ... نہیں ہے

نیاز ردیئے ÷ مولوی معنوی[۱۴۲] - **شعر** شاد گشتی ہر کہ رویت دیدیئے ÷ دیدنت ملک جہان ارزیدیئے ÷
ولہ[۱۸۵] در نماز استادہ بد بر روے ریگ ÷ ریگ کز تفّش بجوشد آب دیگ ÷ گفتیٔ سرمست بر سبزہ و گل ست
یا سوارہ بر براق و دلدل ست ÷ اے میگفتی - اور صیغۂ جمع متکلم جیسے مولانا ے رومؒ کے اس شعر
مین[۲۰۶] **شعر** پس زمستیہا بگفتندے دریغ ÷ بر زمین باران بدادیمی چو میغ ÷ گستریدیمی دران بیداد جاہ ÷
عدل و انصاف و عبادات و وفا ÷ وَاللہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابْ - جاننا چاہیئے کہ اگر کسی امر متوقع پر
دلائل خارجیہ سے ایسا ثبوت بہم پہونچ جاے کہ اُسکے وقوع متوقعہ مین کسی نوع کا شک باقی
نہ رہے تو ایسے متوقع بلکہ متیقن الوقوع کو بجاے صیغۂ مضارع صیغۂ ماضی کے ساتھ بیان کرتے ہین
سعدیؒ **شعر** گذشت آنچہ در ناصوابی گذشت ÷ ورین نیز ہم در نیابی گذشت ÷ اے اگر این باقی عمر را
نیز بغفلت سپاری مثل عمر گذشتہ بگذرد ÷ مولوی معنویؒ[۱۰۹] - **شعر** پیش شیخ آمد کہ اے شیخ درشت ÷ تو یقین
دان کہ مرا اُستاد کشت ÷ گر بر استا روم دست تہی ÷ او مرا بکشد اجازت میدہی ÷ اے یقین دان
کہ اُستاد مرا بکشد الخ - فغانی کا شعر ہے **شعر** تو اے گل بعد ازین با ہر کہ میخواہد دلت بنشین ÷ کہ من
چون لالہ با داغ جفایت زین چمن رفتم ÷ دلے مے باید و صبرے کہ آرد تاب دیدارش ÷ فغانی گر دلے
داری تو باش اینجا کہ من رفتم ÷ پس مین فارسی مین ان دو کامل و ناقص ماضیون کا اور ان تین

تصریفون کا قائل ہون - تصریف تین ہین اسلیئے کہ می اور ہمی کو ایک ہی سمجھتا ہون - پس است و
بود و شاید و باید و توانست و تواند و توان کی ترکیب سے میرے نزدیک فعل مفرد نہین رہتا جملہ بنجاتا
ہے پھر ان جمل فعلیہ کو بسیط صیغے ماننا ماضی قریب ماضی بعید ماضی تشکی ماضی مع القدرت وغیرہ
کے ساتھ ملقب کرنا بڑی مسامحت ہے اسکی کچھ تفصیل انشاء اللہ تعالیٰ بیان مستقبل کے ضمن مین عرض
کرونگا اگرچہ اس مین ایک جمہور قواعد نگارون کا خلاف ہے مگر خرد خداداد کے نزدیک جو امر محقق ہو
پیش کر دینا انصاف ہے - خیر یہ جمل فعلیہ ہون یا فعل مفرد یہان ایک امر جو بڑے بڑے فاضل
انشاپردازون کا مزلۃ الاقدام بنا ہوا ہے واجب العرض ہے عرض کرتا ہون ذرا توجہ کے ساتھ
ملاحظہ فرمائین وہ یہ ہے کہ **تواند** اُسی جگہ بولا جاتا ہے کہ جہان اُسکا فاعل عبارت مین مذکور ہو
جیسے **قطعہ** بندہ ہمان بہ کہ ز تقصیر خویش ÷ عذر بدرگاہ خدا آورد ÷ ورنہ سزاوار خداوندیش ÷
کس نتواند کہ بجا آورد ÷ اس مین لفظ کس فاعل نتواند کا مذکور ہے برخلاف توان کے کہ اوسکی

فاعل کا عدم ذکر واجب ہے جیسے شعر توان در بلاغت بسحبان رسید ٭ نہ در کنہ بیچون سبحان رسید ٭ بعض وقت اسکے مفعول کو جو حاصل بالمصدر صورت مین ماضی کی ہوا کرتا ہے حذف کرتے ہین فردوسیؒ شعر یکے آنکہ از نامداران گوان ٭ سپردن بہت تواین کے توان ہناے کے توان کرد۔ اس کے فاعل کا عدم ذکر اسوجہ سے واجب ہے کہ یہ لفظ توان دراصل صیغہ جمع غائب توانند کا مخفف ہے اور صیغہاے جمع غائب بجاے مجہول مستعمل ہوا کرتے ہین جیسے اس شعر مین سعدیؒ شعر چو دارند گنج از سپاہی دریغ ٭ دریغ آیدش دست بردن بہ تیغ ٭ یعنی سپاہی سے خزانہ دریغ رکھا جاے الخ ظہوری شعر خبر از راز نہانیش دادند ٭ سواد خط پیشانیش دادند ٭ ولہ گر اکسیر سرور و سور سازند ٭ ز خاک پاک بیجاپور سازند ٭ یعنی ممدوح کو اسرار نہانی کی خبر دی گئی ہے الخ اگر سور و سرور کے لئے اکسیر بنائی جاے بیجاپور کی خاک سے بنائی جاے۔ سعدیؒ شعر مشو تا توانی ز رحمت بری ٭ کہ رحمت برندت چو رحمت بری ٭ اسی طرح آغاز حکایات مین اکثر مستعمل ہے جیسے بوستان مین ہے شعر حکایت کنند از جفا گسترے ٭ کہ فرماندہی داشت بر کشورے ٭ چنانچہ عربی مین حُکِیَ ان کے ساتھ حکایت شروع کرتے ہین مدخول ان یعنی تمام حکایت تاویل مین مفرد کی ہوکر فعل مجہول حُکِیَ کا مفعول مالم یسمّٰی فاعلہ بنجاتا ہے۔ یہ امر کچھ فارسی کی خصوصیات سے نہین ہے اُردو مین بھی یہی بات ہے آغاز حکایات مین جیسے "کہتے ہین کہ کسی شہر مین کوئی بادشاہ تھا" یہان بھی مدخول کہ یعنی تمام حکایت تاویل مین مفرد کے ہوکر حکایت کنند اور کہتے ہین کا مفعول مالم یسمّٰی فاعلہ ہے۔ مترجم شمشیرخانی صاحب سرور سلطانی خاتمہ کتاب مین لکھتے ہین "نشر اور ذوالقرنین جو لقب ہوا اسکی کئی وجہین لکھی ہین" اور ممکن ہے کہ ان افعال سے جیسے حکایت کنند سے حکایت کنندگان اور دارند گنج از سپاہی دریغ سے دریغ دارندگان مفہوم ہوتا ہے اُنکی جانب یہ جمع کی ضمیر (جو فاعل اس فعل کی ہے) راجع ہو۔ اور یہی تاویل صیغہ مفرد معلوم محذوف الفاعل مین کیجاتی ہے چنانچہ میر امّن دہلوی نے باغ و بہار کی آغاز داستان مین اسی تاویل کی مطابقت کی ہے جہان لکھا ہے "کہنے والے نے کہا ہے کہ آگے روم کے ملک مین الخ" جیسے آفرید مولوی معنویؒ کے اس شعر مین شعر زندہ شد او چون پیمبر را بدید ٭ گوئیا آندم مر او را آفرید ٭ غرض اگر صیغہ جمع غائب توانند بلا تخفیف سالم مذکور ہو تو اُسکے فاعل کو ذکر کرنا اور حذف دونون امر متساوی ہین در صورت حذف وہی دو تاویلین یا بمنزلہ مجہول قرار دین یا اُس فعل سے

جو صیغہ اسم فاعل کا مفہوم ہوتا ہے اُسکی جانب ضمیر جمع کو راجع کردین اور اگر صیغہ مین تخفیف کرکے توان کہا جاتا ہے تو عدم ذکر فاعل کا بمنزلہ شرط کے ہوکر واجب ہوجاتا ہے تا تخفیف لفظ تخفیف معنے پر دال ہوجاے اب توان کے ساتھ فاعل کا ذکر کرنا خطا ہوگا واللہ تعالیٰ شانہ اعلم بالصواب اسکی نظیر لفظ خواہی اور اُسکا مخفف خواہ عنادیہ ہے چنانچہ بیان حروف عناد مین عرض کرونگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ الحاصل فرق تواند و توان مین معلوم ہوگیا کہ ذکر فاعل تواند مین واجب اور عدم ذکر فاعل توان مین مشروط ہے پس محقق صاحب طبع رسا نکتہ سنجی دقیقہ رسی مین بے نظیر یکتا۔ استاد فن امام سخن حضرت صہبائی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ تحقیقات غوامض سخن مین جو فرمایا ہے "توان در محل تواند نیز آید نظیری گوید ؎ نگارے تند خو دارم قمر ہیکل فلک شیوہ ❊ بہر کس بد کند خاطر نباشد روے بہبودش مزاج نازکی دارد کہ بہر ہیچ مے رنجد ❊ چو مے رنجد کسے نتوان بصد جان کرد خوشنودش ❊ غلط نسخہ پر اعتماد کرلیا الحق غلط نویس کاتبون کے تصرفات بیجا ایسے ہی دھوکے مین ڈالدیتے ہین ورنہ یہ شعر اسطرح ہے شعر مزاج نازکے دارد کہ بہر ہیچ مے رنجد ❊ چو رنجید از کسے نتوان بصد جان کرد خوشنودش اور نسخہ مطبوعہ بھی یون ہی ہے پس توان کا تواند کی جگہ استعمال ثابت نہ ہوا واللہ تعالیٰ اعلم۔ اور مطلق ماضی پر الف زائد بھی لایا جاتا ہے اس مین خصوصیت صیغہ واحد غائب کی کچھ نہین جیسے گفتا گفت صیغہ غائب سے گستردیا گستردی صیغہ حاضر سے آبادما آبادم صیغہ متکلم سے سعدیؒ شعر بگفتا من گلے ناچیز بودم ❊ ولیکن مدتے باگل نشستم ❊ فردوسیؒ ۲۰۹ شعر نگہ کن کزین بدگہ گستردیا ❊ اباشاہ ایران چہ برخوردیا ❊ ولہ ۲۱۲ ع زہر نیکوئی بہرہ ور بودیا ❊ چنان کز دلم زنگ بزدودیا ❊ ولہ ۲۰۸/۲۱ ع زنا مردی خویش ترسیدیا ❊ ز جان و روانم تو ببریدیا ❊ ولہ ع من از بادشاہیت آبادما ❊ بزرگان فرخندہ بنیادما

المضارع

حال اور استقبال کے دونون زمانون مین شرکت رکھنے والے صیغہ کا مضارع نام ہے اور لغت مین ایک پستان سے دودودھ پینے والے بچون کو آپس مین مضارع کہتے ہین تو مناسبت ظاہر ہے کہ حال اور استقبال کے دونون زمانے اسی ایک صیغہ کے ساتھ جسکا مضارع نام ہے وابستہ ہین تو صیغہ مضارع کو حالی و استقبالی ہر دو معنو نکے وضع مین مشترک ماننا بہ نسبت ایک کو حقیقت دوسری کو مجاز کہنے کے اولی و اصوب ہوگا بلکہ معنی امر کے لیئے بھی صیغہ مضارع کا مشترک ہے اسواسطے کہ امر جاہے

غائب ہو یا حاضر یا متکلم اُس مین بھی ہوتا ہے کہ آمر کو اپنے حکم کرنے کے بعد مامور سے ایقاع فعل مطلوب ہوتا ہے غائب جیسے نظامیؒ **شعر** چنین داد فرمان بہ سالار بار ؛ کہ با ماندارد کس امروز کار ؛ ولہ بفرمود تا زین برابرش نہند **ولہ** فسون نامۂ زند را ترکنند ؛ وگرنہ بزندان دفتر کنند ؛ حاضر جیسے فردوسیؒ پیران کے قتل کی داستان مین لکھتے ہین **شعر** گزرشان دہی تا بتوران شوند ؛ برایشان نہ سازی بکینہ گزند ؛ اے ایشان را راہ بدہ تا بتوران روند الخ پھر اگر کاف اور تا مصدری اُن پر آتا ہے تو ان صیغون کو مصدر بنا کر تاویل مین مفرد کے کر دیتا ہے۔ لیکن صیغہ واحد حاضر مین علامت حاضر یا ے تحتانی کا حذف کرنا تخفیفاً کثرت استعمال کے اقتضا سے ہے چنانچہ منادا مین اکثر ترخیم کا قاعدہ جاری ہے کیا معنی کہ ندا اور مخاطبہ کی کثرت سے احتیاج پڑتی ہے جس شئے کی احتیاج اس کثرت کو پہونچے اُس مین تخفیف آسانی اور سہولت کا موجب ہے۔ اور اسی صیغہ مرخم کا معنی مضارع عرفی مستعمل ہونا ہمارے اُس دعوے کا مؤید اور ان معنون کے باہم مشترک ہونیکی قوی دلیل ہوسکتی ہے۔ تہمتن قلمرو سخن خاقانیؒ کا شعر ہے **شعر** دانی چہ کن بنا خوش وخوش کم کن آرزو ؛ سیمرغ وش زناکس وکس گم کن آشیان ؛ اے دانی چہ کنی الخ فردوسیؒ **شعر** میان دو صف برکشیدہ اور ابدیدہ ؛ یکے باد سر داز جگر برکشید ؛ بدو گفت پور سیاوش توئی ؛ خردمند و بیدار و خامش توئی ؛ اگر جنگ جوئی زبیش سپاہ ؛ برو دور بگزین یکے جایگاہ ؛ کہ ایران وتوران نہ بینند کس ؛ نخواہند یاران فریادرس ؛ چنین داد پاسخ بدو شہریار ؛ کہ اے شیر درندۂ کارزار ؛ زبیش پدر چون بیار استی ؛ زلشکر نبرد مرا خواستی ؛ مرا خواستی کس نبودی روا ؛ کہ ہیشت فرستادمے ناسزا ؛ کنون آرزو کن یکے رزمگاہ ؛ کہ باشد بدور از میان سپاہ ؛ اے اکنون آرزو مے کنی الخ مگر اشتراک زمانی دو ہی مین ہیگا اسواسطے کہ امر بھی زمانہ مستقبلہ کو متضمن ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ صیغۂ امر مخاطب مین ترخیم کا اس درجہ رواج ہوگیا کہ ظاہر نظر اسی کو اصل اور کامل صیغہ تصور کرتی ہے اور جب معنی امر مین صیغہ مضارع کا اسقدر اشتراک متحقق ہوگیا بلا تکلف مین کہہ سکتا ہون کہ الف والے دعائیہ صیغے بھی امر و نہی کے صیغے ہین چنانچہ اُنکی نفی کے لیئے بھی میم لائی جاتی ہے اسواسطے کہ مزید و مرخم یہ ہر دو خلاف اصل تھے تو ان دونون کی نفی پر بخلاف اور صیغون کے میم لاتے ہین ورنہ اصل مین کلمۂ نفی نون ہے یعنی اصل صیغہ وہی ہے جس مین نہ زیادتی ہو نہ کمی پس یہ مزید و مرخم صیغے

امر واحد حاضر مین علامت حاضر کا یا ے تحتانی کے حذف کی وجہ

اسی صیغہ مرخم کا بمعنی مضارع عرفی استعمال

دعائیہ صیغے امر کے صیغے ہین

نہی اور دعائیہ الف والے صیغون پر نفی کے لیئے میم لائی جاتی ہے

خلاف اصل ہوئے تو انکی نفی کے لیئے میم ایک ایسا حرف قرار پایا کہ وہ اصلی حرف نفی نہین ہے اسواسطے کہ نفی کے لیئے فارسی مین مصادر اور سائر افعال پر نون نافیہ لایا جاتا ہے کیا معنی کہ جب تلک یہ صیغہ اپنی اصلیت پر بلا ترخیم و زیادت رہیگا اُس پر نفی کے لیئے نون ہی لایا جائیگا جیسے سعدیؒ کا شعر ہے **شعر** معشوق ہزار دوست را دل ندہی ✤ اسے دل مدہ۔ نظامیؒ فرماتے ہین **شعر** چنان بہ کہ با او مدارا کنید ✤ بیائید و عذر آشکارا کنید ✤ نباید کہ آن آتش آید بتاب ✤ کہ ننشیند آنگہ بدریاے آب ✤ اسے مبادا کہ آن آتش الخ **ولہ** سکندر شہ ہفت کشور نماند ✤ نماند کسے چون سکندر نماند ✤ اسے ممانادہیچ کس الخ۔ اسی طرح جب نفی و منفی کے بیچ مین فاصلہ واقع ہو جیسے فردوسیؒ کا شعر ہے صفحہ ۲۶۸ **شعر** تو خون سر شہریاران مریز ✤ نہ از گاہ در غار بےبن گریز ✤ اسے مگریز۔ جاننا چاہیئے کہ صیغہاے نہی مرخم و مزید پر جو در حقیقت امر منفی ہین بخلاف اور منفی صیغون کے میم اس لیئے لاحق کرتے ہین کہ نہی بمعنی طلب ترک ایک مستقل صیغہ یعنی ایک امر وجودی سمجھا گیا ہے اور بوجہ طلب اور ترک کے گویا مجمع عدم و وجود ہے تو ان دونون معنون کے ادا کرنے کے لیئے میم ایسا مناسب حرف معین ہوا جو قوت مین نون اور بے کے ہے جو حروف نفی و اثبات ہین۔ البتہ یہ شبہ واقع ہوگا کہ نون اور بے اسی ترتیب کے ساتھ زتّی مین میم کے آتے ہین اور در صورت عکس ترتیب انکو پیرایہ میم کا ہرگز حاصل ہو نہین سکتا اور ترکیب معنی نہی یعنی طلب ترک مطابق ترتیب معکوس ہے۔ تو عرض کرتا ہون چونکہ فعل مین حدث کا اعتبار کیا گیا ہے یعنی فعل متضمن معنی حدثی ہے اور حدوث کو سبوق عدم لازم اور کل افعال ممکنات کے مسبوق بالعدم ہین پس در صورت اجتماع وجود و عدم یعنی اثبات و نفی عدم کو وجود پر پیشقدمی کرنے کے لیئے اسقدر حقیت بس ہے اور ۲ یہ بھی ظاہر ہے کہ وجود اشرف ہے عدم اخس اور از روے مسئلہ مسلمہ کہ نتیجہ تابع اخس کے ہوتا ہے نفی کو اثبات پر مقدم و بالانشین ہونا لازم ہوا کہ وہ نتیجہ ترکیب کا ہے ۳ معہذا یہ فعل باعتبار حقیقت منفی ہے اور منفی مین نافیہ کا تقاضاے صدارت ایک لابدی امر ہے تو نون بے پر مقدم ہوا اور پھر قوت مین میم کے ہوکر ترکیب مزجی سے عین میم بنگیا چنانچہ جب فعل پر نون نفی اور باے زائد جمع پڑ جاتے ہین تو انہین متذکرہ بالا وجوہ سے نون کو با پر مقدم کرتے ہین جلال اسیر **شعر** از طاقت من رنجش بیجا نہ بپرسی ✤ شاید کہ بگویم بتو عمدا نہ بپرسی ✤ نظامیؒ **شعر** میان دو پرکار بنشست شاہ ✤ درین دوران کردنیکو نگاہ ✤ نہ بشناخت از یکدگر بازشان ✤ نہ پے بردہ بر پردۂ رازشان ✤

وجہ اول

وجہ دوم

وجہ سوم

تائید ان وجوہ کی اساتذہ کے کلام سے ✤

رشیدی عکس ترتیب کے قائل ہین

مولوی معنویؒ شعر ؎ وقت غارت خواب ناید خلق را ٭ تا نہ بر باید کسے زو دلق را ٭ صاحب فرہنگ
رشیدی تقدیم با بر نون کے قائل ہین اس دلیل سے اسکا ثبوت دیتے ہین "چرا کہ با از حروف زیادت
و حروف زائد در میان کلمہ معقول نباشد" تسامح اس قول کا ظاہر ہے چنانچہ صاحب جواہر الحروف نے
اسکو رد کیا ہے پس تحقیق یہی ہے کہ نون نے پر مقدم کیا جاے اسلیئے کہ با اگرچہ حرف زائد ہے
لیکن وہ اپنے فعل مدخول کے مثبت ہونے پر دلیل ہے اور ورود نفی کا اسپر ایک عارضی امر ہے
چونکہ نفی اور اثبات مین تناقض ہے اور اجتماع نقیضین محال ہے اگرچہ یہان اجتماع متناقضین کا نہین
کسواسطے کہ اثبات و نفی یہان جمع نہین پڑے بلکہ آلات و ادوات اثبات و نفی کے اجتماع سے
صرف صورت اجتماع نقیضین کی سی ہوگئی ہے تو بھی اسکا استعمال بہت کم رہا یہانتک کہ خاص
خاص ہی لوگ ان استعمالات پر واقف ہین یعنی اداۃ اثبات و نفی یعنی با و نون ایک فعل پر بہت
کم جمع کیئے جاتے ہین مگر جب کبھی جمع ہوتے ہین وہ با جو آلۂ اثبات فعل ہے اُس فعل معروض النفی
کا کالجزء بنا دیا جاتا ہے اب اتصال فعل کے ساتھ اُسکو واجب ہو جاتا ہے۔ اور کالجزء بننے مین اس
باے مثبتہ کو اداۃ نفی پر ترجیح کی وجہ یہی ہے کہ فعل معروض النفی قبل ان دونون نفی و اثباتی حالت کے
اپنے درجۂ اطلاق مین زیادہ تر مناسبت اثبات سے رکھتا ہے کیونکہ مثبت فرد کامل ہے بلکہ مثبت
اسی مطلق کے پیرایہ مین استعمال پاتا ہے اور فرد کامل علامت وجدا شناس سے بے نیاز ہوا کرتا ہے

وجہ ثانی تقدیم حرف النفی بر حرف اثبات

یعنی علامت وجدا شناس کا اُسپر لانا ضروری اور واجب نہین ہوا کرتا ہان فرد ناقص کے لیئے
علامت و ممیز ضرور ہے چنانچہ اصول جبریہ کو ملاحظہ فرمایئے کہ اثبات و نفی یعنی جمع و تفریق کے
لیئے یہان علامتین مقرر ہین ایک سیدھے پڑے ہوئے خط کا ایک سیدھے کھڑے ہوئے خط سے
تقاطع جس سے چار قائمے پیدا ہو جائین جیسے یہ شکل + اثبات یعنی جمع کے لیئے اور صرف
ایک پڑا ہوا سیدھا خط جیسے - نفی یعنی تفریق کے لیئے موضوع ہے با این ہمہ اگر کوئی مسئلہ
حروف مثبتہ سے آغاز کیا جاتا ہے اُسپر علامت اثبات نہین لائی جاتی حروف معدود صرف
اُنکے اطلاق پر چھوڑ دیئے جاتے ہین جیسے ب - ح بخلاف نفی کہ اگر کوئی مسئلہ حروف
منفیہ سے شروع کیا جاتا ہے علامت نفی کا اُسپر لانا ضرور اور واجب ہو جاتا ہے جیسے - ب
+ ح اور یہی حال واحد اور جمع کا ہے یعنی واحد کو فرد کامل اور جمع کو فرد ناقص سمجھنا چاہیئے اسیوجہ سے

مطلق صیغہ واحد پر دال ہو جاتا ہے اور جمع کے لیئے علامت ند و غیرہ کی ضرورت پڑتی ہے دیکھیے اصول جبر یہ مین جب حروف معدود عدد سے خالی ہون واحد واحد شمار ہونگے جب واحد سے متجاوز ہون پھر تعیین عدد اور اُنکا اظہار واجب ہو جاتا ہے جیسے مسئلہ ب + ب + ب = ۳ ب ہوگا۔ نیز واحد کا فرد کامل ہونا اس سے بھی مفہوم ہوتا ہے کہ وہ اصلِ ہر کثرت ہے کیا معنے کہ اُسکے کسور سے کثرت داخلی اور افزایش سے کثرت خارجی پیدا ہوتی ہے۔ غرض فرد کامل علامت سے بے نیاز ہوا کرتا ہے تو فعل مثبت کو فعل مطلق کے ساتھ زیادہ تر مناسبت بلکہ کمال اتحاد ہوا تو ادات مثبتہ کو فعل مطلق کا کالجزو بنجانے کا ہر طرح کا استحقاق ہے۔ اور اس سے یہ بات نہ سمجھ جائین کہ اب میم نہی پر (چونکہ وہ درحقیقت نون نفی اور بائے اثبات زائدہ ہے) پھر ایک بائے زائدہ لانا جائز نہین کسواسطے کہ وہ میم نہی ایک حرف جداگانہ اور نہی ایک صیغہ مستقل سمجھا گیا ہے نہ امر منفی تو اب اس نظر اجمالی نے اُسپر بائے زائدہ کا لانا ناجائز کر دیا فرخی کا شعر ہے شعر آئین مہ و مہر تو داری و توانی ؛ آئین مہ و مہر نگہدار و بگذار ؛ نوقی یزدی شعر بیا زاہد اترک سالوس کن ؛ ریا را بزنجیر محبوس کن ؛ دگرنہ مکن آشنائی بمن ؛ بمفروش زہد ریائی بمن ؛ مگر استعمال اس میم کا جب ہی تک جائز ہے کہ وہ افعال کے ساتھ متصل ہو جدا نہ ہو ورنہ وہی نون نافیہ یا ہای مختفی متمیہ یعنی لفظ نہ لایا جائیگا۔ محقق دانا بہار فرزانہ نے درصورت فصل بھی میم ہی کو تجویز فرمایا ہے مگر اس میم کو نون نفی کی طرح مرکب بہ ہاے مختفی جو مظہر حرکت و متمم کلمہ ہے مانا ہے اور ان اشعار کو سند گردانا ہے حکیم سنائی رح شعر بر سر جور تو شد دین من ؛ دو دیتے من ؛ کہ مہ شب پوش و قبا بادت دمہ زین و فرس ؛ ناصر خسرو شعر بر راہ امام خود ہمی نازد ؛ اور امشناس و مہ امامش را ؛ خاقانی مصرع چو صرع آیخت با عقلی مہ سر باد و مہ دستارش ؛ میرے نزدیک وہی نہ ہے غالباً یہ تحریف خوانی ہے البتہ کسی اُستاد اہل زبان کے مادۂ تاریخ مین یہ لفظ واقع ہو یہ امر طے ہو سکتا ہے وَاللّٰہُ تعالیٰ شَانُہٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ فعلون پر بجاے نون نافیہ الف کے ساتھ نا بھی آتا ہے نظامی رح شعر درانجاے کاندیشہ نا دید جاے ؛ درود از محمد قبول از خداے ؛ خواجہ حافظ رح شعر ہرگز بشمائل تو سروے ؛ نارستہ ز بوستان شاہی ؛ اور یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ بمناسبت جواب بمطاوعت جنسی مضارع غیر دعائیہ مین الف کو محض زائد بھی لے آتے ہین جیسے لفظ باد نظامی رح کے اس شعر مین

واحد کے ...

بعض ... جائز ...

آئین مہ و ... بارخ ... مثنوی ...

صاحب جواہر الحروف درصورت فصل بجائے میم ہی کو مانتے ہین

... نون نافیہ ...

مضارع غیر دعائیہ مین الف محض زائد لایا جاتا ہے

شعر متاع گرانمایہ کاسد مباد ٭ وگر باد جز عیب حاسد مباد ٭ اور یہ دعائیہ صیغے بھی اور صیغون کیطرح
غائب حاضر متکلم کے ساتھ گردانے جاتے ہین غائب جیسے عرفی کا شعر ہے شعر ز دورۂ تو بگو یاد آسمان
تا حشر ٭ کہ دور حشمت این نوبت دورۂ آن آمد ٭ نظامی رح شعر نشست تو برگاہ فرخندہ باد ٭ سران جہان
پیش تو بندہ باد ٭ اور حاضر جیسے نظامی رح شعر جزین نیز بینم تراشش خصال ٭ کہ بادی بر ومند از ماہ و سال ٭
فردوسی رح شعر چو خواہی کہ تاج تو ماند بجاے ٭ مبادی جز آہستہ و پاک راے ٭ اور متکلم جیسے حسان عجم
خلاق معانی خاقانی رح نعت مین فرماتے ہین شعر بینام لباس کاروبارت ٭ معلم بطراز چار یارت ٭
رایات ترا خلل مبینام ٭ آیات ترا بدل مبینام ٭ کبھی یہ یاے خطاب بضرورت حذف کیجاتی ہے
نظامی رح خرد نامہ مین فرماتے ہین شعر بہر جا کہ باشی تنومند باد ٭ سپندے بر آتش فگن بامداد ٭ اور
کبھی الف دعائیہ حذف کیا جاتا ہے صرف مضارع بغیر زیادتی الف بمعنی دعا مستعمل ہے عرفی کا شعر ہے
شعر پیکر خصم ترا خاک بر دسر بہ نشیب ٭ دشمن جاہ ترا دار کند سر بفراز ٭ کبھی اس لفظ باد مین جو
مخفف بواد ہے الف دعائیہ کے حذف سے تخفیف در تخفیف کیجاتی ہے۔ فردوسی رح شعر بریدہ
زبانت بہ شمشیر بد ٭ دست سوختہ ز آتش ہیر بد ٭ اے زبان تو بشمشیر بریدہ باد ولہ بدو گفت شاہا
انوشہ بدی ٭ ترا بر زمین فرۂ ایزدی ٭ ولہ بدو گفت گودرز انوشہ بدی ٭ ز دیدار تو دور چشم بدی ٭
مگر فصحاے متاخرین نے بالتباس قبیح استعمال نہین کیا۔ اور کبھی دال اخیر کو حذف کر دیتے ہین۔
فردوسی رح شعر کہ خرم بوا میہن و مان تو ٭ بگیتی پراگندہ فرمان تو ٭ اے خرم بواد۔ مولوی معنوی رح شعر
حال ما اینست در فقر و عنا ٭ ہیچ مہمانے مبا مغرور ما ٭ اے مباد۔ اور کبھی بحکم ضرورت وقت قیام قرینہ
صیغۂ دعائیہ کامل حذف کیا جاتا ہے جیسے چشم بد دور نظامی رح شعر نشستہ جہانجوے با بخردان ٭
ازان دائرہ دور چشم بدان ٭ اے دور باد۔ ولہ سر سبز ریش از شادی افراختہ ٭ سر خصم در پایش انداختہ
اے افراختہ باد انداختہ باد۔ واضح ہو کہ باد بواد کا مخفف ہے چنانچہ کبھی بغیر حذف حرف اصلی مستعمل
ہو جاتا ہے فردوسی رح شعر دی واد رموزت خجستہ بواد ٭ در بہر بدی بر تو بستہ بواد ٭ اگرچہ حقیقت مین
لفظ باد بواد کا مخفف ہے اور بواد بود کا مزید علیہ مگر قطع نظر ان تحقیقات سے جسطرح لفظ گذشت
وغیرہ اداۃ استثنا وغیرہ بنا لیئے گئے ہین یہ لفظ باد بھی ادات دعا و کلمۂ دعا بنا لیا گیا ہے ورنہ ظاہر
ہے کہ باعتبار تحقیق لفظی اس لفظ باد مین دال اخیر علامت مضارع واحد غائب کی ہے پھر اُس پر

دعائیہ صیغے غائب حاضر متکلم سب مستعمل ہین۔

یاے خطاب صیغۂ حاضر دعائیہ سے حذف کیجاتی ہے

کبھی الف دعائیہ حذف کیا جاتا ہے

کبھی دال اخیر صیغۂ دعائیہ حذف کیجاتی ہے کبھی بوقت قیام قرینہ صیغۂ دعائیہ حذف بھی کیا جاتا ہے

بواد بھی مستعمل ہے باد بلا حذف واو

یاے حاضر کے الحاق سے یا دی کہنا کسطرح جائز ہوتا جیسے یارب کو قطع نظر ترکیب ندائی کے
ایک کلمہ قرار دیکے یاربہا یاربے جمع وتنکیر بنالی ہے جیسے منادا مین گزر چکا۔ غرض یہی صیغۂ مضارع
ہے کہ بمعنی حال بھی مستعمل ہوتا ہے اور یہی بمعنی مستقبل بھی مستعمل ہوتا ہے اور یہی بمعنی امر بھی مستعمل ہوتا ہے
البتہ قرائن و علامات تعیین بعض معنی واحد کے لیئے معین ہوجاتی ہین جیسے کلام عرب مین سین وسوف
علامت مستقبل ہین فارسی مین می وہمی تخصیص معنی حال کی علامت سمجھنی چاہیئے اور کبھی اس باتکا
خیال بھی نہین کرتے ان علامتون کو محض زائد لے آتے ہین۔ کبھی سیاق وسباق پر کفایت کرتے
ہین۔ صائب اصفہانی کا شعر ہے **شعر** در آفتاب قیامت نمی شوی سیراب ✤ زتشنگی نشود تا دلِ تو
آب اینجا ✤ یہان می محض زائد ہے ورنہ مخل معنی ہوگا کسواسطے کہ قیامت مستقبلہ ہے اور اس علامت
اور فعل مین فصل بھی جائز ہے سعدیؒ **شعر** خور و پوش و بخشاے و راحت رسان ✤ نگہ می چہ داری
زبہر کسان ✤ علاء الدین کا شعر ہے **شعر** طعنہ زنی بمفلسیہا مارا ✤ ما مفلس از انیم کہ تو سیم برے
مولوی معنویؒ **شعر** مومنان آئینۂ ہمدیگر اند ✤ این خبر می از پیمبر آورند ✤ کسی اُستاد کا شعر ہے
شعر گوئی کہ چنان کودک می کس بجہان بیند ✤ ہم چابک وہم زیرک ہم نیکو وہم بخرد ✤ اکثر یہ
قاعدہ ہے جب اس فعل کی نفی کیجاتی ہے حرف نفی اس لفظ می پر جو علامت حال یا استمرار کی
لاحق کرتے ہین مگر بعض وقت اسکے خلاف حرف نفی خود فعل پر لاحق کرتے ہین اس علامت کو
خالی اور سادہ چھوڑ دیتے ہین سعدیؒ **شعر** مہا زور مندی مکن بر کہان ✤ کہ بر یک نمط می نماند جہان
کبھی یہ علامت مضارع مین صیغۂ ماضی کی طرح معنی دوام و استمرار پیدا کرتی ہے جلال اسیر کا شعر
ہے **شعر** توبہ قدرِ شکستگی دانست ✤ بعد ازین گاہ گاہ می شکند ✤ یہان استمرار استقبالیت مین ہے
بقرینہ لفظ بعد اور ترجمہ اسکا ٹوٹتا رہیگا۔ مگر عربی کے سین وسوف کی طرح لفظ خواہد کو علامت استقبال
کہنے مین مجکو بڑا تامل ہے اسواسطے کہ مثلاً اشتراک کی وجہ سے جب صیغۂ مضارع معنی حالی اور
استقبالی مین مبہم غیر متعین المعنی رہا تو جیسے تعیین حال کے لیئے می یا ہمی صیغۂ مضارع پر لاحق
ہوتی ہین لفظ خواہد بھی اُسی مضارع پر آنا چاہیئے نہ کہ صیغۂ ماضی پر کسواسطے کہ صیغۂ ماضی مین کوئی
ابہام زمانی نہین ہے جس کو یہ خواہد دفع کرے پس یہ جملہ فعلیہ ہے اسکی ترکیب خواستن کے
مضارع خواہد اور ایک حاصل بالمصدر سے وقوع مین آئی ہے اور یہ حاصل بالمصدر خواہد کا

مفعول بہ ہے اور یہی حال تواں اور تواند کی ترکیب کا ہے چنانچہ انکے جزء ثانی کی مصدریت ان اشعار سے بالتصریح واضح ہے. سعدیؒ **شعر** دو خواہند بودن بمحشر فریق ❖ ندانم کدامان دہندم طریق ❖ حزین **شعر** گر عندلیب خامہ ات ترک نواگو ید حزین ❖ گلشن بمرغان چمن بیت الحزن خواہد شدن ❖ تواں اور تواند جیسے سعدیؒ کا شعر ہے **شعر** نہ ہر جای مرکب تواں تاختن ❖ کہ جاہا سپر باید انداختن ❖ حزین **شعر** تو بیخبر از قصوری ادراک خودی ❖ موجود نہان نمی تواند بودن ❖ واضح ہو کہ تواند اور خواہد اور انکے مفاعیل کا (جو حاصل بالمصدر صورت ماضی مین ہے) فاعل علے سبیل التنازع ایک ہی ہے جیسے زید تواند کرد مین توانائی رکھنے والا اور کرنے والا زید ہی ہے اسیطرح خالد خواہد گفت مین خواہندہ یعنی ارادہ کرنے والا اور کہنے والا خالد ہی ہے اور اسی وجہ سے کہ انکا جزء ثانی حاصل بالمصدر ہے ضمائر متصلہ مرفوعہ جو خاصۂ فعل ہین اسی خواہد مضارع پر لگائے جاتے ہین مصدرِ ماضی صورت پر نہین لگائے جاتے جیسے خواہد کرد خواہند کرد۔ خواہی کرد۔ خواہم کرد۔ خواہیم کرد۔ اسیطرح باید و شاید و است و بود و باشد کو مع انکے اسم و خبر کے ماضی قریب و بعید و شکی وغیرہ نام رکھے ہین کسواسطے کہ وہ ماحصل مفہوم اس مرکب کا ہے۔ شاید اس ترکیب کے مستقبل کے نام سے مشہور ہونے کی یہ وجہ ہو کہ اہل زبان نے مبتدی کو جب اس لفظ مشترک کند کے مثلاً دونون معنی جدے جدے سمجہائے تو یون تشریح کی کہ این صیغہ دو معنی دارد یک معنی حالست و معنی دیگر استقبال کہ آن را بعبارت خواہد کردن تعبیر توان نمود" پس یہ مفاد نقل ہوتے ہوتے مسامحت سے عین صیغہ مستقبل بن گیا چنانچہ حضرت نظامیؒ نے معنی استقبال کو اس نوع کی عبارت مین ادا فرمایا ہے **شعر** شب شب قدر وقت وقتِ دعاست ❖ یافت خواہی ہر انچہ خواہی خواست ❖ اے بیابی ہرچہ طلبی - ہماری اس تحقیق پر اگر کوئی شبہ کرے کہ صیغہ مضارع کے معنی استقبالی کی تفہیم مین خواہد کو جو خود مضارع خواستن کا ہی لے آنا مستلزم دور ہے پھر تفہیم امکان سے دور ہے کیا معنی کہ اس خواہد کی استقبالیت خود مبہم ہوئی اور اپنے معنی استقبالی کی تعیین کے لیئے ایک دوسرے امر خارج کی محتاج تو اور ونکی استقبالیت کی تعیین اس قسم کے لفظ سے کب ممکن ہے بقول **مصرعہ** او خویشتن گم ست کرا رہبری کند ❖ مین عرض کرتا ہون کہ ہمکو بیان فعل آتی مطلوب ہے تو خواہد کا اشتراک و

اسکا جواب

وابہام ہماری تفہیم مین حرج انداز نہوگا کسواسطے کہ خواہد خواستن سے (جو بمعنی ارادہ کرنے کے ہے) مشتق ہے اور ارادہ خواہی استقبالی ہو خواہی حالی وہ فعل ارادی جو اُسکے بعد مذکور ہوگا اُسکا وقوع بعد اُس ارادہ ہی کے ہوگا پھر اگر یہ شبہ پیدا ہو کہ ماضی وحال ومستقبل زمانے کے ٹکڑے اور حصے ہین اور کیا ضرور ہے کہ ارادہ کا فعل پر جو تقدم ہے وہ زمانی ہی ہو تو عرض کرتا ہون کہ تقدم ارادہ کی تعمیم جو ذاتی اور زمانی کو شامل ہے اس تفہیم کے کچھ مضر نہین کیا معنی کہ اہل عرف ذاتی اور زمانی کے دقیقون سے غافل ہین اسوقت یہ شعر سعدیؒ کا بلا تکلف تاویل درست ہوجاتا ہے **شعر** خلاف پیمبر کسے رہ گزید * کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید * یعنی پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف راہ اُس شخص نے اختیار کی جو کبھی منزل مقصود کو پہونچنا نہین چاہتا معہذا ماضی وحال ومستقبل از قسم مفرد ہین کہ نوع کلمہ سے ہین اور یہ ہست ولبود وباشد وباید وشاید وتوانست وتواند وخواست وخواہد وغیرہ کی ترکیب سے جمل فعلیہ بنتے ہین جو نوع کلام سے ہین اسواسطے کہ جو کلمات کہ علامت قرار دیے گئے ہین وہ خود فعل ہین اگر وہ لازم ہین تو بعد انکے صورت ماضی مین جو حاصل بالمصدر مذکور ہوگا وہ انکا فاعل ہوگا جیسے بایست کرد وباید کرد وشایست کرد وشاید کرد۔ اگر متعدی ہین تو انکا مفعول بہ ہوگا جیسے توانست کرد وتواند کرد وخواست کرد وخواہد کرد۔ چونکہ یہ کرد مثلاً بلا تاویل حاصل بالمصدر ہے اس پر کاف مصدریہ نہین لاتے مگر جب یہی خواہد مضارع پر آتا ہے اور مضارع بغیر تاویل مصدر نہین مستعمل ہوتا تو اُسپر کاف مصدریہ لانا ضرور پڑتا ہے سعدیؒ کا شعر ہے **شعر** چو خواہد کہ ویران کند عالمے نہد ملک در پنجۂ ظالمے * یعنی اگر خداوند جل وعلا عالم را ویران کردن خواہد ملک را در پنجۂ ظالم می نہد یہان بھی کند تاویل مین مفرد یعنی مصدر کے ہوکر خواہد کا مفعول بہ ہے پس جیسے اس مضارع کند پر خواہد کے آنے سے مستقل فعل مستقبل نہین کہا جاتا اسیطرح ترکیب غیر مضارع کو بھی سمجھنا چاہیے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ اسیطرح است وبود وباشد کسواسطے کہ یہ افعال ناقصہ ہین اور افعال ناقصہ اسم وخبر کو چاہتے ہین تو انکے اندر ایک ضمیر مستتر ہے وہ انکا اسم اور وہ کلمہ جو انکے ماقبل مذکور ہے وہ انکی خبر جیسے کردہ است وکردہ بود وکردہ باشد بخلاف می اور ہمی کہ یہ حرف ناتمام یا دوام یا حال کی علامتین ہین اپنی استقلالی اور افرادی حالت مین اُن سے کوئی معنی مفہوم نہین ہوتے

اسکا جواب

بھی خواہد مضارع پر آتا ہے اور مضارع تاویل مین مصدر کے ہوکر اسکا مفعول بہ ہوجاتا ہے کوئی اُسکو مستقل فعل یعنی نوع کلمہ سے نہین سمجھتا

تو انکی ترکیب سے فعل مفرد کا مفرد ہی رہیگا کلمہ سے نکلکر نوع کلام مین داخل نہوگا۔ کبھی اس ترکیب مین فصل واقع ہوتا ہے سعدی رح کا شعر ہے **شعر** دران ساعت کہ خواہند این وآن مرد ٭ نخواہند از جہان بیش از کفن برد ٭۔ کبھی یہ ترکیب معکوس ہوجاتی ہے نظامی رح **شعر** ندانم کہ پرورد خواہد ترا ٭ کدامی ددہ خورد خواہد ترا ٭ **ولہ** درین باغ رنگین چو کبک وتدرو ٭ نہ گل در چمن ماند خواہد نہ سرو اور یہی ترکیب مفید معنی مستقبل خواست کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے فردوسی رح فرماتے ہین **ع** بدل سوزگی جان ہمی رفت خواست ٭ اے خواست رفت پس جیسے خواست کو علامت مستقبل اور خواست رفت کو ایک صیغہ نہین کہتے خواہد کو بھی ایسا ہی سمجھنا چاہیئے واللہ تعالیٰ اعلم صیغۂ مضارع مجازاً کبھی کسی نکتہ کے لیئے بجاے صیغۂ ماضی مستعمل ہوتا ہے مثلاً متکلم کو جب حکایت حال ماضی مطلوب ہو یا فاعل کے غلبہ و قدرت کا اظہار تو صیغہ مضارع مثبت مین حال ماضی بیان کیا جاتا ہے یعنی اس امر کا اظہار ہے کہ فاعل مقتدر نے اسطرح کا کام پہلے تو کیا ہی ہے اور آیندہ بھی کرسکتا ہے سعدی رح **شعر** گلستان کند آتشے بر خلیل ٭ گروہے بآتش برد زاب نیل ٭ چنانچہ یہ سب قصے ہوچکے ہین۔ اگر اس مضمون کا انکار منظور ہو صیغہ مضارع منفی مین ادا کیا جاتا ہے یعنے یہ مطلب ہے کہ یہ امر نہ کبھی کسی سے زمانہ ماضی مین ہوا نہ اب نہ آیندہ کبھی ہوسکے سعدی رح **شعر** کس نہ بیند کہ تشنگان حجاز ٭ برلب آب شور گرد آیند چنانچہ اس نکتہ کی تصریح سعدی رح کے اس شعر سے واضح ہے **شعر** در اقبال تائید بوبکر سعد ٭ کہ مادر نزاید چنو قبل و بعد ٭ یعنے چون او نزاد کی جگہ نزاید مستعمل ہے لفظ قبل و بعد کا اُسی نکتہ کے اظہار اور تاکید کے لیئے ہے۔ واضح ہو کہ مضارع پر یاء مجہول کبھی حسن کلام کے لیئے محض زائد آتا ہے کبھی شرط کبھی استمرار کبھی تمنا کے لیئے جسطرح ماضی مین فردوسی رح کا شعر ہے **شعر** [اول ۳۳ ۳۵] کہ گوئی ہمی آنچنان بایدے ٭ اگر نیستی مہر نفزائدے ٭ **ولہ** اگر نبودے [نقل] پند آموزگار ٭ برآوردمے من زجانت دمار ٭ **ولہ** [اول ۱۱] جہاندار گرداد گر باشدے ٭ ز فرمان او کے گزر باشدے **ولہ** اگر جویدے ہمسر وش منم ٭ تن ونام او زیر پاے افگنم ٭ مولوی معنوی رح **شعر** گر نبندی واقفان امر کن ٭ در جہان رو گشتہ بودی این سخن ٭ وانی مین کسی اہل زبان کا شعر ہے **شعر** روزی بود کہ عشق تو لب برآیدے ٭ یا آن دلت بمہر من بگرایدے ٭ اور جیسے ماضی مین الف زائد لایا

فعل مرکب خواہد والی ترکیب مین کبھی فصل واقع ہوتا ہے

اور یہ ترکیب معکوس بھی ہوجاتی ہے

کبھی ترکیب خواست افادہ معنی مستقبل کا ہوتا ہے

صیغۂ مضارع کا بجاے ماضی استعمال کسی نکتہ کی غرض سے ہوتا ہے

مضارع منفی کبھی زمانہ ماضی و حال و استقبال تینون کے لیئے آتا ہے

یاے مجہول کبھی بجاے اسکے ہوتی ہے جو اخیر صیغہ ماضی کے ساتھ سوا جا ہے بالتکلف ورا ہوجاتا ہے مگر اسطرح مروجی نہین

یعنی کبھی صیغہ مضارع مین بھی الف زائد لایا جاتا ہے

جاتاہے جیسے گفتا مضارع مین بھی لاتے ہین فردوسی رح کا شعر ہے شعر گرایزد بمن بر ببخشایدا * تن رزم جو بیم نفرسایدا * وله پریزادهٔ یا سیاوخشیا * که دل را بمهرت همی بخشیا * وله من اکنون ز بهر سو فراوان سوار * فرستم همه در خور کارزار * ز بیژن مگر آگهی یابما * بدین کار هشیار بشتابما * اور اسیطرح صیغہ امر پر بھی الف زائد لے آتے ہین فردوسی رح کا شعر ہی شعر خردمند شاهی و من کهترا * تو خود چشم و دل باز کن بنگرا * اور مضارع کے اخیر مین ضمائر مرفوعہ متصلہ کے لاحق کرنے سے چھ صیغے پیدا ہوتے ہین جیسے جدول مذیلہ سے واضح ہے

جدول تصریف مضارع

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گوید	گویند	گوئی	گوئید	گویم	گوئیم

جدول تصریف حال

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
می گوید	می گویند	می گوئی	می گوئید	می گویم	می گوئیم

یہ بھی سن لیجیے کہ فارسی مین مصدر سے امر کے اشتقاق کرنیکا طریقہ نہایت پریشان قانون کلی کے احاطہ مین قدم رکھنے سے آبی قواعد کلیہ کے حلقہ مین داخل ہونے سے سرتابی کرتا ہے اور مین اول سے کاہل سست طبیعت ضعیف القلب خلق ہوا ہون اسیران پریشانیون اور آلام کا تصادم بس اس سے میرا دل و دماغ کسی قابل نہ رہا اول تو والدین کے انتقال پر ملال سے ہم سب بالکل بے سہارا ہو گئے تھے مگر پھر بھی برادر معظم مغفور نے وہ وہ عنایات وہ وہ نازبرداریان کین کہ سب غم بھلا دیئے گویا ہمارے لیئے رہنمای قسمت نے صحرائے بے آب و علف سے ایک دوحۂ پر ثمر اور شجر بارور تک پہونچا دیا تھا جس سے ایک زمانہ اسکے ہوادار روح افزا سایہ مین اسکے ترمیوے اور تازہ رطب کھاتے آسودگی کے ساتھ گزار رہے تھے کہ اچانک حوادث کی تندباد اور مرگ مفاجات کے جھکڑ نے اسکو جڑ سے اکھاڑ پھینکا انا للہ و انا الیہ راجعون جوش غم مین یہ چند مصرعے زبان قلم سے نکل گئے۔

چو آن سایه از فرق من شد جدا	ندانم بسر زنده ام یا بپا

صیغہ امر حاضر میں
پر بھی الف زائد
لایا جاتا ہے

۱۵؁ بلا ناغہ ہر سال ۔۔۔ [illegible]

نہ کس غمگسارو نہ یاری رسے	بدین بیکسیم مباد اکسے
اگر اغم کہ آید غمیم من خورد	بدرد دلم ول بدرد آورد
بر لسوزگیم نشیند دمے	نزرُخ گرد و از چشم چیند نمے
فرو رفتہ پایم زمحنت بگل	نہ بینم کسے را من روئی دل
بہ محنت بر یدند نافہم گر	بدل خوردنم کس نسوزد جگر
بزخم جگرکس نہ مرہم نہد	بروئی ار دو دول نہ کس دل دہد

اب آفتاب قیامت کی خار اگد از تپش ہے اور ہم سایہ پروردون کا دماغ ضعیف علاوہ برین دوستون کی ناچاقیان وشاکی ناحق کی نااتفاقیان اُسپرطرہ یہ کہ مجھ جیسا ضعیف القلب پست ہمت خاندان کا سرپرست بنایا جانا اور مجکو بدحواس بنادیا میرے مصائب اور پراگندہ خاطری کو دوبالا کردیا حضرت من باللہ العظیم اگر آپ کی آزردگی کا خوف اور ہاتھ پکڑے کی لاج یعنے قلم اُٹھانے کی شرم نہوتی مین بھول کر ایک حرف کے لکھنے کا نام نہ لیتا اور جو کچھ لکھ رہا ہون معلوم نہین کیا لکھ رہا ہون اللہ تعالےٰ محض اپنے فضل وکرم سے اسکو عام قبولیت عطا فرماے اور آپکے بھی پسند آجائے آمین آمین اللہم آمین بطفیل سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین۔ شعر

چہ میگفتم و در چہ پرداختم * کجا بود اشہب کجا تاختم *

واضح ہو کہ مضارع جیسے وہ معنی حال اور استقبال مین مشترک ہے معنی امر کے لئے بھی مشترک ہے جیسے اوپر مذکور ہوا مگر مین یہ نہین کہہ سکتا کہ مضارع صیغہ امر کے لئے اصل ہے۔ جس طرح نغز گو نکتہ سنج اسد اللہ خان غالب پنج آہنگ مین نکتہ سرا ہین ”مضارع درگران مایگی پایے کم از مصدر نیارد ہمچون مصدر وجوب ذاتی دارد وخود منشاء پیدائی فراوان افعال ست وآخر ہر مضارع جز دال نیست چون کند وگوید“۔ اور پھر فرماتے ہین ”امر از مضارع میزاید قاعدۂ آن برافگندن دال ست وبس چون کن از کند وگوی از گوید“ اور یہ بھی کہہ نہین سکتا کہ اسکا عکس ہے یعنی امر حاضر کو اصل قرار دیا جاے اور اسی امر کے اخیر مین دال ساکن ماقبل مفتوح کے الحاق سے مضارع بنایا جاے اسواسطے کہ یہان دونون تقدیر پر آنکھ بند کیئے بلا رعایت غیبت وحضور وتکلم غائب سے حاضر اور حاضر سے غائب بنا لیا گیا چاہیئے تھا کہ اگر ایسا بنایا بھی جاتا غائب غائب سے حاضر حاضر سے متکلم متکلم سے بنایا جاتا

یاری رس - درمشکلات بہ یاری رسنده
دل خوردن - غم وغصہ خوردن
نسوزد جگر
بروئی ار دو دل نہ کس دل دہد
جناب مرزا غالب مضارع کو اصل امر کا سمجھتے ہین

ہان ایک اور بات یہان کہہ سکتے ہین مگر وہ ایک دقیق نظر پر مبنی ہے مجملاً عرض کرتا ہون ملاحظہ فرمائین وہ یہ ہے کہ دال ساکن ماقبل مفتوح کو مطلقاً علامت مضارع نہ کہین اور ہے بھی یون ہی کیا معنی کہ اگر یہ علامت تھی تو لحوق ضمائر کے وقت کس لیئے ثابت نرہی پھر تو یہ علامت علامت نہوئی یعنے لازم نہوئی عرض مفارق ہوگئی بلکہ حق یہ ہے کہ یہ دال ساکن ماقبل مفتوح یای حاضر و میم متکلم کی طرح واحد غائب کی ضمیر بارز ہی یعنے مطلق مضارع جو لابشرط شے کے درجہ مین ہے وہ یہی امر حاضر مستعملہ کی صورت ہے اور بوجہ اپنی حیثیت اطلاق کے خارج مین وجود نہین رکھتا کسی نہ کسی فرد مین غائب ہو یا حاضر یا متکلم اُسکا تحقق ہوتا ہے لیکن صیغۂ امر حاضر مستعمل مشہود اور مطلق مضارع مین اتنا فرق ہے کہ امر حاضر مین ضمیر خطابی یای معروف محذوف منوی ہے یعنے وہ یاء خطابی اگرچہ ملفوظ نہین مگر نیت اور لحاظ مین اُسکا اعتبار ضرور ہے کسواسطے کہ وہ مرخم ہی بخلاف مطلق مضارع کے کہ وہان ان مین سے کسی شے کا اعتبار نہین چنانچہ بعض وقت مضارع حاضر مطلق مضارع کی زمی مین آتا ہے جیسے شعر "دانی چہ کن بنا خوش و خوش کم کن آرزو" الخ جیسے پہلے مذکور ہوا پس اب باعتبار اس تحقیق کے یہ کہہ سکتے ہین کہ توان مطلق مضارع ہے اگرچہ وہ ابداً محذوف الفاعل مستعمل ہوتا ہے اسیوجہ سے اُسکا حصول توانند سے (جو صیغۂ جمع غائب ہے) قرار دیا گیا اس تحصیل و تخریج سے اسکی اطلاقی حیثیت پر کوئی نقصان نہین پہونچتا کسواسطے کہ افراد و جمع اسی طرح غیبت و حضور و تکلم اُسی مطلق پر انکی خاص خاص علامات کے داخل کرنیسے حاصل ہوتی ہین اگر اب اُن علامات کو اُس پر سے اُٹھا دیوین پھر وہی اطلاقی حالت باقی رہجائیگی اسیوجہ سے کہ وہ مطلق ہے اور کل افراد کے ساتھ اُسکا تعلق مساوی ہے کبھی تو وہ غائب کے موضع مین مستعمل ہوتا ہے جیسے سعدی رح کا شعر ہے **شعر** توان در بلاغت بسحبان رسید ؛ نہ در کنہ بیچون سبحان رسید ؛ کبھی حاضر کے جیسے **ولہ** بمیر تا برہی ای حسود کاین رنجیست ؛ کہ از مشقت او جز بمرگ نتوان رست ؛ کبھی متکلم کے جیسے **ولہ** چہ کنم باکہ توان گفت کہ او ؛ در کنار من و من مہجورم ؛ اسیطرح انکی جمع۔ حافظ رح کا شعر ہے **شعر** این حال عجب باکہ توان گفت کہ ما ؛ بلبلانیم کہ در موسم گل خاموشیم ؛ غرض صیغۂ جمع غائب سے اسکی تخریج کی خصوصیت (باوجودیکہ ہر چہ صیغونکے ساتھ اسکا تعلق برابر ہے) اسوجہ سے ہے کہ صیغۂ جمع غائب اور یہ توان بمنزلہ صیغہ مجہول یعنی محذوف الفاعل

اور دوسرا مضارع کے لئے اصل کونسی چیز ہے
دال ساکن ماقبل مفتوح علامت مضارع مطلقاً نہین ہے

صیغہ امر حاضر مستعملہ اور مطلق مضارع کا مابہ الامتیاز

باعتبار اس تحقیق کے توان کو ہم مطلق مضارع کہہ سکتے ہین

توان کو توانند سے جو جمع غائب ہے بنانے سے اسکی اطلاقی حیثیت مین نقصان نہین واقع ہوتا

چونکہ توان مطلق ہے سب افراد غائب و حاضر و متکلم کے واسطے مستعمل ہوتا ہے

توان کو صیغہ جمع غائب سے کیون بنایا

مستعمل ہوتے ہین اگرچہ تاہم ان ہر دو کے استعمال مین جواز و وجوب کا فرق ہے یعنی صیغہ جمع سالم سے فاعل کا حذف و ذکر دونون امر جائز ہین حذف جیسے نظامی رح شعر سر بریدہ و سرا پردۂ و تاج و تخت ٭ نچند انکہ آن توانند سخت ٭ فاعل کا ذکر کرنا توظاہر ہے۔ اور اس صیغۂ مخففۂ توان مین حذف یعنی عدم ذکر فاعل واجب ہے جیسے اوپر مذکور ہوا مگر ترجیح کے لیئے اسقدر مناسبت کافی ہے اور اسکو اطلاقی حالت مین رکھنے مین (باوجودیکہ موقع حضور یا تکلم کا ہے) یہ نکتہ ہے کہ کسی شے کا ثبوت یا اُسکی نفی عام طور سے ہر ایک شخص کے لیئے جب متحقق ہوگئی تو مخاطب یا متکلم کے لیئے بھی بالضرورۃ وہ اثبات یا نفی متحقق ہو جائیگی تواب جز بمرگ نتوان رست اور نتوانی رست اور رباکہ توان گفت کہ اوالخ اور رباکہ توانم گفت کہ اوالخ کا ایک مفاد ہوگا اسواسطے کہ جب کوئی بھی چھوٹ نہین سکتا اور کوئی بھی نہین کہہ سکتا تو اس مخاطب کا چھوٹنا اور اس متکلم کا کہنا بھی ناممکن ہوگا اسواسطے کہ یہ دونون اسی کوئی کے افراد مین سے ہین اور یہ بھی معلوم کرلیجے کہ توان کا مفعول کبھی محذوف ہوتا ہے کبھی مذکور محذوف جیسے ان مثالون مین ابوطالب کلیم شعر کز اقبالِ ثانی صاحب قران ٭ شکارے چنین صید وحشی توان ٭ اے توان کرد۔ ظہوری شعر مرگ یا وصال سخن ختم میکنم ٭ زین بیش بافراق مدارا نمی توان ٭ اے نمی توان کرد اگر مذکور ہو یا تو یہ مقدم ہوگا یا موخر پھر یہ دو حال سے خالی نہین یا حاصل بالمصدر یعنے مفرد بلا تاویل ہوگا یا جملہ بتاویل مفرد ہوگا اور پھر یہ حاصل بالمصدر یا بصورت ماضی ہوگا جیسے توان کرد و توان گفت یا بصورت مصدر اصلی جیسے حافظ رح کا شعر ہے شعر تا بود کہ دست در کمر او توان زدن ٭ درخون دل نشستہ چو یاقوت احمریم ٭ اور جملہ جیسے سعدی رح فرماتے ہین مصرعہ توانم آنکہ نیازارم اندرون کسے ٭ اے نیازاردن دل کسے۔ آن اسم اشارہ۔ جملہ نیازارم اندرون کسے بوجہ کاف مصدریہ تاویل مین مصدر یعنی مفرد کے ہوکر مشار الیہ۔ اشارہ مع مشار الیہ مفعول بہ۔ اور بعض وقت یہ کاف مصدری حذف بھی کیا جاتا ہے اور کبھی اس کاف مصدری کا حذف اور توان کی ضمیر فاعلی کا حذف یعنی یہ دونون حذف جمع پڑ جاتے ہین جیسے توان برخیزم بجاے توانم کہ برخیزم شیخ العارفین کے اس شعر مین شعر زاہد از پاے خم بادہ چسان برخیزم ٭ من نیفتادہ ام آنسان کہ توان برخیزم ٭ کمال اسمعیل مصرعہ آن قدر بار بدل نہ کہ توان برخیزم ٭ اسکا ماحصل توانم برخاست پر جا ٹھہرتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۔

بجگر دیدہ دُعا زان نگار واندوزاں گی اے توانند ۱۱

توان کو مطلق رکھکر اس مین غیبت و حضور و تکلم کسی وجہ سے لیا جانا ہے

توان کا مفعول کبھی محذوف ہوتا ہے

[illegible]

توان کا مفعول کبھی مفرد ہوتا ہے

کبھی جملہ مصدر بکاف ہوتا ہے

کبھی اس جملہ سے کاف مصدری حذف کیا جاتا ہے

خیر مضارع ہو یا امر حاضر جسکو جی چاہے اصل قرار دیجے غرض مصدر سے اُس اصل کا اشتقاق
گیارہ باب پر کیا جاتا ہے اسواسطے کہ علامت مصدر کے ماقبل گیارہ حرفون مین سے کسی نہ کسی
ایک حرف کا ہونا ضروری ہے اور وہ گیارہ حرف یہ ہین۔ ا۔ خ ر ز س ش ف م
ن و ی جن کے مجموعہ کو ان جملون پر ترکیب دے سکتے ہین میزان خوش فرس دمی از سخن فروش
واز سخنم شرف وسے دشرفم از سخن وسے و فراز سخن شویم وسخن شافی ورزم وشرف آموزی سخن
واز سفر خوش نیم واز ین سفر خوشم وز سفر خوش مانی و ناز فرخ سیم وش وخو شازین فرسم وخوف شر
نسازیم واز سر خفیم شنو وسیف را خوش مزن وسیف مرا خوش زن وخون ریز سام فش وزمی فنا
سر خوشم اور اسیطرح ذرا غور سے بہت سے جملے اور بھی حاصل ہو سکتے ہین۔ یاد رہے کہ مصدر سے
اشتقاق مطلق مضارع کا ہوتا ہے اور اوپر یہ بات ثابت کر دی گئی ہے کہ وہ امر حاضر عرفی کی
صورت پاتا ہے تو یہان اس اشتقاق کی بحث مین وہ مطلق امر کے ساتھ تعبیر کیا جاے گا ؛

باب الالف

باب الالف
قاعدہ اثبات الف
بعد حذف علامت مصدر

اس باب مین تین قاعدے جاری ہین اثبات۔ تبدیل۔ اسقاط ۔ **اثبات** یعنی بعد حذف
علامت مصدر جو بناے امر کے لیئے ایک ضروری امر ہے اُس صیغہ کو جس ہیأت مین ہو اُسی
ہیأت وصورت پر ثابت رکھنے اور اُس مین کسی نوع کا تصرف نکرنے کو ہم اثبات کہتے ہین۔
جیسے کشادن سے کشا وکشای۔ زادن سے زا وزای۔ جاننا چاہیئے کہ جو کلمات کہ الف اور واو
مدہ پر ختم ہوتے ہین بوقت ترکیب اُن پر تحمل حرکت کے لیئے یاے زائد ضرور لائی جاتی ہے اور
اور بعد انحلال اور قبل ترکیب وجود اس یا کا کچھ ضروری نہین سمجھا جاتا پس یہان بھی یا کے ساتھ
اور بغیر یا دونون طرح استعمال جائز ہے اول جیسے **شعر** بکشای تیر مژگان وبریز خون حافظ ؛ کہ چنان
کشندہ را نکشد کس انتقامی ؛ ثانی یعنی بغیر یا طالب آملی **شعر** بکشا کمین فتنہ بانگیز غمزۂ ؛ در تاز
رخش ناز سے وشبدیز غمزۂ ؛ اور جب انکے اخیر مین ضمائر وغیرہ ملحق ہوتے ہین تو صرف تحمل حرکت
کے لیئے اس یا کا داخل کرنا واجب ہوجاتا ہے جیسے کشاید کشائی کشایم وکشائندہ مگر چونکہ اس یا
کا وجود اس اشتقاق مین ضروری نہین ہے اصل قاعدہ کے زیادات مین اسکو شمار نہین کیا۔ دوسرا
تبدیل یعنے بعد حذف علامت مصدر اُس الف کو ہاے ہوز سے بدلدینا جیسے دادن سے دہ

قاعدہ تبدیل

جب امر کا اخیر الف ہو
اسکے بعد یا زائد
بھی لاتے ہین

ط بکشا کمین الخ
کمین کشادن اَمادہ از
کمین تاختن

ف ۱ انگیختن
نوع از ناز و غرور
شہوت را برانگیزد

ف

الف کا ہا ہوز سے بدلنا غیر منکر بلکہ دستور مستمر ہے اور فتح دال کو کسرہ سے بدلدینا اُسی قانون کی پابندی ہے جو فارسی مین اکثر ماقبل ہا ظاہر کا مکسور رکھا جاتا ہے مع ہذا رفع التباس دِہ عددی سے ہوجاے ۔ بعض وقت اس ہا مبدلہ کے ماقبل کا فتح اصلی بحال رکھا جاتا ہے جیسے زَہ بالفتح جو حاصل بالمصدر زہیدن کا ہے چنانچہ اسکی تحقیق بیان اضافت مین گزر چکی متقدمین کے کلام مین خاص اس دادن کے اشتقاق مین بجاے ہاے ہوز کے یاے تحتانی بھی لائی گئی ہے ۔ رودکی کا شعر ہے **شعر** آنچہ از نیچ یافتیش بدل ٭ تو بآسانی از گزاف مدیش ٭ اے مہ اورا

اور یہان ان مصادر کے معانی سے بحث نہین کیجائیگی انشاء اللہ تعالی اگر زمانہ مساعدت کرے اسکے دوسرے حصہ مین جو ان معانی اور صلات کے لیے مختص ہوگا عجیب وغریب نکات معانی اس مین بیان ہونگے ۔

قاعدہ اسقاط الف

تیسرا **اسقاط** یعنی بعد حذف علامت مصدر بقیہ صیغہ مین سے اور بھی کم کردینے کو اسقاط کہتے ہین جیسے استادن سے است اگر مصدر مشبع ہے امر بھی مشبع ہوگا جیسے ایستادن سے ایست ۔ سعدی رح **شعر** ہمرہ اگر شتاب کند در سفر بالیست ٭ دل در کسے مبند کہ دل بستۂ تو نیست ٭ کبھی اس مصدر مین قاعدہ اثبات کا بھی جاری ہوتا ہے یعنی کشادن وزادن کے الف کیطرح اسکا الف بھی بحال رکھا جاتا ہے رضی الدین نیشاپوری کا شعر ہے **شعر** اسپ چہ طاقت تو دارد زین برگہ نہ ٭ تخت چہ درخورِ تو باشد بر چرخ استاے ٭ اور اس کے پہلے کا الف جو صدر کلمہ ہے گرادینا بھی جائز ہے مشبع مین جیسے مولوی معنوی رح کا شعر ہے **شعر** ما درین درگہ ملولان نیستیم ٭ تا ز بعد راہ ہر جا بیستیم ٭ اور غیر مشبع مین جیسے امیر خسرو علیہ الرحمۃ کا شعر ہے **شعر** نہ بدزان ترکتاز ہیچو بادش ٭ بجز از حد ترکستان ستادش ٭ اے اقامتش **ولہ** ساقی برخیز و یار بنشین ٭ کاین شستہ و آن ستادہ باید ٭ اور ایک مصدر اسی صورت کا بمعنی مرادف گرفتن بھی آتا ہے مگر مابہ الامتیاز معنوی ان دونون مین یہی ہے کہ جو بمعنی توقف و اقامت ہے وہ ایستادن واستادن کا مخفف ہے اور جو بمعنی گرفتن ہے وہ کسید کا مخفف نہین اور تفرقہ لفظی یہی ہے کہ اول مین بعد حذف الف اُس کا کسرہ نقل کرکے سین کو دیا جاتا ہے اور ثانی مضموم بضمۂ اصلی رہا کرتا ہے نظامی رح کا شعر ہے **شعر** کہ بخشندہ خبر دارد ز دادن ٭ نہ آنکس کو پذیرفت از ستادن ٭ شاہ داعی شیرازی **شعر** ما سر بغیر حضرت تو در نیاوریم ٭

استادن کا امر استا بھی آیا ہے

سلطان زہ بندہ تو بنیاد دستاد باج ۞ مگر اسکا استعمال بہت کم ہے اور اسکی مخفف ستدن
ہی کا استعمال بحث مصدر مین اور اسکے مزید علیہ ستاندن ہی کا بحث مضارع مین اکثر ہے اور
ستدن مین تاء قرشت مضموم نہین بلکہ بعد حذف الف اسکا فتح بحالہ باقی ہے طاہر وحید کا شعر ہے
شعر درین بارگہ بے گواہ و سند ۞ بود گرم بازار داد و ستد ۞ آب صاحب درفش کاویانی جناب غالب
دہلوی کے اس اعتراض کو بجز اسکے اور کیا کہا جاوے کہ جناب نے تحقیق نہین فرمائی ہے صاحب
برہان پر صرف بیجا غصہ اُتارا ہے جہان فرمایا ہے "ستادن کجا معنی گرفتن کجا سخن اینست کہ
ایستادن و استادن ستادن بمعنی قیام آمدہ است الخ" دوسری جگہ فرماتے ہین "ستاد را مخفف
ستاند نخواہد گفت مگر کور سواد و ستادن استدن را یکے نخواہد دانست مگر کور مادرزاد" اگر ستد کو مخفف
ستاد کا نہ کہین بلکہ اصلی اور مستقل اور کامل بلا تخفیف و حذف مصدر مانین جس طرح وہی فرماتے
ہین "اما استدن مصدر یست دیگر بسین مضموم و تاء مضموم و بمعنی باگرفتن مرادف و مضارع ستاند
و امر آن ستان" الخ علاوہ برین کہ خلاف تحقیق ہے اور یہ بات بھی لازم آئیگی کہ ضابطۂ اشتقاق
گیارہ باب پر نہ تھمیگا بلکہ ایک اور باب بارہوان تاء قرشت کا زیادہ کرنا ہوگا یہ خلاف رائے
جمہور و استقرا ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب اور استادن کا مصدر مضارعی استانیدن بھی
مستعمل ہے مولوی معنوی رح **شعر** مرکب استانید و پس آواز داد ۞ آن سلام و آن امانت بازداد ۞
اسیطرح فرستادن سے فرست بعض وقت اسکا دوسرا حرف تا بھی حذف کیا جاتا ہے مگر استعمال
اس محذوف الحرفین کا مشبع مین اکثر ہے جیسے فریس فریسندہ بحث مصدر اس مشبع کی مستعمل
نہین اور بحث مضارع مشبع اگرچہ مستعمل ہے مگر غیر مشبع ہی فصیح مانی گئی ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

باب الخاء

اس باب مین صرف تبدیل کا ایک قاعدہ جاری ہے لیکن تبدیل کبھی زای معجمہ سے جیسے
آموختن سے آموز۔ اس لفظ پر ایک بات یاد آگئی کہ اکثر فارسی قواعد نگارون کا یہ قول ہے کہ آموختن
لازم اور متعدی ہر دو آتا ہے چنانچہ مصنف قواعد فارسی روشن علی انصاری نے لازم اسکو بتلایا
ہے جس کا ترجمہ ہندی مین سیکھنا ہے اور متعدی جسکا ترجمہ سکھانا اسیطرح مرزا غالب دہلوی
پنج آہنگ مین فرماتے ہین "آموختن ہم لازمی ہم متعدی است الخ" یہ ناصواب ہے کیا معنی کہ

جیسے خوردن یعنے کھانا کسی نہ کسی خوردنی چیز کا ہوتا ہے سیکھنا بھی کسی نہ کسی علم وہنر کا ہوتا ہے
خلاصہ کلام یہ ہے کہ باعتبار معنی اول متعدی بیک مفعول اور باعتبار معنی ثانی متعدی بدو مفعول ہوگا
ہان معنی اول کو بہ نسبت معنی ثانی کے لازم کہہ سکتے ہین مگر یہ لازم اضافی ہوگا نہ حقیقی اور ان ہو ضع
مین جہان کہین لازم مطلقاً بیان کیا جاتا ہے تو اوس سے فرد کامل یعنی لازم حقیقی مراد ہوتا ہے ورنہ

مثال کردن بسیط

کردن بسیط کو (جیسے فردوسی رح کا شعر ہے شعر سپہر و زمین و زمان کردہ است * کم و بیش گیتی بر آوردہ است
اے سپہر و زمین و زمان ساختہ است) بہ نسبت کردن مؤلف کے جیسے حضرت خسرو رح کے اس شعر مین شعر

مثال کردن مؤلف

دیدہ کج راز مژہ دام کن * دیدہ ز صاحب نظران وام کن * کسی نے لازم نکہا لیکن سراج المحققین
مصنف چراغ ہدایت جناب آرزو نے اسکا لزوم معنوی اور طرح ثابت کیا ہے اسکے حاصل معنی
خوگرفتن یعنی عادی ہونے کے بتلاے ہین جہان فرمایا ہے "آموختن معروف واین گاہے متعدی

جناب آرزو نے آموختن کو لازم کہا ہے مؤلف کی رائے

آید وگاہے لازم اول مشہور است دوم آنجا کہ حرف با بر مفعول آید چنانکہ راقم گوید شعر در بغل یار وچو موجم
ہمہ تن آغوش است * حسرتم بسکہ بخمیازہ کشیدن آموخت * بتماشاے تو ترسم کہ نظر نکشاید * دیدہ
بے روے تو از بس بہ ندیدن آموخت" * میری گزارش یہی ہے کہ میرزا سعد الدین راقم کے ان

نکتہ

اشعار مین لفظ آموخت اپنے مشہور معنون مین مستعمل ہوا ہے کیا معنی کہ شعر اول مین ضمیر متکلم منصوب
جو حسرتم کے متصل ہے آموخت کا مفعول اول ہے اور چونکہ یہ آموخت متعدی بیک مفعول ہے
بواسطۂ باء تعدیہ جو بخمیازہ مین ہے متعدی بدو مفعول بنا دیا گیا یعنی حسرت مرا خمیازہ کشیدن
آموخت۔ اسیطرح شعر ثانی مین نظر مقدر مفعول اول بہ ندیدن بواسطہ باے تعدیہ مفعول ثانی یعنی دیدہ
کہ بے روے تو آن نظر را ندیدن آموختہ است۔ اور نظر کا دیدن کے ساتھ انتساب کلام اساتذہ مین
موجود ہے چنانچہ پاک بین دور بین کے ساتھ اسکو متصف کرتے ہین صائب کا شعر ہے شعر
در وادیٔ کہ رو بقفا میروند خلق * در قعر چاہم از نظر دور بین خویش * خصوصاً دوسرے شعر مین
اکثر نسخون مین بجاے باء تعدیہ زای ثانیہ ہے اسوقت یہ آموخت ثانی بحالہ اپنے ایک مفعول
پر قانع ہوگا اور وہ مفعول بھی محذوف جسکا ندیدن بیان پڑا ہوا ہے یعنی دیدہ کہ در فراق روے
تو ندیدن آموختہ است۔ ترسم کہ بتماشاے تو نظر نکشاید۔ اور ممکن ہے کہ مفعول ثانی کشیدن ہو اور
بخمیازہ اسکا متعلق۔ اور اس قسم کا تعدیہ جو بواسطہ روابط ہو کلام عرب مین کثیر الوقوع ہے

اور فارسی مین کم جیسے زادن لازم بای تعدیہ کے ذریعہ سے متعدی بنا لیا گیا فردوسی کیخسرو کے ولادت کی داستان مین لکھتے ہین شعر در ایوان آن پیرہ سر پرہنر ؛ بزائی بکیخسرو نامور دوسرا تبدیل سین مہلہ کے ساتھ جیسے شناختن سے شناس - تیسرا تبدیل شین منقوطہ کے ساتھ جیسے فروختن بالضم بمعنی بیع سے فروش اور سینئے فروختن بمعنی اضاءت اور بمعنی بیع مین یہی مابہ الامتیاز ہے کہ بمعنی اضاءت محذوف الالف افروختن کا مخفف ہے بعد حذف الف کا فتح نقل کرکے فا کو دیا گیا اور جو بمعنی بیع ہے وہ کسیکا مخفف نہین اُس پر ضمہ اصلی ہے - پس اب یہ بات کہ جو بمعنی بیع ہے اُسکے مصدر اور بحث ماضی سے حذف الف کو واجب جاننا جیسے فروختن و فروخت الخ اور جو بمعنی روشن کرنے اور روشن ہونے کے ہے اُسپر ہمزہ کا وجود ضروری سمجھنا جیسے افروختن وافروخت الخ جسطرح مصنف پنج آہنگ جناب غالب مصدر افروختن کے ذیل مین فرماتے ہین لیکن در بحث مصدر حذف الف نتوان کرد چہ اندران صورت افروختن وافروخت فروختن وفروخت میگردد وآن بحثے است جداگانہ بمعنی جداگانہ" انتہے بجز اسکے اور کیا کہا جاے کہ محض عدم اعتنا ہے اور بس نظامی رح فرماتے ہین شعر سکندر زگرمی جہان برفروخت ؛ کہ از آتش دل زبانش بسوخت ، امیر خسرو شعر آتش مے گرچہ جہان برفروخت ؛ پنبۂ قرابہ ز آتش نسوخت ، مولوی معنوی شعر آفتابے کز وے این عالم فروخت ؛ اندکے گر پیش آید جملہ سوخت ؛ ولہ عشق آن شعلہ است کو چون برفروخت ؛ ہر کہ جز معشوق باقی جملہ سوخت ؛ اور یہ مصدر جلا دینے اور صیقل کرنے کے معنے مین بھی آیا ہے نظامی رح شعر نشاندنش بدانش در آموختن ؛ کہ گوہر شود سنگ ز افروختن ؛ ایسطرح دوختن بمعنی سینا یعنی خیاطۃ اور بمعنی دُوہنا یعنی حَلْب ان دونون معنی مین مستعمل ہے - معنی اول جیسے نظامی رح شعر قبا ے دو عالم بہم دوختند ؛ وزان ہر دو یک زیور افروختند ؛ اور معنی ثانی جیسے سراج الدین راجی کا شعر ہے شعر شیر ہر ماس دوخت تدبیرش ؛ وام افلاس توخت احسانش ؛ اسکا مخفف دختن بھی آیا ہے فردوسی رح شعر سرانجام چون شیر از و دختہ شد ؛ زن و مرد از کار پرداختہ شد ؛ مابہ الامتیاز انکی امر ہین کیا معنی کہ امر بمعنی اول دوز اور اسم آلہ دوزنہ یعنی مخیط اے سوئی آتا ہے اور امر بمعنی ثانی دوش اور اسم آلہ دوشنہ ودوشہ یعنی محلب اے دوہنا مستعمل ہے واللہ تعالی اعلم بالصواب - گسیختن کی بحث امر مسموع نہین اکثر قواعد نگارون کی یہی تحقیق ہے کہ

باء تعدیہ سے زادن لازم کا متعدی بنجانا - دوسری تبدیل سین مہملہ - تیسری تبدیل شین معجمہ کے ساتھ - فروختن بمعنی بیع - بمعنی اضاءت میں مابہ الامتیاز

دوختن بمعنی سینا اور بمعنی دوہنا دونون مین جدا شناخت

[illegible]

آختن اور آہیختن مقتضب ہین انکا مضارع یا امر مستعمل نہین مگر فصحاے عجم نے آزد اور آہیخد استعمال فرمایا ہے فردوسی رح شعر گہر آنکہ از فریدون بود * نیازد بہ بد دست و بد نشنود * اسکا مصدر مضارعی آزیدن بھی مستعمل ہے فردوسی رح شعر نیازید گرگین میلاد دست * بدان راہ رفتن میان را بہست * اس مین یای تحتانی بوقت ترکیب با نون نافیہ الف کی بدل لائی گئی ہے جیسے آید سے نیاید کہتے ہین۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ یاختن بالیا سے بغیر ترکیب آختن کا مبدل ہو چنانچہ فردوسیؒ کا شعر ہے شعر زمان تا زمان دست بر یافتی * سر شکش ز مژگان ببند اختی * کمال اسمعیل شعر ہر فرمایہ کہ او سوے بلندی یازد * زود بر گردد و سر زیر شود ہیچو بخار * اسیطرح آہیختن بھی مقتضب نہین اسکا مضارع آہیخد با ثبات خاء معجمہ آتا ہے میر معزی کا شعر ہے شعر چون برزم اندر بر آہیخی تو تیغی از نیام * چون بصید اندر تو از ترکش کشی تیر گزین * بستہ گرد و سرکشان را دست و خصمان را دہن * خستہ گرد و آہوان را چشم و گوران را سرین * اسکا مصدر مضارعی آہیخیدن بھی مستعمل ہے ابو المؤید شعر چون بر آہیخیدن تیغش بدید * در تن شیر ژیان شد زہرہ آب * اسی سے ہے دم آہنج بمعنی اژدہا کہ بدم بسوے خود کشندہ است و دود آہیخ دودکش مطبخ وحمام وغیرہ و عالم آہنج بادشاہ کی صفت ہے کہ وہ عالم کو اپنے زیر حکم کھینچتا ہے۔ اور اسکا مخفف آہختن بتخفیف یا اور ہیختن بحذف الف بھی مستعمل ہے فردوسی رح شعر ز آہیختن تیغہا از غلاف * کہ قاف را اور دل افتاد کاف * ابو شکور شعر چنانچہ مرغ ہوا پر و بال بر ہیخد * تو بر خلائق بر پر مردمی بر ہیخ * مگر چونکہ یہ تصریف استعمالات شاذہ سے ہے باب الخاء مین قاعدہ اثبات کو نہین بڑہایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

آختن و آہیختن مقتضب ہین مگر مضارع آزد و آہیخد کلام اساتذہ مین آیا ہے۔

ہیختن و آہیختن ہیختن و آہختن مخفف ہین

باب الراء

باب الراء

اس باب مین تین قاعدے جاری ہین اثبات و زیادت و اسقاط مع الزیادۃ۔ اول یعنی اثبات جیسے گستردن سے گستر خوردن سے خور اور یہ مصدر بمعنی لازم بھی آیا ہے فردوسیؒ کا شعر ہے شعر در انداخت تیغ پرند آورش * ہمیخواست از تن گسستن سرش * سر تیغ بر گردن رخش خورد * ببر بد برگستوان نبرد * جسکا حاصل معنی ٹکرانے اور لگنے کے قریب ہے۔ اور یہی سن لیجیے کہ خوردن اور اسکی ہر دو بخشین (بوجہ واو معدولہ) بفتح خاے معجمہ چاہیئے اسکو ضمہ کے ساتھ پڑھنا ناصواب ہے سعدی رح شعر مکن نماز بران ہیچکس کہ ہیچ نکرد * کہ عمر در سر تحصیل مال کرد و نخورد *

خوردن بمعنی لازم

اور کبھی جو رائے مہملہ مضموم الماقبل کا قافیہ واقع ہوجاتا ہے جیسے فردوسی رح شعر ترا زین جہان روز بر خوردنست * نہ ہنگام تیمار و پژمردنست * مولوی معنوی رح شعر ہر کہ تریاک خدائی را بخورد * گر خورد زہرے نگویش کہ بمرد * زلالی شعر چنان ساغرکہ در خون غوطہا خورد * بہ تحفہ پیش شاہ غزنوی برد ولہ تعریف عصا مین لکھتے ہین شعر زرنگ زندہ اش فیروزہ مردہ * رگ کان زمرد نیش خوردہ اس سے دھوکا نہ کھائین کہ خوردن بالضم مستعمل ہے بلکہ یہ وہی تغائر حرکت ماقبل روی ہے جسکو فصحاے متاخرین نے بھی جائز رکھا ہے جیسے ہش مخفف ہوش کا خوش کو قافیہ کر دیتے ہین۔ فردوسی رح شعر پس گستہم اشکش تیز ہش * کہ بارے دل بود و بامغز خوش * اور اسی قبیل سے ہے کردہ کو بردہ بالضم کے ساتھ قافیہ کرنا۔ فردوسی رح شعر ہمہ دیدہ اند انچہ من کردہ ام * غم و رنج و سختی کہ من بردہ ام ولہ ازان دشمنان لشکند شصت مرد * نماید یکے پہلوے دستبرد * اور اسی قبیل سے ہے گرد بالکسر گرد بالضم کا قافیہ پڑنا۔ فردوسی رح شعر ہمہ پاک در پارس گرد آمدند * بر دخمہ یزدگرد آمدند * اسیطرح کرد بالفتح کا گرد بالکسر کے ساتھ قافیہ واقع ہونا خاقانی رح شعر از صنعت چرخ دوست گردش * دوزخ زیر و جحیم گردش * واللہ تعالی اعلم بالصواب دوسرا زیادت یعنی قبل راے مہملہ کے یاے تحتانی زیادہ کیجاتی ہے جیسے مردن سے میر اور یہ مشہور ہے استشہاد کی ضرورت نہین اور کبھی بغیر اس زیادتی کے اسکا مضارع مرد بھی مستعمل ہوجاتا ہے امیر خسرو رح فرماتے ہین شعر زندہ باقی کہ جہان آفرید * کے مرد آن زندہ کہ جان آفرید * مولوی معنوی رح شعر بہر یزدان میزیدنے بہر گنج * بہر یزدان می مرد نز خوف و رنج * فردوسی رح شعر مگر خار یا سنگ خارا خورند * چو روزی سرآید خورند و مرند * مولوی معنوی رح شعر صد چراغت ار مرند ار بیستند * باش فارغ چون یگانہ نیستند * ولہ قبطیان تک میرند از تشنگی * از پئے ادبیر خود یا بدرگی * ولہ گفت اے سگ چون منافق زیستی * ہم منافق می مری تو چیستی * ولہ اگر سر ہمہ سوے خنجر بریم * بروزی بزادیم و روزی مریم * اسکو میرد کا مخفف کہنے مین سراسر تکلف ہے کیا ضرورت ہے کہ مردن سے میرد اور میرد سے پھر مرد بنایا جائے تیسرا اسقاط مع الزیادۃ یعنے بعد اسقاط علامت مصدر راے مہملہ کو حذف کرنے سے فقط ایک حرف کاف باقی رہگیا تو اسپر نون زیادہ کردیا جاتا ہے جیسے کردن سے کن بالضم اور یہ نون کی زیادتی ویسی ہی ہے جیسے زدن سے زن مین ہے اور خلاف

گردن و اہل کا قافیہ کبھی جو راے مضموم کا
خوردن کے ساتھ ہوتا ہے
کردہ کا بردہ سے قافیہ
گرد بالکسر کا گرد بالضم کے ساتھ قافیہ
گرد بالکسر کا کرد بالفتح کے ساتھ قافیہ
قاعدہ زیادت
مردن مین قاعدہ بلا زیادت اثبات کا بھی جاری ہوتا ہے
اسقاط مع الزیادۃ

قیاس فتح کاف کو ضمہ سے اس لیئے بدل دیا کہ اس تغییر غیر قیاسی پر وہ دلیل ہو اور نیز امر کندن کے ساتھ التباس کا کھٹکا نرہے۔ اور اسکی بحث امر باثبات راے مہملہ بھی بطریق شذوذ مستعمل ہی جیسے کرندہ مرادف کنندہ ساسان پنجم اپنی ہمشیر از دساتیر کے نامۂ جمشید مین کہتا ہے "وتوبشید کنندہ وکرندہ کردہ وآفریدہ رامے بینی و بینانی" واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

باب الزّاء

اس باب مین مصادر کثیر الاستعمال بین سوا ایک مصدر زدن کے اور مصادر قلیل الاستعمال مین سوائے آزدن کے پایا نہین گیا۔ اور اس باب مین فقط زیادت مفرد کا ایک قاعدہ جاری ہی اور وہ زیادت صرف ایک حرف نون کی زیادتی ہے جیسے زدن سے زن اور آزدن سے آزن۔ فردوسی رح **شعر** بنزدیک آن گرگ باید شدن ٭ سر وچشم اورا بہ تیر آزدن ٭ فرخی **شعر** چشم مخالفان بیازن بہ تیر ٭ ہمچون کف ولے بزر آزدی ٭ سید ذوالفقار علی شروانی **شعر** کشف کردار ہر کو درکشید ازطوق امرت سر ٭ بسان خارپشتش کردشست چرخ تیر آزن ٭ اور جیم کے ساتھ آجدن اسکا مبدل ہے اور زدن محذوف الصدر اسکا مخفف بھی آیا ہے فردوسی رح **شعر** بنزدیک آن گرگ باید شدن ٭ ہمہ چرم اورا بہ پیکان زدن ٭ اے بہ پیکان خستن۔ اور یہ مصدر رنگ کرنے اور استرہ وغیرہ سے بدن پر زخم لگانے اور سل اور چکی وغیرہ پر ٹانکی لگانے اور تیر یا نیزہ یا سوئی وغیرہ چبونے کے معنون مین آیا ہے باعتبار اسی اخیر معنی کے بخیہ زدن و اُتو بر جامہ کشیدن سے کنایہ کرتے ہین۔ فردوسی رح **شعر** بزد نیزۂ بر میان ددہ ٭ کہ شد سنگ خارا بخون آزدہ ٭ **ولہ** ہمہ راہ بیراہ گنبد زدہ ٭ جہان شد چو دیبا بزر آزدہ ٭ **ولہ** بداغ جگر شان کنی آزدہ ٭ کہ بخشایش آرد برایشان ددہ ٭ مگر زدن بمعنی خستن وبمعنی ضرب مین یہی فرق ہے کہ اول آزدن کا مخفف ہی اور بزاے فارسی مثلثہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے اور ثانی یعنی زدن بمعنے ضرب کا ل لفظ بلا تخفیف ہے۔ اور یہ نون زیادتون مین اکثر داخل ہوتا ہے خواہ افعال ہون خواہ اسما۔ افعال جیسے کردن ودانستن ومانستن کی بحث امر اور اسمون مین جیسے نازنین کی زا اور ہمگنان کے کاف کے بعد۔ کسو اسطے کہ اصل نازنین کے لفظ ناز پر یا ونون نسبت کا لگا یا گیا ہے زمین کی طرح اور اصل ہمگنان کی ہمہ پر الف ونون جمع کا ہے چنانچہ ہمگان کو بھی فصحاے عجم نے اپنے کلام مین برتا ہی۔ منوچہری کا

کردن کے امر کندن مین ضمہ کی وجہ

سلسان فرد وس موخر دوشش پونکر ایک شاہزادہ ایران سنے ترک لباس شاہی کر کے صورت قلندری اختیار کی تھی اسواسطے اسکو ساسان پکارنے لگے

منہ
رشید مخفے نور مطلق در پنجا اشراق باطن مرادست منہ

زدن بمعنی ضرب وزدن مخفف آزدن مین فرق

زدن آزدن پر زیادت
بمعنی کے

ہمگنان ہمگان کا مزید علیہ ہے

شعر ہے شعر بودن ہمگان را غرض و مصلحت ملک ٭ اور اغرض و مصلحت شاہ گہان ست ٭ سید حسن غزنوی شعر آرامش و رامش ہمگان ابد رماست ٭ نزد ہمگان صورت این حال عیان ست ٭ اور اس مین کاف عجمی ہمہ کی ہائے مختفی کا مبدل ہے۔

باب السین

اس باب مین تین قاعدے جاری ہین۔ تبدیل اور حذف صرف اور حذف مع الزیادۃ۔ اول یعنی تبدیل سین بزائے معجمہ جیسے خاستن سے خیز جسکا امالہ خیستن بھی آیا ہے یہ تورانیونکا محاورہ ہے اور اسی امالہ کے ساتھ بحث امر مستعمل ہے۔ سین اور زاء معجمہ بوجہ قرب مخرج ایک دوسرے سے بدل پڑجاتے ہین جیسے ایاز و ایاس اول تو مشہور ہے ایاس جیسے شیخ عطارؒ کا شعر ہے شعر گر تو مرد طالبے وحق شناس ٭ بندگی کردن بیاموز از ایاس ٭ دوسرا یعنی تبدیل سین بلام جیسے گسستن سے گسل۔ لام اور سین مین کوئی قرب مخرج بھی نہین اور نہین معلوم کیا مناسبت خاص ہے کہ ایک دوسری کا بدل پڑجاتا ہے چنانچہ صاحب جواہر الحروف نے یہ دو لفظ سج و لج بمعنی رخسار اسی مبادلت کی سند مین پیش کیئے ہین اور ممکن ہے کہ یہان حذف مع الزیادۃ ہو یعنی بعد حذف سین مہملہ لام زیادہ کیا گیا۔ اور لام کا زیادات اور دعامون مین حروف علت کی طرح داخل ہونا ثابت ہے جیسے لفظ الف مین جو ایک حرف کا نام ہے لیعنی قاف و کاف مین حرف علت اور الف مین لام دعامہ پڑا ہے تو اب یہ گسستن و گسل کی بحث کی طرح حذف مع الزیادۃ کے قاعدہ مین درج ہوگا واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب تیسرا تبدیل سین بہائے ہوز جیسے کاستن سے کاہ و خواستن سے خواہ جستن و رستن بفتحہما سے جہ و رہ۔ یہ تبدیل موافق قیاس ہے جیسے خروس و خروہ اماس و اماہ۔ اور کسرۂ ماقبل ہا بضرورت ہا سے ظاہر ہے اسکی تحقیق بیان اضافت مین آچکی ہے خصوصاً جہ مین یہ بھی ممکن ہے کہ جیستن اسکی اصل ہو بعد حذف یائے تحتانی و تبدیل سین باہا جہ رہگیا مولوی معنویؒ کا شعر ہے شعر چون بدیدم صبح رویت درزمان برجیستم ٭ گرم در کار آمدم موقوف مطرب نیستم ٭ ثانی حذف صرف جیسے دانستن سے دان مانستن سے مان زلیستن سے زی آراستن و پیراستن سے آرا و پیرا آرائے و پیرائے (یہ وہی یائے زائد ہے کہ جسکا حال کشادن کے ضمن مین بیان ہوا) اور گریستن سے گری و رلیستن سے ری

اور رسیدن مصدر جعلی ہے اور استعمال اسی جعلی کا اکثر ہے رسیتن اور اسکی بحث ماضی ذراکم مستعمل ہے شیخ اوحدی کا شعر ہے **شعر** رسیتن گیر دست زخوردن زشت * بدرست باید آمدن زبہشت ** تاج بہا **شعر** باقناعت ہمیشہ باید زیست * بربروت طمع بباید ریست * ثالث **حذف مع الزیادۃ** یعنی بعد حذف سین کبھی صرف ایک حرف نون زیادہ کیا جاتا ہے جیسے شکستن سے شکن اور نون کا زیادات مین داخل ہونا باب الزاء مین بیان کیا گیا۔ کبھی صرف واو زیادہ کیا جاتا ہے جیسے جستن ورستن وشستن بضمہا سے جو وجوے ورو وروے شو وشوے بضمہا یعنی بعد اسقاط علامت مصدر سین بھی حذف کر دیگئی صرف ایک حرف مضموم رہگیا تو بمناسبت اُسی ضمہ کے حروف زیادات علّتیہ مین سے واو زیادہ کر دیا گیا اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہان واو سین کا مبدل ہوان مین کوئی مناسبت خاص ہے کہ جس سے ایک دوسرے کا بدل پڑجاتا ہے اور بعض اسمون مین بھی یہ مبادلت واقع ہے چنانچہ صاحب جواہر الحروف نے اسی کی سند مین یہ دو لفظ بالُس وباتو بمعنی ترنج پیش کیا ہے اور یہ تکلفات اس لئے کیئے جاتے ہین کہ کیف ما اتفق کسی حرف کو کسی حرف کا بدل قرار دیدینا خلاف تحقیق ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ یائے تحتانی بعد ان واؤن کے زائد محض ہے جسطرح الف مدہ کے بعد زائد ہوتی ہے۔ اور کبھی دو حرف زیادہ کیئے جاتے ہین اور وہ کبھی نون ودال ہونگے جیسے بستن سے بند پیوستن سے پیوند۔ اور کبھی یا و نون جیسے نشستن سے نشین۔ اسکا تعدیہ نشاختن ونشاستن ونشانستن ونشاندن آتا ہے۔ فردوسی رح **شعر** باکرام شاہانہ بنواختش * برخویش بر تخت بنشاختش * اسدی **شعر** ہم از تخم شہ پادشاہی نشاست * برو رسم پاژ انچہ بدکرد راست * مولوی معنوی رح **شعر** اکنون کہ بدانستم چند انکہ توانستم * بہر تو نشانستم ازمات سلام اللہ * نظامی رح **شعر** نشاندش بدانش در آموختن * کہ گوہر شود سنگ زافروختن * اور اس مصدر اور اسکے کل مشتقات سے نون اول اصلی حذف بھی کیا جاتا ہے جیسے نشستن سے شستن وشست وشین اور اسکا تعدیہ شاندن آتا ہے امیر خسرو رح **شعر** شست صراحی بدو زانو بہ پیش * دختر رز شاند بزانوے خویش * نظامی رح **شعر** کمر بند و بیداری بخت بین * کلہداری کن سر تخت شین * مولوی معنوی رح **شعر** [صفحہ ۳] بہر این مقدار آتش شاندن * آب پاک و بول یکسان شد بفن * اسکا متعلق جو در اصل اسکا مفعول ہے اکثر حروف صلہ بر و در کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے یہ ظاہر اور معروف ہے اور کبھی بغیر حرف صلہ جیسے شعر مذکور مین سر تخت شین

حذف مع زیادۃ نون

حذف مع زیادۃ واو

حذف مع زیادت نون ودال

حذف سین مع زیادت یا و نون

نشستن کا تعدیہ نشاختن ونشاستن ونشاندن ونشانستن آیا ہے

نشستن کی بحث ام مصدر کی بحث مع محذوف الصدر یعنی شستن وشین بلا نون بھی مستعمل ہے

اس محذوف الصدر کا تعدیہ شاندن آیا ہے

اور کبھی را کے ساتھ جیسے فردوسی رح کا شعر ہے **شعر** چو بشنید رستم میان را ببست ؛ وز انجایگہ رخش را برنشست ؛ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب۔

باب الشین

اس باب مین پانچ قاعدے جاری ہین اثبات و زیادت و حذف و تبدیل صرف و تبدیل مع الزیادہ اول یعنی **اثبات** جیسے کشتن بالضم سے کُش بالضم کبھی بحکم ضرورت اُن الفاظ کے ساتھ ہمقافیہ ہوجاتا ہے جنکا ماقبل ردی مکسور ہے فردوسی رح کا شعر ہے **شعر** دو بہرہ ز توران سپہ کشتہ شد ؛ ز خون شان زمین چون گل آغشتہ شد ؛ دوسرا قاعدہ یعنی **زیادت** جیسے شدن سے شو بالفتح یہان بھی اُسی قسم کا اشباع ہے جس کو ہم رُستن و جُستن بالضم مین بیان کر آئے ہین یا یہ بات کہ دراصل یہ شدن شودن کا مخفف ہو اور یہی مخففہ کثیر الاستعمال اور اصل بہت کم مستعمل ہے۔ نظامی رح کا شعر ہے **شعر** پشیمان شو اکنون کہ چون گاہ شود ؛ ندارد پشیمانی آنگاہ سود ؛ صاحب غوامض سخن حضرت صہبائی رحمۃ اللہ علیہ نے فردوسی رح کا یہ شعر سند مین نقل فرمایا ہے **شعر** چو تور آنچنان دید غمگین بشود ؛ بدان کش چنین بخت برگشتہ بود ؛ جس طرح بود سے بدن بھی آیا ہے لیکن بودن مین برعکس اصل کثیر الاستعمال ہے اور مخففہ قلیل انشاء اللہ تعالے شانہ اسکی تحقیق باب الواو مین کیجائیگی پس یہ مصدر باعتبار اس اصلیت کے باب الواو مین درج ہونا چاہیئے تھا لیکن مصادر کی کثیر الاستعمالی صورت پر ابواب باندھے گئے ہین۔ اور شین کا ضمہ بحث امر مین بخوف التباس امر شستن فتح سے بدلدیا گیا۔ تیسرا یعنی **حذف** جیسے برشتن بکسر را کے اشباع سے بریشتن بنالیا پھر بحث امر مین شین کو حذف کرکے بری بنالیا جیسے گرستن و گریستن سے امر گری بنالیا گیا ہے ہان اتنی بات ہے کہ گرستن و گریستن ہردو مستعمل ہین اور بریشتن یاء تحتانی کے ساتھ میری نظر سے نہین گزرا۔ اگر اسکے عدم استعمال پر نظر کرتے اسکو حذف مع الزیادہ کی فصل مین درج کردین گنجایش رکھتا ہے مگر تبدیل صرف مین داخل کرنا یعنے یاے تحتانی کو شین منقوطہ کا مبدل قرار دینا بالکل خلاف تحقیق ہے۔ پانچوان قاعدہ **تبدیل مع الزیادہ** یعنی کبھی شین معجمہ کو راے مہلہ سے بدلکر بعد مین دال زیادہ کیجاتی ہے جیسے گشتن سے گرد نوشتن سے نورد بفتح واو بمعنی طے کردن و پیچیدن اور کبھی شین معجمہ کو سین مہلہ سے بدل کر اُس سے قبل یاے تحتانی زیادہ کیجاتی ہے جیسے نوشتن سے نویس بکسر واو بمعنی کتابت مگر بحث مصدر مین

باب الشین

شدن دراصل شودن بالواو کا مخفف ہے

قاعدہ حذف حرف شین معجمہ

تبدیل شین معجمہ بالراء مہلہ مع زیادتی یاے تحتانی

بحکم ضرورت کسرہ واؤ فتح سے بدلدیا جاتا ہے اسکی بحث مصدر بجاے واؤ باے موحدہ کے ساتھ بھی مستعمل ہے جیسے نبشتن نبشت نبشتہ وغیرہ اور رشتن بالکسر سے (جوکہ تاگے وغیرہ کے کاتنے کے معنون مین ہے) ریس اور ریسیدن اسکا مصدر مضارعی ہے۔

نوشتن مین واؤ باء موحدہ سے بدلکر نبشتن بھی ہوجاتا ہے

باب الفاء

(۱) الف

اس باب مین چھ قاعدے جاری ہین اثبات و زیادت و تبدیل فقط و تبدیل مع الزیادۃ و حذف فقط و حذف مع الزیادۃ۔ اول **اثبات** جیسے بافتن سے باف و شگافتن سے شگاف اور شگفتن بھی اسی قاعدہ مین داخل ہے کسواسطے کہ شگفد اسکا مضارع آتا ہے فردوسیؒ کا شعر ہے **شعر** دو چشمش گوزن دو ابرو کمان ٭ تو گفتی ہمی بشگفد ہر زمان ٭ شگفیدن اسکا مصدر مضارعی آیا ہے۔ فردوسیؒ **شعر** چو نامہ برسام نیرم رسید ٭ ز شادی رخش ہمچو گل بشگفید ٭ اور اشگفتن متعدی بھی آیا ہے ہاتفی کا شعر ہے **شعر** اے غافل یاوہ گو چہ گفتی ٭ وے خار جفا چہ گل شگفتی ٭ مولوی معنوی **شعر** سید الاعمال بالنیات گفت ٭ نیت خیرت بسے گلہا شگفت ٭ اسکا امر بحسب قیاس شگفت ہونا چاہیئے تھا مگر وہ مستعمل نہین جیسے بودن کا مضارع بود۔ اور حاصل بالمصدر بوش مستعمل مگر اسکا امر بحسب قیاس بو مستعمل نہین۔ دوسرا **زیادت** جیسے خفتن بالضم بمعنی نوم سے خفت بالضم سواے اس ایک صیغہ امر کے اور بحث مضارع مسموع نہین سعدیؒ فرماتے ہین **شعر** شتر بچہ با مادر خویش گفت ٭ پس از رفتن آخر زمانے بخفت ٭ ولہ سر از خواب برکردہ شوریدہ گفت ٭ مرا فتنہ خوانی و گوئی مخفت ٭ یہ خلاف قیاس باوجود التباس صیغۂ ماضی جائز رکھا گیا ہے جنہون نے اسکو خفتیدن سے فرمایا ہے یہ انکا عدم اعتنا ہے بلکہ خفتیدن خود اُس خفت سے بنا ہے یعنی خفتن کا مصدر مضارعی ہے اور خفتن کا امر خواب قرار دینا بھی نہین چاہیئے کیا معنی کہ خواب مصدر جعلی خوابیدن کا امر ہے اسکا تعدیہ خوابانیدن اور اُسکا مخفف خوابنیدن مستعمل ہے نظامیؒ **شعر** سہی سروش ببالین خوابنیدہ ٭ سرشک از لالہ و گل بر دمیدہ ٭ اسکا بیان بحث مصدر مین گزرچکا ہے۔ اور خسپ بھی ایک جداگانہ امر ہے جسکا مصدر وغیرہ مستعمل نہین بیند و بین کی طرح کہ انکی بحث مصدر موجود نہین اور خسپیدن مصدر جعلی ہے۔ اور خفتن بالفتح بمعنی خمیدن و کج شدن مقتضب ہے اسکی بحث امر میری نظر سے نہین گزری ناصر خسرو **شعر** امروز ہمی ضعیف بینی ٭ این قامت خفتۂ نزارم ٭ میر معزی **شعر** اے دہانت تنگ و زلفت خفتہ از بہر منست ٭ پشت من چون زلف داری

قاعدہ اثبات فا

شگفتن بھی قاعدہ اثبات مین داخل ہے

شگفیدن شگفتن کا مصدر مضارعی ہے

اشگفتن متعدی بھی آیا ہوا

دوسرا قاعدہ زیادت

خفت خفتیدن کا امر ہے خفتیدن خود اسکا مصدر مضارعی ہے

خواب خفتن کا امر نہین خوابیدن مصدر جعلی کا امر ہے

خفتن بالفتح مقتضب ہے

ولم ہمچون وہان ٭ تیسرا قاعدہ **تبدیل فقط** اور یہ تبدیل کبھی تو باء موحدہ سے جیسے کوفتن سے کوب
یافتن سے یاب اور یہی مصدر کبھی واو کے ساتھ بھی مستعمل ہے حکیم نزاری قہستانی **شعر** بیک غمزہ رگ جانش
بکاود ٭ شود گم درو سے وخود را نیاود ٭ اے نیابد- اسیطرح شیفتن بمعنی دیوانہ و پریشان شدن بھی
جس سے شیفتہ مشتق ہے بحث امر مین واو اور باء موحدہ ہر دو کے ساتھ مستعمل ہے حکیم اسدی
شعر زخواری و رنجے کہ آید شیب ٭ کہ گیتی چنین ست بالا و شیب ٭ فردوسی رح **شعر** چو در خنجر روز
بگربخت شب ٭ ہمیرفت شیوان دل وخشک لب ٭ کبھی صرف واؤ سے جیسے رُفتن سے رُو بالفتح
کافتن سے کاو گفتن سے گو اور گوے شُنفتن سے شنو جاننا چاہیے کہ شنودن وشنیدن ان ہر دو کو جداگانہ
مستقل مصادر اصلی قرار دینا میری سمجھ مین نہین آتا کیا معنی کہ شُنفتن سے بقاعدۂ تبدیل گفتن ورفتن کی
طرح امر شنو حاصل ہوا اور بحسب ضابطہ مشہور امر حاضر اور علامت مصدر کے درمیان یاے تحتانی کی زیادت
سے مصدر جعلی شنویدن بنا لیا گیا چنانچہ قدما کے کلام مین یہ بھی مستعمل ہے اور نوشیدن بمعنی سمع اور اس کا
مزید علیہ نیوشیدن اُسی شنویدن کا قلب ہے مولوی معنوی رح **شعر** لیک نادانستہ آرم این زمان ٭ تا کہ ہر
گوشے ننوشد این نہان ٭ **ولہ** تو چہ دانی تا ننوشی قال شان ٭ زانکہ پنہانست بر تو حال شان ٭ **ولہ**
ما بری از دعوتت دعوت ترا ٭ ما نیوشیم این دم تو کافرا ٭ مگر اسکا مزید علیہ نیوشیدن کثیر الاستعمال ہے-
یہ قاعدہ قلب کا اور مصدرون مین بھی جاری ہے جیسے سُکستن بضمتین گسستن کا قلب ہے مولوی
معنوی **شعر** گندم ار بشکست وزہم درسُکست ٭ بر دکان آمد کہ نک نان درست ٭ فردوسی **شعر** غل و
بند درہم سُکستم ہمہ ٭ دوان آمدم پیش شاہ رمہ ٭ ممکن ہے کہ نوشیدن مصدر جداگانہ مستقل ہو اور
نوشیدن بمعنی سمع اُسکا مخفف واللہ تعالی اعلم- سو یہی شنویدن کبھی تخفیف واؤ سے شنیدن کر لیا
(اے مصدر مضارعی شنفتن ۱۲)
جاتا ہے اور کبھی تخفیف یاے تحتانی سے شنودن اور کبھی بحکم ضرورت واو اور یاء تحتانی دونون
حذف کر دیئے جاتے ہین فردوسی رح **شعر** گریزان بہ بالا چرا بر شدی ٭ چو آواز شیر ژیان بشندی ٭
اور کبھی بزیادتی الف اشنیدن بھی کہا جاتا ہے مولوی معنوی رح **شعر** دید صد چندان کہ وصف اشنیدہ بود ٭
کے بود خود دیدہ مانند شنود ٭ مگر شُنفتن صرف سمع یعنے سننے کے معنون مین آتا ہے اور شنودن
وشنیدن سننے اور سونگھنے کے ہر دو معنون مین مستعمل ہے جیسے فیضی کا شعر ہے **شعر** فیلان کہ مقیم
بیشہ بودند ٭ بوے زروندگان شنودند ٭ فردوسی رح **شعر** کہ داند کہ گیتی چہ او را نمود ٭ چہ گویم کہ گوش

تیسرا قاعدہ تبدیل فقط
یافتن
شیفتن کی بحث امر مین تبدیل یاے اور واو ہر دو کے ساتھ جائز ہے

[illegible]

شنودن اور شنیدن کی تحقیق

نوشیدن و نیوشیدن بمعنی سمع شنویدن کا قلب اور مزید علیہ

[illegible]

شنویدن کبھی واو حذف ہو کر شنیدن اور کبھی یے حذف ہو کر شنودن اور کبھی واو اور یے دونون حذف ہو کر شنیدن رہجاتا ہے۔
بڑھا الف زیادہ کر کے شنیدن اشنیدن بھی کہتے ہین۔
شنودن و شنیدن سننے اور سونگھنے کے دونون معنون مین مستعمل ہین

این بیار و شنود ٭ اور شنیدن کے دونون معنی اس ایک شعر سے واضح ہین حافظ رح شعر بیے خوش
تو ہر کہ زباد صبا دم شنید ٭ از یار آشنا خبر آشنا شنید ٭ چوتھا **تبدیل مع الزیادة** یعنی فے کو با موحدہ
سے بدل کر قبل اس بے کے نون زیادہ کیا جاتا ہے جیسے سفتن بالضم سے سُنب **شعر** خنجر او سر تگین گزرش
بود گردن شکن ٭ تیر او پولاد سنب رمح او سندان گزار ٭ سنبیدن اسکا مصدر مضارعی ہے۔ پانچوان
حذف فقط جیسے پزیرفتن سے پزیر۔ چھٹا **حذف مع الزیادة** جیسے گرفتن سے گیر یہان یاے
تحتانی اشباع کسرہ سے پیدا ہوگئی۔ جاننا چاہیئے کہ اس لفظ گرفتن کی حرکات مین اختلاف ہے مگر قول تحقیق
کسرۂ کاف فارسی و فتح راء مہملہ ہے چنانچہ فردوسی رح فرماتے ہین **شعر** سر و دل پر از کینہ کرد و برفت ٭
تو گوئی کہ عہد فریدون گرفت ٭ کبھی بحکم ضرورت ان الفاظ کے ساتھ ہم قافیہ کر دیا جاتا ہے جنکا حرف
ماقبل روی مکسور و مضموم ہے۔ مولوی معنوی رح **شعر** یک بیک را حاجبہ جستن گرفت ٭ تا پدید آید گہر
بنگر شگفت ٭ فردوسی رح **شعر** سبک دشتبان گوش شہا بر گرفت ٭ غریوان از و ماند اندر شگفت ٭ اسکے
نظائر بہت ہین جیسے رفتن کو خفتن و آشفتن کے ساتھ ہم قافیہ کرنا فردوسی رح **شعر** چو رفتند بیدار
دل رفتہ بود ٭ کہ بخت چنان بادشہ خفتہ بود ٭ **ولہ** سیاوش بگفت آن کجا رفتہ بود ٭ وزان کو بسو دایہ
آشفتہ بود ٭ **ولہ** شبا روز مادر زمی خفتہ بود ٭ زمی خفتہ و ہم زہش رفتہ بود ٭ واللہ تعالیٰ اعلم
اور یہ مصدر لازم بھی آیا ہے۔ حافظ فرماتے ہین **شعر** بگرفت ہمچو لالہ دلم در ہواے سرو ٭ اے مرغ
وصل کے شوی آخر بدام ما ٭ **ولہ** نگرفت در تو گریۂ حافظ ہیچ رو ٭ حیران آن دلم کہ کم از سنگ خارہ نیست ٭

چوتھا قاعدہ تبدیل مع الزیادت

پانچوان قاعدہ حذف صرف کا

گرفتن کی رے کی حرکت کا بیان

رفتن بالفتح کا خفتن بالضم کے ساتھ ہم قافیہ ہوجانا

گرفتن بمعنے لازم کی سند

باب المیم

اس باب مین سواے ایک مصدر کے اور کوئی نظر نہین آیا اور اس مین صرف ایک حذف مفرد کا
قاعدہ جاری ہے جیسے آمدن سے آ اور آمی یہان بھی زیادتی یاے تحتانی کی اُسی قسم کی غیر واجب
ہے جسکی تحقیق مکرر سہ کرر لفظ خدایا کی تحقیق اور بیانِ اضافت اور اسی بحث کی باب الف مین مصدر
کشادن کے ضمن مین گزر چکی ہے حاشا وکلا یہ (ے) ہرگز میم کے بدلے مین آئی ہوئی نہین ہے
جیسے اور قواعد نگارون نے عدم اعتنا سے لکھدیا خصوصاً مصنف جواہر الحروف محقق فرزانہ بہار اور
انکے اتباع صاحب تحقیق القوانین صاحب ہفت قلزم صاحب قوانین دستگیری وغیرہم سے سخت تعجب ہے
کہ وہ تحقیقات کے ایسے درپے اور پھر انہون نے بلا مناسبت کیسی آنکھ بند کئی آمی مین (جو آمدن سے

باب المیم

امر حاضر کا صیغہ ہے) یای تحتانی کو ہمزہ کا بدل کہدیا اسیطرح آرا ے وپیرا ے مین (جو آراستن وپیراستن سے امر حاضر کے صیغے ہین) یاے تحتانی کو سین مہملہ کا بدل کہدیا ہے یہ خلاف تحقیق ہے یہ وہی یاے زائدہ ہے جو الف مدہ کے بعد در صورت عدم ترکیب جوازا جیسے آوای آراو آرای پیرا و پیراے اور وقت ترکیب تحمل حرکت کے لیئے وقایۃً وجوبًا زیادہ کی جاتی ہے واللہ تعالی اعلم بالصواب کبھی بحکم ضرورت اس مصدر آمدن کا ایک الف حذف بھی کردیا جاتا ہے مولوی معنوی رح **شعر** رحمت اندر رحمت آید تا بسر ؛ بر یکے رحمت فرومامے پسر ؛ امے فرومیا ۔

باب نون

باب النون

اس باب مین صرف ایک اثبات کا قاعدہ جاری ہے جیسے افگندن سے افگن آگندن سے آگن کندن سے کن ۔ واللہ تعالی اعلم

باب الواؤ

باب الواؤ

قاعدہ اثبات

یہ باب دو قاعدون کو مشتمل ہے اثبات اور تبدیل ۔ **اثبات** جیسے غنودن سے غنو ۔ سعدی رح **شعر** نغنوم زان رو خیالش را نمی بینم بخواب ؛ دیدہ گریان من یک شب غنودی کاشکے ؛ بودن کا صیغۂ امر حاضر مستعمل نہین لیکن قیاس یہی چاہتا ہے کہ بُو اسکا امر ہو کیونکہ بود بوَے بوم اُسکا مضارع مستعمل ہے فردوسی رح **شعر** کہ تا من بگیتی بوم زندہ را ؛ ز ترکان اگر شاہ و گر بندہ را ؛ اور بوجو بمعنی آرزو و اشتیاق آتا ہے وہ بویہ کا مخفف ہے چنانچہ بویہ بھی خود مستعمل ہے فردوسی **شعر** ترا بویۂ دخت مہراب خاست ؛ دلت خواہش سام یرم بکاست ؛ اسیطرح حاصل بالمصدر بوش بمعنے تقدیر اساتذہ کے کلام مین مستعمل ہے کیا معنے کہ یہ حاصل بالمصدر امر حاضر پر شین ماقبل مکسور لاحق کرنیسے حاصل ہوتا ہے فردوسی رح **شعر** بہ بخشود یزدان نیکی دہش ؛ ہمیکے بودنی داشت اندر بوش ؛ **وله** نوشتہ چنین بود مان از بوش ؛ بر سم بوش اندر آمد روش ؛ اور اسکا مخفف بُدن اور اُسکی تمام بحث اسی تخفیف کے ساتھ بھی مستعمل ہے مولوی معنوی رح **شعر** چیست دنیا از خدا غافل بدن ؛ نے قماش و نقرہ و فرزند و زن ؛ فردوسی رح کا ہجویہ شعر ہے **شعر** چو دیہیم دارش نبُد در نژاد ؛ ز دیہیم داران نیاورد یاد ؛ اگر مادر شاہ بانو بُدے ؛ مرا سیم و زر تا بزانو بدے ؛ **وله** کہ پیش از تو شاہان فراوان بُدند ؛ ہمہ تاجداران گیہان بُدند ؛ **وله** با یرانیان گفت بیدار بید ؛

۲ قاعدہ تبدیل

پالودن مائیات کے چھاننے کے لیے موضوع ہی خواہی بالفعل مائی ہون خواہی بالقوہ

باب الواو مین قاعدہ زیادت بھی ہی چونکہ وہ مصادر شاذۃ الاستعمال میں لایا جاتا ہی بیان نہیں کیا

کہ من کردم آہنگ دیو سپید ؛ ثانی **تبدیل** جیسے نمودن سے نما اور نمائے یہان امر مین فتح نون کا ضمہ سے بدلدیا گیا تا واو مبدلہ پر دلالت کرے اور پالودن سے پالا اور پالاے یہان بھی یاے تحتانی بعد مدہ زائد ہے جسکا کئی بار ذکر ہوچکا ہے یہان ایک بات یاد رکھنے کے لایق ہے کہ پالودن پانی شراب نیل جیسے مائیات کے چھاننے صاف کرنے کو کہتے ہین اگرچہ وہ بالفعل مائی نہون بعد پگلانے کے اُن مین مائیت و سیلان پیدا ہو جیسے سونا چاندی نظامی رح **شعر** گہر سفت نتوان آسودگی ؛ بود نقرہ محتاج پالودگی ؛ بعض وقت مطلق پاک و صاف کرنے کے معنون مین استعارہ کرلیا جاتا ہے فردوسی رح **شعر** بہ داور پاک بنمود شان ؛ ز آلودگیہا بپالودشان ؛ جسطرح بیختن آٹے خاک راکھ جیسے خشک چیزونکو چھاننے صاف کرنے کو کہتے ہین بعض وقت مطلق کسی مسئلہ کے تفتیش کے موضع مین مستعمل ہوتا ہے ۔ جاننا چاہیئے کہ ایک قاعدہ زیادتی کا بھی اس باب مین جاری ہی چونکہ وہ مصادر شاذۃ الاستعمال مین سے ہے ہمنے اسکو ذکر نکیا جیسے بپسودن سے بپساو داس مین دو طرح تخفیف کیجاتی ہے ایک تو باے موحدہ کو حذف کرکے پسودن کہتے ہین دوسرا باء فارسی کو حذف کرکے بسودن کہتے ہین ابو الفرج کا شعر ہے **شعر** بعون عدل تو صیاد عدل بپساود ؛ سرون آہوے نخچیر بے وسیلۂ دام ؛ **ولہ** کوہ بپسود زخم تیرش و گفت ؛ صاعقہ است این نہ تیر داغو ثا ؛ حکیم سوزنی **شعر** بخاک وادی آن چہرہ کہ آبلہ کرد ؛ باستین حریر ارچہ نرم بپسودی ؛ فردوسی رح **شعر** نگہ کرد پیکار دو پیل مست ؛ خروشان چو رعد و پساوان دو دست ؛ **ولہ** بتان را بشاہ نو آئین نمود ؛ کہ بودند چون گوہر نابسود ؛

مصدر پیسودن کی تحقیق

باب الیاء

قاعدہ حذف

قاعدہ زیادت

اس باب کے مصادر مستعملہ مین فقط دو قاعدے حذف مفرد اور زیادت مفرد کے میرے دیکھنے مین آئے ۔ اول **حذف** جیسے رسیدن سے رس بُریدن بالضم سے بُر بالضم بمعنی قطع گزیدن بالفتح سے گز ۔ دوسرا **زیادت** مثلاً گزیدن بالضم سے گزین اور بُریدن بالضم بمعنی قطع کا امر جیسے بُر بالضم محذوف الیا آتا ہے جیسے قاعدۂ اولی حذف مین عرض کیا گیا بُرین بالضم بزیادتی نون بھی آتا ہے جس کا حاصل بالمصدر برینش و برین مستعمل ہے مولوی معنوی **شعر** چون بُرید او داد او را ایک بُرین ؛ ہمچو شکر خوردش و چون انگبین ؛ نظامی رح **شعر** دلے باید اندیشہ را تیز و تند ؛

بر نیش نیاید ز شمشیر کند ✦ جاننا چاہیئے کہ اسی باب الیا مین دیدن ایک ایسا مصدر ہے کہ باعتبار بحث امر کے مقتضب ہے یعنی دیدن مصدر اور ہے بین مشتق اور انکے باہم کچھ تعلق اشتقاق نہین یعنے دیدن کا مضارع اور امر نہین آتا اور بین کا مصدر اور ماضی نہین آتا ہان معنون مین ترادف ہے اس بارہ مین مولانا صہبائی رحمہ اللہ تعالے کا ہمزبان ہون چیدن سے چین اور یہ مصدر مع کل مشتقات تخفیف یا چدن وچد وچن بھی کلام فصحا مین مستعمل ہے فردوسی[۱۳۲] شعر ہمی گل چدند از لب رود بار ✦ زنان چو گلستان وگل در کنار ✦ وله[۱۳۳] ترا آرزو جنگ و پیکار نیست ✦ اگر گل چنی راہ بے خار نیست ✦ وله بہار آمد از گلستان گل چنم ✦ ز روے زمین شاخ سنبل چنم ✦ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ✦

بحث الحرف

جو کلمہ کہ اپنے معنون پر بنفسہ دلالت نکرے یعنی اپنی مفہومیت مین مستقل نہو کیا معنی کہ جتبک دوسرا کلمہ اسکے ساتھ نہ ملے اسکا معنی کچھ نہ سمجھا جاے وہ حرف ہے جیسے از و در و بر حروف کئی قسم کے ہین حروف جر[۱]۔ حروف مشبہ بالفعل[۲]۔ نہ دنے مشبہ بہ نیست[۳]۔ نہ نفی جنس کا[۴]۔ نا وبی کہ جنکی ترکیب سے وہ مرکبات صفت مشبہ منفیہ کا کام دیتے ہین جسطرح لفظ باصفت مشبہ مثبتہ کے معنی پیدا کرتا ہے۔ حروف نواصب اسم[۵]۔ حروف شرط[۶]۔ حروف جازمہ[۷]۔ حروف عاطفہ[۹]۔

اوّل[۱] حروف جر چونکہ یہ حروف معنی[۵] فعل کو اپنے متصل و مابعد تک پہونچا دینے کے لیئے موضوع ہین حروف صلہ و روابط بھی انکو کہا جاتا ہے اور جر بمعنی کشیدن بھی ہے تو یہ حروف بھی معنی فعل کو اپنے ملحق و متصل تک کھینچ لاتے ہین اور جر عربی مین ایک اعراب مخصوص کا نام بھی ہے یعنی کلام عرب مین کسی کلمہ پر ان حروف کے داخل ہونے کا اثر اس اعراب خاص کے پیرایہ مین ظاہر ہوتا ہے تو حروف جر کے ساتھ اسکو ملقب کرتے ہین چونکہ اعراب کی بحث زبان عرب کے ساتھ مختص ہے اعجام ان دقیقون سے بے بہرہ ہین پس یہ تسمیہ اس وجہ کے ساتھ مخصوص بزبان عرب ہوگا واللہ تعالی اعلم بالصواب اور حروف جر مین سے ایک تو لفظ آز ہے اور اسکا مخفف ز یہ کئی معنون مین مستعمل ہے ایک از ابتدائیہ اور از ابتدائیہ ایک امر ممتد کی ابتدا کے لیئے موضوع ہے یعنی از اور اسکا مجرور جس فعل کے ساتھ متعلق ہو وہ فعل امر ممتد ہونا چاہیئے مگر عام ہے کہ ممتد[۶] بنفسہ ہو جیسے عرفی کا شعر ہے شعر از در دوست چہ گویم بچہ عنوان رفتم ✦

مصدر دیدن مقتضب ہے

چیدن بتخفیف یا چدن بھی آیا ہے

بحث الحرف

حروف کی نو قسمین ہیں

اول حروف جر

معنی فعل ۵
کہ افعال مین اور اسما فاعل ومفعول اور صفت مشبہ ومصدر اور ظرف اور اسم اشارہ وغیرہ مین مضمن معنی فعل ہوتی ہے صرف یہی ہے ضرورت معنی فعل کہنا کافی ہے فعل یا معنی فعل کہنے کی ضرورت نہین واللہ تعالی اعلم بالصواب ✦

ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرمان رفتم ٭ کیا معنی کہ رفتن خود ایک امر ممتد ہے نظامی رح **شعر** زد دوائرہ سدرہ تا ساق عرش ٭ قدم بر قدم عصمت افگندہ فرش ٭ قدم بر قدم خود امتداد پر دال ہے یا منشا اور سبب کسی امر ممتد کا ہو جیسے نظامی رح **شعر** برون جست ازین گنبدِ چاربند ٭ فرس راند بر ہفت چرخ بلند ٭ کیا معنی کہ باہر کود جانا امر ممتد نہین اسواسطے کہ ایک ہی پھلانگ مین باہر کود جا سکتے ہین بلکہ دوسرے کسی ایک امر ممتد یعنی فرس راندن بر ہفت چرخ کا سبب ہے اور فرس راندن بلاشبہ امر ممتد ہے اور ابتدا اس امر ممتد کی (جسپر مجرور از دلالت کرتا ہے) مکان یا زمان یا سوا اسکے کسی تیسری شئے سے بھی ہو سکتی ہے مگر علماے نحاۃ کا اسمین اختلاف ہے بعضے غیر زمان مین اسکا استعمال حقیقت اور زمان مین استعارہ اور مجاز جانتے ہین - اور غیر زمان خواہی مکان ہو یا غیر مکان جیسے نظامی رح **شعر** گر آئی ز جاے نگہدار جاے ٭ وگرنہ سپارم سرت زیر پاے ٭ اور غیر مکان کوئی شخص وغیرہ جیسے نظامیؒ **شعر** بسے منزل آمد زمن تا تبو ٭ نشاید ترا یافت الا تبو ٭ اور بعضے صرف مکان کے لیئے حقیقت باقی زمان ہو یا غیر زمان مین استعارہ اور مجاز مانتے ہین اور بعضے تینون حالتون مین اسکی استعمال کو حقیقۃً جائز کہتے ہین - واضح ہو کہ لفظ ابتدا سے خود یہ بات سمجھہ مین آگئی ہو گی کہ جو شے لابدایۃ لہ ہو گی اُس پر از کا لانا محال ہے جیسے لانہایۃ لہ پر تا سے انتہائیہ لانا باطل ہے پس از ازل تا ابد جیسے نظامی رح کے اس شعر مین **شعر** محمدؐ کز ازل تا ابد ہر چہ ہست ٭ بآرایشِ نام او نقش بست ٭ متاول ہے یعنی اول خلقت سے آخر خلقت تک کی مدت طویل کو ازل اور ابد کے ساتھ استعارۃً کر لیا اسواسطے کہ آپ کی ذات پاک صاحب لولاک لما خلقت الافلاک باعث کائنات سبب وجود مخلوقات ہے اور کل کائنات اور جمیع مخلوقات مین سے کوئی بھی ازلی اور ابدی نہین ازل اور ابد اُسی کی ذات تبارک وتقدس ہے واللّٰہُ تعالیٰ اَعْلَمُ اسیطرح غیر مکان وغیر زمان سے مکانیات وزمانیات مراد ہین نہ کہ جو شے مکان وزمان سے باہر ہو پس از لامکان یا تا لامکان کہنا جیسے مولانا المولوی المعنوی کے اس شعر مین **شعر** آن سیہ حیران شد از برہانِ او ٭ می دمید از لامکان ایمانِ او ٭ متاول ہے یعنی بڑی بعید مسافت کو لامکان کے ساتھ استعارہ کر لیا اسواسطے کہ لامکان ایمان کا مخزن نہین صرف یہ بات ثابت کرنی ہو کہ ہمارے

ایمان کی طرح ملوث نہین نوریان مقربان حضرت یزدان جل جلالہ کے ایمان کیطرح اُس کا ایمان بھی بے لوث اور کامل تھا۔ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اعلم بالصواب ٭

واضح ہو کہ از کا استعمال جب کئی معنون مین ہوتاہے تو جدا شناس اور علامت خاص اس معنی ابتدائیہ کی یہ ہے کہ اُسکے مقابلہ مین تا انتہائیہ یا جو اس لفظ معنی تا کو ادا کرے لانا درست ہو اوّل ظاہر ہے جیسے از خانہ تا مسجد رفتم ثانی جیسے نظامی رح کے اس شعر مین شعر سرافہ در بیت اقصا کشاد ٭ زناف زمین سر باقصا نہاد ٭ اے از ناف زمین تا اقصا رفتند۔ جسطرح نحات عرب نے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مین تاویل کی ہے چنانچہ شیخ رضی استرآبادی شرح کافیہ مین فرماتے ہین لان معنی اعوذبہ التجئی الیہ وافرّ الیہ فالباء ھٰھنا افادت معنی الانتھاء اور کبھی یہ از ابتدائیہ لقرینۂ مقام حذف بھی کیا جاتا ہے جیسے اس شعر مین نظامی رح شعر محمد کازل تا ابد ہر چہ ہست ٭ اے کہ ازل تا ابد الخ وله سکندر کہ کرد آن عمارتگری ٭ کجا تا کجا سدِّ اسکندری ٭ اے از کجا تا کجا۔ اسی قبیل سے ہے سر تاپا اے از سر تاپا وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ دوسرا از بیانیہ ہو جو ایک امر مبہم سے مقصود متکلم کیا ہے اُسکے اظہار وتبیین کے لیئے موضوع ہے یعنی از اپنے مجرور کے ساتھ مل کر مظہر ومفسر ومبین اُس امر مبہم کا بنجاتا ہے جو مقصود ہے اور وہ امر مبہم خواہی قبل از بیان کے ہو جیسے اس شعر مین نظامی رح شعر برانگیخت رزمے چو بارندہ میغ ٭ تگرگش ز پیکان وباران زتیغ ٭ خواہی بعد جیسے اس شعر مین سعدی رح شعر بر گل سرخ از نم افتادہ لآلی ٭ ہمچو عرق بر عذار شاہد غضبان ٭ جامی رح شعر بشیر بنی وچنی از ز بانم ٭ نہادی لقمۂ خوش در دہانم ٭ یہان لالی اور لقمہ کا بیان نم اور زبان ہین۔ علامت اور جدا شناس لفظی اسکا یہی ہے کہ بجائے اسکے موصول مع مقتضیات لایا جاے تو معنی مین کوئی قباحت نہ آئے جیسے امثلہ مذکورہ مین اسی لالی کہ آن نم ست ولقمہ کہ آن زبان من ست وتگرگ او کہ پیکان ست وباران او کہ تیغ ست اور یہ از بیانیہ لقرینۂ مقام حذف بھی کیا جاتا ہے مولوی معنوی[۱۶۶] رح شعر تا برون آرد زمین خاک رنگ ٭ ہر چہ اندر جیب دارد لعل وسنگ ٭ اے از لعل واز سنگ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ٭

تیسرا تبعیضیہ اور وہ وہ حرف از ہے کہ جس اسم پر وہ از داخل ہوتاہے اسکے قبل یا بعد جو اسم مرفوع یا منصوب مذکور ہو وہ اس مجرور از کے بعض افراد مین سے ہو اول یعنی مرفوع جیسے اس شعر مین

از ابتدائیہ کی علامت

از ابتدائیہ بقرینۂ مقام حذف کیا جاتا ہے

از بیانیہ

از بیانیہ کی علامت لفظی

از بیانیہ بقرینۂ مقام حذف کیا جاتا ہے

از تبعیضیہ

سعدی رح شعر ملک صالح از پادشاہان شام ❊ برون آمدی صبحدم با غلام ❊ ثانی یعنے منصوب
جیسے اس شعر مین وله یکے راتب آمد ز صاحبدلان ❊ کسے گفت شکر بخواہ از فلان ❊ یہان اسم مرفوع
یعنے ملک صالح مجرور یعنی پادشاہان شام کے بعض افراد مین سے ہی - اسیطرح اسم منصوب یکے را
یعنی جس شخص کا حال بیان کرتے ہین صاحبدلونکے بعض افراد مین سے ہے - واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

ازانتزاعیہ

چوتھا ازانتزاعیہ وہ یہ ہے کہ مجرور از سے صرف موضع انفصال وانتزاع کا ظاہر کرنا مقصود متکلم ہو
یعنے اس سے مبدئیت کسی امر ممتد کے بیان کرنی مقصود نہو اور اسکو انفصالیہ بھی کہہ سکتے ہین
جیسے سعدی رح شعر ز گوش پنبہ برون آر و داد خلق بدہ ❊ دگر تو مے ندہی داد روز دادے ہست ❊
نظامی رح شعر ستانی زبان از رقیبان راز ❊ کہ تا راز سلطان نگویند باز ❊ وله ز ہر شاہ کامد جہان را
پدید ❊ بدست تو داد آفرینش کلید ❊ یعنی ہر پادشاہ کہ در وجود آمدہ کلید سلطنت از دست او گرفتہ

از انتزاعیہ بقرینہ مقام حذف بھی کیا جاتا ہے

بتو سپرد ❊ کبھی بقرینہ مقام یہ از انتزاعیہ حذف بھی کیا جاتا ہے سید حسین خالص کا شعر ہے شعر
وعدہ وصلے کہ اے مہ پارہ یادت رفتہ است ❊ چارہ دردمن بیچارہ یادت رفتہ است ❊ اے ازیادت

ازاعراضیہ

رفتہ است پانچوان از اعراضیہ جیسے اس شعر مین سعدی رح شعر گفتم میان عالم و عابد چہ فرق بود ❊
تا کردی اختیار ازان این فریق را ❊ وله دل آرامے کہ داری دل در و بند ❊ دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند ❊

از تفضیلیہ

چھٹا تفضیلیہ جو مفضل علیہ پر لایا جاتا ہے تا مفضل کا اپنے وصف مقصود مین مفضل علیہ سے
بڑھا چڑھا رہنا ثابت ہو سعدی رح شعر سرہنگ لطیف خوے دلدار ❊ بہتر ز فقیہ مردم آزار ❊

مفضل یا مفضل علیہ کے حذف مین کوئی نکتہ مقصود ہوتا ہے

نظامی رح شعر توئی کافریدی ز یک قطرہ آب ❊ گہرہاے روشن تر از آفتاب ❊ کبھی مفضل کو
کبھی مفضل علیہ کو بوجہ کسی نکتہ کے مذکور نہین کرتے مثلاً اعلام اس امر کا منظور ہوتا ہے کہ
اسکی عمومیت حصر بیان کو مانع ہے وغیرہ ذلک اوّل یعنی حذف مفضل سعدی رح کے اس شعر مین
شعر چو دانشور این دُر معنی بسفت ❊ بگفت این کزین بہ محالست گفت ❊ اے چیزے بہتر ازین الخ
اور ثانی یعنی حذف مفضل علیہ جیسے نظامی رح کے اس شعر کے مصرعہ ثانی مین شعر کزان خوبتر
جا نباشد دگر ❊ چو آن خوبتر گفتی آن خوبتر ❊ اے خوبتر از ہمہ چیز چنانچہ عربی مین اللہ اکبر اے
اکبر من کل شیئ - واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب اور کبھی مفضل علیہ مفضل پر مقدم بھی ہوجاتا ہے
مگر ہر حال مین حرف تفضیل کا اتصال مفضل علیہ کے ساتھ ضرور ہے فارسی مین اداۃ تفضیل تر

یا ترین ہین اور کبھی بغیر اداۃ کے بعض اسم جو متضمن معنے تفضیل کو ہین مفضل بنجاتے ہین چنانچہ حضرت نظامی کا یہ شعران دونون دعوون (یعنی تقدیم مفضل علیہ اور اداۃ تفضیل) کی شہادت ہے **شعر** امیدم تبو ہست زاندازہ بیش ٭ مکن ناامیدم زدرگاہ خویش ٭ سعدی رح **شعر** چون درآید مہ از توئی بسخن ٭ گرچہ بدانی اعتراض مکن ٭ کبھی معنی تفضیل سے تجرید کریجاتی ہے اداۃ تفضیل اُس پر لاکر بیشتر و مہتر و بہتر کہتے ہین کبھی ان اداۃ سے تفضیل مراد نہین ہوتی ہے جیسے نظامی رح کے اس شعر مین **شعر** شکر کہ این نامہ بعنوان رسید ٭ پیشتر از عمر بپایان رسید ٭ اور صیغۂ تفضیل کو بعد حذف حرف جر جانب مفضل علیہ اضافت بھی کر سکتے ہین مگر اس مین شرط ہے کہ مفضل بعض افراد مفضل علیہ سے ہو غیر اضافت یعنی حالت تحلیل و انفصال ان شرطون سے بری ہے ہر حال مین مفضل مفضل علیہ کو بتوسط حرف جر بیان کر سکتے ہین گلستان مین ہے **نثر** اجلِ کائنات از روے ظاہر آدمیست و اذلِ موجودات سگ و باتفاق خردمندان سگِ حق شناس بہ از آدمیِ ناسپاس۔ آدمی اجل کائنات است و سگ اذل موجودات۔ یہ دو مثالین اضافت کی ہین اس عبارت مین آدمی اور سگ (جو مفضل ہین) بعض افراد مفضل علیہ (یعنے کائنات و موجودات سے) ہین یہ امر صحت اضافت کے لیئے شرط ہے بخلاف حالت تحلیلی کے کہ اس مین خواہی مفضل مفضل علیہ کے افراد سے ہو یا نہ ہو سب درست ہے اوّل ظاہر ہے جیسے گوہر بہتر از سنگ ست تو گوہر نوع سنگ و افراد سنگ سے ہے اور اُسی مثال آدمی اجلِ کائنات کو آدمی اجل از کائنات بھی کہنا درست ہے اور ثانی یعنی جہان مفضل افراد مفضل علیہ سے نہو جیسے سگِ حق شناس بہ از آدمیِ ناسپاس کہنا درست اور اضافت کے ساتھ سگ بہترِ آدمی ست نہین کہہ سکتے اسواسطے کہ سگ موصوف مردم ناسپاس کے افراد سے نہین اسیطرح زید بہتر از حمارست جائز ہے بہترینِ حمارست اضافت کے ساتھ جائز نہین۔ پس ان دو استعمالون مین نسبت عموم خصوص مطلق کی ہوگی یعنے استعمال بتوسط از محلہ تفضلیہ عام ہے اور اضافت کے ساتھ خاص جیسے زید بہترین مردمانست و بہتر از مردمان مادہ اجتماع ہے اور زید بہتر از حمارست مادہ افتراق۔ یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیئے کہ مفضل جس پر حرف تفضیل لاحق ہوتا ہے وہ اسم متضمن معنی وصفی ہونا چاہیئے اور بعض جگہ اسم غیر متضمن معنی وصفی یا اعلام پر لاحق ہوجاتا ہے تو ان اسمون سے اُنکے اوصاف مشہورہ مراد ہو کر بمنزلہ صیغہ صفت کے

بناویئے جاتے ہین مولوی معنوی رحمۃ اللہ علیہ شعر کہ بروما خود زتو چوپان تریم * چون تبع گردیم ہر یک سروریم * اے پاسبان ترو مربی تر ہستیم ولہ لیک ازان فرعون تر آمد پدید * ہم وراہم مکرا ورا درکشید * اے مکارتر۔ نظامی رحمۃ اللہ علیہ شعر سخنہاے از تیغ پولادتر * زبان از سخن سخت بنیادتر * اے از تیغ سخت وتیزتر۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ساتوان استعانت کے لیئے صائب کا شعر ہے شعر کہ می شوید غبار کلفت ازدل عندلیبان را * دران گلشن کہ از خون خود رخسار می شوید * اے بخون خود نظامی رح شعر مگر شاہ زان دادچوگان بمن * کہ تا زو کشم ملک بر خویشتن * اے تابدو کشم۔ اس شعر مین معنی استعانت کے جب ہی درست ہونگے جب مرجع ضمیر مجرور کا چوگان کو بنائین اور اگر شاہ کی جانب ضمیر راجع ہو تو از انتزاعیہ یا ابتدائیہ سمجھا جائیگا مگر تقدیر اول راجح ہے کیا معنی کہ مبالغہ اس تقدیر پر زیادہ ہوگا اسواسطے کہ ملک سے مراد مطلق ملک یعنی تمام جہان تقدیر اول پر لے سکتے ہین۔ تقدیر ثانی پر جب زو کی ضمیر مجرور شاہ یعنی دارا کی طرف راجع ہوئی مضاف الیہ ملک کا محذوف مانا جائیگا مطلق چھوڑا نہ جائیگا اے ملک شاہ ملک دارا پس ظاہر ہے کہ دارا کے پاس سے سوا اُس کے ملک کے تمام جہان کہان سے لے سکتے ہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب آٹھوان اجلیہ یعنی بمعنی براے۔ انوری شعر در دیدۂ فتح جاے سازی * از کوری دشمنان لوارا * اے براے کور کردن دیدۂ دشمنان کذا فی الشرح۔ نوان سببیہ۔ سعدی رح شعر ہر آنکس کہ عیبش نگویند پیش * ہنر داند از جاہلی عیب خویش * ولہ آبگینہ ہمہ جا یابی ازان نے محل است * لعل دشوار بدست آید ازان ست عزیز * ولہ اسیر بند شکم را دو شب نگیرد خواب * شبے زمعدۂ سنگی شبے ز دل تنگی * اے بسبب گرانی معدہ وبسبب تنگی دل۔ اجلیہ اور سببیہ مین فرق یہ ہے کہ مجرور از اجلیہ کا فعل مذکور کے لیئے علت غائی ہوتا ہے جسکا وجود اُس فعل سے مؤخر ہے اور مدخول از سببیہ کا فعل مذکور کی علت موثرہ فاعلی ہوتا ہے جسکا وجود اُس فعل پر مقدم ہے جیسے امثلہ سے ظاہر ہی واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب دسوان از محللہ اضافت۔ راے محللہ کی طرح یہ بھی مضاف الیہ پر لایا جاتا ہے اور مضاف کا مقدم موخر بلا فاصل اور فصل کے ساتھ ہونا سب طرح جائز ہے لیکن یہان اس عمل تحلیل سے اکثر تخصیص مضاف الیہ کی مطمح نظر ہوا کرتی ہے جیسے سپاس از خدا وغم از حبیب وعذر از تقصیر فردوسی رح شعر سپاس از خداوند خورشید وماہ * کہ دیدم ترا زندہ در جایگاہ *

از تیغ پولاد تر از پولاد محرف عدم اضافت از تیغ پولاد اضافت کے سلسلہ کہا جا سکتا مستقل ترکیب یعنی اے ازروے استعانت کی نوعیت مختلف کا علم بالا جیسے دوسری جگہ ازان فرق ہین شعر حالانکہ تیغ سعدی کو اب بھی گہرا از عجز تراوش اے ازروے اصلاح از عجز افادہ تجزیہ از افزون تر بوسعدی رح شعرکے گفتہ بنظام جلیت است کہ زورے بسامان تراز غیبت است * اے از روے سامان

از اجلیہ یعنی براے

نفترین از غیبت است کہ غیبت سے بھی بدتر بسامان جو بین ہے برے کیونکہ مصرعہ یعنی یار مرکب میلی یعنی بحر جو جو از بسامان تر از جو جو با زتر بہ سامان تر وصاحب بسامان الحلم ہے واللہ تعالیٰ اعلم

از سببیہ

فرق درمیان اجلیہ اور سببیہ کے

از محللہ اضافت

اے سپاس خداوند سعدی رحمہ شعر اقلیم پارس راغم از آسیب دہر نیست ٭ تا بر سرش بود چو تو اے سایہ خدا ٭ اے غم آسیب دہر ولہ بندہ ہمان بہ کہ ز تقصیر خویش ٭ عذر بدرگاہ خدا آورد ٭ اے عذر تقصیر خویش۔ یہان اس تحلیل سے سامع کو چونکانا منظور ہوتا ہے تا وہ سامع اُس تقئید و قید پر تفصیلی اور واضح طور پر نظر ڈالے جو درصورت ترکیب اضافی اجمالی نظر کو مقتضی تھی کیا معنی کہ اضافت مین قید یعنے مضاف الیہ خارج ہوا کرتا ہے اور تقئید داخل تو شاید سامع اُس تقئید پر توجہ نکرے اُس قید کو اتفاقی سمجھے تو وہ بند اضافت یعنی تقئید از کے ساتھ کھولدیجاتی ہے مگر چونکہ صحت اضافت کے لیئے مناسبات شتّیٰ ہین (یعنی کوئی مناسبت ہو صحت اضافت کے لیئے کافی ہے) کہین یہ از محللہ رائے مخصصہ کے معنی دیگا جس طرح عربی مین لام تخصیص ~~اگرچہ ادنی مناسبت ہی کیوں نہ ہو~~ جیسے سپاس از خداوند مین یعنی سپاس جو خاص خداوند عالم کے لیئے ہے۔ اور کہین سبب کے معنی دیگا جیسے غم از آسیب دہر مین یعنی غم جو سبب آسیب دہر کے ہو اسی طرح اور مناسبات کو قیاس کر لین پس از مادی کو (جسکا بیان ابھی آئیگا انشاء اللہ تعالیٰ) اسی محللہ کی قسم مین داخل کر سکتے ہین مگر اسوجہ سے کہ اضافت مین اضافت حقیقی اصل ہو اور اضافت حقیقی مین مقصود مضاف ہی ہوا کرتا ہے اور مادی مین مضاف کا مقصود ہونا ضروری نہین مادی کو قسم جداگانہ بتا دیا وَاللہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب - گیارہوان از مادّی وہ از ہے جو مادہ پر داخل ہوتا ہے تا ظاہر ہو جائے کہ جو اسم ماقبل از مذکور ہے مجرور از اُس کا مادہ ہے خواہی یہ مادّہ حقیقۃً ہو خواہی ادعاۓ محض اول جیسے اس شعر مین سعدی رحمہ شعر شمشیر نیک ز آہن بد چون کند کسے ٭ ناکس بہ تربیت نشود اے حکیم کس ٭ ثانی جیسے اس شعر مین نظامی رحمہ شعر ز لعل و ز دُر گردن و گوش پُر ٭ لب از لعل کانی و دندان ز دُر ٭ یعنی لب و دندان کا مادہ ادعاءً بیان کیا جاتا ہے کہ لعل و دُر ہی اس از کو غم از آسیب و عذر از تقصیر کیطرح محللہ اضافت نہین کہہ سکتے کسواسطے کہ محللہ مضاف الیہ پر داخل ہوتا ہے اور مادی کا حال یہ ہے کہ اگر مجرور از مادّہ حقیقۃً ہے اور اُس سے بعد حذف حرف جر ترکیب اضافی بنائی جائے تو محللہ کیطرح مجرور از اپنے ماقبل کے اسم کا مضاف الیہ ہوگا جیسے شمشیر از آہن انگشتر از زر سے شمشیر آہن انگشتر زر اور اگر مادہ ادعائی ہے مجرور از اپنے ماقبل کے اسم کا مضاف ہوگا جیسے مثال مذکور مین لب از لعل و دندان از دُر سے لعل لب و دُر دندان مرکب اضافی ہوگا غرض ما بہ الامتیاز مادی حقیقی اور ادعائی کا بھی وہی ہے مگر حال

سکون ما قبل ہمزہ تحلیل سے سموں نہ کا نامنظور ہے

معنے اضافت کے لیئے کوئی نسبت کافی ہے بشرطیکہ سمجھ میں آوے

از مادّی

مجرور از مادہ حقیقی بھی ہوتا ہے اور ادعائی بھی

مین مقصود اور محط نظر وہی اسم ہوگا جو ماقبل از کے مذکور ہوا اگرچہ مرکب اضافی بنانے کے بعد مادی حقیقی مین مضاف مقصود ہوجاتا ہے جو قبل ترکیب اضافی ماقبل از کے تھا اور مادی وعائی مین مضاف الیہ مقصود ہوا کرتا ہے جو قبل ترکیب اضافی یہ بھی ماقبل از کے مذکور ہوا ہے جیسے امثلہ سے ہویدا ہے اور اضافت ان ہر دو قسم مادی یعنی حقیقی و وعائی کی اضافت بیانیہ کہلاتی ہے وَاللهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ بارھوان از برائے قسمت و توزیع یہ وہ از ہے کہ جو مقسم علیہ پر لایا جاتا ہے میر مرتضے رضی کا شعر ہے **شعر** برادرانہ بیا قسمتے کنیم رقیب ؛ جہان و ہر چہ درو ہست از تو یار از من ؛ اے ہمہ جہان قسمت تو و یار قسمت من - خواجہ افضل الدین کاشی **رباعی** ابر از دہقان کہ ژالہ میر وید از و ؛ دشت از مجنون کہ لالہ میروید از و ؛ طوبی و بہشت و سلسبیل از زاہد ؛ ما و دلکی کہ نالہ میروید از و ؛ تیرھوان از جو بجائے رائے مفعولی کے مستعمل ہوتا ہے سعدی رح **شعر** شب سر و شان بردہ از دیدہ خواب ؛ چو حرباتا مل کنان زآفتاب ؛ اے آفتاب را بعض نسخون مین بغیر زے کے تامل کنان آفتاب ہے - مفید بلخی **شعر** چون گزم از لب آن شوخ ہوسناک مفید ؛ من کہ ہمچون صدف آبلہ دندان دارم ؛ اے لب آن شوخ را ممکن ہے کہ یہان از زائدہ مفعول بہ پر لایا گیا ہو - چودھوان از جو بجائے در مستعمل ہوتا ہے نظامی رح **شعر** چہل روز خود را گرفتم زمام ؛ کادیم از چہل روزہ گردد تمام ؛ پندرھوان از جو بجائے بر استعمال کیا جاتا ہی نظامی رح **شعر** نشست از بر بارہ رہ نورد ؛ بر آراست لشکر بر سم نبرد ؛ **شعر** فریب خوش از خصم نا خوش بہ است ؛ بر افشاندن آب از آتش بہ است ؛ خسرو **شعر** اے پسر از ملک و جوانی مناز ؛ ناز بدو کن کہ شد او بے نیاز ؛ واضح ہو کہ یہ جو ناز کا صلہ واقع ہوتا ہی وہ دو شئی پر آتا ہی ایک تو کوئی کمال یا جمال وغیرہ جسکے سبب سے انسان اتراتا اور ناز کرتا ہی جیسے **شعر** ناز برین دولت نا پایدار مکن ؛ از من ناصح بپذیر این سخن ؛ دوسرا وہ کہ اسکے ناز او نخرو نکو بردا شت کرتا ہی جیسے **مصرعہ** ناز بران کن کہ خریدار تست ؛ شق اول مین بمعنی حقیقی یعنی استعلا کیلئے نہین بلکہ سببیہ ہی پس جواز کہ موضوع اول مین مستعمل ہی اسکو معنی برقرار دینا نہین چاہیئے بلکہ اس موقع مین اگر خود بر مستعمل ہوا اسکو بمعنی از کہنا مناسب ہوگا وَاللهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ سولھوان از جو بائے مرکب اتصالیہ کی جگہ مستعمل ہوتا ہے جمال الدین سلمان کا شعر ہے **شعر** جان زندگی از چشمہ پر نوش تو دارد ؛ دلبستگی از سنبل گلپوش تو دارد ؛ اے دلبستگی با سنبل گلپوش تو الخ - سترھوان از جزو صفت یعنی وہ حرف از کہ در اصل صلہ صیغۂ صفت

از برائے قسمت

از بمعنی رائے مفعول

از بمعنی در

از بمعنی بر

از بمعنے بائے مرکب اتصالیہ

جزو صفت

اور مرکب وصفی کے درمیان مین لایا جاتا ہے جیسے دست از کار رفتہ آب از سر گزشتہ کیا معنی کہ
در اصل اور حقیقت کے اعتبار سے دست اور آب موصوف ہے از کار رفتہ و از سر گذشتہ صلہ موصول
محذوف کا۔ موصول صلہ کے ساتھ ملکر دست اور آب کی صفت ہوئی جسکی تقدیر دست کہ از کار رفتہ
است و آب کہ از سر گزشتہ است ہے اس صورت مین موصوف کسرۂ توصیف سے بے نیاز ہو جاتا ہے
اور جب اس مجموعہ سے صیغہ صفت کا بنایا جاتا ہے کاف موصولہ اور است رابطۂ اسنادی جو علامت
جملہ ہے حذف کر دیا جاتا ہے تا یہ مرکب کلامی قوت مین مفرد کے ہو جائے اسواسطے کہ صیغے
صفت مشبہ کے نوع کلمہ سے ہین آپ ذرا غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ حروف روابط مطلقا
جزو صفت واقع ہو سکتے ہین کوئی خصوصیت حرف از کی اس بارہ مین (جسطرح صاحب جواہر الحروف
نے فرمائی ہے) سمجھ مین نہین آتی چنانچہ در و بر و بار موحدہ و باء مرکب برابر جزو صفت واقع ہین
جیسے پائے درماندہ۔ چشم درراہ۔ گوش بر آواز۔ سر بر زانو نہادہ۔ دل با مہر ساختہ۔ دست بدل اسکا ذکر
صفت مشبہ کے بیان مین گزر چکا وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ کبھی یہ از جزو صفت بقرینۂ مقام

از جزء صفت کا حذف

حذف بھی کیا جاتا ہے صائب کا شعر ہے **شعر** بر دست کار رفتہ نباشد گرفت و گیر ؁ چون ہالۂ دست
در کمر یار میکنم ؁ اگر مجھ سے پوچھیئے اس از کو جزو صفت قرار دینا ایک اصطلاح جدید عبث کلفت ہے اور
درحقیقت انتزاعیہ انفصالیہ از ہے جو صلہ گزشتن و رفتن کا واقع ہوا ہے۔ اٹھارہوان ۱۸ از جو صلہ

۱۸ از صلہ

بعض افعال کا واقع ہوتا ہے جیسے پرسیدن فراموش کردن یاد آمدن یاد کردن یاد دہانیدن وغیرہ
اگر یہ فعل لازم ہے مجرور از فاعل ہوگا جیسے جامی رح **شعر** جوابش داد یوسف کاے پریزاد ؁ نیاید
باتو کس را از پری یاد ؁ اے در مقابل تو کسے را پری یاد نمی آید۔ اگر متعدی ہے مجرور از مفعول
ہوگا سعدی رح **شعر** یکے پرسید زان گم کردہ فرزند ؁ کہ اے روشن گہر پیر خردمند ؁ یہان از پرسیدن
کے مفعول اول پر واقع ہوا ہے ورنہ اکثر مفعول ثانی پر لایا جاتا ہے سعدی رح **نثر** حکیمے را پرسیدند
از سخاوت و شجاعت کہ کدام بہتر است۔ حافظ رح **شعر** کلک مشکین تو روزیکہ ز ما یاد کند ؁ ببرد اجر دو صد
بندہ کہ آزاد کند ؁ باقر کاشی **شعر** تو خود کے می کنی از من فراموش ؁ کجا جان مے کند از تن فراموش ؁
اس حرف صلہ کو نہ بمعنی رائے مفعولی سمجھنا چاہیئے نہ زائد محض اگر بمعنی مفعولی ہوتا فعل لازم پر معنی
فاعل کے نہ دیتا بلکہ یہ امر خصوصیات محاورہ سے تعلق رکھتا ہے۔ انیسوان ۱۹ از زائدہ اور یہ وہ حرف ہے

۱۹ از زائدہ۔

کہ اگر وہ کلام سے حذف کر دیا جاے معنی مین کوئی خرابی نہ آئے۔ لیکن اس کا لانا فائدہ سے خالی بھی نہین کچھ نہین تو اپنی جنس کی تاکید ہی اُس سے حاصل ہوتی ہے چنانچہ جمال بن نصیرؒ نے شرح جامی کے من زائدہ کے حاشیہ مین فرمایا ہے وھی مالو اسقط استقام المعنی وفائدۃ التاکید غالبا کما ھو شان الحروف الزائدۃ جیسے از بہر از براے از پے بلکہ اُس را کے ساتھ جو بمعنی براے کے ہو زاید لایا کرتے ہین چونکہ از کو اپنے مجرور سے مقدم اور را کو موخر ہونا ضروری ہے از براے کیطرح از اور را متصل نہونگے اپنے مجرور کے آگے اور پیچھے رہین گے جیسے مولوی معنویؒ کا شعر ہے شعر ساحران با موسی از استیزہ را ٭ برگرفتہ چون عصاے او عصا ٭ اے براے استیزہ۔ ازیرا اور اُسکے مخفف زیرا مین بھی از اور را اسی قسم کے ہین اسواسطے کہ اصل اسکی ازین را وزین را ہے جسکو بعد حذف نون ازیرا و زیرا کہا کرتے ہین مولوی معنویؒ شعر بگو دل را کہ گرد غم نگردد ٭ ازیرا غم زخوردن کم نگردد ٭ سید حسن اشرفی شعر ازعیب بپرہیز زمانی بخود آساے ٭ زیرا کہ خردمند بنیاسود زاغیار ٭ اور یہی مخفف زیادہ مستعمل ہے۔ بلکہ یہ تینون حرف ایک مجرور پر داخل ہوجاتے ہین جیسے میر معزی کے اس شعر مین شعر از بہر ترا توبہ و سوگند شکستم ٭ برکف قدح بادہ نہادیم دگر ہیچ ٭ اے بہر تو انوری شعر فاختہ داغش از زمانہ ہمی خواست ٭ شیر سپہر از براے لوح سرش را ٭ اے براے لوح سرش مولوی معنویؒ شعر نامہ خواند از پے تعلیم را ٭ حرف گوید از پئے تفہیم را ٭ اور اسی قبیل سے ہین از اوّل از نخست از آغاز از پیش از پس از عقب از کجا از ناگاہ مولوی جامیؒ کا شعر ہے شعر ہمان صورت کز اوّل زد بر و راہ ٭ در آمد بارخے روشن تر از ماہ ٭ اے اوّل بار۔ نظامیؒ شعر طراز سر نامہ بود از نخست ٭ بنامے کزو نامہا شد درست ٭ فردوسیؒ شعر از آغاز بنوشت نام خداے ٭ کہ بود و ہست ہموارہ باشد بجاے ٭ حافظؒ شعر رہ خلاص کجا باشد آن غریقے را ٭ کہ سیل محنت عشق ز پیش و پس باشد ٭ سعدیؒ شعر برگ عیشے بگور خویش فرست ٭ کس نیارد ز پس تو پیش فرست ٭ حافظؒ شعر گرم نہ پیر مغان در بروے بگشاید ٭ کدام رہ بزنم چارہ از کجا جویم ٭ اے کدام جا جویم۔ یعنی در کدام جا جویم کمال اسمعیل شعر چہ لطف بود کہ تشریف دادی از ناگاہ ٭ کہ یادت ازمن رنجور و ناتوان آورد ٭ کہ آفتاب شریعت بطالع مسعود ٭ باوج برج سعادت ز ناگہان آورد ٭ کیا معنی کہ اول و نخست و پیش و پس وغیرہ ظرف کے صیغے ہین بلاواسطہ حرف جر مفعول فیہ واقع ہوجاتے ہین اب اگر یہ از عبارت سے

کلام مین حروف زائدہ فائدہ سے بھی خالی نہین ہوتے

ازیرا اور زیرا کی تحقیق

از اور را اور براے یا بہر وغیرہ ایک جگہ جمع ہوجاتے ہین

از اوّل اور از پیش وغیرہ مین از زائد ہے

حذف بھی کر دیا جاے معنی اسیطرح بنے رہین گے استقامت معنی مین ذرا فرق نہ آئیگا جیسے امثلہ سے
ہویدا ہے اور یہ از اسی مفعول فیہ والے معنی ظرفی کی تاکید بھی کر دیتا ہے جو ان ظروف سے ضمناً مفہوم
ہین پس اس صورت مین یہ از بمعنی در ظرفیہ ہوگا چنانچہ خود لفظ در اس موقع مین مستعمل ہے حضرت امیر خسرو رح
فرماتے ہین شعر بود در اول کس از و پیش نہ ✤ ماند در آخر کس از و پیش نہ ✤ حافظ رح شعر ہر کہ رو پیش بتان
از سر جان می سوزد ✤ بے تکلف تن او لائق قربان نشود ✤ ولہ در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند ✤ آنچہ استاد ازل
گفت ہمان می گویم ✤ مگر فرق ان دونون از زائدہ مین یہ ہے کہ جو از کہ برائے و بہر و را کے ساتھ
آتا ہے اس برائے و بہر و را کے معنون مین ہوتا ہے جو اسکے متصل صریح مذکور ہین اور جو از کہ ان ظروف
کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے وہ در (یعنی فی) کے معنون مین ہوتا ہے جو کہ ان ظروف سے ضمناً سمجھے
جاتے ہین اور یہ بھی سن رکھئیے کہ لفظ ناگاہ مین گاہ بمعنی وقت ہے جیسے سحر گاہ مین اور نا نفی کے
لیئے تو ناگاہ بے وقت کے معنون مین ہوا اور جو فعل اچانک بغتۃً ہوتا ہے وہ بے وقت ہی ہوتا ہی
اسیوجہ سے اس لفظ کو مفاجات مین استعمال کرتے ہین اور مفاجات بھی بمعنی عجلت ہے چنانچہ صحاح
مین ہے فاجاہ مفاجاۃً ای عاجلہ اور اس قسم کی ترکیبین عربی مین بھی مستعمل ہین جیسے کہتے
ہین جاء فلان فی حاجتہ ثم رجع من فورہ کما فی المصباح اے رجع فی ساعتہ التی وصل فیہا
چنانچہ محاورہ اُردو مین فے الفور کہا جاتا ہے غرض از ناگاہ اور از نخست از آغاز مین ایک ہی طرح کی
زیادتی ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب اور یہ از جب اپنے ماقبل کے کسی کلمہ کے ساتھ اتصال
پاتا ہے فتح ہمزہ نقل کرکے ماقبل کو دیا جاتا ہے جیسے کزو نزو نظامی رح شعر ہر آن فتح کا قبالش آورد
پیش ✤ ز فضل خداوید نز جہد خویش ✤ امیر خسرو رح شعر منکہ سپہ را بو غا راندہ ام ✤ نز سر بازی و دغا
راندہ ام ✤ چنانچہ ضمائر متصلہ کے بیان مین بطور نظیر کے اسکا بھی کچھ بیان آگیا ہے۔

الثّانی تا مرکب یہ کئی معنون مین مستعمل ہے ایک تو انتہائیہ سادہ بلا تضمین معنی موصول شرطی اور
یہ از ابتدائیہ کے مقابلہ مین آتا ہے تو یہ بھی ایک امر ممتد بالذات یا بالعرض کے لیئے موضوع ہوگا
اسیطرح اسکے استعمال کو مکان اور زمان جیسے از دہلی تا آگرہ و از صبح تا شام اور غیر مکان و زمان
مین از ابتدائیہ پر قیاس کر لینا چاہیئے علامت اور صدا شناس تا انتہائیہ کا یہ ہے کہ اسکے مقابل
مین از ابتدائیہ کا لانا درست ہو نعمت خان عالی کا شعر ہے شعر یکے بشرط کہ فردا ست کوچ تا دہلی ✤

توان بعرصۂ چلروز یا دو ماہ رسید ❊ اے ازینجا تا دہلی۔ صائب شعر جائے نمیروی کہ دل بدگمان
من ❊ تا باز گشتن تو بصد جان نمی ردد ❊ اے تا زمان مراجعت تو۔ غیر مکان و زمان جیسے مولوی معنوی
شعر پس سلیمان از دلش آگاہ شد ❊ کز دل او تا دل او راہ شد ❊ حافظ شیراز شعر فرق ست ز آب خضر

حذف تا انتہائیہ

کہ ظلمات جائے اوست ❊ تا آب ماکہ منبعش اللہ اکبر ست ❊ اور بوقت قیام قرینہ اسکا حذف کردینا بھی
جائز ہے عثمان خان بخاری کا شعر ہے شعر ملکش زجہان چندان کز ہند بہ قسطنطین ❊ اے تا بہ قسطنطین
یہان بار موحدہ بمعنی تا نہین ہے بلکہ وہ بائے موحدہ ہے جو تاء انتہائیہ کے بعد اکثر مستعمل ہے نظامی رح
شعر بسے منزل آمد ز من تا بتو ❊ نشاید ترا یافت الا بتو ❊ دوسرا تا ابتدائیہ متضمن معنی موصول شرطی

تا ابتدائیہ تضمنیہ

اسکے مقابل تا انتہائیہ متضمن معنی موصول شرطی بھی آتا ہے کیا معنی کہ یہ تا چونکہ بعض مواضع مین
نائب مناب کہ کا بنجاتا ہے تو لفظ کہ کی طرح اپنی ابتدا اور انتہاے زمانی کے ساتھ معنی موصولیت
کو بھی متضمن ہوجاتا ہے اور یہ دونون تا ابتدائیہ ہو خواہ انتہائیہ بدایت و نہایت زمانی ہی کے
ساتھ مختص ہین غیر زمان مین خواہ مکان ہو یا غیر مکان اسکا استعمال مسموع نہین ابتدائیہ جیسے
شعر تا عشق تو در سینہ مکان کرد کرا جا ❊ کس دید در آفاق بیک شہر دو راجا ❊ اے از زمانیکہ عشق
تو در سینہ من الخ چونکہ یہ موصول معنی شرط کو متضمن ہے تو جملہ تا عشق تو در سینہ مکان کرد شرط ہوگا
اور کرا جا استفہام انکاری یعنی دیگر کس را دران سینہ جائے نماند اسکی جزا۔ اور جب کہ یہ تا اتنے
معنون کو شامل ہے فقط حرف از اسکی جگہ نیابت کے لیئے کافی ہو نہین سکتا یعنی تا عشق تو در سینہ الخ

تا انتہائیہ تضمنیہ

کی جگہ صرف از عشق تو در سینہ الخ کہنا درست نہوگا تیسرا تا انتہائیہ متضمن معنی موصول شرطی جیسے
نظامی رح کا شعر ہے شعر چراغے کہ تا او نیفروخت نور ❊ ز چشم جہان روشنی بود دور ❊ شعر تا بقا
در جہان بود ممکن ❊ ذات پاکت ہمیشہ باقی باد ❊ اے تا زمانیکہ جہان را بقاست اور یہ جملہ شرط ہے
ذات پاکت باقی باد جزا اور لفظ ہمیشہ کا تاکید معنی شرط کے لیئے لایا گیا۔ دوامیت معنی شرطی

تا بمعنے حتی

سے اشارۃ مفہوم ہین نہ مفہوم تا ۔ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ چوتھا ان معنون مین مستعمل ہوتا ہے جہان
عربی مین حَتّٰی مستعمل ہوتا ہے جیسے عرفی شیرازی کے اس شعر مین شعر منم آن قطرہ کہ صد سینہ
دل کردم داغ ❊ تا ز نوک مژہ غلطیدہ بدامان رفتم ❊ پانچوان تا علت و سبب کے لیئے یعنی مدخول

تاء علیہ و سببیہ

اس تا کا علت غائی اور سبب فعل ہوا کرتا ہے عرفی شعر تا بمژگان تو گرد آشنا ❊ دیدہ را بر نیش مژگان منم

تا لزومیہ

دیدہ بر نیش زدن کی غرض کہو علت غائی کہو مژگان معشوق کے ساتھ خوگر کرنا ہے چھٹا تا لزومیہ
جو کہ دو امرون مین شدت التزام پیدا کرنے کے لیئے لایا جاتا ہے جس سے معلوم ہو جائے کہ درصورت
وجود امر اوّل ترتب امر ثانی مین کوئی حالت منتظرہ باقی نہین رہی جیسے گلستان مین ہے نثر
فرّاش باد صبا را گفت تا فرش زمردین بگسترد و دایۂ ابر بہاری را فرمود تا بنات نبات را در مہد زمین
بپرورد لیکن گسترد و پرورد کو بسکون را صیغۂ ماضی پڑھنا چاہیئے نظامی رح شعر بفرمود تا کوس روئین
زدند * سراپردہ بر پشت پروین زدند * کیا معنی کہ گفت و فرمود کا مفعول یعنی مامور بہ ہنوز مذکور نہوا
تھا کہ ترتب امر ثانی کا ہو گیا جس سے معلوم ہو جائے کہ منہ سے بات پوری نکلنے نہین پاتی کہ
تعمیل اُسکی ہو جاتی ہے اسی قبیل سے ہے تا اس شعر مین نظامی رح شعر نشد بستہ تا نہ پرداختش *
نزد بر سرے تا نینداختش * یعنی دشمن پر جانے نہین پاتا کہ جگہ اُس سے خالی کر دیتا ہے یا اُس
تن کو جان سے خالی کر دیتا ہے اور کسی سر پر مارنے نہین پاتا کہ اس سر کو گرا دیتا ہے غرض مدخول تا
اور اُسکے ماقبل مین ملازمہ ہونا چاہیئے اگرچہ وہ ادعائی ہی کیون نہو اور یہ تا لزومیہ تا بیانیہ کیطرح
کاف کے ساتھ بھی مستعمل ہے نظامی رح شعر دگر رومی رفت چون تند باد * کہ تا چشم برہم نہد سر نہاد
محتمل ہے کہ مصرعہ ثانی رومی کی صفت ہو اور کاف صلہ یا صفت کا ہو جو جملہ کو بتاویل مفرد کرنے
کے لیئے لایا جاتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ساتوان بیانیہ جو کہ کاف بیانیہ کے قائم مقام

تا بیانیہ

ہو جاتا ہے جس طرح کاف تا کی جگہ استعمال پاتا ہے نظام دست غیب کا شعر ہے شعر شب
بیاد او چو جام چند در محفل زدم * سینہ کندم آنقدر تا ناخنے بر دل زدم * ای آنقدر کہ ناخنے بر دل زدم
لیکن فرق اتنا ہے کہ اگر مقام مقام استغراب و تردد و انتظار نہین ہے تو کاف اصل اور تا اُسکا
نائب سمجھا جائیگا جیسے نظام دست غیب کے شعر سے واضح ہے اور اگر مقام استغراب و انتظار کا ہو
تو اُسکا عکس یعنی تا اصل اور کاف اُسکا قائم مقام سمجھا جائیگا جیسے بہ بینم کہ چہ معاملہ پیش آید نظامی رح
شعر دبیران نگر تا بروز سپید * قلم چون تراشند از مشک بید * اور یہ تا اور کاف ہر دو ایک محل مین
جمع ہو جاتے ہین اس وقت کوئی کسیکا نائب نہوگا واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب نظامی رح شعر
بہ بینم کہ تا کردگار جہان * درین آشکارا چہ دارد نہان * شعر جہد نما تا کہ بجائے رسی * در دلکش تا
بہ دوائے رسی * اول مین کاف مقدم ہے ثانی مین موخر۔ آٹھوان تا زنہاریہ جو اپنے متعلق کے

مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے سعدی رح **شعر** نصاحب غرض تا سخن نشنوی ؛ اگر کار بندی پشیمان
شوی ؛ اور تا زنہار یہ اکثر منفی پر داخل ہوتا ہے اور کبھی مثبت پر بھی آجاتا ہے سعدیؒ **شعر** بران
باش تا ہر چہ نیت کنی ؛ نظر در صلاح رعیت کنی ؛ چنانچہ خود لفظ زنہار را اور ہرگز جمل مثبتہ پر داخل ہوتے
ہین سعدی رح **شعر** غم زیردستان بخور زینہار ؛ بترس از زبردستیِ روزگار ؛ صائبؒ **شعر** در ملک خویش
رخنہ فگندن ز عقل نیست ؛ زنہار بستہ دار زبان سوال را ؛ نظامی رح **شعر** گر از مے شدم ہرگز آلودہ کام ؛
حلالِ خدا بر نظامی حرام ؛ محتمل ہے کہ تا ہر چہ نیت کنی مین تا بران کا بیان ہو۔ نو آن تا اسمی جسکا ترجمہ طرف
اور سوے کیا جاتا ہے۔ حضرت امیر خسروؒ معراج مین فرماتے ہین **شعر** باز کشادست در آسمان ؛ پای برون نہ
ز زمین تا زمان ؛ اے بسوے زمان بطرف زمان یہان زمان سے تسمیۃ الشئ باسم لازمہ آسمان
مراد ہے کیا معنی کہ مقدار گردش آسمان کا زمانہ نام ہے وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

تا بمعنی جہۃ و طرف

بیان لفظ در ظرف زمان و مکان مین در کا استعمال حقیقی اور غیر مین مجاز

اَلثَّالِثُ۔ لفظ در استعمال اسکا ظرفیت کے لیئے یعنی مجرور اس در کا ظرف مکان یا زمان ہو استعمال
حقیقی ہے جیسے آب در کوزہ و خواب در شب اور استعمال غیر ظرف مین مجاز ہوگا جیسے نجات در صدق
ست اور کبھی برا و الی اور را مفعولی وغیرہ کے معنون مین مجازاً استعارہ کر لیا جاتا ہے اور اس اختیار
مجاز یعنی غیر معنی حقیقی کے لیئے استعارہ کرنے مین مقصود متکلم کوئی نہ کوئی نکتہ ہوتا ہے جیسے امثلہ سے
ظاہر ہے۔ اول بمعنی بر امیر خسروؒ **شعر** عمر ابد باد بعیش اندرش ؛ این غزل اندر لب خنیاگرش ؛ اے
بر لب خنیاگر نظامیؒ **شعر** بغوغاے لشکر در آمد شکیب ؛ کہ دست از عنان رفت و پا از رکیب ؛ اے بسبب غوغاے
لشکر صبر و شکیب بیرون رفتہ خصوصاً جب اُسکے مدخول کے صلہ مین از واقع ہو۔ نظامی رح **شعر** رطب
چین در آمد ز نوشینہ خواب ؛ دماغے پر آتش دہانے پر آب ؛ **ولہ** در آمد ز من نالہ ناگہی ؛ گز اندیشہ پر گشتم
از خود تہی ؛ **ولہ** غنودہ تنِ مردم از رنج تاب ؛ نظر بر زمانے در آمد ز خواب ؛ شفائی **شعر** زہ کرد کمان
غمزہ غماز شفائی ؛ کو حوصلہ کز عہدۂ این ناز در آید ؛ اے بر آید۔ مدار قافیہ ناز و راز پر ہے دوسرا بمعنی الی

در بمعنی الی

سعدی رح **شعر** غم از تو ملاذ و ملجا ام نیست ؛ ہم در تو گریزم ار گریزم ؛ اے سوے تو گریزم۔ نظامیؒ
شعر چنان دید در قاصد راہ سنج ؛ کہ از جوشِ دل مغز ش آید برنج ؛ اے جانب قاصد۔ تیسرا بمعنی
قرب (جسکو اُردو مین پاس کے ساتھ ترجمہ کر سکتے ہین) آتا ہے۔ امیر خسروؒ **شعر** دل بتو دادست
نشانی مرا ؛ در تو رسم گر برسانی مرا ؛ تیرے پاس پہونچ جاؤن۔ چوتھا بمعنی پیش نظامی رح **شعر**

در بمعنی قرب

در بمعنی پیش

مشو عاصی اندر خداوند خویش * خداوند ملکم بہ پیوند خویش * وله زبس زنگی کشتہ برخاک راہ * زمین گشتہ در آسمان روسیاہ * انے پیش آسمان - پانچوان جو بجاے راے علامت مفعول کے مستعمل ہوتا ہے نظامی رح شعر زتو آیتے در من آموختن * زمن دیو را دیدہ بر دوختن * اے از تو آیتے مرا آموختن - چھٹا تمیزیہ جو معنی تمیز کے دیتا ہے سعدی رح شعر بنی آدم اعضاے یکدیگر اند * کہ در آفرینش زیک جوہر اند * اے از روے آفرینش - ساتوان در اتصالیہ جو بجاے باے اتصال مستعمل ہوتا ہے مولوی معنوی رح شعر خیمہ در خیمہ طناب اندر طناب * شک آنکہ کرد بیدارم زخواب * نظامی رح شعر سنان در سنان رستہ چون نوک خار * سپر بر سپر بستہ چون لالہ زار * لیکن اسمین بہ نسبت باے الصاق کے زیادہ مبالغہ ہے کیا معنی کہ خیمہ و طناب اس کثرت سے جمع ہو گئے تھے کہ الصاق و اتصال باہمی تو کیا ہے ایک دوسرے مین بوجہ تنگی مکان گھس گئے تھے محتمل ہے کہ یہ در ضربی ہو مگر مصرعہ ثانیہ کے مقابل کی وجہ اتصالیہ کی مؤید ہے - آٹھوان ضربی جو دو مقدارون کے بیچ مین ضرب کے لیے لایا جاتا ہے وہ مقدارین خواہی کم منفصل ہون خواہی متصل مگر یہ دونون مقدارین یعنی مضروب و مضروب فیہ ایک نوع کے ہونی شرط ہے جیسے دہ در دہ گز در گز کم منفصل جیسے فردوسی کا شعر ہے شعر نہ اندر نہ آمد سہ اندر چہار * کم متصل جیسے نظامی رح شعر بر آفاق کشور کشائی کنی * جہان در جہان بادشاہی کنی * کسواسطے کہ یہان وسعت مملکت و ممالک زیر فرمان کا بیان کرنا منظور ہے اسی قبیل سے ہے چمن در چمن صحرا در صحرا اور یہ کثرت و انبوہ سے کنایہ ہوتا ہے اُسکو اتصالیہ نہین کہہ سکتے - چونکہ اتصال جمعیت پر دلالت کرتا ہے اور در ضرب پر اور جمع اور ضرب مین جو فرق ہے ظاہر ہے مثلاً صد کو صد کے ساتھ جمع کرین دو صد حاصل ہوئے اور اگر صد کو صد کے ساتھ ضرب دین دس ہزار حاصل ہونگے نوان در زائدہ تاکید یہ جو بعد اسم مجرور بہ با یا در کے آتا ہے اور اُسے با یا در کے معنون کی تاکید کرتا ہے - اوّل جیسے بدریا در اس شعر مین شعر بدریا در منافع بیشمارست * وگر خواہی سلامت بر کنارست * دوسرا جیسے مولوی معنوی رح شعر در شود چون ماہی اندر آب در * از نہیب من شود زیر و زبر * بلکہ کبھی تاکید پر تاکید بڑہا دی جاتی ہے وله صد ہزاران طفل می کشت از برون * موسی اندر صدر خانہ در درون * اور کبھی اصل حرف کو حذف کرکے اسی تاکید کو باقی رکھتے ہین جیسے مولوی معنوی کا شعر ہے مثنوی آلت زرگر بدست کفش گر * ہمچو دانہ کشت کردہ ریگ در * اے در ریگ -

در بجاے راے مفعول
در تمیزیہ
در اتصالیہ
در ضربیہ
در زائدہ تاکید

دسوان زائد جو زینت کلام کے لیئے اکثر مصادر اور ان کے مشتقات پر زیادہ کیا جاتا ہے جیسے درخواستن
ودرداون سعدی رح شعر اگر دہد یک صلاے کرم ۔ عزازیل گوید نصیبے برم ۔ نظامی رح شعر زمانہ
پیشین ہا پیشہا بر دہد ۔ یکے در ستاند یکے ور دہد ۔ کبھی بقرینۂ مقام حذف بھی کر دیتے ہین نظامی رح
شعر زان آن بہ کہ زیور بود پاے او ۔ لے در پاے او ۔ اور یہ حذف اکثر اسماے ظروف مین جو نکہ
وہ خود متضمن معنی در و بر ہوا کرتے ہین جاری ہے امیر خسرو رح شعر نیم شب آن پیک الٰہی ز دور ۔
آمد و آورد براقی ز نور ۔ اے در نیم شب ۔ نظامی رح شعر نہ خلوت بدی کافرینش نبود ۔ نہ چون
کردہ شد بر تو رحمت فزود ۔ اے در خلوت الخ مولوی معنوی رح شعر جان بابا چونکہ ساحر خواب شد ۔
کار او بے رونق و بے آب شد ۔ اے در خواب شد۔

در شعر زائد تزئینیہ

الرابع لفظ بر ۔ ایک تو اس لفظ کا استعمال استعلا کے لیئے حقیقت ہے جیسے بادشاہ بر تخت
نشستہ است اسکا مزید علیہ ابر بھی آیا ہے فردوسی رح شعر ابر بارۂ جنگجوے سوار ۔ برون رفت از قلعۂ
دیوسار ۔ دوسرا یہ بر اسمی بھی ہوا کرتا ہے بمعنی فوق جسپر ادات تفضیل لگاکر برتر کہتے ہین اور ہاے
نسبت و تسمیہ کے الحاق سے برہ و ابرہ و آبرہ بمعنی روی جامہ مقابل آستر کہا کرتے ہین عنصری کا
شعر ہے شعر عارضش را جامہ پوشیدست نیکوئی و فر ۔ جامۂ کانزا برہ مشک است و آتش آستر ۔ تیسرا بر
اسمی بمعنی نزدیک بھی آیا ہے ۔ نظامی رح مصرعہ کہ بسیار ناید بر اندکے ۔ اور مابہ الفرق حرفی و اسمی
مین یہ ہے کہ معنی اسمی مین خواص اسم کے عروض کا وہ متحمل ہوتا ہے جیسے اداۃ تفضیل و ہاے تسمیہ
و نسبت کا الحاق جس طرح اوپر گزرا اور اسکا مضاف واقع ہونا اور علامت اضافت کا قبول کرنا
فردوسی رح شعر بفرمان یزدان میان را ببست ۔ نشست از بر رخش چون پیل مست ۔ اے فوق
پشت رخش ۔ نظامی رح شعر نشست از بر بارۂ رہ نورد ۔ برآراست لشکر بر سم نبرد ۔ چوتھا استعلاے
مجازی یعنی بمعنی ذمہ و لزوم بھی مستعمل ہے جیسے سعدی رح شعر بر تست پاس خاطر بیچارگان و شکر ۔
بر ما و بر خداے جہان آفرین جزا ۔ کیا معنی کہ استعلاے حقیقی یہان خصوصاً بر خدائی مین محال ہے
پانچوان بر سببیہ جو سبب پر داخل ہوتا ہے یعنی مجرور بر اپنے متعلق کے لیئے سبب واقع ہو مثلاً کسی
نے اپنے نوکر کو گالی دی اُسپر نوکر نے نوکری چھوڑ دی تو کہہ سکتے ہین کہ فلان بر دشنام ترک ملازمت کرد
نظامی رح شعر مغنی دگر بارہ بنواز رود ۔ بیاد آر زان خفتگان در سرود ۔ ببین سوز من تازہ کن ساز نو ۔

لفظ بر کا بیان ۔ استعلاے حقیقی ۔ بر اسمی یعنی فوق ۔ اسپر ہاے تسمیہ لگاکر برہ کہتے ہین ۔ بمعنی نزدیک بھی ۔ بر اسمی و حرفی مین مابہ الامتیاز ۔ بر لزومیہ ۔ بر سببیہ

نگر خوش بجسپم بر آواز نو ٭ اے آواز نو سبب خوش خفتن شود ولہ مے ناب می خورد بر بانگ رود ٭
فلک ہر زمان می رساندش درود ٭ ولہ نہ پیچیدزان پس سر از داد او ٭ ہمہ سال مے خورد بر یاد او ٭
یعنی حریفان گذشتہ کی یاد اور راگ و رنگ کا سامان طبیعت کو مے خوری پر ابھارتا ہے اور بزم مے

بر اجلیہ

پرستی کا سبب بنجاتا ہے چھٹا بر اجلیہ جو بمعنی برائے کے آتا ہے نظامی رح شعر فرستاد نزلی سزاوار او ٭
کمر بست بر خدمت کار او ٭ اے برائے خدمت کار او - ما بہ الامتیاز سببیہ اور اجلیہ بیان ازین مذکور ہو چکا

بر اتصالیہ

ہے - ساتوان بر اتصالیہ - جو بمعنے باے الصاق کے مستعمل ہوتا ہے نظامی رح شعر زبس مردمی ہا
کہ آن زن نمود ٭ زبان بر زبان ہر کسش مے ستود ٭ ملک را بدیدار آن دلنواز ٭ زمان بر زمان بیشتر شد

بر بمعنی مقابل و پیش و نزد

نیاز ٭ آٹھوان بر جو بمعنی مقابل و پیش و نزد کے آتا ہے نظامی رح شعر بجاے میاور کہ جنبم ز جاے ٭
ندارد دپرپشہ بر پیل پاے ٭ اے مقابل پیل ثبات ندارد ولہ بزاری نمود از پے زر خروش ٭ بنالید
بر مرد گوہر فروش ٭ اے پیش مرد ولہ بفرمان شہ کرد روسی شتاب ٭ رسانید مہ را بران آفتاب ٭
اے نزد آن آفتاب ولہ یکے بر صد آید نہ صد بر یکے ٭ اے یک نزد صد آید نہ صد نزد یک محتمل ہے

بر بمعنی الی

کہ یہ بر اسمی ہو یہان فک کسرہ اضافت کے ساتھ مستعمل ہوا ہو - نوان بر بمعنی الی حافظ رح شعر
مژہ سیاحت ار کرد بر خون ما اشارت ٭ ز فریب او میندیش غلطی مکن نگارا ٭ جلال سعدی رح شعر دلیکہ
حور بہشتی ربود و یغما کرد ٭ کے التفات کند بر بتان یغمائی ٭ اور اسی معنی مین ہے - بر من منگر بر کرم

بر بمعنی در

خویش نگر ٭ نظامی رح شعر سکندر بتاریکی آرد شتاب ٭ رہ روشنی خضر یابد بر آب ٭ - دسوان بر جو
بمعنی در ظرفیہ مستعمل ہوتا ہے - علی حزین شعر ساقی تنگدل مرا چند بہانہ میدہی ٭ بادۂ ناب در کفت
شور شراب بر سرم ٭ اے در سرم مدار قافیہ شراب و کباب وغیرہ پر ہے - نظامی رح شعر جناح

بر مفعولی

از ہوا بر زمین بردہ بیخ ٭ پس آہنگ شد در زمین چار میخ ٭ اے در زمین بیخ بردہ - گیارہوان
بر مفعولی جو بجاے را علامت مفعول کے مستعمل ہوتا ہے - صائب رح شعر بر جرم من ببخش کہ آوردہ ام
شفیع ٭ اشک ندامت و عرق انفعال را ٭ اے جرم مرا ببخش الخ بارہوان بر بمعنی باوجود - نظامی رح

بر بمعنی باوجود

شعر بران فحلی اسکندر فیلقوس ٭ نکرد التفاتے بچندین عروس ٭ اے باوجود مردی و مذکری -

بر زائدہ تاکید

تیرہوان بر زائدہ تاکید یہ جو بعد اسم مجرور بہ با یا مجرور بہ بر کے آتا ہے اس سے محض تاکید معنی با یا بر
جار سابق مقصود ہوتی ہے اول جیسے بہ پسر بر اس مصرعہ مین چو آن تاختن رستم سکزی بہ پسر بر

دوسرا برلب برردوکی کے اس شعر مین شعر داوشش دو بوسہ برکجا برلب بر* لب بدنہ چہ بدتحقیق
چون بدچو شکر* فردوسی شعر ہمہ روے آہن گرفتہ بزر* درفش سیہ بستہ برخود بہ بر* کبھی اس تاکیدی
برکو باقی رکھکر اصل ہوکدکو حذف کردیتے ہین مولوی معنوی رح [۱۰۵] شعر چون نویسی کاغذ اسپید بر* آن
نوشتہ خواندہ آید در نظر* اے بر کاغذ سپید۔ مولوی معنوی رح [۳۹۷] شعر ای بلال خوش نوای خوش صہیل*
ہین بنہ بر رو بزن طبل رحیل* اے بر بنہ۔ چودہوان برزائدہ تزئینیہ جو زینت کلام کے لیئے افعال
پرلایا جاتا ہے فردوسی شعر سنزد گر بگیری سرش درکنار* زمانی برآسائی از کارزار* ولہ کہ برگوی
بامن کہ آن شیر مرد* چگونہ خرآمد بدشت نبرد* اور بوقت قیام قرینہ یہ لفظ بر حذف بھی کردیا جاتا ہے
مولوی معنوی [۱۹۵] شعر عاد را تو باد دادی درجہان* او فگندی درعذاب واندہان* ای برباد دادی الخ
فردوسی رح قتل کاموس کے داستان مین لکھتے ہین شعر عنان را بپیچید و از زین* نگون اندر
افگند روے زمین* اے برروے زمین یعنی بر سطح زمین وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَاب*

الخامس - را مرکب۔ یہ کئی معنون مین مستعمل ہوتا ہے ایک تو بمعنی براے تخصیصیہ یعنی مفید بمعنی
تخصیص سعدی رح نثر ہر چہ درویشان راست وقف محتاجان ست اے ہر چیز مخصوص بدرویشان
است الخ اور جیسے منت مر خداے را عزوجل ترکیب اسکی بعینہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کی سی ہے یعنی منت مبتدا
خداے را جار مجرور متعلق فعل یا شبہ فعل کے ہوکر خبر۔ چونکہ یہان تخصیص را سے حاصل ہے لفظ مرکو
بعضون نے زائد محض جانا اور کسی نے کاتب کی غلط نویسی پر حمل کیا مگر میرے نزدیک نہ وہ زائد
محض ہے نہ زلت قلم کاتب بلکہ اسی را کے اختصاصیت کی بیان اور تاکید ہے کیا معنی کہ اختصاص
کلی مشکک ہے کمی و زیادتی یعنی شدت وضعف کی اسمین گنجایش ہے تو یہ مر بھی مزید اختصاص کا افادہ
کریگا چنانچہ صاحب موہبت عظمے نے اس کی تصریح کی ہے یعنے درباب تقدیم مفعول و زیادتی مر
مطبوعہ دہلے [illegible]
(کہ ہر دو امر مفید حصر ہین) فرماتے ہین " گویم تخصیص امریست کہ قبول شدت وضعف دارد پس ہر نسبت
کہ از تقدیم ہم افادۂ حصر بود" انتھی پس یہان بھی قبل از الصاق مر تخصیص ضعیف تھی بعد اُسکے قوی
ہوگئی خصوصاً گلستان مین غلطی کاتب کا احتمال ہو نہین سکتا کیا معنی کہ لفظ گلستان مین اساتذہ
سے مروی ہے جیسے شعر چو دید از دور آن گلگون قبارا* گلستان گفت منت مر خدا را* اگرچہ یہان گلستان
سے کتاب مخصوص مراد نہین مگر تاہم ایک تلمیح لطیف ہے مولوی معنوی رح شعر بلبلان را جای میزیبد چمن*

برزائدہ تزئینیہ

بیان را

را بمعنی براے تخصیصیہ

مر خدا را مین مر زائد نہین ہے بلکہ اختصاص کی تاکید ہے

مرجعل را بہمین خوشتر وطن ؛ اور کبھی اس معنی کی تعیین وتاکید کے لیئے لفظ برسے کا بھی اسکے ساتھ لاتے ہین انوری شعر ہران مثال کہ توقیع توبران نبود ؛ زمانہ طے نکند جز برائے حنا را ؛ چونکہ تاکید اور بیان کا منصب اپنے مبیّن وموکّد سے موخر ہوتا ہے اور یہان برائے ہو یا مر لفظ راسے (جسکے بیان اور تاکید کے لیئے یہ برائے ومر لائے جاتے ہین) مقدم ہونے سے راکو زائد محض سمجھنا نہین چاہیئے اسکے نظائر موجود ہین چنانچہ مے در بجام بلور کو ملاحظہ فرمائیے بائے موحدہ ظرفیہ بر در مقدم ہے انشاء اللہ تعالے باء موحدہ مین اسکا بیان آویگا۔ دوسرا را توسّلیہ یعنے وہ راکہ مفید معنی توسل وتوسط ہے جیسے مصرعہ خدارا بر من بیدل ببخشا ؛ تیسرا علّیہ یعنے مدخول اُس را کا اکثر مفعول لہ واقع ہوتا ہے جو علت غائی اپنے فعل کی ہوتا ہے جسکے ساتھ یہ را متعلق ہے۔ مولوی معنوی رح شعر در بہاران کے شود سر سبز سنگ ؛ خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ ؛ سالہا تو سنگ بودی دلخراش ؛ آزمون را یک زمانی خاک باش اے امتحانا اے از برائے امتحان چنانچہ بجائے را از برائے بھی آیا ہے مولوی معنوی رح شعر از برائے آزمون مے آزمود ؛ زانکہ لبس مردانہ وجانباز بود ؛ یعنی آزمون را خاک باش کے متعلق ہے اور اس خاک بودن کی علت غائی ہے اسیطرح مصلحت را زلالی دیوانہ کے بازار حلب مین جانے کی داستان مین لکھتے ہین شعر مصلحت را آتش اندر خانہ زد ؛ تند گشت وبانگ بر دیوانہ زد ؛ چوتھا را سببیہ یعنے مدخول را فعل متعلق کا سبب ہو سعدی رح شعر قضا را من وپیرے از فاریاب ؛ رسیدیم در خاک مغرب بآب ؛ اے بہ سبب قضائے الٰہی یعنے قضا را متعلق رسیدیم کے ہے اور سبب اس رسیدن کا تقدیر الٰہی ہے جو اس سے سابق ہے پس را علّیہ ورا سببیہ مین وہی فرق ہے جو از اجلیہ اور سببیہ مین تھا کبھی اس رائے مفعول لہ کو سیاق وسباق کے اعتماد پر حذف بھی کر دیتے ہین مولوی معنوی رح شعر مصطفے آمد عیادت سوے او ؛ چون ہمہ لطف وکرم بد خوے او ؛ اے برائے عیادت الخ پانچوان را بمعنی بر استعلا نظامی رح شعر بدہ جزیہ از ما بر کینہ را ؛ قلم در مکش رسم دیرینہ را ؛ اے بر رسم دیرینہ۔ فردوسی رح چوب گز سے رستم کے تیر بنانے کی داستان مین لکھتے ہین شعر چو بشنید رستم میان را ببست ؛ از انجایگہ رخش را بر نشست ؛ اے بر رخش۔ نظامی رح شعر شہ از ہول آن بازی سہمناک ؛ بترسید کافتد سپہ را ہلاک ؛ اے بر سپاہ۔ مولوی معنوی رح شعر راست می فرمود آن بحر کرم ؛ من شما را از شما مشفق ترم ؛ اے بر شما۔ چھٹا را بمعنی در ظرفیہ امیر خسرو رح

را توسّلیہ

را علّیہ

را سببیہ

را بمعنی علیہ یا خاف

را استعلا

را ظرفیہ

ولہ شعر تخم کبر مفشان سینہ را ٭ پشت مدہ صحبت دیرینہ را ٭ اے در سینہ۔ نظامی شعر کہ چون
صبح را شاہ چین بار داد ٭ عروس عدن در بدینار داد ٭ اے در صبح۔ ساتوان را بمعنی از نظامی شعر چون
ناکشادہ لب آنگیر ٭ کہ آید لب غنچہ را بوے شیر ٭ اے از لب غنچہ بوے شیر آید ولہ لب غنچہ را کاید ش
بوے شیر ٭ بکام گل سرخ در دم عبیر ٭ استشہاد اس شعر ثانی سے ایک امر لطیف پر مبنی ہے یعنے
کاید ش مین شین ضمیر متصل منصوب مفعول ہے اور باقی ضمائر مین مفعولیت پر علامت لفظ را ہے جو
یہان بسبب تعذر کے لاحق نہین ہوئی چنانچہ حالت انفصال مین اورا او ورا کہتے ہین پس کاید ش کی
تعبیر کاید اورا ہوگی جیسے دریغ آدمم مین دریغ آمد مرا کے ساتھ تعبیر کیجاتی ہے اور یہان اور امین را
اپنے معنی مفعولیت پر نہین بلکہ از کے معنون مین ہے یعنے لب غنچہ را کہ آید از و بوے شیر چنان و چنان
کن واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب آٹھوان را بمعنی با۔ سنجر کاشی شعر ختم الرسل اگرچہ بخود دادت از کرم ٭
آن نسبتے کہ داشت ہارون کلیم را ٭ اے با کلیم۔ نوان را محللہ اضافت وہ یہ ہے کہ اسکا مضاف الیہ
پر داخل کرنا ترکیب اضافی کو تحلیل کر دیتا ہے جس طرح عربی مین لام اختصاص مضاف الیہ پر داخل
ہونیسے جیسے غلامُ زیدٍ سے غلامٌ لزیدٍ اب یعنی لبعد تحلیل مضاف کو مضاف الیہ سے
مقدم و موخر لفصل و بلافصل سب طرح بلا کھٹکے لاسکتے ہین تا تحلیل بخوبی متحقق ہوجاے سعدیؒ
شعر شور بختان بآرزو خواہند ٭ مقبلان را زوال نعمت و جاہ ٭ اے زوال نعمت و جاہِ مقبلان ولہ
کسانرا انشد ناوک اندر حریر ٭ کہ گفتی بدوزند سندان بہ تیر ٭ اے ناوک کسان۔ نظامیؒ شعر گزارندہ
صراف گوہر فروش ٭ سخن را بگوہر برآمود گوش ٭ اے گوش سخن ولہ چہل روز خود را اگر فتم زمام ٭ ای زمام
خود۔ دسوان زائد محض جو کسی معنی کا افادہ نہین کرتا صرف براے بیت آتا ہے خواجہ جمال الدین
سلمان کا شعر ہے شعر امید زندگانی را کہ دارد ٭ تن رنجور من جان روان ست ٭ ای امید زندگانی
کہ دارد۔ اگر غور کیجے تو اس قسم کی ترکیبون مین چونکہ علامت مفعول کو ظاہر نہین کرتے تو یہ را
زائد قرار دیا گیا۔ ورنہ در اصل دارد فعل اس مین ضمیر مستتر جانب کہ راجع اسکا فاعل اور امید زندگانی
را مضاف مضاف الیہ ملکر دارد کا مفعول بہ اور را علامت مفعول کا مفعول پر لانا زائد نہین کہلاتا
واللہ تعالیٰ اعلم اسیطرح سید حسن اشرفی کے شعر مین شعر یارب بسبب ساز کہ آن سرو روان را ٭
آرد بر ما بخت علے الرغم جہان را ٭ اے علے الرغم جہان یہان محتمل ہے کہ مجموعہ علے الرغم کو ایک لفظ قرار

را بمعنے از

را بمعنے با

را محللہ اضافت

را زائد محض

دیگر یعنی علے کی ترکیب سے قطع نظر کرکے را کو بمعنی برقرار دیا ہو اور علے کو جزو لفظ جوہر کلمہ قرار دینا
ایسا ہی ہے جیسا و لیکن کا واو جوہر کلمہ قرار دیا نہ عاطفہ چنانچہ اسکا بیان حروف مشبہ بالفعل مین
آویگا انشاء اللہ تعالی غرض اہل فارس اپنے استعمالات مین عربی الفاظ مین تصرفات کو جائز رکھتے
ہین جیسے حور کو جو خود جمع کا صیغہ ہے الف و نون لگاکر اپنے قاعدہ پر جمع کرلیتے ہین مصرعہ حوران
بہشتی را دوزخ بود اعراف ؛ اور کبھی اس را اور اس کے مدخول مین فصل بھی واقع ہوجاتا ہے سعدی رح
شعر وانکہ را بادشہ بیندازد ؛ کسش از خیل خانہ ننوازد ؛ اے آنرا کہ. حافظ رح **شعر** محرم راز دل شیدائے خود ؛
کس نمے بینم ز خاص و عام را ؛ اے کس را نمے بینم. صاحب قوانین دستگیری وغیرہ نے قاعدہ فصل پر
توجہ نہ کی زائد محض کہدیا واللہ تعالی اعلم بالصواب اور کبھی سیاق و سباق کے اعتماد پر را علامت مفعول
حذف بھی کردیا جاتا ہے. مولوی معنوی رح **شعر** مصطفی آمد عیادت سوے او ؛ اے براے عیادت الخ
اور جیسے طعام خوردم - آب نوشیدم سعدی رح **شعر** بروزگار سلامت شکستگان دریاب ؛ کہ جبر خاطر
مسکین بلا بگرداند ؛ اے شکستگان را دریاب و بلا را بگرداند **ولہ** مرا کہ درم بود برداشتند ؛ بکشتی و
درویش بگذاشتند ؛ اے درویش را بگذاشتند ؛

(حاشیہ: حذف کردن را علامت مفعول)

السادس حروف صلہ و روابط مین سے کاف یعنی کہ بھی ہے اور یہ کئی معنون مین مستعمل ہوتا ہے،
ایک تو کہ علیہ جو علت پر داخل ہوتا ہے یعنی مدخول کاف اپنے ماقبل کے لئے علت ہوتا ہے اور وہ عام
ہے خواہ علت موثرہ اور سبب ہو خواہ علت غائی جسکو غرض کہتے ہین اول کاف تعلیلیہ و سببیہ بھی کہلاتا ہے
جیسے حافظ رح کا شعر ہے **شعر** بے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغان گوید ؛ کہ سالک بیخبر نبود ز راہ و رسم
منزلہا ؛ کیا معنی کہ سالک کی خبرداری اور نشیب و فراز راہ سے آگاہی اسکی اتباع اور پیروی
کرانے مین تاثیر رکھتی ہے اسکی علت اور اسکا سبب ہے. دوسرا کہ غائیہ جو غرض اور غایت فعل
پر داخل ہوتا ہے سعدی رح **شعر** غریب آشنا باش و سیاح دوست ؛ کہ سیاح جلاب نام نکوست ؛ **ولہ**
انگور نو آوردہ ترش طعم بود ؛ روزے دو سہ صبر کن کہ شیرین گردد ؛ کیا معنی کہ مسافر کے ساتھ مروت
کرنے کی غرض اور علت غائی اپنی نیک نامی کا اشتہار ہے اسیطرح صبر کی علت غائی شیرینی انگور
ہے اور کاف علت وقت قیام قرینہ حذف بھی کردیا جاتا ہے نظامی رح **شعر** اگر نیک بشناختم شاہ را ؛
شناسد بشب ہر کسے ماہ را ؛ اے کہ بشناسد ہر کسے ماہ را یعنی اگر من شاہ را بخوبی بشناختم عجب نیست

(حاشیہ: بیان کاف ؛ کاف علیہ ؛ کاف غائیہ ؛ حذف کاف علیہ)

کاف تمثیلیہ چراکہ ہر کس در شب ماہ را بشناسد۔ تیسرا کہ تمثیلیہ جو جملہ تمثیلیہ پر داخل ہوتا ہے بعینہ یہ کاف علیہ کی طرح ہے مگر وہ علت پر آتا ہے اور یہ تمثیل پر بیدل **شعر** مکن گردن فرازی تا نسازد دہر پامالت ؛ کہ نے آخر بجرم سرکشیہا بوریا گردد ؛ غنی **شعر** اگر شہرت ہوس داری اسیر دام عزلت شو ؛ کہ در پرواز دارد گوشہ گیری نام عنقارا ؛

کاف تفریعیہ چوتھا کاف تفریعیہ جسکو عربی مین فا کے ساتھ اردو مین تو کے ساتھ تعبیر کرسکتے ہین نظامی رح **شعر** سوم مخزن آوردم اول بہیچ ؛ کہ سستی نکردم دران کار ہیچ ؛ یعنی کہتے ہین مخزن الاسرار چونکہ میری اول تصنیف ہے مین تازہ دم تھا تو مین نے اس مین مضامین لطیف و معانی نازک کے ایراد مین ذرا سستی نہ کی۔ اسیطرح اس شعر مین نظامی رح **شعر** بزیرائے پند وزیران شدند ؛ کہ از جملہ دور گیران شدند ؛

کاف شرطیہ پانچوان کاف شرطیہ جو جملہ شرطیہ پر آتا ہے یعنی مدخول اسکا شرط ہوتا ہے نظامی رح **شعر** نہ خلوت بدی کافرینش نبود ؛ نہ چون کردہ شد برتو رحمت فزود ؛ اے وقتیکہ آفرینش نبود۔ عراقی کا شعر ہے **شعر** گفتہ بودم کہ بیایم کہ بجان آئی تو ؛ من بجان آمدم اکنون تو چرا مے نائی ؛ اے ہرگاہ کہ بجان آئی تو۔ اور کبھی اس معنی کی تبیین تعیین کے لیئے لفظ ہرگاہ جو متضمن معنی شرط ہے اسکے ساتھ لایا جاتا ہے جیسے مصرعہ ہرگہ کہ فتد گذر بکویت ؛

کاف جزائیہ چھٹا کہ جزائیہ جو جزا پر داخل ہوتا ہے تا شرط وجزا مین ارتباط پیدا کرے جسطرح عربی مین فا اور قدیم اردو مین لفظ تو۔ اس فا کے لیئے جملہ اسمیہ کا واجب ہونا خصوصیات زبان سے ہے صائب **شعر** گر ہمہ خانۂ کعبہ است کہ تعمیر مکن ؛ تا توان گرد عمارت دل ویرانی را ؛ اے اگر خانہ کعبہ بھی ہے تو تعمیر نہ کر۔ اسیطرح جملہ کہ مربع نہ نشینی مرزا اسمعیل کے شعر مین **شعر** برخیز چنان از سر دنیا کہ پس از مرگ ؛ گر خشت کنندت کہ مربع نہ نشینی ؛ مگر صاحب جواہر الحروف محقق فرزانہ بہار اس کاف کا زنہاریہ نام رکھتے ہین اور اسکے ماقبل ان صلیبیہ اور مابعد فعل منفی و منہی کا ہونا مشروط کرتے ہین میری سمجھ مین یہ بات نہین آتی ایک تکلف سا معلوم ہوتا ہے خصوصا شرط مابعد کے منفی ہونیکی صرف معنی زنہار کی رعایت سے ہے حالانکہ لفظ زنہار اور ہرگز جملہ مثبتہ پر آتے ہین جسطرح بیان تازنہاریہ مین عرض کرچکا ہون چنانچہ اس شعر مین دیکھیئے اسی قسم کا کاف جملہ مثبتہ پر موجود ہے **شعر** رہزن دہر نخفتست مشو ایمن ازو ؛ گر خود امروز نبردست کہ فردا ببرد ؛ یعنی اگر آج نہ لیگیا تو کل لیجائیگا جناب بہار کی رائے پر یعنی اگر زنہاریہ کہا جائے یہ ترجمہ ہوگا کہ اگر آج نہین لیگیا ضرور کل لیجائیگا کیا معنی کہ زنہار و ہرگز مثبتہ مین معنی ضرور کے دیتا ہی جیسے

صاحب جواہر الحروف اس کاف کو زنہاریہ کہتے ہین اور جملہ شرطیہ کے ساتھ مشروط کرتے ہین ؛

غمِ زیر دستان بخور زینہار * اے ضرور عاجزون کی غمخواری کر۔ اور گر ہمہ خانۂ کعبہ است کہ تعمیر مکن زینہار یہ
کہنا اور اگر خود امروز نبردہ است کہ فردا ببر دکونہ کہنا محکم ہے واللہ تعالے اعلم بالصواب ساتوان کہ لزومیہ

کاف لزومیہ

جو دو جملونکے درمیان داخل ہوتا ہے جن مین باہم علاقہ علت ومعلول کا ہو یعنی ماقبل مابعد کے لیئے
علت ہو اور مابعد اُسکا معلول جس سے مدخول کاف اپنے ماقبل کے لیئے لازم ہو جیسے عرفی کا شعر
شعر ہر سوختہ جانے کہ بکشمیر در آید * گر مرغ کباب است کہ بابال وپر آید * آٹھوان کاف فجائیہ جس کو

کاف فجائیہ یا اتفاقیہ

اتفاقیہ بھی کہسکتے ہین وہ ایسے دو جملونکے درمیان داخل ہوتا ہے کہ جن مین ایسا علاقہ نہین ہوتا کہ جس سے
مدخول کاف کو اپنے ماقبل سے استلزام ثابت ہو جیسے عرفی کا شعر ہے شعر شب گذشتہ بزانو نہادہ بودم سر
کہ اوفتاد خرد راد ران خرابہ گزر * اے ناگاہ اُفتاد الخ فرق ان دونون مین یہ ہے کہ لزومیہ مین جملۂ ماقبل
کے لیئے مدخول کاف لازم ہوتا ہے اور ماقبل کاف مابعد کی علت یعنی یہان کشمیر مین آنیکو بابال وپر
ہو جانا لازم اور بابال وپر ہونیکی دخول کشمیر علت اور گر مرغ کباب است جملۂ معترضہ بخلاف فجائیہ
کہ اُسمین باہم اتفاقی نسبت ہوتی ہے علاقۂ لازمہ اُسمین نہین ہوتا یعنی یہان سر بزانو نہادن اور گزر
کردن خرد مین کوئی ایسا علاقہ نہین کہ جس سے حکم استلزام کا لگایا جائے بایںمعنی اسکا اتفاقیہ نام
رکھنا مناسب نہوگا واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب اور کبھی تبیین وتعیین معنی فجائی کے لیئے کاف
کے ساتھ لفظ ناگاہ بھی بڑھادیا جاتا ہے امیر خسرو رح ؎ دل گم گشتہ را در ہر خم زلفش ہمی جستم *
کہ ناگہ چشم بدخو سوے رویش رفت وجان گم شد * اور معنی اتفاقی مفاجات کے کوئی منافی نہین
واللہ تعالیٰ اعلم۔ نوان کہ عاطفہ جس کا ترجمہ عربی مین لفظ بل کے ساتھ کر سکتے ہین اور یہ دو

۱۰ کاف عاطفہ اضرابیہ

معنون مین مستعمل ہوتا ہے ایک تو وہ کہ جس مین ابطال معطوف علیہ واثبات معطوف کا کیا جاتا ہے
اور پھر یہ بھی دو حال سے خالی نہین یا تو بلا قصد ترقی ہوگا جیسے اس شعر مین سعدی رح شعر نہ از
جہل مے بشکنم پائے خر * کہ از جور سلطان بیداد گر * اے بلکہ از جور سلطان الخ یا اُسمین ترقی
مطلوب ہوگی جیسے سعدی رح شعر نہ قندے کہ مردم بصورت خورند * کہ ارباب معنی بکاغذ برند * ای
بلکہ ارباب معنی الخ چونکہ اُسمین معطوف علیہ سے ایک نوع کا اعراض کیا جاتا ہے اس کاف کا اضراب
نام رکھتے ہین کیا معنی کہ اضراب بمعنی اعراض ہے چنانچہ کہتے ہین اضرب علیہ ای اعرض عنہ
کما فے المنتہی الارب اور اضربت علیہ اے اعرضت عنہ ترکا واہمالا * دوسرا بلا قصد ابطال

صرف ایک بات سے دوسری بات کی طرف چل دیتے ہین اس وقت اسکا استعمال بجاے
واو عاطفہ ہوگا سعدی رح شعر اے بسا اسپ تیز رو کہ بماند ❊ کہ خرِ لنگ جان بمنزل برد ❊ اسمیں
و خرلنگ الخ ممکن ہے اس شعر کو بھی پہلی قسم مین داخل کرین مگر اسوقت اسکا معطوف علیہ متاول ہوگا
یعنی بماند سے جان بمنزل نبرد کے معنی مراد لین لسے لبسیار اسپ تیز رو جان بمنزل نبرد بلکہ خرلنگ
جان بمنزل برد۔ اور عربی مین بھی لفظ بَلْ صرف واو عاطفہ کی جگہ مستعمل ہو جیسے اس آیت شریف
مین بعض مفسرین کی راے ہے کَمَا قَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ ھُوَ
قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ اے وہو قرآن مجید۔ یہ بھی سن لیجیے کہ جبکہ یہ کاف کئی معنون مین مستعمل تھا مزید توضیح
و تعیین بمعنی خاص اضرابی کے لیئے لفظ بَلْ جو عربی مین اضراب کا کلمہ ہے اسپر لاکر بلکہ کہا کرتے ہین
جیسے کاف نتیجہ کے ساتھ تا ے نتیجہ بھی لایا جاتا ہے اور جسطرح را بمعنی براے یا از بمعنی براے کے
ساتھ بہر و براے استعمال کیا جاتا ہے بلکہ مطلقاً کاف عاطفہ پر بل زیادہ کر کے بلکہ کہا کرتے ہین
نظامی رح شعر بریشم تنے بلکہ لولو سمے ❊ روندہ چو لولو برابریشمے ❊ یہان صرف عطف بلا قصد
ترقی ہے۔ اور کبھی اُس اصل کاف کو حذف کر دیتے ہین صرف کلمہ عربی لفظ بل کو باقی رکھتے ہین
امیر خسرو شعر ہدیہ بسے بہر خداوند تاج ❊ ہدیہ نہ بل ملکتے را خراج ❊ یہان ترقی مقصود ہے اور کبھی
وقت قیام قرینہ کاف مع لفظ بل حذف کیا جاتا ہے سعدی رح شعر ترا با چنین تندی و سرکشی ❊
نہ پندارم از خاکی از آتشی ❊ بلکہ از آتشی۔ عرفی شعر بچار سوے سخن نقد رایجی دارم ❊ نہ ہیچ ماہ زراندود
آفتاب عیار ❊ اے بلکہ آفتاب عیار۔ اور یہ لفظ بلکہ بعض وقت فصحاے متاخرین نے باشد و شاید
کیطرح موضع ظن مین استعمال کیا ہے۔ ظفرا شعر گر بطفر انظرے سکینی امروز بکن ❊ بلکہ از درد فراق
تو لبفردا نرسد ❊ فیاض لاہجی شعر در سرو و گل و یاسمین آن تو ندیدم ❊ ہنگامہ مرغان چمن بلکہ تو باشی
محمد سعید اشرف شعر گر برآید خطت مشو دلگیر ❊ بلکہ خیریت دران باشد ❊ اور فارسی قدیم مین لفظ
وَن بفتح واو اضراب کیلئے مستعمل ہو وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ دسوان کہ تفضیلیہ جو مفضل علیہ
پر داخل ہوتا ہے جیسے اس شعر مین سعدی رح شعر از دست تو مشت بر دہان خوردن ❊ خوشتر کہ بدست
خویش نان خوردن ❊ و لہ کم آوازہ ہرگز نہ بینی خجل ❊ جوے مشک بہتر کہ یک تودہ گل ❊ اور باقی
حالات کو از تفضیلیہ کے حالات پر قیاس کرلین وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ گیارہوان کاف مقولہ

وقت قیام قرینہ حذف کاف مع بل

کاف تفضیلیہ

حذف متعلق کی تحقیق

جو جملۂ مقولہ پر داخل ہوتا ہے اور یہان فعل اس مقولہ کا مقدر ہونا شرط ہے سعدی رح **شعر** بخندید
دہقان روشن ضمیر * کہ پس حق بدست من ست اے امیر * اے گفت کہ پس الخ **ولہ** ہمی گفت گریان
بر احوال طفلے * بسمع رسول صلے اللہ علیہ وسلم آمد آواز دے * بہ بخشیدش آن قوم و دیگر عطا * کہ ہرگز نکرد اصل گوہر خطا *
اے بہ بخشید و گفت کہ ہرگز اصل اصیل خطا نکند۔ یہان ذرا سی توجہ سے یہ بات سمجھ مین آجائیگی کہ یہ کاف
مقولہ بمعنے گفتن نہین بلکہ بحسب اقتضاے مقام کوئی مشتق اس گفتن سے پہلے مقدر ماننا ہوگا یہ
کاف مع اپنے مدخول کے اسکا مقولہ یعنی مفعول ثانی بنجائے پس جس صورت مین کہ فعل گفتن مذکور
ہوتا ہے یہ کاف اسی مقولہ پر داخل ہوتا ہے اگر مقدر ہو اسی مقولہ پر مگر اول ہی کو کاف مقولہ اور ثانی
کو بیانیہ کہنا صرف اصطلاح ہے۔ غرض در اصل کاف مقولہ وہ کاف ہے کہ جملہ مقول پر جو اوس
فعل کا مفعول ثانی ہے داخل ہوتا ہے چونکہ شان مفعول افراد ہے بذریعہ اس کاف کے یہ
جملہ مفرد کی تاویل مین کرلیا جاتا ہے جسطرح عربی مین لفظ اَنْ سعدی رح **شعر** فریدون گفت
نقاشان چین را * کہ پیرامون خرگاہش بدوزند * نقاشان چین مفعول اول ہے اور جملہ مدخول
کاف مفعول ثانی یعنے مقولہ فریدون چونکہ جملہ صلاحیت مفعول بننے کی نہین رکہتا کاف مصدری
اُسپر لایا جاتا ہے تا وہ فعل مصدر کی تاویل مین ہوکر مفرد بنجاے اے دوختن پیرامون خرگاہ یعنی
فریدون نے نقاشان چین سے پیرامون خرگاہ سینے کو کہا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اس مادۂ خاص
کے فعل کا مفعول ثانی مقولہ کہلاتا ہے تو بوجہ مجاورت مقولہ اس کاف کا نام بھی کاف مقولہ رکھدیا
گیا ورنہ اور جملون پر بھی جو مفعول بعض افعال کے واقع ہین اور وہ افعال بھی اس قول یعنی گفتن کے
مادہ سے نہین یہ کاف مصدری لایا جاتا ہے اور وہان بھی یہی تاویل مقصود ہوتی ہے جیسے
خواہم کہ ترا نہ بینم اے خواہم نادیدن ترا سعدی رح **شعر** شنیدم کہ مردے براہ حجاز * بہر خطوہ کردی
دو رکعت نماز * اے شنیدم نماز کردن مردے بلکہ تمام حکایت کے جملے تاویل مین مفرد کے ہوکر معطوف
معطوف علیہ بنکر شنیدم کا مفعول ہونگے اسیطرح **ولہ** بامید بیشی نداد و نخورد * خردمند داند کہ ناخوب کرد
داند کہ ناخوب کرد تاویل مین مفرد کے ہوکر داند کا مفعول ثانی کیا معنی کہ داند افعال قلوب سے ہے
جو دو مفعول کو چاہتا ہے اور مفعول اول مضمون مصرعۂ اول یعنی بامید بیشی ندادن ونخوردن پس
مناسب تھا اس کاف کا مصدریہ نام رکھتے اور بوضع استعمال کو معنی قول کے ساتھ مخصوص کرتے

جیسے عربی مین اُس اَنْ کا مصدریہ نام ہے اور اس اَنْ کی بدولت بڑے بڑے فقرے حکی وقیل
کے مفعول واقع ہو جاتے ہین۔ اگر خصوصیت معنی قول کا لحاظ کیا جاے تو اسکو اَن للتفسیر کی طرح

اَن کاف کو در صورت خصوصیت معنی قول کاف تفسیر کہنا چاہیے

کاف تفسیر کہنا چاہیے قوله تعالی وتبارك ۔ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِىْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
اور نَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ اور کبھی وقت قیام قرینہ یہ کاف مصدری حذف بھی کیا جاتا ہے
سعدی رح شعر حذر کن زانکه دشمن گوید آن کن ٭ اے گوید که آن کن یعنی گوید کردن آنرا۔ اسیطرح عربی
مین اَنْ مصدری حذف کیا جاتا ہے مع ابقاے عمل طرفه بن العبد شاعر زمانہ جاہلی کا شعر قصیدہ
ثانیہ سبع معلقہ مین ہے شعر اَلَا اَيُّهٰذَا اللَّائِمِىْ اَحْضُرُ الْوَغٰا ٭ وَاَنْ اَشْهَدَ اللَّذَّاتِ

کاف دعائیہ

هَلْ اَنْتَ مُخْلِدِىْ ٭ اے اَنْ اَحْضُرَ الْوَغٰا۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔ بارہوان کہ دعائیہ جو
جملہ دعائیہ پر داخل ہوتا ہے سعدی رح شعر ز عہد پدر یادم آید ہمی ٭ کہ باران رحمت برو ہر دمی ٭
نظامی رح شعر مرا زان کریمان صاحب زمان ٭ توئی مانده باقی که باقی بمان ٭ وله نخستین ثنائے
جہاندار گفت ٭ که بادا جہاندار با کام جفت ٭ اگر غور کیجیے تو یہ کاف دعائیہ بھی مفسرہ ہے یعنی مدخول کاف
فعل محذوف کے مفعول مقدر کی تفسیر ہے اور اسکی تقدیر یہ ہے کہ دران حال یاد میکنم پدر را بدعاے
که تفسیرش باران رحمت برو ہر دمے اور نیز مفعول مقدر عام بھی نکال سکتے ہین یعنی دعا میکنم پدر
را بچیزے که تفسیرش اینست که باران رحمت الخ مفسر بالفتح کو تفسیر سے عام رکھنے مین کوئی قباحت
نہین جیسے اس آیہ وافی ہدایہ مین ما کی تفسیر ان اقذفیه سے کیگئی اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ

حذف کاف دعائیہ

مَا يُوْحٰٓى اَنِ اقْذِفِيْهِ ۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب ۔ اور کبھی یہ کاف حذف بھی کیا جاتا ہے
نظامی رح شعر بمرگ ہمه شهر زین شهر دور ٭ نگرید کسے ور بود ناصبور ٭ اے کز ین شهر دور باد۔ تیرہوان

کاف قسم

کاف قسمیہ جو جواب قسم یعنی مقسم بہ پر آتا ہے نظامی رح شعر بدارائے گیتی و دانائے راز ٭ که دارم
بہ بہبود دارا نیاز ٭ رشیدا شعر مرا که نیست بدور لبت ہواے قدح ٭ بجان بادہ که جان میدہم براے

حذف کاف قسم

قدح ٭ اور کبھی یہ کاف قسم حذف بھی کر دیا جاتا ہے شعر بر خشنده آذر باستا و زند ٭ بخورشید روشن
بچرخ بلند ٭ بروم اندر آرم ز گرد سپاه ٭ کنم چشم خورشید روشن سیاه ٭ اے سوگند بخورشید روشن

کاف تشبیہ

که در روم سپاه آرم الخ چودہوان کہ تشبیہ جو تشبیہ مرکب مین مشبہ بہ پر داخل ہوتا ہے وحید کا شعر ہے
شعر عیان از خم نیل آن عکس لب ٭ که فانوس نارنج در تیرہ شب ٭ اے چنانکه فانوس نارنج الخ نظامی

شعر یکے بیشہ در گردش از چو بہ تیر ٭ کہ باشد گیا برلب آبگیر ٭ اے چنانکہ باشد۔ چنانچہ یہ کاف لفظ چنان کے ساتھ موجود ہے۔ نظامی رح شعر گر آسودہ ور ناتوان میزیم ٭ چنان کا فریدی چنان میزیم ٭ اگر ذرا غور کیجیے اس کاف کا تشبیہی نام رکھنا اطلاق تجوزی ہے ورنہ یہ کاف بیانیہ ہے جو بعد لفظ چنان کے واقع ہوتا ہے بلکہ یہ کاف اسمی موصولہ ہے اور لفظ چنان جو تشبیہ مرکب مین مستعمل ہوتا ہے وہ یہان ان امثلہ مین مقدر ہے پس چنانکہ مین بعینہ ترکیب اور معنی لفظ کما کے سے ہونگے کسواسطے کہ چنان کا فریدی کا ترجمہ عربی مین کَمَا خَلَقْتَنِیْ کیا جائیگا ظاہر ہے کہ اسمین کاف حرف تشبیہ اور ما موصولہ ہی وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ٭ پندرہوان کاف بیانیہ جو کسی امر مبہم کے جملہ بیانیہ پر داخل ہوتا ہے نظامی رح شعر چنان دارم اے داور کارساز ٭ کزین بانیازان شوم بے نیاز ٭ ولہ چنان گرم کن عزم رایم بتو ٭ کہ خرم دل آیم چو آیم بتو ٭ اور کبھی یہ کاف حذف بھی کیا جاتا ہے شعر چنان برعشرتم قاسم فضلے آسمان تنگست ٭ بہر جا جست سنگے از فلاخن رو بما آورد ٭ ای کہ فضاے آسمان الخ صاحب جواہر الحروف نے نظامیؒ کے اس شعر مین شعر جزا او ہرکسے باتو سر میزند ٭ چو زلف تو سر برکمر میزند ٭ اے ہرکسے کہ باتو الخ کاف بیانیہ محذوف مانا ہے۔ مگر میرے نزدیک اس کاف کو بیانیہ کہنا درست نہین بلکہ یہ کاف محذوف کاف موصولہ ہے چنانچہ اسکا بیان موصول کی بحث مین گذر چکا ہے وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ سولہوان کہ تردیدیہ جو بجاے لفظ یا حرف تردید کے مستعمل ہوتا ہے شعر حسن معشوق بہتر است کہ آن ٭ آن ازین بہتر ست واین از آن ٭ اے حسن معشوق بہتر ست یا آنِ معشوق۔ حافظ رح شعر چشم صاحب نظران در پے دنیاست کہ نیست ٭ سر خط سادہ ولان نقش تمناست کہ نیست ٭ اے در پے دنیا ہست یا نیست۔ ونقش تمناست یا نیست۔ یہان اس تردید سے کمال تقریر مطلوب ہے جو نتیجہ اس نفی واثباتِ حصر کا ہے۔ اور کبھی اس معنی کی تعیین وتبیین کیلئے لفظ تردید یا کے ساتھ بھی یہ کاف مستعمل ہوتا ہے جیسے شعر یا کہ قلم موئیدم مے نوشت ٭ یا کہ رگ ابر سیہ بود و دشت ٭ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ سترہوان کہ زائدہ مولوی معنوی رح[۱۵۴] شعر اینچنین قفل گران رالے ودود ٭ کہ تواند جز کہ فضل تو کشود ٭ اے جز فضل تو کہ تواند کشود۔ ولہ جز کہ صاحب ذوق نشناسد طعوم ٭ شہد را نا خوردہ کے دانی زموم ٭ ہاتفی رح شعر طرازندۂ داستان کہن ٭ چنین شد طلی بند بکر سخن ٭

کاف بیانیہ

کاف تردیدیہ

کاف زائدہ

کہ از فر و اقبال شاہنشہی ٭ کہ از فتنہ شد آن ممالک تہی ٭ اے از فتنہ الخ سعدی رح شعر بباز ی نگفت
این سخن بایزید ٭ کہ از منکر این ترم کز مرید ٭ اے از مرید الخ اگر غور کیجاے ان کافون مین تاویل
کیجاسکتی ہے جس سے وہ زیادت محض سے نکل جائین اور یہ بھی سن لیجئے کہ سواے ان
حرفی کافون کے جو اوپر مذکور ہوئے ہین کاف اسمی بھی ہوتا ہے جس کا بیان بحث اسم مین گزر چکا
اور وہ یا توصرف موصول ہوتا ہے جیسے اس شعر مین سعدی رح شعر گزند کسانش نیاید پسند ٭ کہ ترسد
کہ در ملکش آید گزند ٭ اے کسیکہ ترسد الخ کبھی اس کاف سے تعمیم و تنکیر مراد ہوتی ہے جیسے کرا جاودان
ماند ان امید نیست - اور کبھی استفہامیہ اور اس سے یا تو استخبار منظور ہوتا ہے یا اثبات یا انکار مگر باعتبار
مفہوم لفظ استفہام اسکا استعمال معنی استخبار مین حقیقت ہے کیا معنی کہ یہ معنی طلب کو متضمن ہے
جیسے در خانہ کیست - اور باقی اثبات و انکار مین معنی طلب اپنی حقیقت پر نہین رہے اول یعنی اثبات
مین تقریر مطلب مقصود ہے جیسے اس شعر مین انوری ع کہ بر فروزد ہر بامداد مطلع صبح ٭ سعدی رح شعر
بامرش وجود از عدم نقش بست ٭ کہ داند جز او کردن از نیست ہست ٭ یعنی وہی ہر بامداد مطلع صبح روشن
کرتا ہے اور وہی نیست سے ہست کرنا جانتا ہے یعنی اسکے سوا دوسرا کوئی شخص نہین کر سکتا - اس
مجاز کے اختیار کرنے مین نکتہ یہ ہے کہ اس سے حصر کا افادہ ہو کیا معنی کہ جب ماسوا سے اس حکم
کی نفی کی گئی تو فقط اسی کے ساتھ وہ حکم مقصور و محصور رہ جاتا ہے تو اسی کے ساتھ اس حکم کا
اثبات لازم آجاتا ہے چنانچہ اس مثال مین از نیست ہست کردن کہ داند غیر او نمی تواند کے مساوی
ہے اور وہ مستلزم ہے از نیست ہست کردن ہم او داند کو - اور استفہام انکاری مین جمیع افراد سے
انکار مقصود ہوتا ہے نظامی رح شعر کرا در خرد راے باشد بلند ٭ نگوید سخنہاے ناسودمند ٭ اے
کسے را یا ہر کرا یعنے جتنے افراد بذریعہ اس کاف کے مسئول ہین ان سب سے متکلم مضمون جملہ مدخول
کاف کا انکار ثابت کرتا ہے اور مضمون جملہ دیگر کا جو اسکا ضد ہے ثبوت دیتا ہے جیسے اس شعر
مین غنیمت شعر کہ میگوید کہ بر عزم سفر بست ٭ بقتل عاشق مسکین کمر بست ٭ یعنی کوئی بھی نہین کہتا
کہ معشوق نے سفر کے لیئے کمر باندھی ہے اس نے عاشق مسکین کے قتل کے لیئے کمر باندھی ہے
یہان منظور یہی نکتہ ہے کہ افراد نافی کی تعمیم حاصل ہو جاے - دوسرے یہ تاویل بھی ممکن ہے کہ یہان کہ
استفہامیہ زجر و توبیخ کے لیئے لایا گیا ہو یعنی معشوق سے کمر باندھنے پر سب نے یہ خیال کیا بلکہ کہدیا ہو کہ

کہ بمعنی موصول
کہ استخباری
کہ تقریری
کہ انکاری
استفہام انکاری مین دوسری تاویل

بقصد سفر کمر باندھی ہے تو متکلم سبکو ڈانٹ بتلاتا ہے اس غلط خیالی سے پھیر لاتا ہے مگر معنی اول بہ نسبت اس معنی ثانی توبیخی کے ابلغ ہین اسواسطے کہ یہان صرف ایک متکلم تنہا منکر ہے اور اول مین جمیع افراد یکزبان منکر ہین غرض استفہام انکاری مین تعمیم ایک امر کی مطلوب ہے اور تقریری مین تخصیص ایک امر کی (جو مساوی حصر ہے) مقصود ہے فافہم وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ واضح ہو کہ کاف استفہام ذوالعقول کے لیئے موضوع ہے اور اسکے مقابل لفظ چہ غیر ذوی العقول کے لیئے اور جہان ذوی العقول اور غیر ذوی العقول مین تعیین نہو سکے وہ بھی (بحکم آنکہ نتیجہ تابع اخس کے ہوتا ہے) غیر ذوی العقول مین مندرج ہوگا جیسے دور سے ایک شبح معلوم ہوا مگر یہ نہ معلوم ہوا کہ انسان ہے یا غیر انسان تو یہان سوال مین این چیست کہا جائیگا واین کیست۔ اور یہ بھی سن لیجے کہ جب یہ کاف چہ کے ساتھ جمع ہوتا ہے یہ مرکب معنی برائے چہ کے دیتا ہے ظہوری شعر درع زرگسنہ چشمے بخوان تو بنشست ✤ مرا گذاشت چنین پشت دست خای کہ چہ ✤ سعید اشرف شعر زہر دو چشم نظر میکنی بیار کہ چہ ✤ نگہ دو اسپہ چرانی بلالہ زار کہ چہ ✤ اے چرا۔ اگرچہ بحث حرف موقع کاف اسمی کا نتھا مگر بنظر توضیح ہمنے ذکر کردیا۔ اور کبھی دو کاف دو نوع کے ایک جگہہ جمع پڑجاتے ہین مگر یہ شاذ ہے مولوی معنوی رح شعر سوے منزلہا دوید و بانگ داشت ✤ کہ کہ بردر دانہ ام غارت گماشت ✤ ای بانگ داشت کہ کدام کس بردر دانہ ام الخ ✤۔

دو نوع کے دو کافوں کا ایک جگہ اجتماع

السّابع بائے مفردیہ حرف چند معنون مین استعمال کیا جاتا ہے کبھی الصاق کے لیئے یعنی مدخول ومجرور با کے ساتھ الصاق ثابت کیا جاتا ہے خواہی لصوق حقیقی ہو خواہی مجازی اول لصوق حقیقی جیسے حکمی عفی عنہ شعر درد بدل بود ش وسود البسر ✤ خورد غم تلخترش چون شکر ✤ دوسرا لصوق مجازی جیسے حافظ رح شعر آخر بسرم گزر کن ای دوست ✤ انگار کہ خاک آستانم ✤ یہان لصوق حقیقی نہین کیا معنی کہ درحقیقت گزر کرنا سر کے قریب سے ہوگا نہ عین سر سے۔ واضح ہو کہ مثال اول درد بدل وسود البسر مین بعینہ ایسی ترکیب ہے جیسے عربی مین بہ داء ✤ چنانچہ علامہ رضی الباء للالصاق کی شرح فرماتے ہین نحو بہ داء ای التصق بہ وقولك مررت بہ ای الصقت المرور بمکان یقرب منہ مگر باعتبار مذاق فارسی بدل وبسر کی با کو ظرفیہ بمعنی دردل ودرسر بھی کہہ سکتے ہین۔ دوسرا با اتصالیہ نظامی رح شعر خداوند مائی وما بندہ ایم ✤ بہ نیروے تو یک بیک زندہ ایم ✤ اے یک متصل بیک۔

بائے الصاقیہ

بائے اتصالیہ

اس کو کل افرادی سے کنایہ کرتے ہین یعنی ہر ہمہ زندہ ایم - ولہ رسیدند لشکر بہ لشکر فراز ✤ زمانہ در کینہ

باے مصاحبت

بکشاد باز ✤ تیسرا باے مصاحبت ومعیت جسکا مجرور اپنے فعل کے ساتھ تعلق رکھنے مین دوسری ایک شئے

کا ساتھ دیتا ہے جیسے کہا جاتا ہے اسپ را بزین خریدم اے بازین وہمراہ زین خریدم الہامی **شعر** بیخبر زد چو سوے

باے اتصالیہ اور باے معیت کا مابہ الامتیاز

تربت من گامے چند ✤ گفت این گور فلانیست بدشنامے چند ✤ باے اتصالیہ اور معیت مین فرق یہی ہے

کہ باے معیت ومصاحبت کی جگہ لفظ ہمراہ یا مع بیان کیا جاے معنی مین کوئی فرق نہ آئے معہذا باے معیت

عام ہے اور اتصالیہ خاص کیا معنی کہ اتصال کیلئے معیت ومصاحبت لازم ہے اور مصاحبت کیلئے اتصال

لازم نہین جیسے مثال مذکور اسپ را بزین خریدم یعنی اسکے یہ معنی ہین کہ زین کا اشتراک اور معیت اسپ کے

باے استعانت

ساتھ صرف خریداری مین ہے اور یہ ضرور نہین کہ وقت اشتراک گھوڑے پر زین کسی ہوئی بھی ہو. چوتھا باے

استعانت جو مدخول با فعل متعلق کیلئے آلہ ہوتا ہے یعنی فاعل اپنے فعل مین مجرور با سے مدد لیتا ہے

نظامی رح **شعر** نباشد چنین نامہ تزویر خیز ✤ نوشتہ بچندین قلمہاے تیز ✤ یہان قلم آلۂ نوشتن ہے اور

نویسندہ اپنے لکھنے مین قلم سے استعانت لیتا ہے **ولہ** بشمشیر آتش برآرد ز آب ✤ میانجی کند ابر بر آفتاب

باے توسل

سعدی رح **شعر** وگر ہمچنان روزگار ہلی ✤ بگردونش از بیخ بر نگسلی ✤ پانچوان با توسلی جو مدخول با سے

مہمات مین وسیلہ پکڑا جاتا ہے شیخ ابوسعید ابوالخیر رح **رباعی** یارب برسالت رسول الثقلین ✤ یارب بغزا

کنندۂ بدر وحنین ✤ عصیان مرا دونیمہ کن در عرصات ✤ نیمی بحسن بخش ونیمی بحسین ✤ اے بطفیل

باے غایت یعنی برائے

حسن وبوسیلہ حسین رضی اللہ عنہما - چھٹا با بمعنی براے جسکا مجرور غایت اور غرض فعل متعلق کی ہوتا ہے

اور جسکا وجود خارج مین فعل متعلق سے موخر ہوتا ہے جیسے **شعر** اگر بسیر چمن میروی قدم بردار ✤ کہ

ہمچو رنگ حنامی رود بہار از دست ✤ اے براے سیر چمن یعنی قدم برداشتہ چلنے کے بعد سیر چمن کا

باے علت وسبب

حصول ہوگا - ساتوان باء علت وسبب جسکا مجرور علت وسبب فعل متعلق کی ہوتا ہے جس کا

وجود اس فعل سے مقدم ہوتا ہے - امیر خسرو رح **شعر** بیک آمدن ربودی دل ودین صد چو خسرو ✤ چہ زید

اگر بدینسان دو سہ بار خواہی آمد ✤ نظامی رح **شعر** مشوران بخودکامی ایام را ✤ قلم در کش اندیشۂ خام را ✤

اے بعلت خودکامی یعنی خودکامی پہلے سے شخص مین موجود ہے جو شورش کا سبب ہے اسی طرح

محبوب دلربا کا آنا پہلے ہے اور دل لیجانا بعد مین اسیطرح نظامی کا یہ شعر **شعر** بیا ساقی آن جام

باے معاوضہ ومقابلہ

یاقوت بار ✤ بباد شہنشہ بکامم سپار ✤ یہ اسی قسم کا باے سببیہ ہے جو بر سببیہ مین مذکور ہوا - اٹھوان باے

باؔ معاوضہ ومقابلہ جسکا مجرور ایک دوسری شے کے مقابلہ ومعاوضہ مین واقع ہوتا ہے نظامیؒ
شعر گر این نامہ را من بزر گفتمی ٭ بغمرے کجا گوہرے سفتمی ٭ اے عوض ۔ ولہ بدریا کند ہیچ دریا
پدید ٭ کہ دریا بدریا توانی خرید ٭ توآن بمعنی موافقت حافظؒ شعر ساقی بنورِ بادہ برافروز جامِ ما ٭
مطرب بگو کہ کار جہان شد بکام ما ٭ لے موافق کام ما ٭ عارض اصفہانی شعر شاید بمدعای تو گویم حکایتے ٭
یکبار عرض حالِ مرا میتوان شنید ٭ اے موافق مدعاے تو ۔ دسوان بائے لیاقت جیسے شعر صائب کنون
کہ در دبدرمان نماندہ است ٭ آن بہ کہ راہ چارہ وتدبیر نسپریم ٭ اے لایق درمان پزیری ۔ گیارہوان بائے تصرف
سعدیؒ شعر چنانکہ دست بدست آمدست ملک بما ٭ بدستہاے دگر ہمچنین بخواہد رفت ٭ ای تصرف دستہاے
دگر الخ حقیقت مین یہ باظرفیہ ہے مگر معنی تصرف اور قبضہ کے اس عبارت سے بطریق کنایہ لیئے گئے ہین
بارہوان بای مقداریہ جو بیان عدد وقدر کے لیئے لایا جاتا ہے لیعنی اسکا مجرور اکثر کم منفصل یا متصل کی
تعیین مقدار کا افادہ کرتا ہے سعدیؒ شعر بہ نیم بیضہ کہ سلطان ستم روادارد ٭ زنند لشکریانش ہزار مرغ
بہ سیخ ٭ نظامیؒ شعر بجومی ستاند زدہقان پیر ٭ بمن می فرستد بدیوان میر ٭ اے قدر جو قدر من سعدیؒ
شعر اگر با رفیقان نباشی شفیق ٭ بفرسنگ بگریزد از و سے رفیق ٭ کبھی مقدار کمی کے غیر مین بھی مستعمل
ہوتا ہے جیسے نظامیؒ شعر نہ من بج زبہمن شدم کار زار ٭ بخاریدن سر نکروش رہا ٭ اے قدر زمانہ خاریدن
اور کبھی لفظ قدر ومقدار کا صریحاً اس بار کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے جیسے سعدیؒ شعر اگر خشم گیری
بقدر گناہ ٭ بدوزخ فرست وترازو مخواہ ٭ ولہ اگر جرم بخشی بمقدار جود ٭ نماند گرفتاری اندر وجود ٭ ۔
تیرہوان بائی تمیز جسکا مدخول ایک امر مبہم کا رفع ابہام کرتا ہے نظامیؒ شعر درختے سہی سرو در باغ
شرع ٭ زمینے باصل آسمانے بفرع ٭ اے ازروے اصل وازروے فرع ۔ ولہ وشاقان موکب رود
زود خیز ٭ بدیدار خوب وبرفتار تیز ٭ سعدیؒ شعر بخیل ارچہ باشد تونگر بمال ٭ بخواری چو مفلس خورد گوشمال ٭
چودہوان بای قسم جو مقسم بہ پر داخل ہوتا ہے جیسے بایزد اس شعر مین نظامیؒ شعر وگرنہ بایزد کہ تا بودہ ام ٭
نمے داہن لب نیالودہ ام ٭ پندرہوان باابتدائیہ جیسے شعر بنام جہاندار جان آفرین ٭ حکیم سخن
برزبان آفرین ٭ اگر غور کیجیے تو یہ باے الصاق ہے جو معنی قسم ومعنی ابتدا کو مقسم بہ ومبتدا بہ تک
پہونچانے اور اسکے ساتھ متصل کرنیکے لیئے لایا جاتا ہے پس با مین نہ معنی قسم کے ہین نہ ابتدا کے
بلکہ یہ معنی اُسکے متعلق کے ہین وَاللہُ تعالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ سولہوان بامعنی تا انتہائیہ نظامیؒ شعر

باء معاوضہ ومقابلہ
بائے موافقت
بائے لیاقت
بائے تصرف
بائے مقداریہ
بائے تمیز
بائے قسم
بائے ابتدائیہ
بامعنی تا انتہائیہ

سر آہنگ تا ساقہ از تیر و تیغ ﴿ بر آورد کوہے ز دریا بمیغ ﴿ ولہ چنانست فرمان کہ فردا پگاہ ﴿ برایم

اے مقدمۃ الجیش ۱۲ ای تا میغ ۱۲

بزمے زماہی بماہ ﴿ کبھی تا انتہائیہ اور یہ با دونون ایک جگہ جمع پڑ جاتے ہین نظامی رح شعر بسے منزل

با بمعنی الی

آمد ہمن تا بتو ﴿ نشاید ترا یافت الا بتو ﴿ سترہوان با بمعنی الی یعنی سو و طرف نظامی رح شعر بدانش ترا

رہنمون کردہ اند ﴿ کہ مال ترا حکم خون کردہ اند ﴿ اے بسوے دانش۔ سعدی رح شعر مکن التفاتے

با بمعنی پیش

بمال بخیل ﴿ مبر نام مال و منال بخیل ﴿ اٹھارہوان با بمعنی پیش شیدا کا شعر ہے شعر مرا کہ نیست

اے جانب مال بخیل ۱۲

بدور لبت ہوائے قدح ﴿ بجاے بادہ کہ جان میدہم براے قدح ﴿ اے پیش دور لبت۔ کبھی لفظ پیش

با بمعنی نزد

اس با کے ساتھ مذکور بھی ہوتا ہے۔ نظامی رح شعر کمر بر کمر تاجداران دہر ﴿ بہ پیش جہاندار پیروز بہر ﴿ انیسوان

با بمعنی نزد۔ نظامی رح شعر کہ مائیم خاصان دارا و بس ﴿ بدارا ز ما خاص ترنیست کس ﴿ اے نزد دارا۔ مولوی

معنوی رح شعر میر بیرون جست و دبوسی بدست ﴿ نیم شب آمد بزاہد نیم مست ﴿ اے نزد زاہد۔ کبھی

با بمعنی زیر

لفظ نزد بھی اس با کے ساتھ مذکور ہو جاتا ہے سعدی رح شعر اے سیر ترا نان جوین خوش نہ نماید ﴿ معشوق

منست آنکہ بنزدیک تو زشت ست ﴿ بیسوان با بمعنی زیر نظامی رح شعر چنین تا بمقدار ہفتاد مرد ﴿ بہ تیغ آمد

از رومیان در نبرد ﴿ اے زیر تیغ و تحت سیوف۔ کبھی خود لفظ زیر بھی اسکے ساتھ مذکور ہوتا ہے نظامی رح

با تشبیہی

شعر زبون تر ز ہن صیدے آور بزیر ﴿ کہ چربی بخیز و ز پہلوے شیر ﴿ اکیسوان با تشبیہی جو مشبہ بہ پر

داخل ہوتا ہے فردوسی رح شعر ببالاے تو در چمن سرو نیست ﴿ چو رخسار تو تابش پروین نیست ﴿ اے

اے پروین ۱۲

مانند بالاے تو سعدی رح شعر مگر ملائکہ بر آسمان وگرنہ بشر ﴿ بحسن صورت او بر زمین نخواہد بود ﴿ ای

چون حسن۔ فیضی شعر نطقش بہ بہار شادمانی ﴿ قہرش بسموم قہرگانی ﴿ اے مانند بہار و بکردار سموم۔

اور کبھی کلمہ تشبیہ خود اس با کے ساتھ مذکور ہو جاتا ہے فردوسی رح شعر لبانش بمانند یک دانہ نار ﴿

با ظرفیہ بمعنی در

بیاوردہ از جنت کردگار ﴿ ولہ ببالا بکردار سرو بلند ﴿ دو ابرو کمان و دو گیسو کمند ﴿ بائیسوان با

ظرفیہ جو در کے معنی دیتا ہے یعنی مدخول اس کا ظرف واقع ہوتا ہے نظامی رح شعر بہر گوشہ کافتم

ثنا خوانمت ﴿ بہر جا کہ باشم خدا دانمت ﴿ اے در ہر گوشہ و در ہر جا۔ اور کبھی تعیین و تبیین معنے

و تعیینیہ کی با ظرفیہ سے تقدیم

ظرف کے لیئے خود لفظ در اکثر بعد مدخول با کے آتا ہے جیسے شعر مشہور "بدریا در منافع بیشمار است"

مین اور کبھی اس با سے ظرفیہ سے مقدم بھی ہو جاتا ہے فردوسی رح شعر مے لعلگون در بجام بلور ﴿

بخوردند تا در سر افتاد شور ﴿ نظامی رح شعر کنم با تو کارے درین کارزار ﴿ کہ اندر گریزی بسوراخ مار ﴿

اور کبھی یہ باے ظرفیہ مع کلمہ مثبتہ حذف بھی کردیا جاتا ہے۔ مولوی معنوی رح شعر بد گہر را علم و فن
آموختن ٭ دادن تیغ است دست راہزن ٭ اے بدست راہزن بعض نسخون مین دادن تیغے بدست
راہزن ہے مگر اول نسخہ صحیح ہے وَاللہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ تیئسوان باے استعلا بمعنی بر۔ نظامی رح
شعر بہ نسبت زین کوے ہفتاد راہ ٭ بہ ہفتم فلک برزدہ بارگاہ ٭ اے بر ہفتم فلک۔ کبھی مجرور با کے بعد
تبئین و تعیین معنی استعلا کے لیئے لفظ بر زائد بھی لایا جاتا ہے۔ فردوسی رح شعر منم کدخداے جہان
سر بسر ٭ نشاید نشستن بیکجاے بر ٭ اے بر یکجاے۔ سعدی رح شعر تو کے بشنوی نالۂ دادخواہ ٭ بکیوان
برت کلۂ خوابگاہ ٭ اے برکیوان کلۂ خوابگاہ تو۔ چوبیسوان باے تعدیہ جو کہ فعل لازم کے اصلی فاعل پر
داخل ہوتا ہے اور اعتبار معنی تصییر سے وہ فعل لازم متعدی بنالیا جاتا ہے اور یہی خصوصیت
معنی تصییر کی ہے کہ سواے باے مفرد کے اور حروف کو تعدیت کے ساتھ ملقب ہونے نہین دیتی
ورنہ تعدیت بمعنی ایصال سب حروف جر کو حاصل ہے فردوسی رح کا شعر[126] ہے شعر در ایوانِ آن
پیرہ سر پر ہنر ٭ بزائی بکیخسرو نامور ٭ در اصل یہان زادن بمعنی پیدا ہونا لازم تھا اور کیخسرو اسکا فاعل
اب با کے داخل ہونیسے بمعنی جننا متعدی ہوگیا اور مدخولِ با مفعول بہ وَاللہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ پچیسوان
باے صلہ جو بعض افعال کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے درم بدرویشان داد۔ جان بجانان رسید۔ سپردم
بتو مایۂ خویش را ٭ گفتم بتو نمودم بزید وغیرہ اور جو ان افعال کے معنی مین ہو جیسے بخشیدن و حوالہ کردن
بمعنے دادن شعر اے دوست اگر جان طلبی جان بتو بخشم ٭ از جان چہ عزیز است بگو آن بتو بخشم ٭
ع بجنون حوالہ کردم ہمہ کاروبار خود را ٭ وغیرہ واللہ تعالی اعلم چھبیسوان باے زائدہ اسم فعل حرف
ان ہر سہ نوع کلمہ پر داخل ہوتا ہے جیسے بجز و بسان و بہ تنہا و بہ بیزار و بہ بسیار و بمرد وغیرہ نظامی رح
شعر می کوست حلواے ہر غم کشی ٭ ندیدہ بجز آفتاب آتشی ٭ ولہ شنیدم کہ رستم سوار دلیر ٭ بہ تنہا
تکاپوے کردی چو شیر ٭ انوری شعر ز کتخدائی خود آنچنان بہ بیزارم ٭ کہ کاشکے پدرم نیز کتخدا نشدی ٭
نظامی رح شعر زن از مردموزی بہ بسیار بہ ٭ سگ از مردم مردم آزار بہ ٭ فردوسی رح شعر ز توران
نخواہیم یک تن بمرد ٭ کہ یکسر زنانند اندر نبرد ٭ ولہ ابا آنکہ کاوس روز نبرد ٭ ہمی پیلتن را ندارد بمرد ٭
ستائیسوان با بمعنی باے مرکب۔ نظامی رح شعر چو شد کار خاقان ز قیصر بساز ٭ بلشکر گہِ خویشتن گشت باز ٭
اے کار خاقان باساز شد۔ اٹھائیسوان بمعنی باوجود۔ نظامی رح شعر چو ذرہ بگرد بزرگان دوید ٭ بدان

حذف باے ظرفیہ
باے استعلا بمعنی بر
باے تعدیہ
باے صلہ
باے زائدہ
با بمعنی باے مرکب
با بمعنی باوجود

خردی آورد خور را پدید ÷ اے باوجود آن خردی واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بیان با مرکب

الثامن بائے مرکب اور اسکا مزید علیہ ابا فردوسی رح **شعر** ابا دیگران مر مرا کار نیست ÷ برین در مرا جائے گفتار نیست ÷ اے با دیگران۔ یہ بائے مرکب بائے مفرد کیطرح کئی معنون مین مستعمل ہے

بائے مرکب بمعیت

ایک تو معیت کے لیئے جیسے نظامی رح **شعر** ز اندیشہائے چنین ہولناک ÷ دو لشکر غنودند با ترس و باک اے مع ترس و باک۔

بائے مرکب عاطفہ

دوسرا عطف کے لیئے بجائے واو عاطفہ مستعمل ہوتا ہے سعدی رح **شعر** فرقست میان آنکہ یارش در بر ÷ با آنکہ دو چشم انتظارش بر در ÷ اے و میان آنکہ۔ ظہوری **شعر** تفاوت کفر و دین آمد بمعنی ÷ میان عدل او با عدل کسریٰ ÷ اے میان عدل او و عدل کسریٰ۔

بائے مرکب بمعنی الیٰ

تیسرا با بمعنی الیٰ سعدیؒ **شعر** بر نیت بگویم حدیثے درست ÷ اگر گوش با بندہ داری نخست ÷ اے جانب بندہ۔ **ولہ** آن پریچہرہ کہ مارا نگران میدارد ÷ چشم با ما و نظر با دگران میدارد ÷ اے چشم سوے ما و نظر سوے دیگران۔ فیضی **شعر** بستند بہ تیغ پیش و پس را ÷ با او نگذاشتند کس را ÷ اے سوے او نگذاشتند۔

بائے مرکب ظرفیہ

چوتھا با ظرفیہ بمعنے در حافظ رح **شعر** در نمی گیرد نیاز و ناز ما با حسن دوست ÷ خرم آن کز نازنینان بخت برخوردار داشت ÷ اے در حسن دوست۔ جمال الدین سلمان **شعر** جان بیمارم باستقبال آمد تا بلب ÷ تو تے از تو مگر با جانِ بیمار آمدست ÷ اے در جان بیمار۔

بائے مرکب استعلا

پانچوان با بمعنی بر استعلا۔ نظامی رح **شعر** شبانی کند گرگ با گوسفند ÷ ہمان شیر با گور نارد گزند ÷ اے بر گور۔

بائے مرکب بمعنی از

چھٹا با بمعنی از نظامی رح **شعر** زمین خورد و با خوردِ شان دیر نیست ÷ ہنوزش ز خوردن شکم سیر نیست ÷ اے از خوردن شان۔ محمد قلی سلیم **شعر** حسن با مہر و وفا بیگانہ است ÷ ہر کہ عاشق میشود دیوانہ است ÷ اے از مہر و وفا۔ بعض مقننین کی رائے باقر کاشی کے اس شعر مین بمعنی از تفضیلیہ ہے **شعر** پیچان ترست زلف تو با گفتہائے من ÷ شیرین ترست لعلِ تو با قندِ عسکری ÷ اے از گفتہائے من و از قند عسکری ÷

بائے مرکب بجائے رائے محللہ

ساتوان با بجائے رائے محللہ بھی مستعمل ہے فردوسی قصۂ حضرت یوسف علیہ السلام مین لکھتے ہین **شعر** کم و بیش با ما تو یاور نہٗ ÷ تو گوئی کہ با ما برادر نہٗ ÷ اے مارا برادر نہٗ لعینی برادر مانہٗ۔

بائے مرکب بمعنی تصرف

آٹھوان با قبضہ اور تصرف کے معنون مین آتا ہے سعدی رح **نثر** ہنوز نگران ست کہ ملکش با دگران ست۔ نظامی رح **شعر** لیک ملکے کہ دارم از پدران ÷ عیب باشد کہ ہست با دگران ÷ اے در تصرف و قبضۂ دیگران ÷

بائے مرکب بمعنے اختصاص

نوان با بمعنی اختصاص۔ نظامی رح **شعر** تاج داری سزائے گوہر تست ÷ تاج با ماست لیک بر سر تست ÷ اے تاج مختص بہ ماست۔

بائے مرکب بمعنی باجود

دسوان با بمعنی باجود

۱۱ بائے مرکب بمعنی پیش و تقابل

امیر خسرو شعر با ہمہ این قوت و جوش سپاہ ٭ نیستم اندر پے آزار شاہ ٭ اے باوجود این ہمہ قوت و جوش

گیارہوان با بمعنے تقابل و پیش۔ امیر خسرو شعر با تو برابر نشوم در مصاف ٭ گرچہ بدوزم لبسان کوہ قاف ٭

۱۲ بائے مرکب بمعنی معاوضہ

فردوسی شعر کہ خرد غلامی چو باغ بہشت ٭ کہ با او نماید رخ حور زشت ٭ اے پیش او و مقابل او۔ بارہوان

۱۳ بائے مرکب برای استعانت

با معاوضہ کے لیئے۔ خواجہ آصفی شعر فرہاد کوہ غم را با جان نمی فروشد ٭ مسکین گران خریدہ است ازان نمیفروشد

تیرہوان با استعانت کے لیئے۔ حکیم سنائی قدس سرہ شعر یکے با چشم دل بنگر درین زندان خاموشان ٭ کہ اینجا

صد ہزاران کس ندیمان ندم بینی ٭ مولوی معنوی رح شعر[۳۹۴] کہ بیا ور مطہرہ اینجا بہ پیش ٭ تا بشویم حملہ را با دست

خویش ٭ اے بدست خویش ٭ محمد سعید اشرف شعر خط شکین آلت قطع محبت میشود ٭ با سیاہی طفل را

۱۴ بائے مرکب عاطفہ

مادر ز پستان می برد ٭ اے بسیاہی۔ چودہوان بائے عاطفہ جو بجاے و بمعنی واو عاطفہ ہے۔ علی خراسانی۔

شعر مے دود چون باد بر شیب و فراز این جہان ٭ پیش عاشق در طریقت کوہ با صحرا یکیست ٭ اے کوہ و

صحرا۔ فردوسی رح شعر فرنگیس با رنج دیدہ پسر ٭ بخواب اندر آوردہ بود ند سر ٭ اے فرنگیس و پسر او۔

۱۵ بائے مرکب صلہ

یعنی بودند کا صیغہ جمع لانا با بمعنی واو عطف ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ پندرہوان با جو بائے مفرد کیطرح

صلہ بعض افعال کا واقع ہوتا ہے۔ سعدی رح شعر بر آورد سر مرد بسیار دان ٭ چنین گفت با خسرو کاردان ٭

شعر با لطف ساعد ید بیضا نمی رسد ٭ پیش لب سخن بمسیحا نمی رسد ٭ مصرعہ گفت با من فروش با غت را۔

اے فروش با من ہمنے ان بیانات کو مجمل طور پر ذکر کیا ہے مثلاً با بمعنی از کہدیا اور اس مین یہ تفصیل نہین

کی کہ از تو کونسی قسم کا ہوتا ہے یہان کس معنی مین ہے چونکہ بیان از مین ایک ضروری تفصیل مذکور ہوگئی

ہے اگر اسپر توجہ اور نظر رہے تو خود مبتدی اس معنی کی تعیین کر لے سکتا ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

اور یہ بات بھی بغور سن رکھیئے کہ یہ حروف جب مکرر کسی اسم پر وارد ہوتے ہین تو ان مین سے ایک

حذف کر دیا جاتا ہے حزین کا شعر ہے شعر بنازم حسرتے نظارۂ حسنے کہ اشکم را ٭ چو آب تیغ از مژگان

چکیدن باز میدارد ٭ یہان دو از چاہیئے ایک صلہ چکیدن کا دوسرا باز میدارد کا۔ حکیم سنائی

قدس سرہ فرماتے ہین شعر ز ہر جا بگزرم اہل ملامت ٭ نمایندم بارباب سلامت ٭ کہ این رد کردہ

درگاہ عشق است ٭ ز چشم افتادگان شاہ عشق است ٭ یہان ایک از تبعیضیہ دوسرا افتادگان کا صلہ

اور یہ بھی یاد رکھیئے کہ اس بارہ مین دونون حروف ایک جنس کے ہونا کوئی شرط نہین بلکہ دو نوع

مختلف کے دو حرف کا اجتماع بھی ایک کے حذف کا باعث ہو جاتا ہے سعدی شعر پند است

ستمگر کہ ستم برما کرد ... گردن او بماند برما بگزشت + یہان برما بگزشت سے ایک لفظ از جو صلہ گزشت کا ہے محذوف ہے لے از برما یعنی ہمارے اوپر سے گزر گیا۔ اور یہ بھی یاد رکھیئے کہ اس حذف کے باب مین حرف از کی کوئی خصوصیت نہین جمیع حروف اس باب مین متساوی الاقدام ہین صائب مصرعہ جیسے بعیب خود نرسیدن نمیرسد + یہان دو با چاہیئے ایک صلہ نرسیدن کا دوسرا نمیرسد کا۔ نظامی شعر شہ از روم شد باز مین خویش بود + بروم آمدن زآسمان بیش بود + یہان ایک با صلہ آمدن کا دوسرا معنی در یعنی در بروم آمدن۔ ظہوری شعر شیر در مہر برہ لیسیدن + گرگ در خون خویش خیسیدن + اور دو کافون کا ایک جگہ جمع ہو جانا بحکم شذوذ ہے چنانچہ بیان کاف مین مذکور ہوا وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ +

التَّاسِع فرا یہ بھی کئی معنون مین مستعمل ہے ایک تو بجاے باے صلہ مستعمل ہے سعدی شعر بہ بیچارگی تن فرا خاک داد + وگر گرد عام برآمد چو باد + دوسرا فرا ظرفیہ بمعنی در سعدی مصرعہ بجبل ستائش فرا چہ مشو + اے درچہ مشو۔ تیسرا فرا بمعنی بر استعلا سعدی شعر بگفتا فراتر مجالم نماند + بماندم کہ نیروی بالم نماند + اے برتر۔ چوتھا فرا بمعنی پیش سعدی شعر چراغ یقینم فرا راہ دار + زبد کردنم دست کوتاہ دار + اے پیش راہ من دار۔ پانچوان فرا زائد جو محض تزئین وتحسین کلام کے لیئے لایا جاتا ہے جیسے فرا رسید وغیرہ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ؁

العَاشِر۔ بسا اور اُس کا مخفف بس۔ یہ حرف انشاے تکثیر کے لیئے لایا جاتا ہے جیسے عربی مین رُبَّہ و رُبَّ۔ نصاب ابو نصر مین ہے شعر آن ولو گر مستے کی ولانہ + رُبَّہ رُبَّما و رُبَّ بسا + ہم کو یہان تقلیل وتکثیر کی حقیقت ومجاز اور اُسکے مدخول کی تنکیر وتعریف کا اختلاف جو ائمہ نحاۃ عرب کے باہم واقع ہوا ہے بیان کرنا فضول ہے اعجام ان دقائق سے عاری ہین و بس۔ چونکہ یہ لفظ بسا انشاے تکثیر محققہ ثابتہ عند المتکلم کے لیئے موضوع ہے وہ جس فعل کے ساتھ متعلق ہو اُس فعل کا ماضی ہونا شرط ہے خواہی وہ صریح صیغہ ماضی کا ہو جیسے سعدی شعر اے بسا اسپ تیز رو کہ بماند + کہ خرلنگ جان بمنزل برد + یہان کاف اول بسا کا جواب ہے اور کاف ثانی جو صدر مصرعہ ثانی ہے عاطفہ ہے ولہ بسا نامدار و بسا کامگار + بسا سرو قد و بسا گلعذار + کہ کردند پیراہن عمر چاک + کشیدند سر در گریبان خاک + خواہی صیغہ ماضی صریح نہ ہو یعنی ظاہرا صیغہ مضارع کا ہو مگر وہ ماضی کے معنون مین متاول کر لیا گیا ہو کس واسطے کہ تکثیر محقق بجز صیغہ ماضی کے

کے تصور نہین یعنی صیغۂ ماضی ثبوت وتحقق کے لیئے موضوع ہے اور معنی مضارع تجدد وحدوث
پروال ہین پس ثبوت امر محقق کا ماضی سے بخوبی ہوگا اسیوجہ سے امر متیقن الوقوع بجاے مضارع صیغہ
ماضی کے پیرایہ مین بیان کیا جاتا ہے سعدی رح **شعر** گزشت انچہ درنا صوابی گزشت ٭ درین نیز ہم
درنیابی گزشت ٭ اے درنیابی بگزرد کی جگہ درنیابی گزشت فرمایا غرض اگر فعل متعلق بسا غیر ماضی ہو
جانب ماضی متاول ہوگا نظامی رح **شعر** بسا شیر درندہ وسہمناک ٭ کہ از نوک خارے درآید بخاک ٭
یعنی بہت سے شیر درندہ ہین کہ یک نوک خار سے خاک مین ملگئے ہین. سعدی رح **شعر** بسا نام نیکوی
پنجاہ سال ٭ کہ یک نام زشتش کند پایمال ٭ اے کرد پایمال. چنانچہ نحاۃ عرب نے آیہ وافی الہدایہ رُبَمَا
يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ مین يَوَدُّ کو بمعنی وَدَّ تاویل کی ہے حارث بن حلزہ یشکری
شاعر ایام جاہلی صاحب قصیدہ ہفتم سبعہ معلقہ کہتا ہے **شعر** اٰذَنَتْنَا بِبَيْنِهَا اَسْمَاءُ ٭ رُبَّ ثَاوٍ
يُمَلُّ مِنْهُ الثَّوَاءُ ٭ اور یہ بھی واضح رہے کہ اسکے جواب مین کاف کا لانا لفظاً ہو یا تقدیراً واجب سمجھا گیا ہو اول جیسے اوپر
کے امثلہ سے مستشہد ہے اور ثانی یعنی تقدیراً جیسے سعدی رح **شعر** بسا اہل دولت ببازی نشست ٭ کہ دولت برفتش ببازی
ز دست ٭ ای بسا اہل دولت کہ ببازی نشست یعنی بہت سے دولتمند کہ لہو ولعب مین پڑگئے تو انکے ہاتھ سے دولت نکلگئی
یہان کاف اول جو جواب بسا ہے محذوف ہے اور کاف ثانی جو مذکور ہے جزائیہ ہے واللہ تعالیٰ
اعلم بالصواب ٭ اور کبھی اظہار تاسف وتحسر وغیرہ کے قصد سے اُسپر حرف ندا بھی لایا کرتے ہین
جیسے مصرع اے بسا آرزو کہ خاک شدہ ٭ کبھی الف بسا کا اسکے مدخول پر لاحق کرتے ہین انمین ایسی
وحدت مانی ہوجاتی ہے کہ گویا یہ مع مدخول کے ایک کلمہ ہے مولوی معنوی رح **شعر** بس کسا کہ نان خورد
دلشاد او ٭ مرگ او گردد بگیرد در گلو ٭ اے بسا کس کہ الخ اس باب مین ایک لغت بس بھی ہے جیسے اس
رباعی مین جو فردوسی رح نے بفرمایش سلطان محمود غزنوی ایاز کے سبزۂ عارض وخط رخسار کی توصیف
مین لکھی ہے **رباعی** مست ست بتا چشم تو وتیر بدست ٭ بس کس کہ ز تیر چشم مست تو بخست ٭ گر پوشد
عارضت زرہ عذرش ہست ٭ کز تیر بتر سد ہمہ کس خاصہ ز مست ٭ سعدی رح **شعر** بس قامت خوش
کہ زیر چادر باشد ٭ چون باز کنی مادر مادر باشد ٭ ولہ بس نامور بزیر زمین دفن کردہ اند ٭ کز ہستیش
بروے زمین یک نشان نماند ٭ یہان کاف جوابی مقدر ہے یعنی بس نامور کہ الخ. اور بسے کو بعض تو
اس باب مین لغت مستقل جانتے ہین اور بعض بس کا مزید علیہ مانتے ہین جیسے عربی مین اسی

بسا کے جواب مین کاف کا مقدر ہونا ضروری

اظہار تاسف وتحسر کیلئے اسپر حرف ندا بھی لایا کرتے ہین

لغت بس کا بیان

رُبَّ کے باب مین آٹھ لغات مروی ہین چنانچہ علامہ رضی نے شرح کافیہ مین اسکی تصریح فرمائی ہے فِی رُبَّ ثمانی لغات اشہرہا ضم الراء وفتح الباء المشددۃ الخ اور انکا دخول مفرد اور جمع دونون طرح مستعمل ہی مفرد کی امثلہ اوپر مذکور ہو ہین جمع کی مثال جیسے سعدیؒ شعر بسا خوبرویان نوخاستہ ٭ بسا نوعروسان آراستہ ٭ ولہ بسا تندگردان لشکر شکن ٭ بسا شیر مردان شمشیر زن ٭ نظامیؒ شعر بسا گفتنیہا کہ باشد نہفت ٭ بدیگر زبان بایدش بازگفت ٭ اسیطرح بسے مین مفرد وجمع دونون استعمال جائز ہین نظامیؒ شعر کزان آب صافی بسے سالخورد ٭ بہ بینی بدہر اندران کس نخورد ٭ ولہ بسے سالہا باشد کہ گوہر پرست ٭ نیاورد زین گونہ گوہر بدست ٭ خصوصاً اس لفظ بسے کا استعمال صدر کلام کے ساتھ مخصوص نہین چنانچہ اوپر کی مثالون سے واضح ہے یہ بات بھی یاد رکھئے گا کہ بس اسمی بمعنی بسیار کے آتا ہے اور اسکا مزید علیہ بسے اور بسا بھی مستعمل ہے چونکہ یہ حرف رُبَّ کے معنون مین نہین ہے اُن شرطون کے ساتھ شروط بھی نہین سعدیؒ شعر نداریم غیر از تو فریادرس ٭ توئی عاصیان را خطا بخش وبس ٭ اے خطا بخشندۂ بسیار در صورت عطف یعنی خطا بخش وبس۔ یہان بس بمعنی کافی کے ہونگے اب یہ لفظ عربی الاصل ہوگا فارسی نہ رہیگا ولہ در اقصاے عالم بگشتم بسے ٭ بسر بردم ایام با ہر کسے ٭ اے بسیار گشتم۔ نظامیؒ شعر نظامی بسا صاحب آوازۂ ٭ کہن گشتی وہمچنان تازۂ ٭ اے بسیار صاحب آوازۂ۔ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

وآو قسمیہ کا بیان

الحَادِی عشر واو قسمیہ واضح ہو کہ محاورۂ عرب مین واو قسمیہ کا صدر کلام مین واقع ہونا اور اُس کے مُقسم بہ کا اسم ذات ہونا واجب ہے اور فارسی مین دو اسمون کے درمیان مین لایا جاتا ہے غالب دہلوی شعر نہ ہین نالہ وفغان بلبم ٭ من وجان آفرین کہ جان بلبم ٭ اسی قبیل سے ہے جو محاورۂ اردو مین کہتے ہین مین جانون میرا خدا۔ بتقدیر واو قسمیہ جو کہ اصل مین واو عاطفہ ہی ہے۔ اس ترکیب عطفی سے معنی لزوم کے لیئے گئے ہین اور یہی معنی لزومی اس مرکب کے معنی قسم کو لازم کرتے ہین وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

الثَّانِی عشر۔ حروف جر مین سے حروف تشبیہ ہین جیسے چون اسکا مخفف چو۔ جاننا چاہیئے کہ

تعریف تشبیہ

ایک شئی کی شئی آخر کے ساتھ کسی معنی مین کسی غرض سے مشارک ہونے کو علی غیر الوجہ الاستعارہ والتجرید بتلانے کا نام تشبیہ ہے۔ استعارہ بھی خواہ تحقیقی خواہ کنائی۔ تحقیقی وہ جسمین عین مشبہ اور

استعارہ تحقیقی

لوازم مشبہ کے مذکور ہون جیسے فردوسیؒ ہفت خوان رستم کی پہلی منزل مین لکھتے ہین شعر کمند

استعارہ بالکنایہ

کیانی بیند اخت شیر ٭ بخم اندر آورد گردی دلیر ٭ اور کنائی جس مین عین مشبہ اور لازم مشبہ بہ مذکور ہو

حاشیہ: [illegible] بسا مفرد وجمع دونون مین مستعمل ہے ... [illegible] کی داستان مین ہے ٭

جیسے نظامی رح **شعر** زگرز گران سنگ چالشگران * زمین راہمی سودہ شد اُستخوان * یعنے زمین کو دل مین جانور ذی جسد کے ساتھ تشبیہ دیکر اُسکے لیئے اُستخوان ثابت کیا ایضاً **شعر** کمان کز ابرو بشر گان تیر * ز پستان جوشن بر آوردہ شیر * اور آستعارہ تخیلیہ بوجہ فقدان مشارکت سرے سے داخل جنس تعریف تشبیہ ہی نہین جیسے مثال مذکور مین زمین کے مشبہ بہ ذہنی کے لیئے اُستخوان ثابت کرنا استعارہ تخیلیہ ہے

اور تجرید وہ ہے کہ ایک شئے ذی صفت سے ایک اور شئے جو اتصاف مین اُسی ذی صفت کے مثل ہو انتزاع کرین تا معلوم ہو کہ منتزع عنہ اُس صفت مین ایسے کامل ہے کہ اُس سے ایک اور شئے جو متصف اُسی صفت کے ساتھ ہو حاصل ہو سکتی ہے جیسے حکمی عفی عنہ **شعر** بروے تو آفتاب دیدم * از زلف تو پیچ وتاب دیدم * **ولہ شعر** زرخسار و گیسوے پُر پیچ وتاب * بیاوردہ اندر کمند آفتاب * اس جگہ چہرہ کی تجلّی اور نورانیت مین مبالغہ منظور ہے یعنے فروغ تجلی چہرہ اس درجہ کو پہونچا کہ اُس سے ایک آفتاب حاصل ہو گیا سعدی رح **شعر** ام وز خارہا سے مغیلان کشیدہ تیغ * گوئی کہ خود نبود درین بوستان گلے * نظامیؒ **شعر** رخش بر بنفشہ گل انداختہ * بنفشہ نگہبان گل ساختہ * یعنی رخسار باعتبار رنگینی و ناز کی اس کمال کو پہونچا ہے کہ اُس سے ایک گل نکل سکتا ہے۔ تجرید کے بھی اقسام ہین اگر منظور ہو علم بدیع کا مطالعہ فرمائین

اب معلوم ہوا ہوگا کہ تشبیہ مین پانچ چیزونکی ضرورت ہے اول تو وہ دو شئے جو باہم مشارک ہین جنکو طرفین تشبیہ بھی کہتے ہین جنمین سے اول کا مشبہ ثانی کا مشبہ بہ نام ہے تیسری وہ جو اس مشارکت کی دلالت کے لیئے آلہ ہے یا یون کہیئے کہ وہ کلمات کہ ایک کو دوسرے سے مانند کرنیکا واسطہ ہین جنکو اداۃ التشبیہ کہتے ہین چوتھے وہ معنی جو اس مشارکت کی وجہ ہین ان دونون مشارکو نکے ساتھ قائم اور اُن ہین موجود ہے امر تشبیہ مین اسکا وجود شرط مانا گیا ہے اگر یہ نہ پایا جائے ایک کو دوسرے سے مشابہت نہو اسکا وجہ الشبہ اور وجہ التشبیہ نام ہے پانچوین غرض تشبیہ جو اس فعل تشبیہ کی علت غائی ہے اگر یہ نہ ہو تشبیہ ایک فعل عبث ٹھہر جائے مگر ارکان واجزا ے تشبیہ چار ہی مانے گئے ہین غرض تشبیہ چونکہ علت غائی ہے اور غایت کا خارج ہونا ناگزیر ہے ارکان مین داخل ہو نہین سکتی یعنی تشبیہ کا جزو نہین سکتی للہ بیان رحمہم اللہ کا مذہب محقق یہی ہے جنہون نے اس بات پر غور نہین کیا غرض خارج کو رکن یعنی جزو داخل تشبیہ کا بنا دیا غرض یہ پانچ چیزین تشبیہ کے لیئے اگرچہ ضروری ہین مگر اُن مین سے دو ہی شئے اصل ہین ایک تو مشبہ دوسرا مشبّہ بہ اور اداۃ تشبیہ اُسکے تسمیہ سے ظاہر ہے کہ وہ فقط ایک آلہ ہے نظامی رح فرماتے ہین **شعر**

استعارہ تخیلیہ

تعریف تجرید

تشبیہ مین پانچ چیزونکا ہونا ضرور ہے

[illegible]

غرض تشبیہ ارکان سے خارج ہے

تشبیہ مین دو ہی اصل ہین

آلتی خواہ باشد وخواہی نہ * اور وجہ وہ منجملہ اعراض ہے جو اطراف کے ساتھ قایم اور انہین سے ماخوذ اور منتزع ہے مگر مشبہ بہ مین یہ بات بطریق اصالت اور مشبہ مین بطور فرعیت کے موجود ہوتی ہے اور غرض تشبیہ وہ علت غائی اس فعل تشبیہ کی ہے وہ اس سے خارج ہے۔ یہان یہ بات یاد رکھنے کے لایق ہے کہ جب ایک شئے کو دوسری شئے کے ساتھ تشبیہ دیجاتی ہے تو ناقص کو کامل کے ساتھ ملحق کر دینا مقصود ہوتا ہے اسی وجہ سے مشبہ بہ کا بہ نسبت مشبہ کے رتبہ مین اقوی اور اکمل ہونا ضروری سمجھا گیا ہے تا مشبہ ناقص مشبہ بہ کامل کے ساتھ ملحق ہوجاے اور اس لحوق کی بدولت وہ ناقص اس کامل سے صورت پذیر کمال ہو جیسے زید چون شیرست مین زید کو شیر کے ساتھ ملحق ہونیسے جرأت اور دلیری جو وصف مشتہر شیر ہے زید مین بھی معتبر ہوگئی۔ مگر جس جگہ کہ مشبہ سے اقوی اور اکمل کا وجود حقیقۃً ہو یا ادعاءً محال ہو ضعیف اور ناقص ہی مشبہ بہ بنا دیا جاتا ہے مگر وہ ضعیف وناقص مخاطب کے نزدیک وصف مقصود مین زیادہ مشہور ہونا ضرور ہے جیسے اللہ سبحانہ تعالے شانہ کو آفتاب کے ساتھ تشبیہ دینی جامیؒ حمد مین فرماتے ہین **شعر**

وجودش آن فروزان آفتابست * کہ ذرہ ذرہ از وے نور یابست * اور اسی قبیل سے ہے صلوۃ سیدنا ومولانا محمد المصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کو صلوۃ سیدنا ابراہیم علیہم السلام کے ساتھ تشبیہ دینی جیسے اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید مجید اسواسطے کہ جیسے آپ کی ذات اکمل اور سائر انبیا علیہم السلام سے افضل ہے آپ پر انعامات بھی اسی نسبت سے اکمل اور افضل ہین مگر چونکہ یہان مشبہ اُس کمال تنزہ اور تمام فضیلت مین ہے کہ بغیر تنزل فہم کرنا متعذر کیا محال تھا تو ایک وجود حقیقی اور کمال اصلی کو ناچار وجود مجازی کمال ظلی مشتہر کے ساتھ تشبیہ دی تا ہماری فہم مین آجاے اور حوصلۂ ادراک کو خرق نکرے اور وہ رحمت نامتناہی جو ہمارے حضرت ہمارے سوار ہمارے ہادی ہمارے پیشوا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی عقل قاصر ادراک متناہی اُسکے دریافت کرنیسے سخت عاجز ہے تو ناچار اُس رحمت الٰہی کے ساتھ جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے شامل حال تھی امم سابقہ اور عرب کے نزدیک مشتہر تھی تشبیہ دی کہ تا سمجھ مین آجائے **ع**

آن فضا ئلہاے پنہان شان کہ آن * در نیاید در حواس ودر بیان * ہیچ ماہیات اوصاف جلال * کس نداند جز باثار کمال * آن کمال وآن جلال وآن وجود * بر ندر اندز قہرش تار وپود * اور کبھی عین مشبہ مشبہ بہ بنا دیا جاتا ہے تا معلوم ہوجاے کہ اس سے افضل تو کیا مساوی الرتبہ بھی موجودات مین حقیقۃً ہو

ایک شئی کو دوسری شئے کے ساتھ تشبیہ دینے سے کیا منظور ہی

اقوی اور اکمل کا وجود محال ہو تو کبھی ضعیف یا ناقص ہی کو مشبہ بہ بنا دیتے ہین

کبھی عین مشبہ مشبہ بہ بنا دیا جاتا ہے

یا ادات متکلم کے نزدیک موجود نہین گویا اپنے عجز و نارسائی کی حیرانی مین عین مشبہ کو مشبہ بہ بنا دیتا ہے
اول جیسے نظامی ؒ نعت مین فرماتے ہین **شعر** گزین کردۂ ہر دو عالم توئی * چو تو گر کسے باشد آن ہم توئی *
اے حقیقی ۱۲
ثانی یعنے ادعاے محض ظہوری کا شعر ہے **شعر** مراد تماشا نظر ہاے او * سراپاے او چون سراپاے او *
واللہ تعالی اعلم آمدم بر سر مطلب تشبیہ مین پانچ چیزونکا وجود واجب ہے اور پھر ہر ایک ایک مین
کئی کئی حیثیتین ہین انہین حیثیات شتٰی کے اعتبار سے تقسیم تشبیہ کی جُدے جُدے طریقہ پر ہو سکتی ہے
مثلاً باعتبار ذکر و حذفِ ارکانِ اربعہ یعنے چارون رکن مذکور ہون یا بعض مذکور ہون اور بعض محذوف
مگر ہر حال مین اثبات مشبہ بہ دائماً واجب ہوگا مدار تشبیہ کا سب اسی کے وجود پہ ہے اسواسطے کہ تشبیہ سے
مقصود یہی ہے کہ مشبہ ناقص مین مشبہ بہ سے اکتساب کمال کرے جسطرح اوپر مذکور ہوا اسکی کئی صورتین ہونگی
کیا معنی کہ مشبہ یا تو مذکور ہوگا یا محذوف بہر تقدیر وجہ شبہ مذکور ہوگی یا محذوف ان چارون تقدیر پر حرف
تشبیہ مذکور ہوگا یا محذوف یہ آٹھ شکلین حاصل ہوئین باین تفصیل ایک تو یہ کہ چارون رکن مذکور ہون
جیسے زید چون شیرست در شجاعت فردوسی ؒ **شعر** بپوشید نو جامۂ بندگی * دو دیدہ چو ابرے ببارندگی * یہان
دو دیدہ مشبہ چو حرف تشبیہ ابر مشبہ بہ بارندگی وجہ شبہ ہے۔ دوسرا مشبہ محذوف باقی مذکور مثلاً کسی کے
پوچھنے کے وقت جواب دیا جاے چون شیرست در شجاعت یا اور کوئی سیاق و سباق ذکر مشبہ سے بے نیاز
کر دیوے نظامی ؒ **شعر** چو آب فرات آشکارا نواز * چو سرچشمۂ نیل پنہان گداز * تیسرا اداۃ تشبیہ محذوف
باقی مذکور جیسے زید شیرست در شجاعت بندہ حکمی غفرلہ **شعر** رخش در درخشندگی آفتاب * لبش برگ گل
خوئی چو نوشین گلاب * چوتھا وجہ شبہ محذوف باقی مذکور جیسے زید چون شیرست۔ نظامی ؒ **شعر** رخے
چون گل و برگل آوردہ خوئی * بمن داد جامی پر از سرخ می * پانچوان مشبہ اور اداۃ محذوف باقی مذکور
جیسے بقرینہ سوالیہ یعنی پوچھنے کے وقت جواب دیا جائے شیرست در شجاعت بندہ حکمی غفرلہ **شعر** چہ می
پرسی ز نخل بالا قامتی او * بسر سبزی سہی سرو لب جو * چھٹا صرف مشبہ بہ مذکور باقی سب محذوف جیسے وقت
قیام قرینہ مقالیہ یعنی کوئی پوچھے زید چیست جواب دیا جاے شیرست یا سیاق و سباق اسپر دلالت کرے
بندہ حکمی عفی عنہ **شعر** چہ گویم کہ چونست در روز خون * نہنگے شناور بدریا درون * ورنہ استعارہ مطلقہ
اے اگر قرینہ نہو ۱۲
ہوگا اس چھٹی قسم کو تشبیہ بلیغ بھی کہتے ہین اور فرق اس تشبیہ و استعارہ مین یہی ہے کہ تشبیہ مین مشبہ
اور مشبہ بہ مین وجہ مشترک من وجہ مغائر سمجھے جاتے ہین معہذا اداۃ تشبیہ چونکہ رکن مانے گئے ہین

تشبیہ بلیغ اور استعارہ کا مابہ الامتیاز

لفظاً ہو یا تقدیراً اُن کا اعتبار تشبیہ مین ضرور ہے بخلاف استعارہ اگرچہ اس مین بھی علاقہ تشبیہ موجود ہے مگر متکلم چونکہ اُنکی عینیت کا اِدعا کرتا ہے اداۃ تشبیہ لفظاً تو کیا تقدیراً بھی بیان نہین کیئے جائینگے جیسے فردوسی رہ شعر بشمشیر بردآنزمان شیر دست ❊ چپ لشکر چینیان بر شکست ❊ ساتوان مشبہ اور مشبہ بہ مذکور باقی محذوف جیسے زید شیر ست نظامی رہ شعر سکندر محیط است و من جوے آب ❊ منہ تہمت سایہ بر آفتاب ❊ آٹھوان مشبہ بہ مع اداۃ مذکور ہو باقی محذوف مثلاً کوئی پوچھے زید چگونہ است در شجاعت جواب دیا جاے چون شیر ست۔ بندہ حکمی عفی عنہ شعر باہجو خودی چو سر خوش ستی۔ سوگند بحق کہ بت پرستی ❊ اے باشخص مانند خود۔

مشبہ اور مشبہ بہ مذکور باقی محذوف

مشبہ بہ مع اداۃ مذکور باقی محذوف

کبھی ارکان ثلثہ یعنے اطراف و وجہ شبہ کی اِفراد و ترکیب و تعدد کے اعتبار سے تقسیم کیجاتی ہے الاوّل اِفراد جیسے زید در دلیری چون شیر ست۔

ارکان ثلثہ کی افراد و ترکیب و تعدد کے اعتبار سے تشبیہ کی قسم

الثانی ترکیب اس مین ایک تو یہ ہے کہ جمیع ارکان ثلثہ مرکب ہون جیسے حکمی غفرلہ شعر بجام بلورین مے لعل ناب ❊ بود نار سیال در بستہ آب ❊ فردوسی رہ شعر نشست از بر سینۂ پیلتن ❊ پر از خاک چنگال و روے و دہن ❊ بکردار شیرے کہ بر گور نر ❊ زند دست و گور اندر آید بسر ❊ دوسرا بعض مرکب اور بعض مفرد نظامی رہ شعر شود چہرۂ نار افروختہ ❊ چو تاجے در و لعلہا دوختہ ❊ اس مثال مین مشبہ چہرہ انار اور مشبہ بہ تاج مرکب یعنے مقید باوصاف مذکورہ۔ یہان مشبہ مفرد ہے وجہ شبہ اور مشبہ بہ مرکب ہے اس کے جمیع اقسام اور احد الطرفین کی ترکیب سے وجہ شبہ کا مرکب ہونا ضروری ہے یا نہین اور اسیطرح تعدد کا ہر فرد مرکب بھی ہوسکتا ہے یا بعض مفرد بعض مرکب اسکی بھی کئی شکلین نکل آتی ہین (اگرچہ علماے بیان سے کسی نے اسکا تعرض نہین کیا) اسکی تفصیل و تحقیق علم بیان کا وظیفہ ہے مین نے اپنے اس مختصر سے رسالہ مین ان امور سے بحث نہین کی مابہ الامتیاز متعدد و مرکب مین یہ ہے کہ متعدد مین الگ الگ ایک شے کے ساتھ تشبیہ مقصود ہوتی ہے جیسے زید و عمرو چون شیر و دریا اند در شجاعت و سخاوت بخلاف مرکب کہ اسمین کئی چیزین مجتمع ہو کر صورت وحدانی حاصل کرتی ہین پس درصورت تعدد اگر بعض کو ذکر کرین اور بعض کو چھوڑ دین معنون مین بعض باقی کے کوئی خرابی نہ آئیگی اِفادتِ معنی باقی مین بحالہ رہیگا اور درصورت ترکیب اگر اسقاط بعض کیا جاے مقصود تشبیہ مختل ہوجائیگا واللہ اعلم بالصواب آب سنیئے تعدد ایک تو طرفین یعنی مشبہ و مشبہ بہ مین ہوگا جیسے حکمی عفی عنہ ع ہمان موے و زلفش چو لیل و نہار ❊

جمیع ارکان مرکب ہو

بعض مرکب اور بعض مفرد

متعدد و مرکب مین کیا فرق ہو

تعدد طرفین

دوسرا تعدد وجہ شبہ مین نظامی رح **شعر** شکر خندہ راست چون نیشکر * لطیف و خوش و سبز و شیرین و تر * یہان شکر خندہ یعنے معشوق مشبہ چون حرف تشبیہ نیشکر مشبہ بہ یہ دونو مشبہ و مشبہ بہ واحد ہین مگر وجہ شبہ متعدد ہے جن پر لفظ راست و لطیف و خوش و سبز و شیرین و تر دلالت کرتے ہین اسیطرح آئینہ کو آفتاب کے ساتھ تشبیہ دینی باعتبار گولائی اور چمک کے تعدد فی الوجہ ہے۔ بندہ حکمی غفرلہ ولوالدیہ **شعر** جبین بکشادہ و تابان چو ماہے * چہ ماہی خاصہ ماہ نیم ماہے * اور کبھی باعتبار طرفین فقط تشبیہ کو ملفوف و مفروق پر تقسیم کرتے ہین۔ ملفوف وہ ہے کہ چند مشبہ ایک جگہ اور اُنکے مشبہ بہ ایک جگہ بیان کیئے جائین پھر اگر یہ بترتیب لف مشبہات انکے مشبہ بہ کا نشر کیا جاے ملفوف مرتب کہلاتا ہے حکمی غفرلہ **ع** لب و دندان او چو لعل و گوہر * اگر نشر بترتیب لف نہو غیر مرتب ہے خواہ معکوس ہو خواہی منتشر حکمی عفی عنہ **ع** لب و دندان او چون دُر و مرجان * منتشر کیلیئے دو سے زیادہ تعدد چاہیئے اگر صرف مشبہ مین تعدد ہو اس کا تشبیہ الجمع نام ہے اور یہ تعدد صرف بطریق عطف بھی بیان کیا جاتا ہے اور تعدد کے ہر فرد پر اداۃ تشبیہ کو جداگانہ بھی لے آتے ہین جیسے ان امثلہ مین نظامی رح **شعر** جہاندار چون ابر و چون آفتاب * باندازہ بخشد ہم آتش ہم آب * سعدی رح **شعر** دو پاکیزہ پیکر چو حور و پری * چو خورشید و مہ از سہ (اے سوم) دیگر بری * ان مثالون سے مین حرف تشبیہ اور عاطفہ ہر دو ہین۔ جامی قدس سرہ **شعر** عارض است این یا قمر یا لالہ حمراست این * یا شعاع شمس یا آئینہ دلہاست این * اس مثال مین صرف عاطفہ تردیدیہ ہر فرد پر ہے۔ اور تشبیہ مفروق وہ ہے کہ ہر مشبہ کے ساتھ اُسکا مشبہ بہ ذکر کرتے چلے جائین۔ بندہ حکمی غفرلہ الدیہ **شعر** دو چشم آہو و زلفش مشک آہو * رخش مہر و جبین ماہ و قمر ہو * **ولہ** عفی عنہ **ع** لبش ہمچو یاقوت و دندان چو دُر * اور یہ تعدد وجہ شبہ مین بھی ہوتا ہے طرفین مین تعدد ہو یا نہو اور پھر اسکے اجزا کل حسی ہون یا کل عقلی یا بعض حسی اور بعض عقلی اول جیسے آئینہ کو چاند سے تشبیہ دین وجہ شبہ اضاءت و تدویر یہ دونو جز حسی ہین۔ نظامی رح **شعر** ضمیم نہ زن بلکہ آتش زن است * کہ مریم صفت بکر و آبستن است * یہان وجہ شبہ بکارت اور آبستن یہ دونو امر حسی ہین۔ دوسرا بجمیع اجزائہ عقلی ہو جیسے کسیکو اُسکی تیزی نظر اور چوکنے پن اور اخفاے جماع کے اعتبار سے کوّے (اے زاغ) کے ساتھ تشبیہ دین یہ سب امور عقلی ہین۔ تیسرا مختلف یعنے بعض حسی بعض عقلی نظامیؒ **شعر** گہے خوردن مے چون خون بدخواہ * گہے تکیہ زدن بر مسند شاہ * یہان وجہ شبہ ایک تو سُرخی رنگ جو حسی ہے دوسرا مرغوب طبع ہونا سو یہ عقلی ہے۔ اسیطرح ارکان کے حسی یا عقلی ہونیکے اعتبار سے

تعدد وجہ

تقسیم تشبیہ باعتبار طرفین ملفوف مرتب ملفوف غیر مرتب

تشبیہ مفروق

وجہ تعدد بجمیع اجزائہ حسی ہو یا عقلی یا بعض حسی اور بعض عقلی

وجہ تعدد بجمیع اجزائہ عقلی

تقسیم ارکان باعتبار حسی یا عقلی

جدی تقسیم کیجاتی ہے اور حسی سے یہان ہماری مراد یہ ہے کہ وہ اجزا خود یا اُن کا مادہ اگر خارج مین موجود ہو بواسطۂ حواس خمسۂ ظاہرہ مُدرَک ہو پس خیالیات یعنی اگر ان کو بحیثیت اجتماع دیکھا جاے معدوم ہین اور جو ایک ایک کو الگ الگ جو مادہ اُس مجتمع کا ہے دیکھا جاتا ہے مدرک بالحس الظاہرہ ہین جیسے فردوسیؒ **شعر** زمین شد بکردار دریاے قیر ٭ ہمہ موجش از خنجر وگرز و تیر ٭ نظامیؒ **شعر** برانگیخت رزمے چو بارندہ میغ ٭ تگرگش ز پیکان و باران ز تیغ ٭ کیا معنی کہ دریا جدا اور قیر جدا مُدرَک بحس بصر ہے مگر بحیثیت اجتماعی یعنے دریا قیر کا بہتا ہوا اُسپر طرہ یہ کہ خنجر وگرز و تیر اُسکی موجین ہون کسی نے نہین دیکھا البتہ موج و خنجر وگرز و تیر جدا جدا مدرک بالحس ہین اسیطرح تگرگ و پیکان و باران و تیغ الگ الگ محسوس ہین لیکن ابر سے اولے کی جگہ پیکان پانی کی جگہ تیغ برستے ہون کتم عدم سے وجود مین نہین آئے پھر اس حیثیت اجتماعی کے ساتھ محسوس ہی کب ہونگے یہ محض تخیّلات ہین اسی قبیل سے ہے شعر نظامیؒ **شعر** گیاہان نو رستہ از آب پر ٭ چو بر شاخ مینا بر آمودہ در ٭ اور وہمیات جیسے اس شعر مین حکمیؔ غفرلہ ولوالدیہ **شعر** بدل ہول شب ہجران چنان لبود ٭ کہ انجم ہمچو چشم غول بنمود ٭ پس اب تشبیہ تخیلی و وہمی مین فرق بھی معلوم ہوگیا ہوگا کہ تشبیہ خیالی مین یہ بات ہوا کرتی ہے کہ مدرکات حسیہ کی صورتین جو بواسطہ حواس خزانہ خیال مین جمع تھین قوت متخیلہ بقدر ضرورت اُن مین سے لیتی ہے صرف ایک ترکیب اپنی جانب سے اُن مین اختراع کرتی ہے پس معلوم ہوا کہ تشبیہ خیالی کے لئے ایک اصل ہے یعنے خارج مین اُسکے اجزا کے لئے وجود متحقق ہے مگر اس مرکب اختراعی کا وجود خارج مین نہو گا بخلاف تشبیہ وہمی کہ وہ محض بے اصل ہوتی ہی کا وجود لہٗ ولا تحقق لہ فی الخارج اسپر صادق ہے کیا معنی کہ وہان سرے سے من جانب متخیلہ ایک بے اصل گھڑت ہوتی ہے اسی واسطے الوہم خلّاق کہا جاتا ہے۔ لیکن باایں ہمہ مخترعات وہمیہ جیسے چشم و دندان غول کا ادراک فرض کیا جائے تو وہ ضرور مدرک بحس بصر ہونگے تو جیسے خیالیات داخل نوع حسی ہین وہمیات بھی داخل شق حسی رہینگے عقلی وہ ہے جو اسطرح مدرک نہو اگر وہ خارج مین موجود بھی ہو مدرک بحواس ظاہرہ نہو چونکہ محسوسات اصل معقولات ہین یعنی معقولات انہین محسوسات سے منتزع ہوتے ہین محسوس از روے دلالت اقوی سمجھا جاتا ہے اور مشبہ بہ اگرچہ ادعاءً ہی کیون نہو مشبہ سے اکمل اور اقوی ہونا چاہیئے بایں وجہ محسوس کو معقول کے ساتھ تشبیہ نہین دیتے اگر کہین اس قسم کی تشبیہ واقع ہوئی بھی ہے وہان مشبہ بہ معقول بمنزلہ محسوس بنا لیا گیا ہے غرض تقسیم باعتبار حسی و عقلی کا بیان مجملاً یہ ہے کہ تشبیہ بجمیع اجزائہ

حسی سے ہماری یہان کیا مراد ہے

تشبیہ وہمی

تفرقہ وہمی و خیالی

تشبیہ خیالی اور وہمی کی ما بہ الامتیاز

خیالیات کی طرح وہمیات حسی ہین

محسوس کو معقول سے تشبیہ نہ دینے کی وجہ

تشبیہ بجمیع اجزائہ حسی

تشبیہ بجمیع اجزا عقلی
حسی ہو گی جیسے حکمی عفی عنہ شعر دو عارض چو خورشید اندر فروغ ٭ یا بجمیع اجزا نہ عقلی جیسے حکمی عفرلہ ولوالدیہ شعر زعلم آدم برزد بر افلاک ٭ کہ علم ہیچو حیات آمد دراوراک ٭ یا بعض حسی بعض عقلی۔ حکمی عفرلہ ولوالدیہ شعر لطف تو چو در بہار باران ٭ سرسبز جہان از و چو بستان ٭ یہان مشبہ لطف ممدوح ہے وہ کیفیت خاص نفسانیہ یعنی امر عقلی ہے اور باران بہاری مشبہ بہ وہ ایک امر محسوس یعنی مبصر شے ہے۔ جاننا چاہیئے کہ جس تشبیہ مین کہ وجہ شبہ چند امور سے منتزع ہو یعنی وہ وصف مرکب ہو مطلقاً حسی ہو یا عقلی جمہور کے نزدیک اُس تشبیہ کا تمثیل وضرب المثل نام ہے اور امام فن شیخ الہدی شیخ عبد القاہر رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہر مرکب تمثیل نہین بنتا بلکہ اُنکے نزدیک مرکب عقلی مطلقاً حقیقی ہو یا غیر حقیقی تمثیل کہلاتا ہے اور سکاکی رحمہ اللہ کے نزدیک مرکب کا فقط عقلی ہونا بھی کفایت نہین کرتا بلکہ اُس مرکب کا غیر حقیقی ہونا یعنی وہ وصف نہ حساً متحقق ہو نہ عقلاً تمثیل کے لیئے انکے ہان شرط ہے پس یہ اشعار نظامی رح شعر بمشکین زکال آتش لعل رنگ ٭ درافتاد چون عکس گوہر بسنگ ٭ ولہ شعر بہ آتش بران شوشۂ مشک سنج ٭ چو مار سیہ بر سر کان گنج عند الجمہور تمثیل ہین۔ اور یہ قطعہ سعدی رح کا قطعہ عالم اندر میانۂ جہال ٭ مثلے گفتہ اند صدیقان ٭ شاہدے درمیان کوران است ٭ مصحفے درکنشت زندیقان ٭ سب کے نزدیک تمثیل ہے اسی قبیل سے ہین یہ اشعا شعر پرتو نیکان نگیرد ہر کہ بنیادش بدست ٭ تربیت نا اہل را چو گردگان برگنبدست ٭ ولہ شعر ابر گر آب زندگی بارد ٭ ہرگز از شاخ بید برنخوری ٭ بافرومایہ روزگار مبر ٭ کزنئے بوریا شکر نخوری ٭ ولہ شعر نہ محقق بود نہ دانشمند ٭ چارپاے بروکتابے چند ٭ ولہ شعر بے فائدہ ہر کہ عمر درباخت ٭ چیزے نخرید و زر بینداخت ٭ یہان وجہ شبہ ابلغ نافع کے انتفاع سے بے نصیب و محروم رہنا باوجود سخت تکلیف و تعب اُٹھانے کے سو یہ وصف مرکب امر عقلی ہے اور چند امور سے منتزع ہے چونکہ مرجع اس وصف کا جانب توہم ہے اُسکو وصف حقیقی نہین کہہ سکتے اور اگر وجہ شبہ ایسی نہووے تو وہ تشبیہ غیر تمثیل کہلائیگی یعنے جمہور کے نزدیک تمثیل کے لیئے وجہ شبہ کا مطلقاً مرکب نہ ہونا چاہیئے اور شیخ یعنی عبد القاہر کے نزدیک مرکب عقلی مطلقاً نہ ہو اور سکاکی کے نزدیک وجہ شبہ مرکب نہ ہو یا مرکب ہو تو وہمی یا اعتباری نہ ہو بلکہ وصف حقیقی ہو۔

تقسیم باعتبار وجہ
باعتبار وجہ شبہ اور طرح بھی تقسیم تشبیہ کی کیجاتی ہے کیا معنے کہ وجہ شبہ یا تو مجمل ہو گی یا مفصل۔

تشبیہ مجمل
تشبیہ مجمل وہ ہے کہ جس مین وجہ شبہ مذکور نہ ہو اداۃ مذکور ہون یا نہ ہون جیسے زید چون شیر ست

یا زید شیر ست۔ اور یہ اجمال کئی باتون سے حاصل ہوتا ہے۔ ایک تو یہ کہ وجہ شبہ اُس مین ایسی ظاہر ہو کہ ہر کسی کا ذہن اُسپر ٹکر کھائے جیسے روے چون آفتاب مین چمک دمک زید چون شیر مین شجاعت یہ ایسے امور ہین بغیر ذکر بمجرد تشبیہ سامع کا خیال اُسپر پہونچ جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ وجہ شبہ ایسی پوشیدہ ہو کہ بجز خواص بلغا دوسرون کی نظر وہان تک نہ پہونچے جیسے حکمی غفر لہ ولوالدیہ **شعر** یکے بارگاہے مثال آفتاب ❊ دگر بارگی ہمچو دریاے آب ❊ یہان خیمۂ پادشاہ کو آفتاب سے تشبیہ دیگئی اور گھوڑے کو بحر سے اور وجہ تشبیہ اول مین بارگاہ کی وسعت مین مبالغہ کہ آفتاب کی طرح مشرق سے مغرب تک اُسکی طنابین کشیدہ ہین چنانچہ نظامی رح اس وجہ کا اظہار فرماتے ہین **شعر** زہے بارگاہے کہ چون آفتاب ❊ زمشرق بمغرب کشیدہ طناب ❊ فردوسی رح بغیر تشبیہ بارگاہ کی توصیف کرتے ہین **شعر** یکے خیمہ داشت افراسیاب ❊ زمشرق بمغرب کشیدہ طناب ❊ دوسرے مصرعہ مین گھوڑے کی سرعت مین مبالغہ کیا جاتا ہے کہ وہ گھوڑا اطراف عالم ہو آتا ہے اور ٹھیرا ہوا بھی معلوم ہوتا ہے دریا کی طرح بحیثیت موج زنی روان بھی ہے اور بحیثیت احاطۂ ارض یک جگہہ قائم بھی۔ یہی کیفیت شعلہ جوالہ مین موجود ہے یہ کمال سرعت پر دال ہے۔

اسی قبیل سے ہے شیخ علی حزین کا نالہ کو مشکین پرند سے اور طالب آملی کا شبدیز سے تشبیہ دینا **شعر** شب ہجران سیاہ در دراشور حزین تو ❊ در فش کاویان از نالۂ مشکین پرند آرد ❊ طالب آملی **شعر** کشش کرد آنقدر ہا پنجۂ غم جانب ظلمت ❊ کہ دل در زیر بار نالہ ام غرق سیاہی شد ❊ صائب **شعر** ہر خسے قیمت نداند نالۂ شبخیز را ❊ مردے باید کہ داند قدر این شبدیز را ❊ یہ امور ایسے ہین کہ بجز خواص اور کسیکا ذہن نہین پہونچتا۔ تیسرے یہ کہ طرفین سے کسی کا وصف مذکور نہ ہو جیسے زید چون شیر ست چوتھے فقط مشبہ کا وصف مذکور ہو نظامی رح **شعر** براق شتابندہ زیرش چو برق ❊ سرا پاش چو خورشید در نور غرق ❊ پانچوین فقط مشبہ بہ کا وصف جیسے حکمی عفی عنہ **شعر** چو خورشید روشن دو رخسار گان ❊ دو گیسو کمند و بروہا کمان ❊ چھٹے یہ کہ وصف طرفین مذکور ہو جیسے نظامی رح **شعر** بگل چیدن آمد عروسے بباغ ❊ فروزندہ روے چو روشن چراغ ❊ یہ بھی واضح رہے کہ یہان وصف سے وہ وصف خاص مراد ہے جس مین جانب وجہ شبہ ایماے لطیف ہو نہ وصف مطلق جیسے امثلہ بالا مین مذکور ہوا اب زید عالم چون شیر سیاہ است باوجود وصف طرفین مجمل قسم ثالث ہی رہیگا نظامی رح **شعر** نشد کار گر تیغ بر درع شاہ ❊ بعزیمت رنگی چو ابر سیاہ ❊ اسی قبیل سے ہے اسواسطے کہ یہان غرض بیان

وجہ شبہ کمال ظاہر

نالہ کو مشکین پرند اور شبدیز سے تشبیہ دینا بھی اسی قبیل سے ہے

یہان وصف سے کونسا وصف مراد ہے

تشبیہ مفصل

کرتی ہے ایک کا مصنف لبساہ ہونا وجہ مقصود کا افادہ نہین کر تشبیہ مفصل وہ ہے کہ جس مین خود وجہ شبہ صراحۃً مذکور ہو یا بجای ذکر وجہ شبہ وہ شی مسامحۃً ذکر کیجای جسکو وجہ شبہ لازم ہو یا وجہ شبہ کو یہ شئے لازم ہو اول جیسے زید چون شیرست در شجاعت دوم جیسے کلام فصیح چون شہدست در شیرینی یہان وجہ شبہ میلان طبع ہی جو شیرینی کو لازم ہے بندہ حکمی عفی عنہ **شعر** سخن از دو لب در حلاوت چنانکہ ۔ زرقت مکرر شکر پارہ ۔ **ولہ** صبر مانند صبر باشد تلخ ۔ سوم نظامی رہ **شعر** سبق بردہ از آہوان در شتاب ۔ بگرمی چو آتش بہ نرمی چو آب ۔ یہان وجہ شبہ سرعت ہے یہ اوصاف حرکت سے ہے اور حرکت کو گرمی لازم غرض یہان مسامحۃً وجہ شبہ گرمی بیان کیگئی ہے اور حقیقت مین سرعت وجہ شبہ ہے جو گرمی کا ملزوم ہے اسی طرح نرمی کو قیاس کیجیئے ۔

تقسیم نوع دیگر باعتبار وجہ

باعتبار وجہ شبہ اور طرح بھی تشبیہ کو تقسیم کر سکتے ہین کیا معنی کہ بعض تشبیہ ایسی ہوتی ہے کہ اس مین وجہ مشابہت بوجہ زیادہ ظاہر ہونیکے جلد سمجھ مین آجاتی ہے اسکی وجہ سے مشبہ سے مشبہ بہ کی جانب انتقال کرنے مین ذہن و نظر کو کوئی دقت اٹھانی نہین پڑتی اس حالت مین اسکو تشبیہ قریب مبتذل کہتے ہین نظامی رہ **شعر** مہ روشن از تیرہ شب تافتہ ۔ چو آئینۂ روشنی یافتہ ۔ مشبہ بہ یعنی آئینہ ایسی شئے ہے کہ ذہن مین اکثر اسکی صورت کا حضور رہتا ہے ۔ اور بعض تشبیہ ایسی ہوتی ہے کہ اسمین بعد تدقیق نظر انتقال ذہن ہوتا ہے اور اسکو تشبیہ غریب بعید کہتے ہین جیسے نظامی رہ **شعر** چہارم علم برثریا زدن ۔ چو خرشید لشکر بہ تنہا زدن ۔ ممدوح کو خرشید کے ساتھ تشبیہ دی اور وجہ اس تشبیہ کی ایسی انتزاع کی کہ نظر ذرا دقت سے اس تک پہونچتی ہے یعنی جیسے آفتاب تنہا تمام لشکر ثوابت وسیارہ کو ایک دم مین ہلاک یعنی معدوم کر دیتا ہے ممدوح بھی لشکر دشمن کے لیئے تن تنہا کفایت کرتا ہے ۔ اور بعض وقت بوجہ تفصیل کے تشبیہ مین غرابت پیدا ہوتی ہے جیسے نظامی رہ **شعر** زجنبش نشد یکدم آرام گیر ۔ چو سیماب بر دست مفلوج پیر ۔ یہان وجہ تشبیہ ایک تفصیلی امر ہے جو بوجہ کثرت تفصیل بادی الراے مین سمجھ مین نہین آتا ۔ اور قاعدہ ہے جو شے بعد جد و طلب کے حاصل ہوگی لذیذ تر ہوگی اور اسکا حسن اور اس کی بلاغت بحسب لذت اور بقدر اسکے لطف خیزی کے ہوگی پس تشبیہ غریب بعید ۔ قریب و مبتذل سے احسن و ابلغ ہوگی اسیطرح ابتذال و غرابت کے بھی مدارج ہین اسکے قدر و اندازہ پر تشبیہ کے حسن و قبح مین تفاوت ہوا کرتا ہے ۔ کبھی تشبیہ قریب مبتذل کو تھوڑے سے تصرف سے بعید غریب بنا لیتے ہین جس سے اسمین اور ہی حسن آجاتا ہے اور بلاغت پیدا ہو جاتی ہے چنانچہ حکیم

تشبیہ قریب مبتذل

تشبیہ بعید غریب

اوحد الدین انوری کی تشبیہ مبتذل کو جو اس شعر مین بیان کی گئی ہے شعر بدیں چو ماہ آسمان داری * قد چو سرو بوستان داری * شیخ شیراز حضرت سعدی علیہ الرحمۃ نے ایک ذرا سے لطیف تصرف کے ساتھ بلیغ و بلند کر دکھایا ہے جہان کہا ہے شعر سرو را مانی و لیکن سرو را رفتار نیست * ماہ را مانی و لیکن ماہ را گفتار نیست * مختاری کا شعر ہے شعر ماہی اگر ماہ را از سرو بود قد * سروے اگر ازماہ بود بر * کیا معنی کہ تشبیہ معشوق ماہ و سرو کے ساتھ قریب و مبتذل تھی مگر اس شرط نے اسکو اوج غرابت حد بلاغت پر پہونچا دیا۔ اور کبھی ایک آدہ دور کی مناسبت وجہ شبہ ہوتی ہے اُس وقت باوجود بعد وہ تشبیہ پایہ بلاغت سے گر جاتی ہے فردوسی رح کا شعر ہے شعر "اول" سپاہش بدنیسان ہمہ ہمگروہ * ہمہ حملہ کرند مانند کوہ * وجہ شبہ ہیئت ثباتی لشکر ہے یعنے جیسے کوہ اپنی جگہ سے نہین ٹلتا سپاہ بھی نہایت صبر و استقلال کے ساتھ لڑتے ہین چنانچہ دوسری جگہ رستم کی رجز مین اس امر کو ظاہر کیا ہے

شعر گو پیلتن گفت جنگی منم * با ورد گہہ پردرنگی منم *

کبھی باعتبار حذف و ذکر ارکان ثلثہ تشبیہ کو قوی و ضعیف پر تقسیم کیا کرتے ہین جیسے وجہ شبہ اور اداۃ اور مشبہ تینون کا حذف یعنی وقت قیام قرینہ مقالیہ فقط مشبہ بہ کا ذکر اقوی ہے مثلاً شیرست اگر قرینہ سوالیہ و موقع اخبار نہ ہو اُسوقت وہ استعارہ مطلقہ سمجھا جائیگا جیسے فردوسی سودابہ کے بال کھسوٹنے مُنہ نوچنے کو کس لطف سے بیان کرتے ہین شعر بمشکین کمند اندر افگند چنگ * بفندق گلان را بخون داد رنگ * یا فقط مشبہ و مشبہ بہ کا ذکر جیسے فردوسی رح رستم و سہراب کی کشتی کی داستان مین لکھتے ہین شعر یکے نعرہ برزد برا ز خشم و کین * بزد رستم شیر را بر زمین * بندۂ حکمی عفی عنہ شعر منم شیر غرندہ وقت نبرد * بہ بیشم چہ مردی چہ یکدشت مرد * یہ دونو قسمین اقوی ہین کسواسطے کہ اداۃ کے حذف سے مشبہ مشبہ بہ مین حمل مواطاتی درست ہو جاتا ہے جس سے عینیت ادعائی حاصل ہو جاتی ہے اور چارون رکن کا ذکر کرنا جیسے زید چون شیرست در شجاعت تشبیہ کو بودا اور ضعیف تر کر دیتا ہے اور باقی شقین قوت و ضعف مین بین بین ہین اس مین وہ شق بھی آگئی جو فقط ایک رکن یعنی اداۃ کے حذف سے حاصل ہوئی ہے جیسے زید شیرست در شجاعت یہ منجملہ اقسام قوی ہے اور حذف اداۃ مع الوجہ اقوی ہے حالانکہ کمالیت تشبیہ جو ادعای عینیت ہے جس کا سبب حمل مواطاتی ہے فقط اداۃ کے حذف سے حاصل ہے وجہ کے ذکر و حذف کو اُس مین کچھ دخل نہین پھر ایک کو قوی دوسرے کو قوی تر کہنے کا

دور کی مناسبت جن وجہ کمال بعد ہو تشبیہ پایہ بلاغت سے گر جاتی ہے

باعتبار حذف و ذکر ارکان ثلثہ تشبیہ قوی و ضعیف ہوتی ہے

صرف مشبہ بہ مذکور باقی ارکان محذوف

مشبہ و مشبہ بہ مذکور باقی محذوف

یہ دونون قسمین اقوی ہین

چارون رکن کا ذکر کرنا تشبیہ کو ضعیف کر دیتا ہے

باقی بین بین ہین درمیان ضعف و قوت

سبب ظاہر احصول تعمیم وجہ شبہ مع اختصار لفظ ہے سو یہ امر حذف وجہ ہی سے حاصل ہوتا ہے اور حقیقت کے اعتبار سے تعمیم نہین ہوا کرتی کسواسطے کہ تشبیہ جو دیجاتی ہے مشبہ بہ کے اخص و اکمل واشہر اوصاف مین دیجاتی ہے ورنہ شیر مین گندہ دہنی چار پانون اور دم کا رکھنا بھی وصف ہے یہ سب نہین لیئے جاتے اسی طرح ہر شئے کے بیشمار اعراض ہین بلکہ اُسکے مشہور اور خاص اور کمالیہ وصف جرأت و دلیری مین تشبیہ دیجاتی ہے لیکن فقط اس قاعدہ اور اصل کو (کہ حذف موضع ذکر مین مقتضی تعمیم ہے) نظر مین رکھکر یہان بھی تسامحاً حکم لگا دیا گیا کہ یہ ہیئات ترکیب سبب مزید تقویت تشبیہ ہے ان علوم مین اتنا سہار البس ہے علوم عقلیہ مین بال کی کھال کھینچی جاتی ہے ایسی مسامحتون کا وہان دخل نہین واللہ تعالیٰ اعلم۔

اور کبھی انہین ارکان کے مقید غیر مقید ہونیکے اعتبار سے جدی تقسیم کیجاتی ہے۔ ایک یہ کہ طرفین اور وجہ مطلق ہون اُن مین کوئی قید نہ لگی ہو جیسے زید چون شیر و رخ چون گل۔ دوسرے یہ کہ دونو مقید ہون جیسے **مصرعہ** تربیت نااہل را چون گردگان بر گنبد است ؛ کیا معنی کہ مشبہ مطلق تربیت نہین بلکہ نااہل کی تربیت اسیطرح مشبہ بہ مطلق گردگان نہین بلکہ گنبد پر کا گردگان۔ تیسرے یہ کہ فقط مشبہ مقید ہو جیسے حکمی عفی عنہ ؎ دو چشم اندر غضب ہمچون دو مشعل ؛ یہان فقط مشبہ مقید ہی یعنی مطلق دو چشم نہین بلکہ چشم غضبناک۔ چوتھے یہ کہ فقط مشبہ بہ مقید ہو جیسے حکمی عفی عنہ **مصرعہ** رخش ہمچو خرشید در نیمروز فردوسی رہ **شعر** دو رخسار زیباش مثل قمر ؛ دو چشمش ستارہ بوقت سحر ؛ یہان مشبہ بہ مطلق ستارہ اور مطلق خرشید نہین بلکہ موقت بہ نیمروز و مقید بوقت سحر ہے۔ اگر غور کیجیئے وجہ شبہ بھی مطلق و مقید دونو ہو سکتی ہے اوّل جیسے بندۂ حکمی عفی عنہ ؎ چو خرشید روش بر خشندگی ؛ دوسری یعنی وجہ شبہ مقید نظامی رہ **شعر** چو پوسیدہ چوبے کہ در کنج باغ ؛ فروزندہ باشد بشب چون چراغ ؛ یہان وجہ شبہ فروزندگی مطلق نہین بلکہ وہ جو شب کے ساتھ موقت ہے پس اگر وجہ شبہ کے اطلاق و تقیید کا لحاظ کیا جاتا ہے اُن چار اور ان دو کے ضرب سے آٹھ قسمین حاصل ہوتی ہین پوشیدہ نرہے کہ یہ تقیید اُس توصیف سے عام ہے جو تشبیہ مجمل مین بیان کیگئی ہے کیا معنی کہ اوصاف دالہ علے وجہ الشبہ پر بھی یہ تقیید صادق آتی ہے اور غیر دالہ پر بھی واللہ تعالیٰ اعلم

چونکہ ہر شئے کی غرض علت غائی اُس شئے کی ہوا کرتی ہے اُس کا تحقق اور وجود خارجی اُس شئے سے مؤخر ہوا کرتا ہے تو ہم نے بیان غرض تشبیہ کو بہ نسبت اور اقسام تشبیہ کے مؤخر کر دیا پس

طرفین اور وجہ مطلق

مشبہ مشبہ بہ ہر دو مقید

مشبہ مقید

مشبہ بہ مقید

وجہ شبہ مطلق

وجہ شبہ مقید

جاننا چاہیئے کہ غرض تشبیہ کی کبھی مشبہ کیطرف راجع ہوتی ہے اور کبھی مشبہ بہ کی طرف یعنی اگر
مقصود اور غرض تشبیہ سے مشبہ کے کسی حال یا کیفیت کا بیان کرنا ہو اُسکو راجع بسوے مشبہ کہین گے
اور جو مقصود بیان حال مشبہ بہ ہو راجع بسوے مشبہ بہ کہلاتی ہے اور ہر ایک اپنی کیفیات وحالات
کے اعتبار سے کئی قسم پر ہے مثلاً مشبہ ایسا امر غریب ہو کہ اگر اُسکے امتناع کا دعوے کیا جائے صحت کو
پہونچ جائے اُس وقت غرض اور مقصود تشبیہ یہ ہو کہ اُسکا امکان وقوعی ثابت کر دکھلائین جیسے حکمی
غفرلہ ولوالدیہ کے اس نعتیہ شعر مین **شعر** مکنے وز ممکنات افضل چنانکہ ◆ مشک نیے آہو ز خون آہوست
یہ امر ممتنع معلوم ہوتا ہے کس واسطے دعوے یہ ہے کہ ممدوح کل ممکنات سے برتر ہے اور ممکن بھی ہے
ممکنات سے برتر ہونے سے معلوم ہوا کہ وہ بنفسہ ایک جنس ممکنات سے الگ ہے اور براسہ یک اصل جداگانہ
ہے جب مشک سے تشبیہ دی کہ وہ خون ہے مگر وہ اپنی خوبیون کی وجہ سے ایک جنس بنفسا اور ایک
اصل براسہ بن گیا ہے اب احکام خون کے اُسپر جاری نہین کر سکتے۔ غنی کا شعر ہے **شعر** وبال گردن
خود گشت بال خویش مرا ◆ بسان شمع کہ افتد ز پیہ خود بگداز ◆ ولہ **شعر** بجو دوری ز ہمجنسان نشاطی
گر طمع داری ◆ چو می بینی جدا از یکدگر لبہاے خندان را ◆ پہلے شعر مین یہ دعوے کیا ہے کہ اپنا تن
و توش اپنا وبال جان ہے ظاہرا یہ امر ممتنع معلوم ہوتا ہے جب شمع سے تشبیہ دی اور اُس کا اپنے
پیہ کی بدولت گلنا بتلا دیا خیال امتناع جاتا رہا اور اسیطرح دوسرے شعر مین دعوی کیا ہے کہ
حصول نشاط دوری یاران ہمجنس پر موقوف ہے سو یہ امر بھی بظاہر نظر مین ممتنع معلوم ہوتا ہے
کسواسطے کہ چند دوست احباب خصوصاً یاران ہمجنس کا ایک جگہ جمع ہونا موجب نشاط سبب انبساط
ہوتا ہے جب لبہاے خندان کی دوری سے تشبیہ دی خیال امتناع اُٹھ گیا پس اس نوع تشبیہ
مین مشبہ بہ کا اعرف واشہر ہونا اور اُسکی امکانیت کا مسلم ہونا شرط ہے۔ دوسرا یہ کہ اسی طرح
اور کوئی حال یا کیفیت مشبہ کی یعنی مشبہ کس وصف کے ساتھ متصف ہے اور اُسکی کیا کیفیت ہے
بیان کرنا اُس تشبیہ سے مقصود ہو مثلاً ایک شے کو دوسری شے کے ساتھ اُسکی سرخ یا سیاہ رنگت کی وجہ سے
تشبیہ دین اُس وقت فقط مشبہ بہ کی رنگت پر واقفیت سامع کی شرط ہے۔ بندہ حکمی **شعر** لبش قوت
مرجان یاقوت را ◆ چو می کو جوان کرد فرتوت را ◆ اس نوع کی تشبیہ مین چاہیئے کہ مشبہ بہ مین وجہ شبہ
بہت ظاہر اور بہت مشہور ہو تا کہ حال مشبہ کا اچھی طرح سے واضح ہو جاے۔ تیسرا یہ کہ مقدار کیفیت

جب غرض راجع بسوے مشبہ کی پہلی قسم یعنی مشبہ غریب ممتنع الوقوع معلوم ہوتا ہے اسکو ممکن الوقوع ثابت کرنا

ف یعنے خون آہو بھی مثل اور خونون کے ناپاک ہے مگر کیفی شئے اس سے الگ ہو گیا اُسپر بھی حکم ناپاکی کا نہیں لگتا بخلاف مشک کہ وہ حکم نظافت کا اور افزون کر دیتا ہے چنانچہ بروایت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالے عنہ مروی ہے سئل عن المسک فقال ھو الطیب طیبکم ۔۔ [illegible]

دوسری قسم یہ کہ مشبہ کی کیا کیفیت ہے اور کس وصف کے ساتھ متصف ہے یہ بیان کرنا غرض تشبیہ ہو

تیسری قسم یہ کہ مقدار کیفیت مشبہ کا بیان کرنا غرض تشبیہ ہو

یا کمیت مشبہ کا بیان مقصود ہو آیا وہ مقدار مین کم ہے یا زیادہ قوی ہے یا ضعیف مثلاً بڑھاپے کے سفید بالون کو برف اور کافور سے اور جوانی کے موے سیاہ کو پرِ زاغ و مشک سے تشبیہ دینا نظامی رح شعر مرا برف بارید بر پرِ زاغ ٭ نشاید چو بلبل تماشاے باغ ٭ حکمی شعر چو مشکین سر و نگاہ کافور زاد ٭ کفن آمد آبجینم بباد ٭ اسی طرح ہے کمر باریک کو موے سے جیسے موے میان اور چہرۂ سرخ کو خون سے تشبیہ دینا۔ فردوسی کنیزان رودابہ کا زال کی تعریف کرنا بیان کرتے ہین شعر دو چشمش چو دو نرگس آبگون ٭ لبانش چو پستہ رُخانش چو خون ٭ انوری شعر حدیث سرین و میانش چہ گویم ٭ کہ دیدہ است کوہے معلق بکاہے ٭ اس شعر مین سرین و میان اور کوہ و کاہ مین باعتبار شدت فربہی و لاغری تشبیہ ضمنی ہے اس نوع کی تشبیہ مین چاہیئے کہ مشبہ کا حال (اگرچہ ادعائی ہی کیون نہو) مقدار مین بلا کم و کاست مشبہ بہ کے حال کے برابر ہو تاکہ مشبہ کے حال کی مساوات جیسی ہے ویسی ہی معین کیجائے۔ چوتھا یہ کہ تشبیہ دینے سے غرض یہ ہو کہ مشبہ کا حال بخوبی سننے والے کے دل نشین ہو جاے مثلاً ایسے کام مین سعی کرنے کو جس سے کوئی نتیجہ نہ نکلے وہ تمام سعی اور کوشش عبث اور بے فائدہ ہو باد در مشت پیمودن سے تشبیہ دیجاتی ہے سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہین شعر پرتوِ نیکان نگیرد ہر کہ بنیادش بدست ٭ تربیت نااہل را چون گردگان بر گنبد است ٭ تربیت ایسے شخص کے کرنے کو جس پر اثر اُس تربیت کا کچھ بھی نہ ہوا ایک گول شئے کے گنبد پر ٹھیرانے سے تشبیہ دی ہے جس سے بخوبی ذہن نشین ہوگیا کہ جیسے اسکا ٹھیرنا متعذر ہے ویسے ہی نااہل کا تربیت پانا عادۃً محال ہے۔

اس نوع کی تشبیہ مین چاہیئے کہ معقول کو محسوس سے تشبیہ دین اگر مشبہ بہ معقول بھی ہو اُس کو بمنزلہ محسوس کیا چاہیئے کسواسطے کہ نفس انسانی بہ نسبت معقولات کے محسوسات سے بالطبع زیادہ مالوف ہے اور نیز اس قسم مین وجہ شبہ کا زیادہ کامل اور بہت مشہور ہونا بھی مشروط ہے اور یہ شعر پرتو نیکان نگیرد ہر کہ بنیادش بدست الخ مثال تشبیہ تمثیل کی بھی ہوسکتی ہے اس مین کوئی تناقض نہین تمثیل باعتبار ترکیب حال وجہ شبہ ہے اور یہان باعتبار غرض تشبیہ فلا منافات پانچوان سامع کی نظر مین مشبہ کی خوبیون کا مزین کرکے دکھلا دینا یا اُس کی برائیون کا مستحکم کردینا مقصود ہو اور واقع مین مشبہ کے اندر وہ برائیان اور بھلائیان ہون یا نہ ہون اول جیسے چہرۂ خوب زلف مرغوب کو گل و سنبل سے اور چہرہ سیاہ کو چشم آہو و شب قدر کے ساتھ تشبیہ دینا بندہ حکمی غفرلہ ولوالدیہ

مشبہ کا حال سامع کے ذہن نشین کرنے کے غرض سے تشبیہ دینی

غرض رابع یعنی مشبہ کی پانچون قسم یعنی سامع کی نظر مین مشبہ کی خوبی یا زشتی اچھی طرح سے بٹھا دینی مقصود ہو ۱۲

شعر چہ نامہ سواوش ہمہ مشک بود ٭ شب قدر را روشنائی فزود ٭ اور ثانی یعنی سامع کی نظر مین
مشبہ کی برائی کا جما دینا ہو جیسے بد ہیأت بد شکل کو شیطان اور دیو سے تشبیہ دین جیسے سعدی رح **شعر**
شخصے نہ چنان کریہ منظر ٭ کز زشتی او خبر توان داد ٭ گندہ بغلش نعوذ باللہ ٭ مردار بآفتاب مرداد ٭ نظامی رح
زراچہ کی ہیأت کا خاکہ اتارتے ہین **اشعار** سیہ مارے افسون گر گے درو ٭ سر آماسی از سرہزگی درو ٭
دہان فراخ وسیہ چون لوید ٭ کز و چشم بینندہ گشتی سفید ٭ خمے از خم آہن برانگیختہ ٭ بخمہا سکا ہن برو ریختہ
چھٹا مشبہ کے طرفہ اور نادر ہونے کا ثبوت مقصود ہو کہ بحسب عادت ویسا ہونا ممکن نہ ہو اور پھر یہ ندرت
و استطراف مشبہ بہ کا جسکی وجہ سے مشبہ مین ندرت آجاتی ہے فی نفسہ نادر ہو جیسے شراب کو یاقوت
مذاب سے تشبیہ دین از روے عادت یاقوت کا پگھلکر مائیات مین سے ہو جانا محال ہے اگرچہ عند العقل
محال نہ ہو خاقانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خضر ع کی تعریف مین لکھتے ہین **شعر** آن شیبت روی ارغوان فش ٭
چون برف تنیدہ گرد آتش ٭ از روے عادت آتش کے آس پاس برف کا جمنا ناممکن ہے عنصری
کا شعر ہے **شعر** صبح را بنگر پس پروین بدان ماند درست ٭ کز پس سیمین تدروے بسدین عنقاست این ٭
یہ اکثر تشبیہ وہمی اور خیالی مین پایا جاتا ہے۔ یہان اس بات کو جان لینا چاہیئے کہ مشبہ مین ندرت اور
طرفگی دو طرح سے پیدا ہوتی ہے ایک تو مشبہ بہ (جس سے مشبہ تحصیل کمال استفادۂ ندرت کرتا ہے)
یا فی نفسہ عجب نادر اور طرفہ ہو جیسے لعل مذاب اور برف تنیدۂ گرد آتش وغیرہ چنانچہ ابھی بیان ہوا۔
یا فی نفسہ عجب اُسمین کوئی ندرت اور اعجوبگی نہین مگر بوقت موجودگی وحضور مشبہ طرفگی و ندرت متحقق
ہو جاتی ہے مثلاً کوئلے بعضے افروختہ اور بعضے غیر افروختہ کی ہیأت اعجوبہ اور اُسکی خوشنمائی بیان
کیجاتی ہے نظامی رح **شعر** بآتش بران شوشۂ مشک سنج ٭ چو مار سیہ بر سر کان گنج ٭ **و لہ شعر** خان
از بر شعلۂ آذری ٭ جو بر سُرخ گل برگ نیلوفری ٭ کیا معنی کہ مار سیاہ کا کان زر پر اور نیلوفر کا گل سرخ
پر ہونا ایسا طرفہ اور نادر نہین کہ آتش کے آس پاس برف کا جمنا اور لسبدی عنقا کا سیمین تدرو کا پیچھا
کرنا نادر اور طرفہ بلکہ ممتنع ہے لیکن مشبہ کے حضور اور موجودگی سے البتہ ایک ندرت اور اعجوبگی پیدا
ہو گئی ہے غرض ان دونون حالتون مین مشبہ مشبہ بہ سے جس طرح اکتساب کمال کرتا ہے تحصیل
ندرت بھی کریگا اور ان اخیر شقون مین مشبہ بہ کا اکمل واشہر ہونا شرط نہین ہے واللہ تعالی اعلم
یہان تک بیان اُن اقسام کا تھا کہ جن مین غرض تشبیہ مشبہ کے ساتھ تعلق رکھتی ہے

اغراض راجع بمشبہ کی چھٹی قسم یعنی مشبہ کی طرفگی اور ندرت جو بالکل خلاف عادت ہو ثابت کرنا مقصود ہوتا ہے

مشبہ مین ندرت اور طرفگی کیسے حاصل ہوتی ہے

مشبہ بہ خود نادر ہوتا ہے

مشبہ بہ خود نادر نہین عمر بوقت وجود و حضور مشبہ بہ بادی معلوم ہوتا ہے

دبستان فارسی

اب اُن اقسام کو بیان کرتا ہون جن مین غرض تشبیہ مشبہ بہ کی جانب راجع ہوتی ہے اسکی دو حالتین ہین۔ اوّل یہ کہ ایسی چیز کو مشبہ بہ بناوین کہ جس مین وجہ شبہ ناقص ہو اور اُس سے اس امر کا ادعا مقصود ہو کہ وہ ناقص کامل ہے حکیم ازرقی کا شعر ہے **رباعی** آتش بسنان دیو بندت ماند؛ پیچیدن افعی بکمندت ماند؛ اندیشہ برفتن سمندت ماند؛ خورشید بہت بلندت ماند؛ اسی طرح سعدی رح کا شعر **شعر** گل سرخش چو عارض خوبان؛ سنبلش ہمچو زلف محبوبان؛ ادعائے محض ہے کہ رنگ وبو مین رخسار و زلف ایسے کامل ہین کہ گل و سنبل کو اُس سے تشبیہ دے سکتے ہین۔ دوسرے یہ کہ جسکی طرف اہتمام ہو اُسے مشبہ بہ کرین اور غرض تشبیہ کی یہان اُس اہتمام کا بیان کرنا ہے مثلاً ہلال عید کو پارۂ نان سے جنازہ کو خوان سے تشبیہ دین سعدی رح **شعر** سگے را اگر کلوخے برسر آید؛ ز شادی بر جہد کاین استخوانیست؛ اگر نعشے دو کس بر دوش دارند؛ لئیم الطبع پندارد کہ خوانیست؛ نعمت خان عالی **شعر** سپاہی ہم میدان قناعت میکند جولان؛ ز شمشیر و سپر دارد دم آبی لب نانے؛ منجم راانشد غیر از ظلاکت از فلک حاصل؛ ز ضعف جوع بیند قرص مہ را گردۂ نانے؛ طغرائی مشہدی شعر ہے **شعر** طغرا مکن این حدیث را نام دروغ؛ کز قحطی نان نماندہ در دیدہ فروغ؛ کے مردمک است انچہ کہ بینی در چشم؛ پران مگسے فتادہ در کاسۂ دوغ؛ اس نوع کا اظہار المطلوب نام ہے اور یہ بھی خیال رکھین جہان مشبہ بہ باعتبار وجہ شبہ حقیقۃً ہو یا ادعاءً مشبہ سے کامل تر ہو حقیقۃً تشبیہ وہین متحقق ہوگی۔ اور جہان طرفین مین برابری اور مساوات مقصود ہو اور مشبہ بہ کی کمالیت یعنی ایک کا کمال اور دوسرے کا نقصان مقصود نہ ہو چاہے وہ کمال اور نقصان حقیقۃً پایا جائے یا نہ پایا جائے اس صورت مین تشبیہ کا ترک کرنا بہتر ہوگا کیا معنے کہ تشبیہ ایک ایسا امر ہے کہ اُس مین زیادت اور اکملیت وہ ادعائی کیون نہو ہونی چاہیئے بس جہان یہ بات نہو صرف مساوات طرفین ہی مقصود ہو اُسکا تشابہ نام ہے نہ تشبیہ اور اُس مین ادات تشبیہ صرف بقصد تشریک مجازاً استعمال کیئے جاتے ہین ہان کسی اور غرض سے جیسے زیادۃ اہتمام وغیرہ باوجود قصد مساوات ایک کو دوسرے سے بلا رعایت طرفین تشبیہ دیسکتے ہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ اور نیز تشبیہ باعتبار غرض مقبول و مردود پر منقسم ہوتی ہے کیا معنی کہ اگر وہ تشبیہ افادہ غرض کا پوری طرح کرتی ہے یعنے غرض اُس سے اچھی طرح ظاہر ہوتی ہے چنانچہ مشبہ بہ وجہ شبہ کے ساتھ اعرف ہو جس سے مشبہ کے حال پر بخوبی اطلاع ہو یا مشبہ بہ اتم و اکمل ہو جس سے الحاق ناقص کا

بیان غرض تشبیہ کہ راجع بسوئے مشبہ بہ ہو

جس چیز مین وجہ شبہ ناقص ہو اسکو مشبہ بہ بنانا اور اوسکی کمالیت کا ادعا کرنا

جس چیز کیطرف اہتمام ہو اسکو مشبہ بہ بنانا

طرفین مین مساوات مقصود ہو تو تشبیہ کا ترک کرنا بہتر ہے

تشابہ و تشبیہ مین فرق

بیان تشبیہ مقبول و مردود

تامل کے ساتھ اچھی طرح سمجھ مین آجائے یا مشبہ بہ وجہ تشبیہ مین مسلم الحکم ہو یا وہ بیان امکان
مین مخاطب کے نزدیک معروف الحکم ہو جس مین اتنی باتون کا افادہ ہوگا وہ تشبیہ مقبول کہلاتی ہے
اگر ان افادات مین وہ قاصر ہے اُس کا تشبیہ مردود نام ہے اور وہ ضد (جن مین وجہ جامع کا حقیقۃً
پیدا ہونا محال ہے) باہم تشبیہ دئے جاتے ہین اور جو معنی مشبہ بہ مین موجود ہین استہزاءً وہی وجہ شبہ
قرار دئے جاتے ہین حالانکہ نفس الامر مین اس معنی کا ضد متحقق ہے مثلاً جوجی کو حاتم سے سخاوت مین
یا حاتم کو جوجی سے بخل مین اور ہبنقہ کو افلاطون سے دانائی مین یا افلاطون کو ہبنقہ سے حماقت مین
تشبیہ دین حالانکہ تحقق نفس الامری سخاوت اور دانائی کا حاتم اور افلاطون مین ہے اور حماقت اور بخل
کا ہبنقہ اور جوجی مین یہ باہم نسبت تضاد رکھتے ہین تو وجہ جامع اس تشبیہ مین حاصل ہو نہین سکتی
پس جوجی مانند حاتم است در سخاوت وحاتم مثل جوجی است در بخل کہنا فقط از روے اعتبار ہوگا نہ
از روے نفس الامر واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب اور باعتبار حذف وذکر اداۃ تشبیہ کی کئی قسم ہین۔
ایک یہ کہ جس تشبیہ مین اداۃ مذکور ہون وہ تشبیہ مرسل ہے اور جس تشبیہ مین اداۃ مذکور نہ ہون وہ تشبیہ
موکد کہلاتی ہے پھر یہ دو طرح ہے ایک یہ کہ فقط حرف تشبیہ محذوف ہو اور اُسکی ترتیب وہیأت مین
کچھ تغیر نہو جیسے زید شیر ست۔ دوسرے یہ کہ اُسکی ہیئت اور ترتیب بھی بدل دیجاوے۔ یہ بھی دو طور
پر ہے ایک یہ کہ بعد حذف اداۃ مشبہ بہ کی اضافت مشبہ کی جانب کردیجاوے جیسے گل رخسار نرگس
چشم جسکو اضافت تشبیہی کہتے ہین یہان ترتیب وہیأت دونون متغیر ہین دوسرے یہ کہ بعد
حذف اداۃ مشبہ بہ کو مشبہ پر مقدم کرین اور اس عمل سے صورت وحدانی کا حاصل کرنا منظور ہو یعنی
اُن دونون کی ترکیب سے ایک صفت کا صیغہ بنا لیا جاوے جیسے گل اندام شکر لب مشکبوی۔ نظامی
شعر کنیزے سیہ چشم و پاکیزہ روے ٭ گل اندام و شکر لب و مشکبوی ٭ یہان بعد حذف اداۃ صرف
ترتیب متغیر ہے۔ اب ہم یہان بحث تشبیہ کو بیان اداۃ پر ختم کرتے ہین اور ہم نے جسقدر اس بحث
مین لکھا ہے مجمل اور مختصر لکھا ہے اگر اس باب کی مفصل بحث اور اُسکی تحقیق پوری طرح بیان کیجاے
ایک بڑا دفتر تیار ہو۔ میرا یہ بیان جسکی ایک فہرست کا حکم رکھتا ہے اور ان امور کا اشتغال ایک
علم سے دوسرے علم مین جا ڈالتا ہے چونکہ کلام اکثر بلغا کا نثر ہو یا نظم تشبیہ واستعارہ سے مملو ہی
اور اس امر کو تزئین وتحسین کلام مین بڑا دخل ہے پس جب تک اُسکے انواع واغراض پر فی الجملہ

وہ ضدین جن مین وجہ جامع کا حصول ممتنع ہے تشبیہ دئے جاتے ہین

واقفیت نہ ہو لطف اُس کلام کا حاصل نہین ہوتا اور طلبہ فارسی خوان کل تشبیہات کو ایک لاٹھی ہانکتے ہین اس لطف سے بے بہرہ رہ جاتے ہین تو مین نے باوجود الزام تخطی یہان مجملاً کچھ بیان تشبیہ کا کردیا ہے باقی تفصیل کو علم بیان کے حوالے کردیا اگر کسیکو زیادہ تحقیق مطلوب ہو علم بیان کو مطالعہ کرے یاد رہے کہ اداۃ تشبیہ حروف تشبیہ سے عام ہین کسواسطے کہ اداۃ لغت مین آلہ کو کہتے ہین اور یہان وہ شئے مراد ہے جسکے وسیلہ سے ایک شئے کو دوسری شئے سے تشبیہ دیجاتی ہے خواہ وہ اسم ہو خواہ فعل خواہ حرف اسم جیسے مانا مانندہ و مانند و کردار و سان و مثال و عینہ سب مشہور ہین مگر آخیر آقا شاپور کا شعر ہے **شعر** گل بچشم عینہ پیراہن یوسف نمود ٭ گلستان بیت الحزن گردید یعقوب مرا ٭ فعل جیسے ماندو دانی و پنداری و گوئی و گوئیا و گویا وغیرہ سعدی رحمۃ اللہ علیہ **شعر** اگر نعش کسے بردوش دانند ٭ لئیم الطبع پندارد کہ خوانیست ٭ **ولہ شعر** بزرگ زادۂ نادان بشہروا ماند ٭ کہ در دیار غریبش بہیچ نستانند ٭ فردوسی **شعر** یکے دژ برآورد در کوہسار ٭ تو گفتی سپہرستش اندر کنار ٭ اور حرف جیسے آسا اور اُسکا مخفف اسا و سا و سار و سان و دیس اور اُسکا مبدل دیز جیسے شبدیز اے شبرنگ یعنی اسپ مشکی و وش اور اُسکا مبدل فش و وار و چون اور اُسکا مخفف چو۔ ابوالفرج رونی **شعر** عزم و حزمش بجنبش و بسکون ٭ آسمان و زمین اسا باشد ٭ خاقانی رح **شعر** آن روح دوزخ نار ہین حور زبانی سار ہین ٭ بحر نہنگ ادبار ہین آہنگ اعدا داشتہ ٭ منقل مربع کعبہ سان آشفتہ در روے رومیان ٭ لبیک داران درمیان تن محرم آسا داشتہ ٭ سعدی رح **شعر** چہ قدر آورد بندہ حوردیس ٭ کہ زیر قبا دارد اندام پیس ٭ شمس فخری **شعر** جہان را اگرشہ تو باشی یقین ٭ شود در پناہت جہان خلدویں ٭ اور لفظ وش مانا و مانند کی طرح اسم مستقل ہے جیسے کہ رزم مثل وگہ بزم دس ٭ نظامی رح **شعر** نشست از بر بارۂ کوہ وش ٭ بدیدن ہمایون برفتار خوش ٭ فردوسی رح **شعر** نگہبان او پای کردہ بکش ٭ نشستہ بہ پیش اندرون شاہ فش ٭ عرفی **شعر** کلام من کہ متاع ولایت سخنست ٭ بروے دست صبا میبرد و سلیمان وار ٭ اور جیسے لفظ براے استعلا حرف بھی ہے اور اسم بھی بمعنی فوق چنانچہ اسکا بیان گذر چکا اسی طرح لفظ سان تشبیہ کا حرف بھی ہی جیسے مثال مذکور مین اور اسم بھی بمعنی مانند و طور نظامی رح **شعر** کہ چون کردہ اند این دو صورت گذار ٭ دو ارژنگ را بر یکے سان نگار ٭ فردوسی رح **شعر** تو این را دروغ و فسانہ مدان ٭ بیکسان روش در زمانہ مدان ٭ لیکن بلا استناد و استظہار حرف بای موحدہ با براے استعلا

بیان ادواۃ تشبیہ

آسان امان ادواۃ تشبیہ اسم ہین

مثال عینہ کی جو اداۃ تشبیہ مین اسم ہے

بیان ان ادواۃ تشبیہ کا جو فعل ہین

بیان ان ادواۃ تشبیہ کا جو حرف ہین

مثال اسا مخفف

بیان آسا بالمد و سار و سان

مثال دیس

مثال وش

مثال فش

مثال وار

لفظ سان کی تحقیق کہ وہ بر کے استعمال کی طرح اسم اور حرف دونون ہے۔

اُس مین اتنا استقلال پیدا نہین ہوتا جس سے اور اسمون کی طرح اُس کی اضافت کیجاے جامی رح **شعر** بسانِ مردمک در دیدہ بنشست ÷ ز فرزندانِ دیگر دیدہ بربست ÷ فردوسی رح **شعر** برآشفت برسان شیر ژیان ÷ یکے تیغ تیزش بزو بر میان ÷ **ولہ** زنے بود برسان گردے سوار ÷ ہمیشہ بجنگ اندرون نامدار اور یہ زیادتی کچھ اسی کے ساتھ مختص نہین اسکے اوراخوات یعنی اُن اسمون پر جو متضمن معنی تشبیہ مین جائز رکھی گئی ہے جیسے بمانند و بعینہ و بکردار و بسان و برسان و بمثال و برمثال۔ ملا قاسم مشہدی **شعر** لاف از نسب مزن کہ بمانند آئینہ ÷ آدم نمی شود کسے از روے دیگران ÷ رضی تبریزی حدائق العشاق مین لکھتے ہین **نثر** در نگارخانۂ تصویر چشمان آہو نگاہ بآرزوے کہ خامۂ ازمژۂ ایشان ترتیب کند برمثال مژگان بتان در نظرش صف می کشند۔ مگر چونکہ لفظ سان مین حیثیت حرفی غالب ہے بوقت اضافت یہ استناد واجب سمجھا جاتا ہے بخلاف اور اداۃ اسمیہ کے کہ وہان کوئی واجب نہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حرف تشبیہ چون اور اسکے مخفف چو کا بیان

اور ان سب مین کثیر الاستعمال لفظ چون ہے اور اُس کا مخفف چو اس کا استعمال تشبیہ مفرد مین حقیقی ہے جسطرح تشبیہ مرکب کے لیئے لفظ چنانکہ موضوع ہے جیسے زید چون شیرست و چو شیرست اور کبھی تشبیہ مرکب مین مجازاً مستعمل ہوتا ہے نظامی رح **شعر** بکبکِ دری چون درآید عقاب ÷ چگونہ جہد برزمین آفتاب ÷ ازان تیز تر خسرو پیلتن ÷ بہ تندی درآمد بران اہرمن۔ سعید اشرف **شعر** چون نماید یک خیابان باغ از آئینہ ÷ ہست ملک وافرت درزیر گردون آنچنان ÷ اے چنانچہ نماید۔ صائب **شعر** چون لباس غنچہ تنگی میکند بردوشِ گل ÷ بر فراز این عمارت پرنیانِ آسمان ÷ چنانچہ لباس غنچہ الخ **ولہ شعر** زشیشہ چون گذرد رنگ می بگرم عنانی ÷ زشیشہ خانۂ عشرت بآن شتاب گزشتم ÷ اے چنانچہ گزرد الخ نظامی رح **شعر** فرو گفت لختے سخنہاے سخت ÷ چو گوید خداوند شمشیر و تخت ÷ اے چنانکہ گوید فردوسی رح توحید مین فرماتے ہین **شعر** ستودن نداند کس اورا چو ہست ÷ میان بندگی را ببایدت بست **ولہ شعر** یکے تیر باران بکرد اسخت ÷ چو باد خزان برِ وزد بر درخت ÷ یہان مرکب سے مراد مصطلح علم بیان نہین بلکہ مرکب مصطلح علم نحو ہے۔ اور کبھی یہ حرف چون و چو تشبیہ تفخیم و تعظیم کے لیئے بھی آتا ہے۔ نظامی رح فرماتے ہین **شعر** بنا کرد شہری چو شہر ہری ÷ کز انسان کند شہر کم دیگری ÷ اسواسطے کہ تشبیہ حقیقی کے لیئے مغائرت طرفین ازروے حقیقت وازروے قصد واجبات سے ہے جیسے زید چون شیر مین شیر سے عین ذات زید مراد نہین اور یہان تشبیہ تفخیم مین عین ذات مشبہ

مراد ہے یعنے بناکرد شہرے چو شہر ہری مین یہ مقصود متکلم نہین ہے کہ اور کوئی شہر شہر ہرات جیسا بنا کرنے کو بتلادے بلکہ اُسے شہر ہرات کا بناکرنا جسکی خوبیان اور عظمت اعرف و اشہر ہے بتلانا مقصود ہے الحاصل جب مشبہ بہ جسکی اشہریت و اعرفیت سے مشبہ مین کمال حاصل ہو سواے اس مشبہ کے حاصل نہ ہو سکا تو معلوم ہوا کہ یہی مشبہ اعرف و اکمل و افخم ہے اور کبھی اس نوع مین مشبہ حذف بھی کیا جاتا ہے۔ انوری کا شعر ہے **شعر** مقدرے نہ بآلت بقدرتِ مطلق ٭ کند بشکل بخاری چو گنبدِ ازرق ٭ اے گنبدے چو گنبد ازرق۔ لیکن صحت تشبیہ کے لیئے (جو مغایرت طرفین شرط ہے) ایک کا مطلق ایک کا مقید ہونا بس ہے اور سواے موضع تشبیہ کے ایک شئے کی کیفیت و سبب کی طلب و اخبار کے لیئے بھی آتا ہے صائب کا شعر ہے **شعر** آئینہ کے بچہرۂ شبنم فشان رسد ٭ چون آب ایستادہ بہ آبِ روان رسد ٭ اے چگونہ۔ مولوی معنوی رح **شعر** گردشِ چشمش مرا لشکر نمود ٭ می نیارم گفت چون پر ہول بود ٭ اے چگونہ و بچہ کیفیت پرہول بود۔ میرمعزی **شعر** طبعم نبود بے ہمت تو تازہ چون شدست ٭ گر بے ہمت تو چو باد بہار نیست ٭ جام ہمالک مرگہہ تو شاد چون شدست ٭ گر خاک درگہ تو چو زر عیار نیست ٭ اے تازہ بچہ سبب شدہ است و شاد بچہ سبب شدہ است۔ اور بجاے چہ استفہامیہ بھی مستعمل ہوتا ہے عرفی کا شعر ہے **شعر** طے کنم این نامہ را گر نکنم چون کنم ٭ حوصلۂ خامہ نیست تاب رقم داشتن ٭ اے اگر طے نکنم چہ کنم۔ اور کبھی متضمن معنی شرط بھی ہوتا ہے سعدی رح **شعر** سگ بدریاے ہفت گانہ بشوے ٭ چونکہ تر شد پلید تر باشد ٭ اے ہر گہ کہ تر شد اور اگر کی طرح حرف شرط بھی ہے چنانچہ آگے آوے گا۔ [اے حروف شرط کے بیان مین ۱۲]

چون لفظ کیفیت و سبب کے اخبار کے لیئے بھی آتا ہے

چون بجاے چہ استفہامیہ مستعمل ہوتا ہے

چون متضمن معنی شرط

چون شرطیہ

الحروف المشبهة بالفعل

حروف مشبہ بالفعل

ہمانا اُسکا مخفف مانا و مگر و گوئیا و گویا و آرنگ و بلکہ و لیکن اس کا مخفف لیک و وے و کاش اس کا مبدل کاج اس کا مزید علیہ کاشکے و کاشکی و آیا ہے۔ یہ سب حروف مشبہ بالفعل ہین ان مین سے ہمانا تحقیق مضمون جملہ کے لئے آتا ہے جیسے عربی مین اِنّ مشدد۔ سعدی رح **شعر** ہمانا کہ درپارس انشاے من ٭ چو مشک است بے قیمت اندر ختن ٭ نظامی رح **شعر** بر و شاہ اگر یک شبیخون کند ٭ ز ملکش ہمانا کہ بیرون کند ٭ بعض متفننین نے لفظ خود کو بھی حروف مشبہ بالفعل قرار دیا ہی نظامی رح **شعر** سکندر نہ خود گر بود کوہ قاف ٭ کہ باشد کہ با ما شود ہم مصاف ٭ ولہ **ع** زمانہ جز این خود

ہمانا کا بیان

لفظ خود کی تحقیق

نہ بیند صواب ❊ کہ این را کند خوب وآنرا خراب ❊ **شعر** خود چو بعطی تو ئی وسائل من ❊ بیش ازین عشوہ شین باشد شین ❊ مگر میری سمجھہ مین یہ بات نہین آتی کیا معنی کہ یہ لفظ خود تاکید کے لیئے لایا جاتا ہے تا مخاطب کے ذہن مین اُس کا متبوع اسطرح متحقق ہوجاے کہ اُسکے سواے اورکسی کا وہم نہ جائے جیسے عربی مین لفظ نفس مگر عربی مین الحاق ضمائر کا اس کے ساتھ واجب ہے مثلاً غائب کے لیئے نفسہ اور خطاب کے لیئے نفسک متکلم کے لیئے نفسی اور فارسی مین واجب نہین جو انکے درجہ مین ہے جیسے خودش خودت خودم اب اس خود کے بعد ضمائر کا لانا نہ لانا دونون برابر ہے ۔ یہ بھی سن لیجیئے کہ لفظ خود بحسب اقتضاے مقام وسیاق کلام اگر معنے ضمیر کو متضمن ہے (تا اپنے متبوع کے ساتھ ربط پیدا کرے) تو یہ ضمائر ملحقہ اُس پر زائد سمجھی جائینگی ۔ اور اگر متضمن معنی ضمیر کو نہین ہے یعنی صرف نفس کے معنی مین ہے تو الحاق ضمائر کا بھی واجب ہوگا لفظاً ہو یا تقدیراً کیا معنی کہ جہان ضمیرین خود کے ساتھ لفظاً ملحق ہین ملحق ہین جیسے خودش خودت خودم مین اور جہان ملحق نہین وہان تقدیراً ماننا پڑیگا ۔ غرض محاورہ عرب کی طرح یہان بھی وجوب ثابت ہوگیا مگر وہان ذکر ضمائر کا لفظاً واجب ہے اور فارسی مین عام ہے لفظاً ہو یا تقدیراً ۔ الحاصل امثلۂ مذکورہ مین لفظ خود شعر اول مین کوہ قاف کی تاکید اور شعر ثانی مین زمانہ کی تاکید بحذف ضمیر غائب اسی طرح تیسرے شعر مین منفصل خطابی تو کی تاکید کے لیئے بحذف ضمیر خطاب لایا گیا ہے ۔ اور اس باب مین خصوصیت ضمائر متصلہ کی کچھ نہین متصلہ و منفصلہ ہر دو ضمیرین اُس پر لاحق ہوسکتی ہین جیسے خودش کہنا درست ہے خود او بھی کہہ سکتے ہین وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ۔ جاننا چاہیئے کہ ہمانا جس طرح موضع تیقن وتحقق مین مستعمل ہوتا ہی موقع ظن مین بھی مستعمل ہوتا ہے جامی رح **شعر** ہمانا ہیش چشم اونکونیست ❊ ازان رو خاطرش را میل او نیست ❊ سلطان ابراہیم مرزا ی جاہی **شعر** شنیدم کہ چشم تو دارد گزندے ❊ ہمانا کہ افتاد بر دردمندے ❊ اُسکا مخفف مانا اثیر الدین اخسیکتی کا شعر ہے **شعر** مانا کہ خلد پردہ زرخسار برگرفت ❊ باسادہ گشت ریشور دہر را عذار ❊ واضح ہو کہ ایک لفظ مانا بمعنے مانندہ اور ہے جو مانستن تقسّب سے مشتق ہی جسطرح دانستن سے دانا چونکہ وہ معنی تشبیہ کو متضمن ہے بجاے اداۃ تشبیہ کے مستعمل ہوتا ہے مگر اسکے صلہ مین باے موحدہ آیا کرتا ہے جیسے رخش مانا بخورشید ۔ اور ایک لفظ مانا اور ماندن سے مشتق ہی جو فارسی قدیم مین منجملہ اسماے طیبہ الٰہیہ ہی جسکو عربی مین بَاقِیْ کے ساتھ ترجمہ کرسکتے ہین مگر

لفظ خود متضمن معنی ضمیر پر ضمائر کا الحاق زائد ہی

لفظ خود پر ضمائر متصلہ ومنفصلہ دونون لاحق ہوسکتے ہین

ہمانا کی تحقیق

مانا مخفف ہمانا

مانا اداۃ تشبیہ ومانا بمعنی باقی اس بحث سے خارج ہو

دوسرا حروف مشبہ مین سے گویا

یہان اس سے باین حیثیات ہم کو کچھ بحث نہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب دوسرا کلمہ گویا و گوئیا
جیسے شعر دہانِ تنگ تو گویا چو نون تنوین ست ٭ کہ در حدیث در آید ولیک پیدا نیست ٭ وصالی شعر
دل من رفت سوے فرگانش ٭ گوئیا سیخ را کباب نبود ٭ تیسرا آرنگ حکیم رودکی کا شعر ہی شعر ہر گز نکند

تیسرا آرنگ

سوئے منِ خستہ نگاہے ٭ آرنگ نخواہد کہ شود شاد دل من ٭ چوتھا بلکہ جو بمقام غلبۂ ظن مین مستعمل ہے طغرا
شعر گر بطغرا نظرے می کنی امروز بکن ٭ بلکہ از درد فراق تو بفردا نرسد ٭ فیاض لاہجی شعر در سرو و گل و

چوتھا بلکہ جو بمعنی ظن مستعمل ہے

یاسمن آن نور ندیدیم ٭ ہنگامۂ مرغانِ چمن بلکہ تو باشی ٭ اے شاید تو باشی ۔ شاید و باشد و بود بھی ان
معنون مین مستعمل ہین ۔ پانچوان لیکن اصل مین یہ املاے عربی کے لٰکنّ مشددہ کا اور یہ استدراک یعنی کلام سابق
سے توہم ناشی کے دفع کرنے کے لیئے متغائر بالمفہوم جملونکے درمیان لایا جاتا ہے چونکہ اہل فارس کلمات
عربیہ مین چندان غور و پرداخت نہین کرتے نظر تسامح کو کام مین لاتے ہین یہان بھی اس لیکن اور اسکے
مخففات لیک اور لے پر واؤ عاطفہ کو جوہر کلمہ کی طرح ثابت رکھکر بروقت عطف ایک اور واؤ اُسپر داخل
کرتے ہین جیسے لفظ حور باوجودیکہ جمع حوراء ہے اُسپر الف و نون کے ساتھ بطریق فارسی جمع کرکے
حوران کہتے ہین میر معزی کا شعر ہے شعر برزمین ست و ولیکن مرکب اقبال او ٭ ہر زمان اندر عنان
آسمان ساید عنان ٭ انوری شعر خواجہ اسفندیار می داند ٭ کہ بہ تنگم ز چرخ روئین تن ٭ من نہ سہرابم و
ولے با من ٭ رستمی میکند دی و بہمن ٭ مگر ان دونو مخفف (اے لیک و لے) کلمون مین اتنا فرق ہے کہ جس مین صرف
ایک حرف نون حذف ہو کر لیک رہ گیا ہے وہ لیکن کی طرح واو اور بلا واو دونو طرح مستعمل ہی
جس مین سے نون اور کاف دونون حذف ہو گئے ہین واو کے ساتھ اسکی تکمیل کیجاتی ہے یعنے
بغیر واو اسکا استعمال یعنی لیک اور لیکن کی طرح صرف لے کہنا جائز نہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

پانچوان لیکن

فرق لے اور لیک مین

چھٹا کاش

چھٹا کلمہ کاش اس مین کئی لغات آئے ہین جن مین سے بعض مشہور اور بعض غیر مشہور جیسے عربی
مین لعلّ کے گیارہ لغات آئے ہین اُنمین سے بعض مشہور ہین جیسے لعلّ باقی غیر مشہور جیسے
عَلّ و عَنّ و لَعَنّ و لَغَنّ و رَعَنّ و رَغَنّ و لَانّ و اَنّ و لَعاء و لَعَت چنانچہ حضرت جامی
قدس سرہ السامی نے شرح کافیہ مین اسکے تعدد کی جانب اشارہ فرمایا ہے ولغات لعل تبلغ
مبلغ جمع الکثرۃ (اے مافوق العشرۃ) اسیطرح فارسی مین کاش اور اس کا مزید علیہ کاشکے اور اس مبدل کاج مشہور
لغات ہین اور کاشی یاے تحتانی کی زیادت کے ساتھ غیر مشہور ہے غرض ان الفاظ کو جہان کہین

لغات کاش

کاش ممکنات و ممتنعات عقلی وعادی ان چارون حال مین مستعمل ہو بمعرفت حرف ندا کا ہونا بھی لازم

بطریق آرزو و حسرت کسی چیز کا طلب کرنا منظور ہو استعمال کرتے ہین۔ اور مطلوب خواہ ممکنات سے ہو خواہ ممتنعات سے اور وہ بھی عقلی ہو یا عادی جیسے عربی مین لیتَ۔ اور اُسپر اپنی کمال آرزو وتمام خواہش وتمنا کے اظہار کے قصد سے حرف ندا بھی لایا کرتے ہین جیسے عربی مین یا لیتنی کنت ترابا **شعر** اے کاش گوش رغبتم احول بدی چو چشم ٭ تا ہر چہ گفتی از تو مکرر شنیدمی ٭ نظامی رح **شعر** مرا اے کاشکے مادر نمی زاد ٭ اگر مے زاد پس شیرم نمے داد ٭ سعدی رح **شعر** کاج کانانکہ عیب من گفتند ٭ رویت اے دلستان بدیدندی ٭ حکیم نزاری قہستانی **شعر** زخط گوہر برافشانی تو باری ٭ مرا کاشی کہ بودی یادگاری ٭ **ولہ** کنون در دست ماند از دوست یادے ٭ کہ کاشے ہرگز از مادر نزادے ٭ ساتوان آیا وایا بالمد والقصر یہ لفظ جہان بطریق رجا وامید کسی چیز کا طلب کرنا مقصود ہو استعمال کیا جاتا ہے جیسے عربی مین لعلّ **شعر** آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند ٭ آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند ٭ اس لفظ کا صدر جملہ مین لانا کوئی ضرورت نہین جیسے **شعر** بود آیا کہ در میکدہا بکشایند ٭ گرہ از کار فرو بستۂ ما بکشایند ٭ یہ کلمہ کبھی استعجاب واستفہام کے لئے بھی آتا ہے جیسے **شعر** آنانکہ بصد زبان سخن مے گفتند ٭ آیا چہ شنیدند کہ خاموش شدند ٭

آیا و ایا۔ بطریق رجا کسی چیز کا طلب میں واقع ہونا ضروری نہیں

آیا بہ استعجاب و استفہام کے لئے

بیان نہ و نے مشبہ بہ نیست

نہ و نے مشبہ بہ نیست

نہ و نے نیست کے مشابہ ہونیکے یہ معنی ہین کہ جیسے نیست اسم وخبر کو چاہتا ہے یعنی جیسے نیست جملۂ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے یہ نہ و نے بھی جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہین جس طرح عربی مین ما و لا مشبہتان بلیس سعدی رح **شعر** نہ پاے چو بیندگان راست رو ٭ نہ گوشے چو مردم نصیحت شنو ٭ نظامی رح **شعر** غمزۂ نسترین نہ زباد صبا ٭ آن اثر لطف تو شد تو تیا ٭ **ولہ** ہستی تو صورت وپیوند نے ٭ تو بکس وکس بتو مانند نے ٭ فیضی فیاضی **شعر** برتر ز نبود و بود بودش ٭ نے جوہر و نے عرض وجودش ٭ اے اور اپاے راست رو نیست وگوش نصیحت شنو نیست۔ غمزۂ نسترین از باد صبا نیست۔ وجودش جوہر نیست ووجودش عرض نیست۔ کبھی اسکا اسم حذف بھی کیا جاتا ہے نظامی رح **شعر** نہ آہو و لے نافہ از مشک پر ٭ چو دندان آہو برآمودہ در ٭ اے نیست آن براق آہو ولیکن الخ

کبھی یہ کلمات نفی محذوف الکلام بھی آتے ہین

نہ نفی الجنس

بیان نہ نفی جنس

نہ نفی جنس وہ ہے کہ اپنے اسم مدخول کی ماہیت یعنے جنس کی نفی کرتا ہے جامی رح **شعر** نہ ورد ے

سایۂ غیر از شب تار ٭ نہ در وے بسترے جز نشتر خار ٭ نظامی رح **شعر** نہ دولت نہ دنیا نہ دارا گزاشت ٭ سنان از سر سنگ خارا گزاشت ٭ چونکہ نہ نفی جنس کے اسم کا نکرہ ہونا واجب مانا گیا ہے کیا معنی کہ اعلام جزئیات ہوا کرتے ہین جنس کے لیئے کلیت ضروری امر ہے تو نہ دارا گزاشت متاول ہوگا یعنی مانند دارا یا کوئی بادشاہ جو دارا کے وصف مشہور تکبر و ستمگاری کے ساتھ متصف ہو مراد ہے یعنی سکندر نے نہ دولت کو بغیر حاصل کیئے چھوڑا نہ دنیا کو بلا فتح کیئے نہ کسی بادشاہ متکبر کو بدون مغلوب کیئے چھوڑا چنانچہ عربی مین صحابۂ کبار رضوان اللہ تعالےٰ علیہم کا قول مشہور جب کوئی قضیہ جس کا فیصلہ دشوار ہو پیش ہوتا فرماتے **قضیۃ لا اباحسن لھا ای لا فیصل لھا** بحکم ارشاد ہدایت بنیاد نبوی صلے اللہ علیہ وسلم اقضاکم علی حضرت خاتم الخلفا علی کرم اللہ وجہہ فیصل فے الحکومات تھے اور اسیطرح دنیا سے اقالیم و ممالک مراد ہین اور فرق نفی جنس اور مشبہ بہ نیست مین یہ ہے کہ نفی جنس اپنے اسم کی ماہیت یعنی جنس کی نفی کرتا ہے اور مشبہ بہ نیست اُسکے اسم کے وصف و حال مذکور کی نفی کرتا ہے پس اگر کسی جگہ جنس اسم یعنے اسکے کسی فرد کا وجود نہ ہو وہان نفی جنس مستعمل ہوتی ہے جیسے امثلۂ مذکورہ نہ در وے سایۂ غیر از شب تار الخ مین مطلقاً جنس سایہ اور بستر کی نفی ہے اسی طرح نہ دولت نہ دنیا نہ دارا الخ مین مطلقاً جنس دولت جنس ممالک جنس جبابرہ کی نفی ہے اور جس جگہ مطلقاً اس اسم کی نفی نہو بلکہ اُسکے وصف مذکور کی نفی ہو یعنی اس اسم کے ساتھ اس وصف کے اتصاف کی نفی کیجاے تو وہان مشبہ بہ نیست استعمال کیا جاتا ہے جیسے امثلۂ مذکورہ نہ پاے جو بیندگان راست رو الخ مین مطلقاً پای اور گوش کی نفی نہین بلکہ اس وصف راست روی اور نصیحت شنودگی کے ساتھ متصف ہونے کی نفی ہے اسیطرح نے جوہر و نے عرض وجودش مین مطلقاً وجود کی نفی نہین بلکہ اسکے جوہر و عرض ہونے کی نفی ہے اسیطرح تیسرے شعر مین مطلق براق کی نفی نہین بلکہ اسکے آہو ہونے کی نفی ہے کیا معنی کہ جب براق کے لیئے مختصات آہو یعنی نافۂ مشک وغیرہ ثابت کیا گیا تو یہ توہم پیدا ہوتا تھا کہ شاید وہ آہو ہو تو یہ فرمایا نہ آہو الخ واللہ تعالی اعلم یہ کلمۂ خواہ نفی جنس ہو خواہ مشبہ بہ نیست ہاے مختفی کے ساتھ ہونا چاہیئے مگر کبھی باظہار ہاے ہوز مستعمل ہو جاتا ہے حضرت امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین **شعر** رقیب ار کشد خسرو خستہ را ٭ زبان در ان رخصت نہ دہ ٭ **ولہ** چون خستۂ جان ما اے داے بران عاشق ٭ کو از پئے جان چیزے

نفی جنس ہمزہ کوئی علامت ہوئی ہے نفی جنس میں فرق ہے

نفی اصل با خفای ہاے ہے کبھی ہاے ظاہر کے ساتھ مستعمل ہوتی ہے

بر روے تو نہ کردہ ٭ یہ دونون شعر اُن غزلون مین ہین جنکا مدار قافیہ رہ وابلہ وغیرہ پر ہے واللہ اعلم بالصواب

ناوے نافیتان

بیان ناوے نافیہ کا

نا اکثر اُن اسمون پر داخل ہوتا ہے جن کا حمل اپنے موصوفات پر بطریق مواطات ہوتا ہے یعنی مدخول اور نا کا صیغہاے صفات سے ہو جیسے ناہموار و نادرست کیا معنی کہ موصوف ان صیغون کا جنکا ناہموار و نادرست کے ساتھ وصف کیا گیا ہے اُس پر اگر مدخول نا کا حمل کیا جاے بلا تاویل صحیح ہو مثلاً کسی راہ کو ناہموار است کہنا بلا تاویل حمل بالمواطات ہے اسی راہ کو ہموار است کہنا بلا تاویل بالمواطات حمل صحیح ہوسکتا ہے خواہ اُس مین اشتقاق کی راہ سے معنی وصفی حاصل کیے گئے ہون جیسے تراشیدہ ناتراشیدہ مین اور روان ناروان مین سعدی رح شعر بیک ناتراشیدہ در مجلسے ٭ برنجد دل ہوشمندان بسے ٭ انوری شعر کانجا سر سبزے رخ سرخ ٭ چون سیم سیاہ ناروان است ٭ اے ناراج است خواہ کسی اور ترکیب وغیرہ سے جس طرح صفت مشبہ کے بیان مین عرض کیا گیا معنی وصفی اُس مین حاصل کیے جائین جیسے توان بین و خداترس۔ ناتوان بین و ناخداترس مین اسم اور امر کی ترکیب سے اے کسیکہ خدا را نترسد شخصے کہ کسے را توانا دیدن نمی تواند یعنی حاسد عبد الغنی قبول شعر چشم او دید دست من بوسید ٭ آن کہ مے گفت ناتوان بین ست ٭ جوانمرد و ناجوانمرد مین دو اسمونکی ترکیب سے سعدی رح شعر اگر من ناجوانمردم بکردار ٭ تو بر من چون جوانمردان گزر کن ٭ توانا ناتوان مین روانا روا مین صیغۂ امر پر الف فاعلی کے لاحق کرنیسے جامی رح شعر تعالی اللہ زہے قیوم و دانا ٭ توانائی دہ ہر ناتوانا ٭ طاہر وحید شعر آب گہر گرچہ بسے باصفاست ٭ سکۂ موجش نبود ناروا ست ٭ بودمند نابودمند اے مفلس ہوشمند ناہوشمند مین اسم پر کلمہ نسبت مند کے الحاق سے صاحب ہماے ہمایون کا شعر ہے شعر تو کوتاہ دستی و نابودمند ٭ مزن دست در شاخ سرو بلند ٭ ہاتفی رح شعر دبیران کج بین ناہوشمند ٭ رسانند در شاہ و ملکش گزند ٭ سزاوار کلمہ نسبت وار کے الحاق سے ناسزاوار مین مہر سنجری شعر ترا است ملک و سزاوار آن توئی بیقین ٭ خداے ملک بجشند بنا سزاواری ٭ بسامان مخفف یا معنی باسامان (حرف با مین جس کا ذکر ہو گیا ہے) نابسامان مین یعنی کوئی شے جو سامان و اسباب اپنے ساتھ نہ رکھے اسکو نابسامان کہتے ہین صائب شعر برگ کاہے نیست کشت نابسامان ترا ٭ خوشۂ

جنکا معنی اشتقاقی پر ناکا داخل ہونا

اسماے غیر مشتقہ پر کسی اور ترکیب سے معنی وصفی حاصل کرکے نا داخل کرنا

اسم غیر مشتق متضمن معنی صفت پر نا کا داخل ہونا

اشک پشیمانی است دہقان مرا ؎ خواہ وہ اسم متضمن معنی صفت ہو جیسے تندرست ناتندرست مین فردوسی رح **شعر** بشد شاہ بہرام ورخ رابشست ؎ کزان اژدہا بود ناتندرست ؎ اور بعض اسمای غیر صفت کو بمعنی صفت لیکر نا داخل کیا جاتا ہے جیسے مردم کو مردمی یعنی انسانیت اور اہلیت رکہنے والے کے معنون مین لیکر نامردم کہتے ہین۔ امیر خسرو رح **شعر** بزرگی بایدت در مردمی کوش ؎ کہ دولت گرد نامردم نگردد ؎ سعدی رح **شعر** چو نامردم آواز مردم شنید ؎ میان خطر جای بودن ندید ؎ اے نالایق اسی طرح ناکس سعدی رح **شعر** شمشیر نیک ز آہن بد چون کند کسی ؎ ناکس بتربیت نشود اے حکیم کس ؎ یعنی نالایق تربیت سے لایق نہین ہوتا اگر اس سے معنی وصفی نہ لیئے جائین اسکی نفی نے کے ساتھ کرتے ہین یعنے بےکس کہتے ہین محمد قلی سلیم **شعر** بیکسی چون من نمیباشد چہ می کردم سلیم ؎ چون شراب ہند اگر حاجت بکس می داشتم ؎ نظامی رح **شعر** اے کس ما بیکسی ما ببین ؎ قافلہ شد واپسی ما ببین ؎ یہان اُسی بیکس پر یاے مصدری لاحق ہوئی ہے۔ اور ناتوان ناخوان نادار نادان یہ مرخم صیغے ہین بعد ترخیم ان پر نا داخل کیا گیا چنانچہ بعض موضع مین ناتوانا بلا ترخیم بہی مستعمل ہے جیسے مذکور ہوا اور خوانا اور دارا اور دانا حالت انفراد مین یعنے غیر منفی مستعمل ہین۔ ظہوری **شعر** جہان خط معیشش خوانا فتاد ؎ کہ ہر کور فہم ست روشن سواد ؎ مخلص کاشی **شعر** ولا بصرفہ قدم نہ کہ در طریق معاش سکندری خورد از فاقہ ہر کہ دارا نیست ؎ خصوصاً توان غیر منفی مرخم مستعمل ہے فردوسی رح **شعر** اگر چند بیشتر ان توان ست نو ؎ بہر کار دار و خرد پیش رو ؎ محتمل ہے کہ از قبیل زیدٌ عدلٌ یہان اسناد مجازی ہو مگر اس صورت مین دان اور دار کی طرح مشتق نہو گا بلکہ مستقل اسم بمعنی قوت ہو گا ان ہر دو صیغون ناتوان و ناتوانا پر یاے مصدری کے الحاق سے ناتوانی و ناتوانائی دونون مستعمل ہین امیر خسرو رح **شعر** نرگس از کف جام ننہد گرچہ از رنج خمار ؎ سر فگندہ ماند و چندان ناتوانی میکشد ؎ درویش والہ ہروی **شعر** بعجز ما چہ بینی کار اگر افتد حمیت را ؎ تماشای توانائی کنی از ناتوانائی ؎ اسی طرح نابرید بمعنے غیر مختون مخفف و مرخم نابریدہ اور ناپسند مخفف ناپسندہ چنانچہ پسندہ غیر منفی منفرد مستعمل ہے مولانا کاتبی **شعر** ہجر انہلاک کاتبی ام مژدہ داد دوش ؎ پسند گرچہ این سخن آمد پسندہ ام ؎ اور ناخواست مخفف ناخواستہ۔

نا کا استعمال خلاف اقتضای قیاس

اور بعض جگہ مقتضاے قیاس کے خلاف مستعمل ہے جیسے ناامید ناآہن ناانصاف ناپروا ناتراش ناداشت بمعنی مفلس نارس ناسپاس ناشکر ناشکیب ناصواب نافرمان ناہموار وغیرہ

ناانصافیست ۵ یہاں ناانصافی میں یاے مصدری ہے انکار اس دعوے کو موید اور موکد ہے

سعدی رح شعر بہنگام سختی مشو ناامید * کہ ابر سیہ بارد آب سفید * ابوطالب کلیم شعر رود آرام
(مثال ناامید، مثال ناامن)
بعمرے کہ بہجران گزرد * کاروان از رہ ناامن شتابان گزرد * مرزا کافی خلخال شعر ورد یارے کہ
توئی بودم آنجا کافیست * آرزوہاے دگر غایت ناانصافیست * امیر لاہجی شعر ہر دلے کو والہ
(مثال ناپروا)
وحیران حسن یار شد * از غم دنیا و دین آزاد و ناپروا بود * نظامی شعر ہمان خورد کان ناتراش دگر *
(مثال ناتراش)
چنین چند را خاک خارید سر * ابو المؤید شعر دل ناداشت پر زخون باشد * ساغر عیش او نگون باشد
(مثال ناداشت)
اے دل مفلس یہ لفظ مجازاً بے غیرت اور لجوج کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے جیسے ہندی میں ننگا کہتے
ہین نظامی رح شعر چنین آمدست از نقیبان پیر * کہ با ہیچ ناداشت کشتی مگیر * ولہ سپاس خدا
(مثال ناسپاس)
کن کہ بر ناسپاس * نگوید ثنا مرد ایزد شناس * محمد جان قدسی شعر شب دل ناشکر من آرام باخنجر
(مثال ناشکر)
نداشت * سینہ صد پیکان چشید و دست از افغان نداشت * طاہر وحید شعر بسکہ بود از غم او ناشکیب *
(مثال ناشکیب)
غنچہ گل گشتہ دل عندلیب * سید حسن اشرفی شعر صواب ست با او شدن سوی گل * اگر چند گوید
(مثال ناصواب)
بسے ناصواب * مسیح کاشی شعر فلک ناحفاظ و نافرمان * یک نفس کے اطاعتم کردست *
(مثال ناحفاظ)
ناحفاظ بمعنی بیحیا و بے شرم * نظامی رح شعر وزان خشت زرین شداد و عاد * چہ آمد بجز مردن نامراد *
(مثال نامراد)
بابا فغانی رح شعر صد بار تیغ قہر کشیدی و ہمچنان * می آید از پئے تو دل ناہراس من * اے دل
(مثال ناہراس)
بے باک من * ناساز و ناقبول بھی اسی قبیل سے معلوم ہوتے ہین گرچونکہ خود لفظ ساز بمعنی سازگار و
سازمند اور قبول بمعنی مقبول مستعمل ہے والہ ہروی شعر بازی عیش مخور سخت تنک حوصلہ است *
فکر بیہودہ مکن غم بطبیعت سازاست * یعنی موافق است۔ میر حسن دہلوی رح شعر اے کز کمال حسن تو
حیران شدہ عقول * در سینہ ہا عزیزی و در دیدہ ہا قبول * اے مقبول۔ اور کبھی بضرورت الف ناکا
حذف بھی کیا جاتا ہے جیسے نسپاس بجاے ناسپاس فردوسی رح شعر بدین بخشش کرد باید پسند * مکن
جانت نسپاس و دل را نژند * یہان خلاف مقتضاے قیاس سے میری یہ مراد ہے کہ یہان قیاس
بے نافیہ کو مقتضی تھا نانافیہ کا یہان استعمال کرنا خلاف قیاس ہے ۔

ناداشت مجازاً بے غیرت اور نڈر کو بھی کہتے ہیں

ناسازو ناقبول میں بمعنے ناسازگار و نامقبول ... مستعمل ... استعمال حقیقت

بضرورت الف ناکا حذف بھی کیا جاتا ہے

موضع استعمال بے

اور بے اس جگہ مستعمل ہوتا ہے جہان مدخول بے اپنے موصوف پر بلاتاویل بطریق مواطات محمول
نہ ہو اشتقاق یا اور کسی تاویل کے ساتھ حمل صحیح ہو مثلاً زید بے دانش عمرو بے عقل اب اگر دانش اور
عقل کا زید اور عمرو پر بلاتصرف اشتقاق حمل کیا جاے درست نہو گا البتہ اشتقاق یا کسی تاویل کے ساتھ

(جیسے دانندہ یا دانشمند یا دانشور یا صاحب دانش اور عاقل یا عقلمند یا صاحب عقل) گل درست ہوگا پس بے احتساب بے ادب بے اصل بے انجام بے انتہا بے پایان بے باک بے برگ بے سامان بے بصر بے بہا بے قیمت یعنی گران بہا بے بہرہ بے پایاب بے پرکار یعنے بے قاعدہ بے پروا بے تاب بے ترحم بے تہ بے جرأت بے حساب بے حضور بے داد بے رگ یعنی بے حمیت بے شرم بے رو یعنی بے مروت بے روزگار یعنے بے کسب بے زنہار یعنی امان ندہندہ بے سپاس یعنے ناشکر بے شکوہ یعنے شکوہ نکنندہ بے شمار بے طاقت بے طراوت بے فرمان بے نور وغیرہ۔ حسن بیگ رفیع **شعر** از عشق بے مشقت لذت نمی توان یافت ؎ مے رانکو ندانم بے احتساب خوردن ؎ ابوطالب کلیم **شعر** با ماکین سپہر زانجم پیداست ؎ ناسازی بخت بے ترحم پیداست ؎ چون خشکی آشیانہ در گلبن سبز ؎ بے برگی ما میان مردم پیداست ؎ مولوی معنوی قدس سرہ **شعر** گوہر کنی خرمہرہ را نہرہ دری بندہ را ؎ سلطان کنی بے بہرہ را شاباش اے سلطان ما ؎ سعدی رح **شعر** وقتے در آبے تا میان دستی و پایے میزدم ؎ اکنون ہمان پندا شتم دریاے بے پایاب را ؎ فوقی یزدی **شعر** فوقی از گردون بر لیشت خندہ زد ازرہ مرو ؎ عشرت او ہمچو قول کون وہان بے تہ بود ؎ اے بے اصل بود۔ بے حساب معنی بے شمار مشہور ہے اور چونکہ حساب وشمار بمعنی معاملہ بھی آیا ہے جیسے نظامی رح کا شعر ہے **شعر** گر ندہی داد من اے شہر یار ؎ با تو رود روز شمار این شمار ؎ ملا قاسم مشہدی **شعر** عشق آمد و شدم زثواب و عقاب پاک ؎ دل از دو کون شستم و کردم حساب پاک ؎ اور حساب وکتاب معاملہ کا حسن اور خوبی ہے اور اسکی نفی قبیح تو بے حساب بمعنی بد معاملہ یعنی بے حساب سے بیداد و ظلم کے معنی بھی لیئے جاتے ہین (جیسے بے رگ و بدرگ بے غیرت و بدسرشت اور ناخوان و بدخوان ایسے خط کو کہتے ہین جسکا پڑھنا دشوار ہو۔ باقر داماد اشراق کا شعر ہے **شعر** بود بہ بندم فلک بدرگی ؎ حادثہ نگذاشت از ان صد یکے ؎ محمد رفیع واعظ **شعر** جوہر از تیغ زبان شد ریخت تا دندان مرا ؎ گفتگو شد ہمچو سطر بے نقط بدخوان مرا ؎) یا یہ کہ حساب وکتاب داد و انصاف کے لیئے لازم ہے جیسے روز حساب روز انصاف کو کہتے ہین بے حساب بمعنی بے داد بمعنی ظلم کے لیئے گئے مخلص کاشی **شعر** شاہے کہ بر رعیت خود بے حساب کرد ؎ سیلاب گشت و خانۂ خود را خراب کرد ؎ بے داد جیسے حکیم ناصر خسرو **شعر** رہا کن ظلم و عدل و داد بگزین ؎ کہ باشد بیگمان بے داد بیدین ؎ اے ظالم بیدین باشد۔ اس بے داد بمعنی ظالم اور اس پر یاے مصدری

مثال بے احتساب

مثال بے ترحم

مثال بے بہرہ ۱۲

مثال بے پایاب ۱۲

مثال بے تہ ۱۲

اے این معاملہ ۱۲

بے حساب بمعنی بیداد و ظلم کی تحقیق

بے داد بمعنی ظلم و بمعنی ظالم ہر دو کی تحقیق ۱۲

کے الحاق سے بے دادی کہنا موافق قیاس ہے کیا معنی کہ جس ظالم کا وصف یہ بے داد واقع ہوا ہے اُسپر بغیر تاویل لفظ داد محمول نہ ہوگا میر معزی شعر جہان از داد او پرگشت وخالی شد ز بیدادی ٭ کہ داد او حقیقت گشت وبے دادی مجاز آمد ٭ ہان بے داد بمعنی ظلم البتہ حسب قیاس نہین کیا معنی کہ اسکے موصوف پر یعنی وہ فعل وعمل جس پر بے داد وظلم کا اطلاق کیا گیا ہے اگر حمل داد کا جو محمول بھی ہے کیا جاے تاویل کی ضرورت نہ ہوگی یہ شان کلمۂ نا کی ہے نہ بے کی واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب میر معزی کا شعر ہے شعر بے داد کنی برمن دادم ندہی ہرگز ٭ بے داد تو بر جانم ہر روز حشر آرد ٭ فردوسی رح شعر بغزنی مرا گرچہ خون شد جگر ٭ ز بیدادِ آن شاہ بیداد گر ٭ اس بے داد بمعنی ظلم پر کلمات نسبت فاعلی لفظ گر ہند کے الحاق سے نے داد گر و بے داد مند کہتے ہین۔ نظامی رح مصرعہ تو با داد وے او ہست بیداد گر ٭ امیر خسرو رح شعر جفا بین زگردون بے داد مند ٭ چو من خسروی در چنین تختہ بند ٭ بے زنہار بمعنی پناہ نہ ہندہ صائب شعر زیر پاے چرخ کجرفتار چون خوابد کسے ٭ در رہِ این سیل بے زنہار چون خوابد کسے ٭ تشنۂ خون ست تیغ آبدارِ کہکشان ٭ زیر این شمشیر بے زنہار چون خوابد کسے ٭ بے سپاس نظامی رح شعر بجاے شماہر یکے بے قیاس ٭ نوا شکر با رو د بے سپاس ٭ بعض موضع مین بے نافیہ خلاف مقتضاے قیاس مستعمل ہے جیسے بے آشنا بے فرزانہ بے کس بے یار بے عدیل بے نظیر بے ہمتا کیا معنی کہ آشنا و فرزانہ و کس و عدیل و نظیر و یار کا اپنے موصوفات پر بلا تاویل حمل بالمواطات ہو سکتا ہے سو یہ شان کلمۂ نا کی ہے ابو طالب کلیم
مثال بے کس
شعر منم آن بیکس وبے آشناے کنج تنہائی ٭ کہ غیر از پر توِ مہر از درم کس درنمی آید ٭ سعدی رح
مثال بے فرزانہ
شعر خلق میگویند جاہ و منصب از فرزانگی ست ٭ گو مباش اینہا کہ مارندانِ بے فرزانہ ایم ٭ نظامی رح
مثال بے یار
شعر خداوند بے یار و یار ہمہ ٭ بخود زندہ و زندہ دار ہمہ ٭ یہان نا ہو یا بے سب مین ایسی تاویل کر سکتے ہین کہ موافق مقتضاے قیاس کے ہو جاین مگر یہ دردسری اور کلفت محض ہے جب اہین اسما پر جن پر نا نافیہ داخل ہوتا ہے بعض موضع مین بے کے ساتھ بھی مستعمل ہین جیسے ناپروا وبے پروا ناسپاس وبے سپاس نافرمان وبے فرمان ناکس وبے کس نامراد وبے مراد چنانچہ انکے شواہد اوپر بیان کیے گئے ہین اگرچہ اخیر مین یعنے ناکس وبے کس اور نامراد وبے مراد مین فرق معنوی بھی کیا جاتا ہے یعنی جس شخص کو کہ باوجود طلب حصولِ مراد نہ ہونا مراد کے ساتھ متصف

بے داد پر کلمات نسبت فاعلی کے الحاق سے بیداد گر وبے داد مند کہنا جائز ہے۔

بعض موضع مین بے نافیہ خلاف مقتضاے قیاس مستعمل ہے

بعضے اسما پر بے اور نا دونون داخل ہوتا ہے اور کبھی کبھی

نامراد اور بے مراد مین فرق معنوی

کرتے ہین اگر وہ کسی مراد کی طلب کسی بات کی آرزو ہی نہ رکھتا ہو اُسکو بے مراد کہتے ہین مولوی معنوی رح
شعر عاشقان از بے مرادیہاے خویش ٭ باخبر گشتند از مولاے خویش ٭ غرض جسکو مرادون نے ترک
کردیا ہو اُس کم نصیب کو نامراد کہتے ہین اور جس نے مرادون پر لات ماردی ہو اُس ولی خدا کو بے مراد کہتے
ہین اور ناکس و بے کس کے فرق کی جانب ہم نے اوپر اشارہ کردیا ہے مگر یہ فرق قاعدۂ اصلی حمل مواطات
و حمل اشتقاق مین تفرقہ نہین پیدا کرسکتا پس مجکو سراج المحققین جناب آرزو کا قول اس موقع پر بہت پسند
آتا ہے وہ فرماتے ہین "پس ہر قدر کہ بہ ثبوت رسد بر ہمان اکتفا باید کرد ازین جہت لفظ ناقوت کہ مرادف
ناتوان ست نزدیک فقیر بہ ثبوت نرسیدہ" انتہے کلامہ واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب

الف نفی کا ہندی فارسی مین مشترک ہے

اور حروف نفی مین سے الف بھی ہے یہ ہندی اور فارسی دونون زبانون مین مشترک ہے جیسے اخواستی
بمعنی غیر ارادی اجنبان بمعنی غیر متحرک یعنی ساکن وامیر بمعنی نامیرندہ یعنی حی ہندی مین جیسے
اماس بمعنی بے ماہ اب نام شب بے ماہ کا ہوگیا۔ بعض وقت لفظ کم و اندک و ہیچ نفی مطلق اور معدوم

کم اندک و ہیچ یہ الفاظ بھی نفی مطلق کے لئے آتے ہین

محض کے موقع مین مستعمل ہوتے ہین جیسے مصرعہ بجستند بسیار و کم یافتند ٭ نظامی شعر بخود خلق را
کم شوم رہنماے ٭ ہمایون زکم دیدن آمد ہماے ٭ وله خانہ بر ملک ستمگاری است ٭ دولت باقی
بکم آزاری ست ٭ وله شعر مرا دل یکے بود و ہمیان یکے ٭ درستی فراوان فریب اندکے ٭ کیا معنی
کہ یہان مراد یہ نہین ہے کہ ہما کبھی کبھی دیکھا جاتا ہے اور فے الجملہ میرے اندر فریب بھی ہے بلکہ مطلق

کم و اندک و ہیچ کو مجازاً نفی مطلق کے لئے استعمال کرنے مین نکتہ کیا ہے۔

نفی مقصود ہے۔ مگر اس پیرایہ کے اختیار مین نکتہ یہ ہے کہ تا تمثیل متبائن نہ ہو مطابقت بحسب ظاہر
ہی سہی ہاتھ سے نہ جاے اس واسطے کہ اپنی طرف خلق کی رہنمائی کی مطلق نفی منظور نہین بلکہ مصرع
اولے مین کم اپنے معنی حقیقی پر ہے اب اگر دوسرے مصرعہ مین ہمایون زنا دیدن آمد ہماے کہا جاتا
مطابقت لفظاً رہتی نہ معنیً صنعت استخدام مین ایک ہی لفظ ایک ہی تلفظ سے دو معنی حاصل کرتے
ہین یہان تو دو تلفظ ہین یہ نقص نہین ایک بلاغت خیز صنعت ہے اسی طرح دوسرے جملہ مین
فے الجملہ اپنے اندر فریب کا ثبوت دینا مقصود نہین مگر اس پیرایہ مین ادا کرنے مین یہ نکتہ ہے کہ آدمی
بمقتضاے بشریت ان قسم کے قبائح سے بالکلیہ پاک نہین رہ سکتا اگر نفی مطلق اور سلب کلی
کھلم کھلا کیا جاتا محمول بر صدق خبر نہ ہوتا اسیطرح فردوسی رح قصہ یوسف زلیخا مین فرماتے ہین شعر
زمن ہیچ آزار شان بود ہیچ ٭ گرفتند مر گشتنم را بسیچ ٭ ای از جانب من ہیچ آزار نبود واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب

الحروف نواصب الاسم

حروف نواصب اسم

یہان حروف نواصب سے وہ حروف مراد ہین کہ بمقابلہ فارسی کے جب عربی مین انکے ہم معنی حروف مستعمل ہوتے ہین اپنے مدخول کو نصب دیا کرتے ہین۔ آن مین سے ایک واو ہی اسکی دو قسم ہین ایک تو معیت محصورہ کے لیئے آتا ہے سعدی رح **شعر** اگر دعوتم ردکنی ور قبول ٭ من و دست و دامان آل رسول ٭ **ولہ** اگر جستم اندست این تیرزن ٭ من و ہوش و ویرانۂ پیرزن ٭ **ولہ** شنیدم کہ میگفت وخوش میگریست ٭ کہ اے نفس خود کردہ را چارہ چیست ٭ بلاجوے باشد گرفتار آز ٭ من وخانہ من بعد نان و پیاز ٭ دوسرے یہ کہ معطوف معطوف علیہ مین وہ ملازمت پیدا کرے اگرچہ اوعائی ہو جس سے ایک علت دوسرا معلول بنجائے ظہوری **شعر** از شحنۂ ہیبت نگاہے ٭ وز کوہ بکاہ در خریدن ٭ یا فقط ملازمہ بغیر علیت ہو اور یہ واو حذف بھی کیا جاتا ہی دونون امر اس شعر سے واضح ہین نظامی رح **شعر** زمن جستن ورہ نمودن زتو ٭ بجان آمدن جان فزودن زتو ٭ اے بجان آمدن از من واز تو جان فزودن واللّٰہُ تعالیٰ اعلمُ دوسرے حروف نواصب مین سے حروف استثناء ہین جیسے مگر اور جز اسکے ایراد سے اس امر کا اظہار مطلوب ہے کہ مابعد کے لیئے حکم ماقبل کا نہین ہے کیا معنی کہ استثنا اصطلاح نحو مین ایک شئے ذی تعدد مین سے بعض جزئیات یا بعض اجزا کے خارج کر دینے کا نام ہے اور وہ متعدد کل ہو یا کلی جسمین سے اجزا یا جزئیات خارج کیئے جاتے ہین مستثنیٰ منہ کہلاتا ہے اور یہ جز یا جزئی جو اُس سے خارج ہوئی ہی مستثنیٰ کہلاتی ہے پھر اس مستثنیٰ کی دو قسم ہین اگر مستثنیٰ استثنا کرنے سے پہلے مستثنیٰ منہ مین (خواہ وہ کلی ہو یا کل اور وہ ملفوظ ہو یا مقدر) داخل تھا تو اُسکو مستثنیٰ متصل کہتے ہین ملفوظ جیسے امثلہ مذکورہ مین اور مقدر جیسے گلستان مین ہے **نثر** قدم برندارم مگر آنکہ سخن گفتہ شود بعادت مالوف وطریق معروف "اے قدم برندارم در ہیچ گہ و ہیچ حال مگر آنکہ الخ نظامی رح **شعر** بنچکند وے علف جاے خویش ٭ نہ لیسد مگر دست یا پاے خویش ٭ اے نہ لیسد چیزے از بدن خویش مگر دست یا پای خویش اس مقدر کا مستثنیٰ مفرغ نام ہے اور یہ مختص غیر موجب مین ہے اور موجب مین بہت ہی نادر ہے محاورہ عرب بھی اسیطرح ہے چنانچہ علامہ استرآبادیؒ نے شرح کافیہ مین تصریح کردی ہی والمفرغ

واو بمعنی محصورہ کے لیئے

واو جو معطوف و معطوف علیہ مین علاقہ علیت پیدا کرے

واو جو ملازمہ بغیر علاقہ علیت پیدا کرتا ہے۔

حروف استثنے کا بیان

بیان مستثنیٰ متصل

مثال مستثنیٰ منہ ملفوظ

مثال مستثنیٰ منہ

مستثنیٰ مفرغ

مستثنیٰ مفرغ کلام موجب مین شاذ و نادر ہے

لا یجی فے الموجب الا نادراً۔ اول یعنی کل جیسے گلستان مین ہے نثر بر ہر یک از سائر بندگان وحواشی خدمتی معین است مگر برین طائفہ درویشان الخ کس واسطے کہ بندگون کے افراد سے درویش بھی ہین۔ ثانی یعنے کل جیسے گلستان کی اول حکایت مین ہے نثر جملۂ وجود او ریختہ بود وخاک شدہ مگر چشمانش الخ یہان چشمان جملہ وجود کا جزو ہے اور اگر مستثنے استثنا کرنے سے پہلے مستثنے منہ مین کسی طرح داخل ہی نہ تھا تو مستثنے منقطع کہلاتا ہے جیسے گلستان کی اول حکایت مین ہے نثر سائر حکما از تاویل آن فرو ماندند مگر درویش الخ اور مدار اس دخول وعدم دخول کا متکلم کے قصد واعتبار پر ہے صرف مستثنے کا مستثنے منہ کی جنس سے ہونا اس امر مین کتفی نہین کیا معنی کہ بعض مواضع مین مستثنے منہ جنس مستثنے سے ہوتا ہے مگر چونکہ متکلم کے نزدیک مستثنے مستثنے منہ مین داخل نہین منقطع ہی ہوگا جیسے ”مردمان آمدند مگر زید“ یہ اسی صورت مین درست ہوگا کہ زید سرے سے اُس جماعت مین داخل نہو اگرچہ مردم جنس زید سے ہین یہی حال عربی مین ہے بلکہ یہ قواعد اتباع عرب کے طفیل فارسی مین ضبط کیئے گئے ہین چنانچہ علامۂ رضی شرح کافیہ مین فرماتے ہین فالمستثنے الذی لم یکن داخلا فی المتعدد الاول قبل الاستثناء منقطع سواء کان من جنس المتعدد کقولک جاءنی القوم الا زید أمشیراً بالقوم الی جماعة خالیة عن زید اولم یکن نحو جاءنی القوم الاحمارا فقد تبین ان المتصل لیس ہو المستثنے من الجنس کما ظن بعضہم۔ اگر غور سے دیکھا جاے حرف استثنا یعنی یہ لفظ مگر حالت انقطاع مین کلمۂ استدراک یعنی لیکن کی طرح رفع اُس توہم کا کرتا ہے جو کلام سابق سے پیدا ہوتا ہے ورنہ جو چیز کہ اُس متعدد مین سرے سے داخل ہی نہین پھر اسکے نکالنے کے کیا معنی ہونگے پس اب امثلہ مذکورہ مین یہ تاویل ہوگی کلام سابق یعنی سائر حکما از تاویل آن فرو ماندند سے یہ توہم پیدا ہوتا تھا کہ جب حکما جیسے عقلمند اس کی تعبیر سے عاجز آگئے پھر اور کوئی اس مقصد کو کیا پہونچ سکتا تو دفع اس توہم کا کردیا مگر درویشی بجا آورد وگفت اے لیکن درویشے بجا آورد وگفت اسی وجہ سے فقہا رحمہم اللہ نے حقیقۃً متصل ہی کو استثناء فرمایا منقطع پر استثنا کا اطلاق مجازی قرار دیا...... واللہ تعالی اعلم بالصواب وعندہ علم الکتاب ۞

اور یہ حرف استثنا مگر مجازاً کبھی موضع غلبۂ ظن بلکہ مقام تیقن مین مستعمل ہوتا ہے نظامی شعر مگر تیر ترکان یغماے من ٭ نخوردی کہ تندی بغوغاے من ٭ والہ ہروی شعر نے نامہ زمن بستد

لا یجیٔ فی الموجب الا نادراً (ربیع بضم و تشدید) رہا ہر تبیین الاستثناء ما سبق الناس تاب مرقوم

بیان مستثنے منقطع

دخول وعدم دخول کا مدار متکلم کے قصد پر موقوف ہے

استثنا منقطع حقیقت میں استثنا نہیں کیونکہ یہاں لفظ مگر بمعنی کلمۂ استدراک لیکن کے مستعمل ہے

حرف استثنا کبھی غلبۂ ظن بلکہ مقام تیقن میں بھی مستعمل ہوتا ہے

نے کردو وعم ٭ قاصد زتو آموخت مگر نامہ برے را ٭ اور کبھی بموقع امید مین یعنی جملہ ماموں پر داخل ہوتا ہے نظامی رح **شعر** مگر کاتشے برفروزند لعل ٭ در آتش نہند از پئے شاہ لعل ٭ اے امید کہ آتش برفروزند الخ سعدی رح **شعر** مگر صاحبدلے روزے برحمت ٭ کند بر حال مسکینان دعاے ٭ ای امید کہ صاحبدلے الخ کبھی بموقع استفہام مین مستعمل ہوتا ہے **شعر** غرور حسن اجازت مگر نداد اے گل ٭ کہ پرسشے نکنی عندلیب شیدا را ٭ نظامی رح **شعر** مگر رشتہ نداند کہ در روز جنگ ٭ چہ سرہا بریدم باقصاے زنگ ٭ گر غلبۂ ظن سکو شامل ہیگا اور لفظ جز جیسے اس شعر مین نظامی رح **شعر** نشاید تراجز بتو یافتن ٭ عنان باید از ہر درے تافتن ٭ اے نشاید ترا یافتن مگر بتوفیق تو چنانچہ اس جز کو دوسری جگہ اِلّا کے ساتھ تعبیر فرماتے ہین **شعر** بسے منزل آمد زمن تا بتو ٭ نشاید ترا یافت الا بتو ٭ اس کا حال بعینہ عربی کے لفظ غیر کا ہے یعنی یہ مضاف بھی ہوجاتا ہے اور اسپر باے زائدہ بھی لانا مطلقاً جائز ہے مگر یہ کلمہ ابداً مقطوع الاضافت یعنی ہمیشہ حذف کسرۂ اضافت کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے نظامی رح **شعر** نیاید ز ما جز نظر کردنی ٭ دگر خفتنی باز یا خوردنی ٭ اور باے زائدہ کے ساتھ جیسے اس شعر مین **شعر** نظامی دران بارگاہِ رفیع ٭ نیارد بجز مصطفےٰ را شفیع ٭ اسیطرح لفظ گزشت جو باعتبار اصل گزشتن سے ماضی کا صیغہ ہے تجوزاً استثنا کے لیئے بھی لایا جاتا ہے جس طرح عربی مین عدا و خلا مگر یہ ایسی جگہ مستعمل ہوتا ہے جہان عربی مین کلمۂ استثنا، غیر و سوی مستعمل ہوتے ہین پیشواے سخن سنجان عنصری کا شعر ہے **شعر** گزشت چتر تو ہرگز کس آسمانے دید ٭ حجاب کردہ و خرشید راز یکدیگر ٭ اے غیر چتر تو اے سواے چتر تو نظامی رح خاقان چین کے سکندر کو مہمان کرنے کی داستان مین لکھتے ہین **شعر** گزشت از خورشہاے چینی سرشت ٭ کہ رضوان ندید آنچنان در بہشت ٭ ز شکر بسے پختہ حلواے نغز ٭ ببادام و پستہ پراگندہ مغز ٭ یعنی سواے خورشہاے چینی سرشت یعنی متعارف چینی کھانونکے سواہت سے حلوے اور عمدہ شیرینیان مغزیات پڑے ہوئے بھی تھے واللہ تعالیٰ اعلم جاننا چاہیئے کہ استثنا مین جیسے ماقبل کے حکم سے مابعد الگ کرلیا جاتا ہے کبھی اس کلمۂ استثنا کی بدولت بخلاف معنی استثنا کے حکم ماقبل کا مابعد کے لیئے مع ترقی ثابت رکھا جاتا ہے یعنی حکم ماقبل کو اور افزونی کے ساتھ مابعد کے لیئے بھی ثابت کیا جاتا ہے جیسے اردو مین اور بھی اور سوا کہا کرتے ہین نظامی رح **شعر** بہ برج فرستان نے گزند ٭ کہ تا بر کشند آن بنا را بلند ٭ براے عمارت بران رختگاہ ٭ بسے مال شان داد جز برگ راہ ٭

بیان حرف استثنا جز

لفظ جز کا حال عربی لفظ غیر کا ہے یعنی مضاف بھی ہوتا ہے اور اسپر باے زائدہ بھی لانا جائز ہے

کلمہ جز ابداً مقطوع الاضافت مستعمل ہوتا ہے

کلمۂ جز پر باے زائدہ الحاق سے بجز بھی کہا جاتا ہے

لفظ گزشت بھی کلمات استثنا سے ہے

کلمۂ استثنا جز و مگر و گزشت سے بخلاف معنی استثنا حکم ماقبل کا مابعد کے لیئے بھی ثابت کرتے ہین

اے ورائے سازو برگ راہ یعنی مال بھی دیا اور سامان سفر بھی جدا کر دیا یعنی زاد راہ کے سوا مال بھی بہت سا دیا۔ اس معنی اخیر مین لفظ گرشت بھی مستعمل ہوتا ہے نظامی رح نوشابہ اور اسکی سہیلیون کی تعریف مین فرماتے ہین **شعر** گرشت از پرستیدن کردگار ٭ بجز خواب و خوردن ندارند کار ٭ یعنی عبادت آلٰہی کے بغیر نائے و نوش خواب و خور کے دوسرا کوئی شہوانی مشغلہ وہ نہین رکھتی تھین محقق فرزانہ صاحب بہار عجم نے معنی بعد کے لئے ہین یہ حاصل معنی ہین تحقیقی لفظی نہین غرض کلمۂ استثنا لفظ مگر کو اتباعًا مین نے حروف مین داخل کیا ہے ورنہ میرے نزدیک یہ اسمائے افعال سے ہے معنی اسکے استثنا می کنم کے ہونگے چنانچہ میرے اس قول کی تائید بعض نحاۃ کے اس قول سے ہوتی ہے جس کو علامہ رضی نے شرح کافیہ مین نقل فرمایا ہے وقال بعضھم ھو منصوب با ستثنی کما ان المنادی منصوب بانادی خصوصًا فارسی مین چونکہ اعراب کا جھگڑا اسرے سے نہین مستثنے کے رفع و نصب کے اختلاف پر کوئی شبہ بھی وارد نہین بلا تکلف درست ہو جاتا ہے۔

تیسرے حروف نواصب اسم مین سے کلمات ندا ہین جیسے اے بالکسر وغیرہ مین نے اتباعًا نحاۃ عرب کلمات ندا کو حروف مین شمار کیا ورنہ کلمۂ استثنا کی طرح یہ اسمای افعال سے ہین اس کا مفصل بیان بحث اسم مین گزر چکا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ٭

کلمات استثنا بمعنی افعال استثنا مین بمعنی استثنا ہے نہ حروف

حروف نواصب سے کلمات ندا بھی ہین

حروف الشرط

ایک مضمون جملہ کے حصول کو دوسرے مضمون جملہ کے حصول کے ساتھ معلق کرنے کا نام اصطلاح مین شرط ہے اور اس تعلیق کے آلات کو حروف شرط کہتے ہین حروف شرط مین سے ایک اگر ہے اور اس کے مخففات گر و ار۔ جاننا چاہیئے کہ یہ حرف ماضی ناقص ناتمام پر لاحق ہوتا ہے تو افادہ معنی لو کا کرتا ہے یعنی بوجہ انتفائے شرط انتفائے جزا کو مفید ہوتا ہے اور یہ معنی اسکے لازم موضوع لہ ہین ورنہ در اصل معنی تعلیق حصول جزا بشرط حصول شرط کے لئے موضوع ہے پس جبکہ حصول شرط جو معلق علیہ ہے منتفی مانا گیا ہے تو حصول جزا کو بھی منتفی ماننا ہوگا اگرچہ بحسب نفس الامر منتفی ہو یا نہ ہو نظامی رح **شعر** گر بہ سخن کار میسر شدی ٭ کار نظامی بفلک برشدی ٭ **ولہ** گر بخورش دیر کسے زیستی ٭ ہر کہ بے خوردی بے زیستی ٭ ان مثالون مین انتفا ثبوت کا ہے **ولہ** گر نہ سخن خوب ترا زجان بدی ٭ معجزۂ عیسےٰ فرقان بدی ٭ اس مثال مین انتفا نفی کا مانا گیا جو مستلزم اثبات ہے اور یہ لفظ اگر بمعنی اگرچہ بھی مستعمل ہے جیسے

بیان حروف شرط

حروف شرط مین سے اگر اور اس کی تحقیق

اگر بمعنی اگرچہ بھی آتا ہے

ان کی مثالین

عربی مین اِن وصلیہ اور ایسے موقع مین مستعمل ہوتا ہے کہ جہان یہ بیان کرنا منظور ہو کہ برتقدیر انتفاے شرط ثبوت جزا بطریق اولے ہوگا نظامی رح **شعر** تا نہ ہندت مستان گرو است * تات نپرسند مگو گرو عاست * حافظ رح **شعر** چو در رویت بخندد گل مشو در دامش اے بلبل * کہ بر گل اعتماد ے نیست گر حسن جہان دارد * جیسے عربی مین زَیدٌ یعطی وَاِن کان فقیرًا درصورت انتفاے فقر وحصول غنا اعطاے زید بطریق اولے ہوگا مگر عربی مین اِن وصلیہ پر واو ضرور لایا کرتے ہین فارسی مین اکثر لفظ چہ اور کبھی لفظ چند کے الحاق سے یہ معنی حاصل کرتے ہین نظامی رح **شعر** ہمہ کو سہ پیر کودک سرشت * بخوبی روند ارچہ باشند زشت * **ولہ** ندارم طمع بر زر و سیم کس * گرچند یابم بران دسترس اے اگرچہ یابم۔ فردوسی رح کا مشہور ہجویہ شعر ہے **شعر** پرستارزادہ نیاید بکار * اگرچند باشد پدر شہریار * اے اگرچہ پدرش بادشاہ باشد اور کبھی محاورۂ عرب کی طرح واو سے یہ معنی حاصل کرتے ہین نظامی رح **شعر** بہ بیچارگی تن فراخاک داد * وگر گرد عالم برآمد چو باد * اے اگرچہ اطراف عالم الخ اور کبھی بغیر اس واو وغیرہ کے صرف حرف شرط ہی پر اکتفا کرتے ہین جیسے اوپر حافظ رح کے شعر سے واضح ہے اور صائب کہتے ہین **شعر** نماید گر بظاہر دامن دولت وسیع * دستگاہش سایۂ بال ہماے بیش نیست * اگرچہ دامن دولت بظاہر وسیع نماید الخ نظامی رح **شعر** گر سخن راست شود جملہ دُر * تلخ بود تلخ کہ الحق مُر * اور جب کسی شرط کا وقوع لیقینی ہو نہ لاوقوع لیقینی یعنی اس کا تذبذب اور عدم جزم بیان کرنا منظور ہوتا ہے بجاے ماضی صیغہ مضارع کو استعمال کرتے ہین نظامی رح **شعر** گر آیند حاضر ہیئت نوش باد * وگر نہ زیادت فراموش باد * کیا معنی کہ حریفون کے جمع ہونے کا جزم ویقین متکلم کو نہین کہ وہ جمع ہونگے یا نہین یا محال عقلی یا عادی کو شرط ڈالا جاتا ہے جب بھی صیغہ مضارع کو استعمال کرتے ہین نظامی رح **شعر** اگر بر فروزی چو مہ صد چراغ * زخورشید باشد برونام داغ * **ولہ** اگر مردہ سر برآرد ز گور * بگیرد ہمہ شہر و بازار شور * بخلاف صیغہ ماضی کہ اس مین اس امر کا جزم ویقین ہوتا ہے دوسرا حروف شرط مین سے چون اور اسکا مخفف چو نظامی رح **شعر** بشرطیکہ چون من دِرین دستگاہ * رسانم سرش را بخورشید و ماہ * مرا نیز از و پایگاہے رسد * باندازۂ سر کلاہے رسد * ماضی ومضارع کے صیغون سے جزم وعدم جزم کے بارہ مین اسکا بھی اگر کا سا حال ہے نظامی رح **شعر** چو من زین ولایت کشادم کمر * تو خواہ از من افسر ستان خواہ سر * چونکہ دارا نے ایسا کاری زخم کھایا تھا کہ جان بر

شال محال عقلی — مثال محال عادی

وصلیہ بنانے کے لئے لفظ اگر پر چہ یا چند یا واو بھی لاحق کرتے ہین

حروف شرط صیغہ مضارع کے ساتھ عدم یقین وقوع شرط کے وقت ہی لاتے ہین

حرف شرط صیغہ ماضی کے ساتھ جب مستعمل ہوتا ہے

چون [illegible]

نہ ہونا یقین ہوگیا تھا تو اُس امر جزمی ویقینی کو صیغہ ماضی کے پیرایہ مین یعنی بجاے کشایم کشادم بیان کیا اور کبھی ایک دوسرے کی جگہ مستعمل ہوجاتے ہین **ولہ شعر** یکایک ورقہاے مازین درخت ✤ بزیراوفتد چون وزد باد سخت ✤

تا شرطیہ

تیسرا حروف شرط مین سے تا ہے جس وقت شدت التزام بین الشرط والجزا بیان کرنا منظور ہو یعنی ترتب شرط پر ترتب جزا فوری بلا توقف ہوجاے تو ایسے موقع مین تا لاتے ہین عرفی **شعر** تا تیغ بکف یابی برنفس دو دوستی زن ✤ تا سنگ بدست آید برشیشۂ ہستی زن ✤ اسکی تفصیل بیان حروف مین گزر چکی ہے۔ اور کبھی حروف شرط بحکم ضرورت حذف کئے جاتے ہین مولوی معنوی رح صـ ۳۷۲ **شعر** پشم بگزینی شتر نبود ترا ✤ ور بود اشتر چہ قیمت پشم را ✤ اے اگر پشم بگزینی نظامی رح **شعر** ز مردم کشی ترس باشد بسے ✤ ز مردم خوری چون نترسد کسے ✤ اے چون از مردم کشی الخ اور کبھی بوجہ ظہور و وضاحت جزا کو محذوف کردیتے ہین نظامی رح **شعر** اگر نیک بشناختم بشاہ را ✤ شناسد بشب ہر کسے ماہ را ✤ اے اگر شاہ را بخوبی بشناختم عجب نیست ✤ بعض موصولات متضمن معنی شرط بغیر حروف شرط کے مستلزم ومقتضی شرط وجزا کے ہوتے ہین نظامی رح **شعر** کرا در خرد رائے باشد بلند ✤ نگوید سخنہاے ناسودمند ✤ مصرعۂ اول شرط مصرعۂ ثانی جزا۔ انوری **شعر** چہ باشد میسر بزودم فرست ✤ کہ چون گربہ برسفرہ استادہ ام ✤ چہ باشد میسر شرط بزودم فرست جزا شعر اول مین کہ موصولہ متضمن معنی شرط ہے شعر ثانی مین چہ موصولہ بمعنی ہرکہ وہرچہ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حروف التعجب

حروف تعجب کا بیان

زِہ وخِہ اور ان کا مزید علیہ زِہے وخِہے اور اِیْشت اور آئنت اور واہ اور اسکی تکرار کے ساتھ واہ واہ اور پَہ پَہ اور بِلّی۔ یہ کلمات تعجب ہین جو انشا وایجاد تعجب کے لیئے وضع کیئے گئے ہین مگر عربی مین افعال تعجب کے لیئے صیغے مشتقات فعلیہ کے مَا اَفْعَلَہٗ وَاَفْعِلْ بِہٖ کی میزان کے ساتھ مخصوص ہین بخلاف زبان فارسی کہ انکے لیئے نہ مشتقات فعلیہ ہین نہ کوئی میزان خاص فردوسی رح رستم واشکبوس کی رزم مین فرماتے ہین **شعر** بزد تیر بر سینۂ اشکبوس ✤ سپہر آنزمان دست او داد بوس ✤ قضا گفت گیر وقدر گفت دہ ✤ فلک گفت اَحْسَنْ ملک گفت زہ ✤ یہان اَحْسَنْ مخفف اَحْسِنْ بِہٖ ہے بکسر العین فعل تعجب جسکی میزان اَفْعِلْ بِہٖ ہے نہ کہ اَحْسَن واَحْسَنْتَ بفتح سین جیسے مشہور عوام ہے یہان سے متعجب

متعجب منہ کا حذف

محذوف ہے اور یہ متعجب منہ کا حذف کرنا اگر متعجب منہ معلوم ومعہود ہو جائز رکھا گیا ہے اور محاورہ عرب بھی اسیطرح ہے جیسے اللہ جل علاشانہ فرماتے ہین اَسۡمِعۡ بِهِمۡ وَاَبۡصِرۡ اے ابصر بہم۔ رضی شرح کافیہ مین ہے وَاِذَا عُلِمَ المتعجب منہ جاز حذفہ اور مصرعہ اولی مین لفظ دہ دادن بمعنی ضرب و قتل سے مشتق ہے حکیم اسدی کا شعر ہے **شعر** پس از خشم فرمود کورا دہید ٭ ہمہ دستہارا بخون درنہید ٭ علامہ رضی اسمائے اصوات کے بیان مین لکھتے ہین "دہ بفتح الدال وسکون الهاء زجرۃ مطلقا بمعنے اِضۡرِبۡ واصلہ فارسی" مگر عرب کا کسرہ دال کو فتح سے بدلدینا تصرف تعریبی ہے عرفی کا شعر ہے **شعر** زہے اطاعت حسن ادب خہے طاعت ٭ کہ با اجازت مائی زوصل ما مہجور ٭ انوری **شعر** زہے بقائے تو دوران ملک رامفخر ٭ خہے لقائے تو بستان عدل رازیور ٭ نظامی **شعر** اینت فصاحت کہ زبان بستگی ست ٭ آنت شتابی کہ درآہستگی ست ٭ مین ان کلمات کو اسمای افعال کہتا ہون معنی انکے چہ خوش است وچہ عجب است وچہ شگفت ست لیتا ہون پس معنی ان اشعار مثالیہ کے یہ ہونگے چہ خوش ست اطاعت الخ وچہ خوش است طاعت یعنی کیا خوب اطاعت ہے اور کیا اچھی طاعت ہے اسیطرح دوسرے شعر مین چہ عجب ست بقائے تو وچہ عجب ست لقائے تو اسیطرح تیسرے شعر مین چہ عجب ست فصاحت الخ وچہ شگفت ست شتابی الخ اور اسی کو عربی مین مَا اَحۡسَنَ لِقَاءَکُمۡ وَاَحۡسِنۡ بِفَصَاحَتِہٖ کے ساتھ تعبیر کرسکتے ہین اور ترکیب نحوی ان کی یہ ہوگی شعر اول مین زہے وخہے اسم فعل تعجب اور متعجب منہ اطاعت وطاعت اُس کا فاعل۔ دوسرے شعر مین زہے اسم فعل تعجب۔ بقائے تو متعجب منہ ذوالحال۔ دوران ملک رامفخر مین را اضافی بمضاف مضاف الیہ سے ملکر حال۔ اور حال ذوالحال کے ساتھ ملکر زہے کا فاعل۔ اسی طرح خہے اسم فعل تعجب۔ لقائے تو متعجب منہ ذوالحال۔ بستان عدل رازیور مضاف مضاف الیہ حال۔ حال ذوالحال ملکر فاعل خہے کا۔ اسم حال کی بحث مین بیان ہوگیا ہے کہ اسم غیر مشتق جو متضمن معنی صفت کو ہو وہ حال واقع ہوسکتا ہے۔ تیسرے شعر مین اینت اسم فعل تعجب فصاحت متعجب منہ۔ موصوف۔ کہ زبان بستگی ست موصول صلہ ملکر صفت موصوف صفت کے ساتھ ملکر فاعل اینت کا۔ اسی طرح دوسرے مصرعہ مین شتابی متعجب منہ موصوف کہ درآہستگی ست موصول باصلہ صفت۔ موصوف وصفت ملکر فاعل آنت کا واللہ تعالی اعلم بالصواب۔ آب رہا واہ اور اس کی تکرار کے ساتھ واہ واہ اور بہ بہ اور بِلِّی درحاصل یہ کلمات اسمای

مثال زہے وخہے

مثال اینت وآنت کلمات تعجب اسمای افعال ہین

کلمات تعجب کے معنی

ترکیب نحوی اشعار مثالیہ کی

واہ وواہ واہ وبہ بہ وبلی اسمای اصوات ہین

واہ واہ کی مثال

اصوات کی قسم ہین جو موقع تعجب مین مستعمل ہوتے ہین محسن تاثیر کا شعر ہے شعر خجل شدیم ز تحسین ہمہمان تاثیر * کہ واہ واہ نمی خواست شعر وا ہی ما * کمال اسمعیل شعر روحانیان چو بینند ابکار فکر من * پہ پہ زنند در روے نامِ خدا برند * میح کاشی شعر زندہ رود مژہ را دیدلم خشک و چہ گفت * گفت پہ پہ نبود تحت بدین شادابی * صائب شعر از لباسِ خاک بیرون آمدم * نقشہا بر آب بستم یللی * این غزل را صائب از فیضِ سعید * بے تکلف نقش بستم یللی * تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جنکو نحویون نے اسمای اصوات قرار دیا ہے تین قسم کے ہین ایک تو حکایت اُن آوازونکی ہے جو غیر ذی روح سے صادر ہون جیسے پتھر سے پتھر کے ٹکرانے کی آواز کی حکایت عرب طاقِ وطق کے ساتھ اور قبّ کے ساتھ تلوار کے مار کی آواز کی حکایت کرتے ہین علامہ رضیؒ فرماتے ہین طاقِ بکسر القاف وطق کلاھما حکایۃ صوت وقع الحجارۃ بعضھا علی بعض۔ وقب حکایۃ وقع السیف علی ضریبہ اسی طرح طراق کوڑے کی مار کی آواز کی حکایت ہے نظامیؒ شعر طراقے کہ از مقرعہ خاستہ * برون رفت ازین طاق آراستہ * اسی نوع مین باجون کی آواز توپ اور بندوق کی آواز رعد کی آواز کی حکایت داخل ہے۔ دوسری قسم حکایت اُن اصوات کی ہے جو جانورون کے یا ننھے ننھے بچون کے مُنہ سے نکلتے ہین جیسے ہرن کی آواز کی حکایت عرب ماءِ کے ساتھ کرتے ہین رضی مین ہے ماءِ بمیم ممالۃ وھمزۃ مکسورۃ بعد الف صوت الظبیۃ اذا دعت ولدھا اور اسیطرح میٹی کو ہندی بکری کی آواز کی حکایت مین استعمال کرتے ہین اسیطرح عوعو کتے کی آواز کی حکایت ہے مولوی معنویؒ شعر اے سگِ طاعن چہ عوعو میکنی * طعن قرآن را برون شو میکنی * جاننا چاہیئے کہ حکایت کے لیئے شرط ہے کہ مطابق اور مماثل محکی عنہ کے ہو مگر یہ الفاظ جو درجہ حکایت مین ہین جن کا اسمای اصوات نام ہے حروف وحرکات فصیحہ سے مرکب ہین اور مخارج صحیحہ انسانی سے نکلتے ہین حالانکہ اصوات جمادات اور حیوانات کے یا وہ آوازین جو انسان کے سبب سے باحداث طبیعت نکلتی ہین اور اُن مین علاقہ وضع کا نہین ہوتا جن کے یہ اسمای اصوات حکایت ہین در اصل وہ اس قابل نہین ہین کہ اس فصاحت وخوبی مخارج کے ساتھ انکا تلفظ کیا جاے مگر طوطی اور مینا شاذ و نادر ہین جو کہ جانورون مین الفاظ فصیح نکالتے ہین وہ بھی بعد تعلیم جب اس شرط مطابقت ومماثلت حکایت ومحکی عنہ کا پورا کرنا متعذر ہوا چنانچہ کہتے ہین ھذہ الاصوات من الکلمات کالنسناس

پہ پہ کی مثال

یللی کی مثال

بیتے جس اصوات بین غیر ذی روح کی حرار ہین

جانورون اور غیر عاقل انسان کی آوازیں

جس شی کی آواز کی حکایت کیجائے اسکی محکی عنہ اور حکایت مین مطابقت شرط ہے مگر یہان یہ امر متعذر ہے۔

من الناس صورتها صورتها وماهيتها غير ماهيتها اذ ليست موضوعة فی الاصل لمعنے کالکلمات پس جہانتک ممکن ہو انسان اپنے الفاظ فصیحہ اور مخارج صحیحہ کو بتکلف مشابہ اُن اصوات غیر فصیحہ کے بناتا ہے تو اُن پر احکام کلمات کے جاری کیئے جاتے ہین بلکہ وہ خطاب اشرف الکلمات اسمیت سے مشرف ہوتے ہین اور کلام کا جزو معتد بنائے جاتے ہین جیسے امثلہ سے ظاہر ہے لیکن ایک ہی نوع کی آواز کو بعض قوم کا ایک طرح حکایت کرنا اور بعض کا دوسری طرح یہ اُس جگہ کے ارضی وسماوی تاثیرات سے ہے جو اُن کے مخارج پر اثر کرتے ہین اسی وجہ سے بعض حروف بعض قوم کے ساتھ مخصوص ہو گئے دوسری قوم بتکلف اُن کو ادا کرسکتی ہے جیسے ضاد معجمہ عرب کے ساتھ اور ژا عجام کے اور ٹ ڈ ڑ اور حروف مخلوطہ بہ ہا ہند کے ساتھ مخصوص ہین کیا معنی کہ جس طرح تاثیرات ارضی وسماوی سے اُن کے امزجہ اور طبائع مین فرق ہوتا ہے جس پر ان کا اختلاف لون وبشرہ وسحنہ وقوت وضعف دال ہے اسیطرح اُنکے مخارج حروف مین اختلاف ہے جس سے ادائے حروف خاص ایک کے لیئے سہل اور دوسرے کے لیئے دشوار ہوتا ہے چنانچہ بچون کو جو مولود علے الفطرۃ ہین ملاحظہ فرمائیے جب وہ اوّل اوّل تتلاتے ہین جس طرح انکو سہل ہوتا ہے لفظ کو اُس مخرج سے نکالتے ہین تو ہند کے بچونکا تتلانا اور الفاظ مین ہوتا ہے اور عرب کے بچون کا اور۔ ولایت کے بچون کا اور غرض اسی وجہ اور اسی علت کی بدولت ایک شئے کی آواز کی حکایت مین عرب وعجم وہند کا اختلاف ہے جیسے عرب کوّے کی آواز کو غاق کے ساتھ حکایت کرتے ہین۔ عجم قا کے ساتھ اور ہندی کا کے ساتھ حکایت کرتے ہین واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

تیسری وہ آوازین جو انسان کے مُنہ سے صادر ہوتی ہین اور وہ نفس متکلم کے احوال کو بتلاتی ہین آیا وہ مثلاً رنج مین ہے یا خوشی مین تعجب مین ہے یا تنفر مین اُن مین علاقہ وضع واضع کا کچھ نہین ہوتا یا صرف ازجہت احداث طبیعت ہوتی ہین یعنی معنی فی نفسہ پر اُن کی دلالت طبعی ہوتی ہے نہ وضعی جیسے آہ درد و رنج مین واہ اور واہ واہ اسی طرح خہ خہ تعجب کے ساتھ کسی شئے کی تحسین کرنے مین انسان کے مُنہ سے نکلتی ہین چنانچہ حکیم انوری کا خہ خہ کو بخ بخ کے ساتھ جمع کرنا جیسے اس شعر مین **شعر** بخ بخ اے یار خہ خہ اے دلدار * ہم وفادار و ہم جفا بردار * اسی رائے کا موئد ہے کہ خہ اور خہ خہ واہ اور واہ واہ بخ اور بخ بخ کی طرح نہین

ایک ہی شئے کی آواز کو بعض قوم ایک طور سے اور بعض قوم ایک طور سے کس وجہ سے ادا کرتے ہین

اسمای اصوات سے ہے جو دالہ علے احوال نفس المتکلم ہین بلکہ حالت انفراد و تکرار دونون ہین بخ اور بخ بخ وآہ اور واہ واہ کے جیسا ہے چنانچہ علامہ رضی الاصوات دالۃ علی احوال نفس المتکلم کے تحت مین فرماتے ہین ومنہ بخٍّ وھی کلمۃ یقال عند الاعجاب والرضٰی بالشئی و تکرر للمبالغۃ فیقال بخ بخ اور جس طرح بخ جب منفرد ہوتا ہے مع التنوین والتشدید مکسور ہوتا ہے یعنی اس کے اخیر مین ایک حرف کی زیادتی ہوتی ہے اسیطرح خہ جب تنہا ہوتا ہے بزیادتی یا خہے مستعمل ہوتا ہے اسی قسم مین ہے یللی جو استعجاب کے وقت کہا جاتا ہے یا انسان سے اسکی کسی حالت رغبت یا کراہت مین بالطبع ایسی حرکت صادر ہوتی ہے جس سے یہ صوت پیدا ہوتی ہے جیسے کسی شئے مستکرہ کے تھوکنے کے وقت منہ سے تف کی آواز نکلتی ہے اسی کو عرب تف کے ساتھ اور ہندی تھو کے ساتھ اور اہل فارس تفو اور تف کے ساتھ حکایت کرتے ہین فردوسی رہ کا مشہور شعر ہے جو سپہ سالار لشکر یزدجرد رستم ثانی کے قول کی حکایت ہے **شعر** کہ ملک کیان را کنند آرزو ٭ تفو باد بر چرخ گردان تفو ٭ محسن تاثیر **شعر** آبرو ننگست بھر بکر دینار یختن ٭ خصم مردانست تُف بر کیش این قطرہ کن ٭ اسی طرح پُف بالضم چراغ کو منہ سے پھونکنے سے جو آواز پیدا ہوتی ہے اس کی حکایت ہے سعید اشرف **شعر** نے ہمین زاخوان عزیزان شکوہ چون یوسف کنند ٭ شد چراغ ہر کہ روشن در زمانش پُف کنند ٭ اسی قسم مین ہے بَہ بَہ یعنی جب انسان کسی شئے کی خوبی کے ملاحظہ سے حیرت خیز تعجب مین پڑکر اس کی تحسین کرنا چاہتا ہے بے ساختہ اپنے ہاتھ کو منہ پر آہستہ آہستہ مارتا ہے جس سے بَہ بَہ کی آواز پیدا ہوتی ہے جیسے عرب بَہ بَہ کہتے ہین چنانچہ رضی ابن السکیت سے حکایت کرتے ہین بہ بہ بمعنے بخ بخ جیسے ہم لوگ بتصدیر ہمزۂ مفتوحہ اَ بَہ بَہ کہتے ہین اسی وجہ سے یہ الفاظ یعنی خہ خہ و بَہ بَہ و قہقہہ خلاف ضابطہ فارسی ہائے ظاہر مفتوح الماقبل مستعمل ہین یا جانور وںکے اُٹھانے بٹھانے یا بلانے یا دانٹنے یعنی زجر یا ہلانے یعنی تسکین و رام کرنے یا بھڑکانے یعنی تحریص و تحریش مین ان آوازون کو انسان اپنے منہ سے نکالتا ہے جیسے بُسّ بضم الباء وسکون السین عرب بکری کے بلانے کے لیئے آواز دیتے ہین اور اسی آواز کو بہ تبدیل باء موحدہ با پاے مثلثہ فارسی مع تکرار لفظ یعنی پُس پُس اہل ہند بلّی کے بلانے مین استعمال کرتے ہین اور قوُس بالضم کُتّے کے دُتکارنے کے لیئے عرب استعمال کرتے ہین چنانچہ رضی مین ہے قوس زجر للکلب بسکون السین وقس دعاء لہ جیسے

ع۵ تُف
یہ لفظ آب دہان یعنی تھوک کے معنی مین بھی آیا ہے محمد رفیع واعظ قزوینی **شعر** نیست وندان انگبیران از دہان می افگنند ٭ تف بر کو اعتبار این جہان می افگنند
۱۲ منہ

ہندی دُت اور دُت دُت کہتے کے دتکارنے کے لیئے اور چھچو چھو باجیم فارسی مخلوط بھا اسکی تحریص اور بھڑکانے کے لیئے اور ننھے ننھے بچون کو جو ہنوز تکلم پر قادر نہین انکے زجر و تسکین وغیرہ کے لیئے جو آوازین دیجاتی ہین وہ بھی اسی قسم مین داخل ہین جیسے کوئی بچہ گندگی وغیرہ مین آلودہ ہونا چاہے عرب قِقَّہ بروزن شقہ کہتے ہین اور ہندی چھیا اسی طرح اسکے زجر کے لیئے عرب کِخ کِخ اور ہندی اَخ اَخ کے ساتھ آواز کرتے ہین اسیطرح بچونکے کھلانے اور ہلانے کے لیئے اعجام تی تی کے ساتھ آواز کرتے ہین مولوی معنوی شعر بہر طفلِ نو پدر تی تی کند ؛ گرچہ عقلش ہندسہ گیتی کند ؛ خیر یہ تو اسی قسم کی آوازین ہین جو ترکیب حروف کے تحت مین داخل ہوسکتی ہین مگر بعض ایسی ہین کہ صرف مُنہ سے ادا کی جاسکتی ہین قلمبند ہو نہین سکتین یعنی حروف کے ساتھ ترکیب پذیر نہین جیسے گھوڑے وغیرہ کے تسکین کے تھم پانی پینے کے لیئے صفیر یعنی نرم سیٹی دیتے ہین ۔

کلمات تنبیہ بھی اصوات زجریہ ہین

الا و ہلا و ہان وھا و ہین وہی دراصل انہین اصوات زجریہ سے ہین جو موضع تنبیہ مین ستعمال کیئے جاتے ہین مگر الا و ہلا وہی عربی الاصل ہین جو اہل فارس نے اور الفاظ عربیہ کی طرح اپنے کلام مین استعمال کرلیا ہے اور یہ دو لفظ ہان اور ہین نون کے ساتھ البتہ فارسی ہین علامہ رضی بیان اسمای اصوات مین فرماتے ہین ھلا لزجر الخیل ای توسعی فی الجری منتہی الارب مین ہے ای جواد کا یقال لھا ھلا ؁ اور یہی بھی زجر خیل کے لیئے مستعمل ہے جیسے ظہوری گھوڑے کی تعریف مین کہتے ہین شعر دم دعوی از برق باوے زند ؛ زکند بش تند بروہی زند ؛ طغرا شعر بیا تا بر خش طرب ہی کنم ؛ سمند غم دہر را پے کنم ؛ غرض یہ کلمات زجریہ جو از قسم اصوات ہین موقع تنبیہ مین استعمال کیئے گئے ہین دراصل تنبیہ بھی ایک نوع کا زجر ہے امثلہ اور شواہد ان کے بیان کلمات تنبیہ کے ذیل مین عرض کیئے جائینگے ان شاء اللہ تعالی شانہ اس تقریب سے یہ بات ثابت ہوی کہ کلمات تنبیہ مطلقاً اسمای اصوات کی قسم ہین جس کا کچھ بیان ان کلمات تعجب کے ضمن مین کیا گیا مگر کلمات

کلمات تعجب سے ساتھ مدح و ذم کے بھی لفظاً و معنی تناسب تامہ رکھتے ہین

مدح و ذم چونکہ خاص کلمات تعجب کے ساتھ لفظاً و معنی مناسبت تامہ رکھتے ہین لفظاً جیسے حالت تثنیہ و جمع و تانیث مین جس طرح افعال تعجب مین تصرف نہین کیا جاتا یعنی احسنا و احسنوا و احسنی و احسنت نہین کہتے افعال مدح و ذم مین بھی نہین کیا جاتا رضی مین ہے وھی غیر متصرفۃ لمشابہتھا بالانشاء للحروف وھی غیر متصرفۃ (اے افعال التعجب) اور دوسری جگہ فرماتے ہین

لانھا لجمود ھا صادرت کنعم وبئس خیر یہ مناسبت لفظی زبان عرب کے ساتھ مخصوص ہو (ای افعال التعجب ۱۲)
مناسبت معنوی یہ ہے کہ افعال تعجب مدح عام کے لئے موضوع ہین جیسے احسن بزید سے مقصو
یہ ہے یعنی کہا جاتا ہے کہ حسن زید کی تعریف جس طرح چاہو کرو کیا معنی کہ زید مین جس طرح کی خوبیان کہو موجود
ہین چنانچہ کلمات تعجب کے اس مدح عام اور تحسین مطلق کے لئے ہونے پر محسن تاثیر کا واہ واہ کو تحسین قرار
دینا ایما ے لطیف ہو سکتا ہے **شعر** خجل شدیم ز تحسین ہمدمان تاثیر ؛ کہ واہ واہ نمی خواست شعر واہی ما
بوجہ اسی مناسبت کے نحاۃ عرب افعال تعجب کے متصل افعال مدح وذم کو بیان کرتے ہین خیر یہ مناسبتین
زبان فارسی کے ساتھ مخصوص ہون یا نہ ہون مین ان کلمات مدح وذم کو اتباعاً للنحاۃ العرب کلمات تعجب کے
متصل ہی بیان کرتا ہون پھر بعد اسکے کلمات تنبیہ کو بیان کرونگا انشاء اللہ تعالیٰ کس واسطے کہ یہ بھی
اسمای اصوات و اسمای افعال کی نوع سے ہے جیسے کلمات تعجب و کلمات مدح وذم انواع اسمای افعال
سے ہین جس طرح اوپر مذکور ہوا وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

کلمات المدح والذم

یہ وہ کلمات ہین جو انشاے مدح وذم کے لئے موضوع ہین جیسے خوشا و بدا جس طرح عربی مین نعم
وبئس خاقانی **شعر** خوشا درویشیا کو را بود عیش تن آسانی ؛ بدا سلطانیا کو را بود رنج دل آشوبی
یہ دونون جملے مصدر بکاف انکی صفت ہین جو قائم مقام اپنے موصوف مبتداے محذوف کے ہین
پس تاویل اس کی یہ ہے کہ مخصوص بالمدح محذوف درویشی کہ آن را یا در وے عیش تن آسانی بود
مبتدا - خوشا درویشیا اے خوش درویشے ست خبر - اسیطرح سلطانی کہ آن را یا در وے رنج دل آشوبی
بود مخصوص بالذم مبتدا محذوف بدا سلطانیا اے بد سلطانے ست خبر - ضمیر منفصل او کی ذوالعقول و
غیر ذوالعقول مین استعمال پانیکی تحقیق بیان ضمائر مین گذر چکی اسی طرح عربی مین مبتدای مخصوص وقت
قیام قرینہ حذف کیا جاتا ہے کما قال اللہ عزوجل نعم العبد اے ایوب بقرینہ قصہ حضرت ایوب علےٰ
نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام اور فنعم الماھدون اے نحن بقرینہ سباق قولہ تعالیٰ شانہ والارض
فرشناھا مگر عربی مین نعم وبئس فعل قرار دیئے گئے ہین فارسی مین میرے نزدیک اسمای
افعال قرار دینا بہت مناسب ہے چنانچہ خود عربی مین انکی اسمیت پر (چونکہ وہ مبتدا واقع ہوتے ہین

کلمات مدح وذم
خوشا بمعنی خوشا حالا منقول خوشا گوش نمی کردن زبان ایشان بطریق ایهام انشائے ہیں

مخصوص بالمدح محذوف بھی ہوتا ہے

فارسی مین کلمات مدح وذم اسمای افعال ہیں

اور لام ابتدا کو قبول کرتے ہین اور حالت تذکیر و تانیث اور افراد و تثنیہ و جمع مین ایک صورت پر رہتے ہین تصرف پزیر نہین ہوتے جیسے شاعر کہتا ہے **شعر** یمینا لنعم السیدان وجدتما علی کل حال من سحیل ومبرم ؛) بعض ائمہ نحاۃ کا ظن ہے چنانچہ علامہ رضی نے شرح کافیہ مین اسکی تصریح کی ہے" وھذہ الاشیاء ھی التی غرت الفراء حتی ظن انھما فی الاصل اسمان ولو کان کذا لم یکن لرفع مابعدھا وجہ الا بتکلف" عربی مین اسم مابعد کا اعراب اس بات کو مانع موجب تکلفات لایعنی ہے مگر فارسی مین سرے سے جھگڑا اعراب کا پاک ہے پھر بلا تکلف ان کلمات کو اسمائی افعال قرار دیسکتے ہین اور معنی خوشا کے نیکوست وخوش است و نہایت خوب است کے ہونگے اور بدا کے زشت ست وبدست کے ہونگے جیسے عربی مین معنی نعم الرجل کے رجل فی غایۃ الجودۃ اور نعم الرجل زید کے زید رجل جید کے لیئے جاتے ہین رضی مین ہے "فصار معنی نعم جید فکانہ صفۃ مشبھۃ ویجوز ذلک لکون جمیع الافعال فی المعنی صفات لفاعلھا" اور حبذا عربی لفظ ہے جو فارسی مین بھی مستعمل ہے طغرا رسالہ فردوسیہ مین بعد حمد کے لکھتے ہین" حبذا شہرے کہ اگر شمیم گلستانش بطرف بدخشان وزد آب لعل بوے گلاب گیرد"

حبذا

کلمات التنبیہ

کلمات التنبیہ

الا و ہلا و ہا و ہان و ہین و ہی یہ الفاظ کلمات تنبیہ سے ہین سعدی رح **شعر** الا اے خردمند فرخندہ خوے ؛ ہنرمند نشنیدہ ام عیب جوے ؛ فردوسی **شعر** ہلا تیغ و گو پالہا برکشید ؛ سپرہاے چینی بسر در کشید ؛ بدر چاچ **شعر** بر شیر خفتہ کہ نہ غافل زراے تست ؛ ہمچو شغال مادہ صفتہاے میزنی ؛ انوری **شعر** لطف تو ہر ساعتم گوید کہ ہین الاعتذار ؛ قہر تو ہر لحظہ ام گوید کہ ہان الاجتناب یہان ہان اور ہین مین قہر و لطف کا تفرقہ اتفاقی ہے حقیقی نہین - امیر لاہجی **شعر** گفتم کہ سر عشق کنم فاش درجہان ؛ پیر خرد آمدہ گفتا کہ ہی خموش ؛ انوری **شعر** خویشتن در نظرت جلوہ ہمی کرد جہان ؛ آسمان گفت کہ رسوا چہ کنی خود را ہی ؛ یہ سینئے جب مین نے ان کلمات کو اسمای افعال قرار دیا چاہیئے تھا کہ یہ کلمات بحث اسم مین بیان کیئے جاتے مگر چونکہ اکثر فارسی کے قواعد ضبط کرنے والون نے ان کلمات کو حروف ہی قرار دیا ہے اور حروف ہی کی بحث مین مندرج کیا ہے

کلمات تعجب و مدح و ذم و تنبیہ با وجودیکہ اسمای افعال ہین پھر بھی بحث اسم مین درج نہ کرنے کا عذر

متلاشی ان مباحث کا ان کو اسی بحث مین تلاش کرے گا مین نے طالب کی سہولت اور آسانی کے خیال سے مسامحۃً ان کلمات کو بحث حروف مین درج کردیا۔

حروف الایجاب

نَعَم و بَلے و آرے یہ حروف ایجاب ہین ان مین سے نَعَم عربی الاصل ہے جو فارسی مین بھی مستعمل ہے۔ اسی طرح بَلے بھی عربی الاصل بَلیٰ کا امالہ معلوم ہوتا ہے جیسے کالکن عربی کو اہل فارس امالہ کے ساتھ لیکن کہتے ہین مگر فارسی مین بغیر امالہ الف کے ساتھ مستعمل نہین بوجہ اس خاص تصرف کے آرے کی طرح کلمہ فارسی کا شمار کیا جاتا ہے غرض یہ کلمات منجملہ حروف ایجاب ہین یعنی یہ وہ حروف ہین کہ جملہ ماسبق کے اثبات و تصدیق و تقریر و تحقیق کے لئے لائے جاتے ہین اس کے دو حال ہین یا تو وہ بلا تصرف اثبات قول ماسبق کرتا ہے یعنے جملۂ ماسبق کو محقق و مقرر کردیتا ہے اور جملۂ ماسبق خواہ مثبت ہو خواہ منفی۔ مثبت جیسے جدال سعدی مین محاکمہ قاضی کا بیان کیا گیا ہی **نثر** اے کہ گفتی توانگران مشتغلند بمناہی و مست ملاہی نعم طائفۂ ہستند برین صفت کہ بیان کردی الخ جامیؒ

نظم زخوابے بندہا بر کارش افتاد ٭ خیالے آمد و آن بند بکشاد ٭ بلے ہر جا نشاطے یا ملالے ست ٭ بگیتی در زخوابے یا خیالے ست ٭ **شعر** گویند لعل سنگ شود در مقام صبر ٭ آرے شود ولیک بخون جگر شود ٭ یہ امثلہ جملہ ماسبق مثبتہ کی تھین منفی کو اسی پر قیاس کرلے سکتے ہین یا یہ اثبات و تحقیق ازالہ نفی ماسبق کو لازم آجائے سعدی رح **نثر** گفت تو آن نیستی کہ پدرم ترا از قید فرنگ بدہ دینار خرید گفتم بلے بدہ دینار خرید و بصد دینار بدست تو گرفتار کرد۔ یہ بات عربی مین بلیٰ کے ساتھ مخصوص سمجھی گئی ہے کما قال اللہ تعالےٰ و تبارک اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی اسی وجہ سے اسکا استعمال تصدیق ایجاب یعنی غیر منفی مین جیسے اَقَامَ زَیْدٌ جواب مین بَلٰی قَامَ زَیْدٌ کہا جائے اور جیسے بخاری شریف کی کتاب الایمان مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے قال بینما رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مضیف ظہرہ الی قبۃ من ادم یمان اذ قال لاصحابہ اترضون ان تکونوا ربع اہل الجنۃ قالوا بلی الحدیث چنانچہ یہی واقعہ کتاب الرقاق باب کیف الحشر مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے عن

عبد اللہ قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قبۃ فقال اترضون ان تکونوا ربع اھل الجنۃ قلنا نعم الحدیث اور اس مثال مین شعر وقد بعدت بالوصل بینی وبینھا ٭ بلی ان من زار القبور لیبعدا ٭ شاذ بتلایا جاتا ہے اور بعض ائمہ نحاۃ نے اس شعر مین بلی کو بل اضرابیہ کا مزید علیہ قرار دیا ہے جس طرح بعض جگہ نعم بلی کی طرح اثبات ماسبق بازالۃ النفی مین مستعمل ہے شاعر کہتا ہے شعر الیس اللیل یجمع ام عمرو ٭ وایانا فذاک بنا تدان نعم وتری الھلال کما اراہ ٭ ویعلوھا النھار کما علانی ٭ اے ان اللیل یجمع ام عمرو وایانا نعم ۔ فارسی مین یہ سب باریکیان نہین ہین دونون قسمون مین اسکا استعمال برابر ہے جس طرح امثلہ سے ہویدا ہے اور یہ کلمات جیسے صدر کلام مین آتے ہین وسط مین بھی استعمال پاتے ہین شعر زخم دندان خوش نما کردان لب پرخندہ را ٭ قیمت افزون می شود آرے عقیق کندہ را ٭ بقصد تاکید مکرر بھی لاے جاتے ہین امیر خسرو شعر خلق می گوید کہ خسرو بت پرستی میکند ٭ آرے آرے می کنم با خلق وعالم کار نیست ٭ واللہ تعالی اعلم بالصواب ٭

بلی بیان نفی کے اثبات کیلئے ... مین ... استعمال ہوتی ہین

حروف ایجاب وسط کلام مین داخل ہوتے ہین۔ نیز حروف ایجاب بقصد تاکید کی تکرار

الحروف العاطفہ

حروف عاطفہ کا بیان

واو و با و تا و ہم و نیز و پس و باز و کہ و نہ و یا و اگر و خواہ یہ حروف عاطفہ ہین جو معطوف و معطوف علیہ کے درمیان واقع ہوتے ہین اور انکو ایک حکم مین کردیتے ہین ان مین سے آٹھ حروف مطلق جمع کے لیئے استعمال کیئے جاتے ہین خواہ باترتیب ہو خواہ بلاترتیب یعنی چند اشیاء سے ایک شے کو لاعلی التعیین بیان کرنے کے لیئے نہ ہو۔ اور معطوف و معطوف علیہ کا تعلق اپنے فعل کے ساتھ خواہ ایک ہی زمانہ اور ایک ہی مکان مین ہو خواہ جدے جدے ۔

ان مین سے واو مطلق جمع کے لیئے بلالحاظ ترتیب استعمال کیا جاتا ہے۔ بلکہ جہان ترتیب محال ہو مستعمل ہوتا ہی جیسے زید و عمرو دونون نے ملکر ایک غلام خریدا تو کہہ سکتے ہین کہ این غلام زید و عمرو ست اسی طرح زید و عمرو دونون نے کسی مسئلہ مین بحث کی تو کہہ سکتے ہین کہ زید و عمر مباحثہ کردند یہان ترتیب مستحیل ہے بلکہ کلام عرب مین اس قسم کی مثالین بھی موجود ہین جو کہ باعتبار ترتیب معطوف علیہ سے معطوف کا پہلے ہونا ضرور ہے جیسے کلام مجید مین سورہ آل عمران کے چوتھے رکوع مین یہ آیت شریف ہے یامریم اقنتی

بیان واو عاطفہ جو مطلق جمع کیلیے ہے بلالحاظ ترتیب ... جہان ترتیب محال ہے

لِرَبِّكَ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ - اور بخاری شریف کے باب الجنب یتوضا ثم ینام مین عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالے عنہما سے مروی ہے انہ قال ذکر عمر بن الخطاب لرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انہ تصیبہ الجنابۃ من اللیل فقال لہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم توضأ واغسل ذکرک ثم نم حالانکہ باعتبار ترتیب رکوع پہلے اور سجدہ بعد مین اور اسیطرح غسل ذکر پہلے اور وضو بعد ہے واللہ تعالی اعلم بالصواب +

اسیطرح معطوف ومعطوف علیہ کے ساتھ جو انتساب وتعلق فعل کا ہے ایک زمانہ اور ایک مکان مین ہونا شرط نہین یعنی انتساب وتعلق فعل کا معطوف علیہ کے ساتھ کسی زمانہ مین اور مکان مین ہو اور معطوف کے ساتھ کسی اور زمانہ ومکان مین ہو ایسے موقع مین واو عاطفہ استعمال کرسکتے ہین جیسے **شعر** مہروم چون فرو بردنین + دست بر جز کہ خیر نازے ہین + اسواسطے کہ مہر و مہ ایک وقت ایک ساعت مین نہین گھنتے - میرے مکرم آپنے اس شعر مین چند امور دریافت فرمائے ہین - اول یہ کہ چاند سورج کے گھننے کو اژدر کے نگلنے کے ساتھ تعبیر کیا - دوسرا یہ کہ سوائے کار خیر کے ہر کام سے باز رہنے کو فرمایا حالانکہ کسوف وخسوف موضع خاص مین شمس وقمر کے اجتماع وتقابل سے پیدا ہوتا ہے پھر اس مین اژدہے کا نگلنا کیسا اور خوف کی کیا بات ہے" اگرچہ یہ مسئلہ علم ہیأت سے تعلق رکھتا ہے اور نظم الفاظ شعر بھی غیر فصیح ہین مگر اس شعر کو حسن تقریب سے شاہد مدعا بنائے جانے کو غنیمت سمجھکر آپ کے شبہات کا جواب مختصر سا عرض کرتا ہون تا طلبہ فارسی خوان کو جو ان اعتراضون کو لاجواب سمجھے ہوئے ہین فی الجملہ آگہی ہو جائے پہلے اس بات کو آپ جان لین کہ قمر فی نفسہ مظلم ہے رنگ اسکا کبود اور ازرق ہے وہ کثیف الجرم بھی ہے جسکی وجہ سے کوئی شے اس کے اوٹ مین آجائے یعنی کسیکے درمیان وہ حائل ہو جائے وہ شئے اسکی کثافت کی وجہ سے ہماری نظر سے چھپ جائیگی مگر ساتھ ہی اسکے وہ اس قابل بھی ہے کہ اگر کوئی چیز کثیف الجرم اس کے اور شمس کے درمیان حائل نہ ہو تو وہ ضیائے شمس سے مستضی ہو جاتا ہے اور مقدار اس استضا کی ہمیشہ نصف سے کچھ نکلتی ہوئی ہوگی اسواسطے کہ یہ بات اپنے محل اور موضع مین دلیل سے ثابت ہے کہ ایک بڑا کرہ روشن اپنے سے خرد کرۂ غیر روشن پر بتقدیر محاذات روشنی ڈالے یہ روشنی اس چھوٹے کرہ پر نصف سے زیادہ مین پھیلے گی باقی حصہ کرۂ خرد کا مظلم اور تاریک ہی رہیگا پس حالت اجتماع شمس وقمر مین قمر کا رخ مظلم ہماری جانب ہوگا یہی محاق اور اماس ہے اور جب

بیچ ہی مینہ ...
...

ہلال اور بدر اور کسوف
اور خسوف کی حقیقت

قمر شمس کے ساتھ کی اجتماعی حالت کو چھوڑتا جاے یعنی شمس سے ہٹتا جاے یہان تک کہ بارہ جز
یا کچھ کم زیادہ شمس سے قمر ہٹگیا تو اُس قمر کا رُخ مستنیر جو ہم سے چھپا ہوا تھا ہماری جانب ایک معتد بہ میل
کھائیگا تو اسی قدر کنارہ ہمکو چمکتا ہوا نظر آئیگا بس یہی ہلال ہے اور جیسے جیسے آفتاب سے ماہ کو دوری
ہوتی جائیگی یہ میل بھی بڑہتا جائیگا اس کا حصہ نورانی بھی بڑھتا جائیگا یعنی اسکی تنویر بھی بڑھتی جائیگی......
یہانتک کہ جب پورا مقابل یعنی کمال بعید شمس سے ہوجاے یعنی ہم ایک طرف اُفق شرقی پر قمر کو اور ایکطرف
اُفق غربی پر شمس کو دیکھین اسکا کمالِ تزاید تمام میل انتہا کا بعد یہی ہوگا قمر کی اس حالت کو بدر کہتے ہین
اور بدر باعتبار اشتقاق لفظی مبادرت کو بتلاتا ہے کیا معنی کہ اس دن قمر بخلاف اور دنونکے غروب
آفتاب سے پہلے طلوع کرنے مین مبادرت کرتا ہے یہانتک کہ آفتاب اِدھر غروب ہوا نہین کہ یہ نکل
کھڑا ہوتا ہے پھر بعد اس مقابلہ کے جیسے جیسے تدریجی تزاید حاصل کرتا بدر بنا تھا ویسے ہی منحرف اور
آفتاب کے قریب ہونے لگتا ہے تو برعکس صورت اولی اُسکا امحاق نور بھی ہوتا جاتا ہے ظلام و تاریکی
بھی بڑہتی جاتی ہے یہانتک کہ پھر اجتماع واقع ہوتا ہے اسیطرح قیامت تک یہ سلسلہ قائم رہیگا
اور ایک اجتماع سے دوسرے اجتماع تک اُنتیس[۲۹] دن بارہ[۱۲] گھنٹے چوالیس[۴۴] منٹ تین[۳] سکنڈ کی مدت
صرف ہوتی ہے اور اسی اجتماع اور تقابل مین خسوف اور کسوف ہوتا ہے یعنی چاند اور سورج گھنتے ہین چونکہ منطقۃ البروج
اور منطقۃ فلک مائل قمر ہم سطح نہین ہین ہر مقابلہ مین خسوف اور ہر اجتماع مین کسوف نیرین کا نہین ہوتا ورنہ
ہر مہینے چاند سورج گھنتے رہتے بلکہ اکثر انکے درمیان چھ مہینونکا فرق پڑتا ہے ہان ہر کسوف کیلئے اجتماع
شرط ہے اور ہر خسوف کیلئے تقابل ضروری ہے مگر یہ اجتماع نیرین اکثر مین یعنی شمس و قمر راس یا ذنب مین
اس وضع پر واقع ہو کہ قمر ضیاے شمس کا بالکلیہ حائل ہوجاے **ھکذا**

ملاحظہ فرمایئے شکل ۱۔ مین اجتماع عین راس مین واقع ہوا ہے اور شکل ۲ مین عین ذنب مین اور اس کو بھی ملاحظہ فرمائیے کہ سورج گرہن مین زمین پر سے آپکی نظر قرص قمر پر پڑتی ہے اور جو رنگین آئینون یا پانی وغیرہ کے وسیلے جو حصہ غیر مستضی مرئی ہوتا ہے وہ قمر ہے نہ شمس غرض اس صورت مین کہ قمر عین راس یا ذنب مین ہو اسکے ساتھ یہ بھی ہو کہ قمر اپنے کمال حضیض مین ہو تو اُس وقت قطر سایہ قمر کا جہان آفتاب بکل الاجزا مستور اور چھپا ہوا ہے ایک سو اسی میل ہوتا ہے اور قمر بوجہ اپنے کمال سرعت بریدی کے اس مسافت کو جو ایکسو اسی میل ہے ساڑھے چار منٹ مین طے کر جاتا ہے تو کمال کسوف زمین کی سطح پر کسی جگہ ساڑھے چار منٹ سے زیادہ نہین رہ سکتا یا بکل الاجزا یعنی تمام و کمال حائل نہو یعنی پورا پورا نہو کچھ حصہ آفتاب کا کھلا بھی رہ جاے تو اسیقدر کھلا ہوا حصہ آفتاب کا رائی کو مبصر و مرئی ہوگا۔ کمال اور نقصان اس گرہن کا شمس و قمر کے مرکزون کے ایک خط ایک سیدہ مین واقع ہونے سے ہوتا ہے یعنی شمس و قمر اس طرح جمع پڑین کہ خط نظر چشم ناظر سے سیدھا اُن دونون کے درمیان سے نفوذ کرتا چلا جاے اور اُن کے قطر بحسب رویت برابر بھی ہون یعنی قطر قمر کا قطر شمس سے بحسب رویت کم بھی نہو کیا معنی کہ ایک خط مستقیم آفتاب اور ماہتاب کے شرقی کنارون سے مس کرتا زمین تک اور اسی طرح اُنکے غربی کنارون سے ملا ہوا زمین تک پہونچ سکے پس ان دونون خطوں نکے درمیان قمر کا تاریک سایہ اُلٹے مخروط کی شکل مین زمین پر پڑیگا اس جگہ کے رہنے والونکے لیۓ چاند آفتاب کا حجاب بنا رہیگا اگر چاند زمین سے بہت دور ہوتا اور آفتاب اسی جگہ تو زمین اُس مخروط واژون سایہ کے قاعدہ سے دور تر راس مخروط کے قریب ہوتی تو سایہ تاریک قمر کا زمین پر پہونچنے سے پہلے ختم ہوجاتا پھر تمام روے زمین پر کہین سے بھی کسوف تام مرئی نہوتا اور جو لوگ اس راس مخروط کے نیچے ہوتے آفتاب کے کنارہ کو ایک حلقۂ نورانی دیکھتے اور اگر زیادہ قریب ہوتا زمین قاعدۂ مخروط کے قریب ہوتی تو زمین کا بہت بڑا حصہ قمر کے تاریک مخروطی سایہ مین چھپ جاتا اور جہانتک یہ تاریک سایہ ہوتا وہان تک کسوف کامل اس جگہ کے باشندون کو نمایان ہوتا۔

ایسے ہی تقابل راس یا ذنب مین بتمامہ ہو گیا معنی کہ جب چاند آفتاب سے کمال بعد پر ہوگا اس کو آفتاب سے پورا پورا تقابل نہین ہوگا اور یہ پورا تقابل اگر عین راس یا ذنب مین واقع ہو زمین ان نیرین کے درمیان ایسی حائل ہوگی کہ جرم قمر اسکے سیدھے مخروطی سایہ مین بالکل چھپ جائیگا اشعۂ شمس

قمر کا مخروطی سایہ ... (حاشیہ) [illegible]

اس تک کسی حال مین پہونچ نہ سکیگی ہے۔ ھکذا

شکل اول مین تقابل راس مین ہوا ہے اور شکل ثانی مین تقابل ذنب مین غرض ہر حال مین زمین کے
مخروطی سایہ کے اندر چاند آجانے سے آفتاب کے اشعہ اُس تک نہین پہونچین وہ بے نور کا بے نور
رہ گیا جو اس کی اصلی حالت ہے یا تقابل عین راس وذنب مین نہ ہو تو صرف قدر حیلولت نامرئی
رہیگا یعنی اتنا ہی حصہ چاند کا بے نور رہیگا۔ اور ذرا واضح طور پر عرض کرتا ہون آپ جانتے ہین قمر اپنی
گردش اجتماعی مین قدر انمحاق صرف مستضی نہین ہوتا اپنی ذاتی اصلی حالت پر فقط بے نور رہ جاتا ہے
یہ نہین کہ جتنا حصہ عدیم النور رہتا ہی معدوم الذات بھی ہوتا ہے کیا معنی کہ عدم تنور کو عدم ذات لازم نہین
ورنہ یہ بات لازم آئیگی کہ چاند ہر ماہ مین عدم سے وجود مین آتا ہے یعنی ہر ماہ ایک نیا قمر خلق ہوتا ہے
یہ مشاہدہ اور معائنہ کے خلاف ہے تو ظاہر البطلان ہے پس معلوم ہوا کہ جب چاند آفتاب کے ساتھ
اسطرح مجتمع ہو کہ ہماری نگاہ کے رخ چاند آفتاب کے اشعہ منعکسہ کے اقبال سے قاصر ہو تو ہماری آنکھون
کے سامنے چاند کی بے نور مسلوب الضیا تکیہ صرف اپنی اصلی کمودت پر رہ جائیگی یہ اجتماع راس
یا ذنب مین واقع ہوگا اسی کو کسوف یعنی سورج گرہن کہتے ہین اور یہ بات کہ چاند اپنی کمودت
وظلام اصلی کی وجہ سے بے نور ہو کر مرئی نہ ہونا چاہیئے تھا اسواسطے کہ اس قدر رویت کیلئے بھی
فی الجملہ روشنی کی ضرورت ہے کیا معنی کہ یہ امر علم مناظرہ مین مبرہن ہے کہ رویت مین نور داخلی
یعنی بینائی اور نور خارجی یعنی روشنی خواہ نوری ہو خواہ ناری واسطہ اور سفیر ہین تو جسطرح ناظر ورائی
کو بلا نور چشم (یعنی بینائی) منظورات مدرک نہین ہوتے اسیطرح بغیر روشنی اور اُجالے کے بھی

مبصرات دریافت ہو نہین سکتے غرض دونون نور داخلی وخارجی ملکر سفیر رویت اور واسطۃ النظر فی المنظورات ہوتے ہین ورنہ اندھا بھی بینا کی طرح ہر چیز کو جو روشن ہو دیکھ لیتا اور بینا ظلمات مین بھی ادراک جمیع مبصرات کرتا یہ خلاف مشاہدہ ہے اس کا بطلان محتاج برہان نہین پس کسوف شمس مین قمر کو اگرچہ تاریک ومظلم ہے بدولت اُن اشعۂ مزلقہ شمسیہ کے جو قمر کے اس حصہ پر پڑتے ہین جو شمس کے محاذی ہے اور پھر چونکہ قمر کروی الشکل صیقل الجرم ہے وہ پھسلتی ہوئی شعاعین قمر کے اُس حصہ پر (جو ہمارے محاذات مین ہے) پھیل جاتی ہین تو فقط اُتنے اُجالے کی بدولت یہ سیاہ ٹکیہ بھی ایک رنگ مرئی ہوتی ہے جیسے دن مین دھوپ جب مکان کے صحن مین ہوتی ہے مگر اس سے اچٹتی ہوئی روشنی کی بدولت آپ کے کمرے مین بھی اُجالا رہتا ہے شب تاریک کی طرح کمرہ تاریک نہین رہتا اسی طرح قرص قمر کا اپنے خسوف تام مین مرئی ہونا اس وجہ سے ہوتا ہے کہ ہوا کرۂ زمین کے گرداگرد سینتالیس میل کے دَل مین زمین کو گھیر ہوئے ہے جب اشعۂ شمسیہ اس ہوای محیط پر پڑتی ہین وہین سے کج ہو کر جانب بالا اُچٹتے ہوئے سایہ زمین کے ساتھ ملکر قمر منخسف پر پڑتی ہین اسی سبب سے اگرچہ خسوف تام ہو ماہ منخسف تانبے کی شکل دکھائی دیتا ہے غرض اس سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ اجتماع مین قمر کا ایک حصہ نصف سے کچھ زیادہ روشن رہتا ہے تو کسوف کا کسی جگہ ہونا اور کہین نہ ہونا ممکن ہے اور زمین کا مخروطی سایہ تمام قمر کو اپنی تاریکی مین گھیر لیتا ہے یعنی بے نور کر دیتا ہے تو اس زمین کے کسی موضع مین خسوف کا واقع ہونا اور کہین نہ ہونا ممکن نہین خیر یہ بات تو طے ہو گئی دوسرے آپکے شبہات کے جواب باقی رہے ایک شبہ تو یہ کہ کسوف و خسوف کی یہ حقیقت تھی جو مجملاً مذکور ہوئی پھر اسکو فرو بردن تنین یعنی اژدہے کے نگلنے کے ساتھ تعبیر کرنیکی وجہ یہ ہے کہ منطقۂ فلک مائل قمر اور منطقۂ فلک ممثل کے موضع تقاطع کو جو شمالی ہے راس اور جنوبی کو ذنب کہتے ہین یعنی سر و دُم تنّین کیا معنی کہ دونون منطقون کے دو نصف حصون کے درمیان قریب کے جانب عند الوہم ایک اژدہے کی شکل متشکل ہوتی ہے یہ دونون موضع تقاطع کے اسکے سر اور دُم متصور ہوتے ہین چنانچہ شارح چغمینی فرماتے ہین لانہم شبہوا الشکل الحادث بین نصفی المائل والممثل من الجانب الاقرب بالتنین فیکون احدی العقدتین راسا والاخری ذنبا غرض قمر کے عقدۂ راس مین آنے کو تنین کے نگلنے کی اول حالت سمجھنی چاہیئے اور عقدۂ ذنب مین ہونے کو آخر حالت جیسے غذا اسفل معدہ مین منحدر ہونے کے ہوتی ہے تصور کرنی چاہیئے۔ غرض جیسے یہ تنین کی

۹۷ چونکہ منطقۂ فلک ممثل منطقۃ البروج کے سطح مین ہے اور قطبین بھی منطقۃ البروج کے اور قطبین بھی ان دونون کے سمت الرأس اور ایک ہی جا مین واقع ہین لہذا منطقۂ فلک ممثل منطقۃ البروج بھی اسی لحاظ سے کہہ دیتے ہین اسکے شمال و جنوب ہین اسی سے فلک ممثل کی حرکت بھی خلاف حرکت فلک البروج ہے۔

کسوف و خسوف کی حقیقت تھی جو بیان ہوئی پھر اژدہے کے نگلنے کے ساتھ کیون تعبیر کرتے ہین۔

شکل واہمہ نے گھڑلی ہے اسیطرح ان عقدون مین سیارہ کے داخل ہونے کو اسکے نگلنے کا تصور باندھ لے سکتے ہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

دوسرا وہ شبہ کہ جب کسوف وخسوف کی یہ حقیقت ہے تو خواہ مخواہ ان اوقات سے ڈرانا معظمات اور مہمات سے تصور کرنا چنانچہ شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نماز ودعا صدقات کے لیئے ارشاد فرمانا کس لیئے ہے تو مختصر عرض کرتا ہون ملاحظہ فرمائین ہر فاعل کے لیئے مفعول پر شرف دیاگیا ہے سبب شرف وعزت وہی فاعلیت ہے یعنی ذات فاعل مین شرف وعزت وصف فاعلیت کی بدولت ہوا کرتا ہے اسی کی کوئی خصوصیت نہین ہر موصوف ذی شرف مین وصف ہی سے شرف ہے تو مدار عزت وشرف صفت کو کہنا چاہیئے مثلاً سلطان اور حاکم کا اپنی رعیت اور محکوم پر شرف بیّن ہے وہ اس وجہ سے نہین کہ وہ ایک شخص من الاشخاص ہے بلکہ اسکی وصف حکومت اور سلطنت یعنی غلبہ نے اسکو سب پر شرف دے رکھا ہے اگر کسی جگہ اسکے غلبہ مین فتور اسکے احکام کے انفاذ مین قصور پڑجاے اور اس کی سلطنت کی دست درازی حکومت کی قادر اندازی کسی عائق ومانع کی وجہ سے کہین پر رُک جاے جتنی دیر کے لیئے اور جن جن اقوام کے لیئے مسلوب الوصف ہے مسلوب الشرف والعزۃ بھی ہوگا کس واسطے کہ حاکم کے شرف اور عزت کا سبب حکومت یعنی اسکا انفاذ حکم ہی ہے اگر پادشاہ تخت حکومت پر جلوس فرما ہو حسب دستور اپنے فرامین کا اجرا وانفاذ طلب کرے ایسے وقت کوئی امر اُسکے حکم کو نفوذ وجریان سے روک دے اور اس حاکم کو مجبوراً اس عائق سے اُلٹا اثر پذیر ہونا بھی پڑے تو اسوقت اُس حاکم کو مسلوب الحکم نہ کہیئے تو اور کیا کہیئے گا معہذا یہ ادبار اگر کسی بڑے سے بڑے مقبل پر آپڑے تو بہت بڑے خوف اور عبرت کا مقام ہوگا مارے دہشت کے اپنی اپنی خیر منانی پڑجائیگی اس سے جو کوئی بڑا پادشاہ اعلیٰ حاکم ہوگا اُسکی پناہ ڈھونڈھی جائیگی۔ پس اب آپ خیال فرمائیے مثلاً پادشاہ اختران نیر خاوران عین اجلاس مین یعنی دن کے وقت جو اس کے اجلاس کا زمانہ ہے اپنے محکوم ورعیت یعنی زمین وزمانیون پر اجرای حکم وانفاذ فرمان جیسے تنویر عالم تلوین فلزات تجلیۂ معدنیات تصویر ما فی الارحام سے (جن امور پر احکم الحاکمین سے اس کو قدرت ملی ہے) کسی وجہ سے تھوڑی ہی دیر کے لیئے سہی وہ عاجز آئے یعنی اُس سے یہ اقتدارات چھن جائین العظمۃ للہ کیسے خوف اور دہشت کا وقت ہے اسی وجہ سے اس وقت حاملہ عورتونکے خور ونوش مین احتیاط اور عام طور پر کھانے پینے کا پرہیز کیا جاتا ہے انسان ہی کی

کسوف وخسوف ایک امر فطری اجتماع وتقابل شمس وقمر سے ہوتا ہے پھر شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام اس سے کیون خوف دلاتے ہین ان اوقات مین نماز وعبادات کی کس لیئے ہدایت فرماتے ہین

کوئی خصوصیت نہین لکڑی پتھر اناج میوہ جس جس پر اسکا حکم اور اسکی اصلاح تھی سوء تدبیر سے بلا اثر پڑتا ہے یہ بات کچھ خلاف توحید نہین آپ دیکھتے ہین آگ کی ممارست سے گرمی بڑھیگی اور پانی کی مجاورت سردی بخش ہوگی اور جس جگہ مثلاً گرمی کی ضرورت تھی بروقت وہ گرمی وہان نہ پہونچی مزاج اُس شے کا فاسد ہوگا اور ان مین صفت گرمی و سردی کی ذاتی نہین مستعار ہے موثر حقیقی بحکم یا نار کونی برداً وسلاماً مالک امر احکم الحاکمین ہے ہان اگر کسی نے انہین کو موثر حقیقی بتلایا البتہ خلاف توحید ہوگا۔ اسیطرح جب سلطان انجم کا تسلط اسکی زمین اور زمینیون پر سے اُٹھ جاوے بہت سی قباحتین اور کئی قسم کے فساد آتے ہی دیر مین اسکے لشکر کے سر مین پیدا ہو جاوے کیا بعید ہے اب بجز اسکے کہ ہم اپنی اپنی خیر منائین اُس احکم الحاکمین الملک المقتدر کو (جس نے اسکو بہت قلیل عرصہ کے لئے سہی عزل ...کر دیا ہے) دعا و صدقات سے راضی کرین اور کیا کیا جاوے۔ ایک معمولی ضروری بات سمجھکر بے خوف ہو جانا بے وقوفی ہے شقاوت ہے اعاذنا اللہ تعالیٰ شانہ یعنی ایسی بڑی مخلوق باری عز اسمہ جس سے ایک عالم فیض یاب ہے...... جب اُن پر صورت عتاب ہے تو ان کے پرستش کنندگان وغیرہم کو نہایت عبرت کی جگہ ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

واضح ہو کہ یہ اجتماع و اشتراک (جو واو عاطفہ کی وجہ سے ہوتا ہے) کبھی عطف چند اسمون کا کسی ایک فعل مین ہوگا جیسے احمد و محمود و حامد آمد یعنی حصول صرف مجیئت کا ان تین شخصون سے ہوا۔ کبھی عطف چند فعلون کا ایک اسم مین جیسے زید آمد و نان خورد و برفت یعنی حصول آنے اور روٹی کھانے اور جانے کا صرف زید سے ہوا۔ کبھی عطف حصول چند جملون کے مضمون کا (خواہ اسمیہ ہون خواہ فعلیہ) جمع کیا جاتا ہے جیسے احمد آمد و محمود بنشست و حامد برفت یعنی آمدن احمد و نشستن محمود و رفتن حامد کا حصول بذریعہ واو عاطفہ کے جمع کیا گیا ہے۔ اور یہ واو زائد بھی ہوتا ہے یہان زائد سے میری یہ مراد ہے کہ اگر وہ لفظاً حذف کر دیا جاے معنی ویسے کے ویسے بنے رہین۔ بلکہ اسکے لئے معطوف علیہ بتکلف تاویل حاصل کیا جاتا ہے خواجہ جمال الدین سلمان کا شعر ہے **شعر** ملجا من درشاہ است وللہ الحمد ٭ کہ مرا بخت بدین ملجا و ماوا آورد ٭ اور یہ اکثر دوسری نوع کے حروف عاطفہ اور لیکن اور اس کے مخففات کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے فردوسیؒ **شعر** بہ بینیم تا اسپ اسفندیار ٭ سوے خانہ آید ہمی بے سوار ٭ و یا بارۂ رستم جنگجو ٭
یہان واو عاطفہ تردیدیہ کے ساتھ ہے

بآخر نہد بے خداوند روے ٭ نظامیؒ **شعر** وگر خدمت شاہ را در خورست ٭ مرا ہم خداوند و ہم خواہرست ٭
یہان واو ہم عاطفہ کے ساتھ ہے ۱۲

کبھی چند اسمون کا ایک فعل مین شریک ہونا

کبھی چند فعل ایک اسم مین جمع ہوتے ہین

کبھی مضمون چند جملون کا

کبھی واو عاطفہ زائدہ

ولہ زحکمے کہ آن در ازل راندہ ؛ نگردد قلم زانچہ گرداندہ ؛ ولیکن بخواہش من حکم کش ؛ کنم زین سخنہا دل خویش خوش ؛ اور محاورہ عرب بھی اسیطرح ہے چنانچہ اس آیت شریف مین فَلَمَّا اَسْلَمَا وَتَلَّہٗ لِلْجَبِیْنِ وَنَادَیْنَاہُ اَنْ یَّااِبْرَاھِیْمُ سبع معلقہ کے پہلے قصیدہ مین یعنی امرء القیس کے اس شعر مین شعر فَلَمَّا اَجَزْنَا سَاحَۃَ الْحَیِّ وَانْتَحٰی ؛ بِنَا بَطْنُ خَبْتٍ ذِیْ حِقَافٍ عَقَنْقَلٖ ؛ اخفش یعنی آئمہ کوفہ کے نزدیک ان امثلہ مین واو زائد ہے کیا معنی کہ وہ خواہ مخواہ کے تکلفات کو پسند نہین کرتے ۔ آیہ مجیدہ مین وَنَادَیْنَاہُ کو جواب فَلَمَّا اَسْلَمَا الخ کا قرار دیتے ہین اور شعر امرء القیس مین وَانْتَحٰی بِنَا کو جواب فَلَمَّا اَجَزْنَا الخ کا اور یہ بات مسلمات سے ہے کہ لَمَّا کے جواب مین واو کا کچھ کام نہین ہے خواہی نخواہی اس کو بجز زائدہ کہنے کے گریز نہ ہوگا ۔ مگر بصریوں کے نزدیک حرف کو حشو اور زائد قرار دینا پسند نہین جہانتک ممکن ہو تاویل کرتے ہین چنانچہ امثلۂ مذکورہ مین جواب لَمَّا کا محذوف مانتے ہین یعنی آیت کریم مین اتنا مقدر جانتے ہین فَلَمَّا اسلما وتلہ للجبین ونادیناہ ان یا ابراھیم الایۃ کان ما کان مما ینطق بہ الحال ولا یحیط بہ الوصف من استبشارھما واغتباطھما وحمدھما للہ رب العالمین اور شعر مذکور مین جواب لما اجزنا اسکے بعد کا شعر ھصرت ؎ بفودی راسھا فتمایلت ؛ علی ھیضم الکشح ریا المخلخل ؛ قرار دیتے ہین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

اور کبھی یہ واو عاطفہ حذف بھی کیا جاتا ہے سعدیؒ شعر اسیر بند شکم را دو شب نگیرد خواب ؛ شبے ز معدہ سنگی شبے ز دلتنگی ؛ اے وشبے ز دلتنگی ۔ اسی طرح یہ شعر ؎ قربان شوم ترا کہ ندانستہ ہنوز ؛ اخلاص من محبت من اعتقاد من ؛ حافظؒ شعر جور بیکہ از تو دیدم در دیکہ از تو بردم ؛ گر شمہ بدانی شاید کہ رحمت آری ؛ اے ودر دیکہ از تو بردم ۔ اس بات کو یاد رکھنا چاہیئے کہ یہان مراد ہماری حذف سے حذف لفظاً ہے نہ معنیً یعنی یہان عاطفہ اگرچہ لفظون مین نہین ہے مگر معنون مین مقدر مانا جائیگا اور یہ اس صورت مین ہوتا ہے کہ معطوف علیہ اور معطوف مین کوئی وجہ جامع یعنی ان مین کچھ مناسبت اور علاقہ ایسا ہو جس سے معطوف معطوف علیہ کے ساتھ ایک حکم مین شریک کر دیا جاے اگر اُن مین یہ وجہ جامع نہ پائی جائے یا در صورت عطف ایہام خلاف مقصود کا ہو تو واؤ عاطفہ تقدیراً بھی مانا نہ جائیگا جیسے اس مصرع مین امیر خسروؒ ع بوسہ گرفتم از لبش ؛ یک دو سہ چار پنج شش ؛ اگر یہان عطف کے ساتھ یک و دو وسہ و چار و پنج و شش کہا جاتا تو موہم جمع کا ہوتا اس سے تعیین عدد یعنی بست و یک مراد ہوتی سو یہ خلاف مقصود قائل ہے

(بین السطور: واو زائدہ مع لیکن ۱۲ — اے توسط واو عاطفہ تقدیراً ۱۲)

(حاشیہ: قلما الخ ؎ آن قوم در آتش ... ؎ ...)

(حاشیہ: ھصرت الخ ...)

(حاشیہ: واو عاطفہ حذف بھی کیا جاتا ہے یہان حذف سے مراد ہے لفظاً حذف ...)

(حاشیہ: واو عاطفہ کہان مقدر نہین ...)

بخلاف شعر مشہور "نہ اندر نہ آمد سہ اندر چہار" مین واوِ عاطفہ مقدّر ہے اے نہ اندر نہ آمد وسہ اندر چہار کیا معنی کہ نہ در نہ وسہ در چہار ان دونون کے حاصلضرب کا مجموعہ یعنی نود۹۳ وسہ مقصود ہے چنانچہ بیان دلالت مین مذکور ہوا اصطلاح علم معانی مین اس ترک عطف کو فصل اور عطف کرنے کو وصل کہتے ہین اس کی زیادہ تفصیل فن بلاغت کا منصب ہے - اور یہ بھی سن لیجئے کہ اس واو عاطفہ کو اسی طرح ساکن رکھکر اُس کے حرف ماقبل کو بمجاورت ومناسبت واوٗ ضمہ دیا جاتا ہے اور اس ضمہ کو کبھی عطفؔ اشباع اور پُرسی کے ساتھ پڑھتے ہین وہ حرف ماقبل سواے ہاے مختفی کے خواہ حرف علت ہو یا غیر اوّل جیسے حافظؒ شعر غنیمت دان می وخور در گلستان ٭ کہ گل تا ہفتہ دیگر نباشد ٭ ثانی جیسے نظامی رح شعر چنان آفریدی زمین وزمان ٭ ہمان گردشِ انجم وآسمان ٭ مگر ہاے مختفی چونکہ مظہر حرکتِ حرفِ اخیر کلمہ ہے اور نیز وہ مختفی ہی ظاہر نہین اُسپر ایک ہمزۂ مضمومہ مان لیا جاتا ہے لیکن اضافت واتصاف مین جسطرح ملفوظ ہوتا ہے مکتوب بھی ہوتا ہے اور یہان رسم الخط مین سواے ملفوظ کے مکتوب نہین ہوتا جیسے اس شعر مین حافظ رح شعر بنوش جام صبوحی بنالۂ دف و چنگ ٭ ببوس غبغب ساقی بنغمۂ نے و رود ٭ نظامیؒ شعر تیغ نہ وزخم نے اندازہ چیست ٭ کوس نہ وابن ہمہ آوازہ چیست ٭ وگرنہ اسی ہاے مختفی کو حرکت دیجاتی تو وہ مظہر وعلامت نہ رہتی ایک مستقل حرف بنجاتی اور نیز وہ مختفی بھی نہ رہتی ہاے ظاہر بنجاتی اسی طرح جب الف کو اُسکے اصلی سکون پر باقی رکھا جاتا ہے تو ایک ہمزۂ مضمومہ اشباع کے ساتھ زیادہ کیا جاتا ہے نظامی رح شعر دو وارث شما از دو کان کہن ٭ ترا در سخا و مرا در سخن ٭ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

اور کبھی عطفؔ بلا اشباع صرف ضمہ کے اظہار پہ کفایت کرتے ہین اس صورت مین یہ واوٗ صرف مکتوب ہوتا ہے ملفوظ نہین ہوتا حرف ماقبل سواے ہاے مختفی اور حرف واجب السکون کے چاہے کوئی ہو- حافظ شعر سلطان ونکرِ لشکر و سوداے تاج وگنج ٭ درویش وامن خاطر و کنج قلندری ٭ نظامیؒ شعر برآراستہ بزمے از ناے ونوش ٭ بلطفے کہ بردی ز بینندہ ہوش ٭ اور درصورت ہاے مختفی وحرف واجب السکون وہی ہمزۂ مضمومہ واوِ اشباعی کی طرح زیادہ کیا جائیگا حکمی مصرعہ اے خوشا کس کہ بود مردہ ونامش زندہ ٭ نظامیؒ شعر توانا ودانا بہر بودنی ٭ گنہ بخش وبسیار بخشودنی ٭ ورنہ یہان بھی وہی خرابی پیش آئیگی جو اشباع مین آئی - اور کبھی حرف ماقبل اسکی حالت وقفی پر

فصل ووصل کا بیان

واو عاطفہ کا بیان

واو عاطفہ غیر اشباع کا بیان

چھوڑ دیا جاتا ہے اور اس واؤ کو اتباعاً للعرب متحرک بحرکت فتح کر دیتے ہین چاہے حرف ماقبل کوئی ہو۔ حافظ رح شعر آرزو می کُندم وازتو چہ پنہان دارم ٭ شیشۂ بادہ و کنجے و رُخ زیبائے ٭ ولہ تکیہ بر تقوی و دانش درطریقت کافریست ٭ راہ رو گرصد ہنر دارد توکل بایدش ٭ ولہ رہ خلوتگہ خاصم بنما تاپس ازین ٭ می خورم باتو و دیگر غم دنیا نخورم ٭ خواجہ جمال الدین سلمان شعر داراے عہد شیخ حسن آنکہ خدمتش ٭ چرخ دوتا بچار و ناچار می کند ٭ بعض متفننین نے بادہ و کنجے ورخ وتقوے و دانش اور تو و دیگر اس نوع کو غیر شبع مضموم الماقبل مین درج کیا ہے پس اس صورت مین ایک ہمزہ ہا مختفی اور واجب السکون والے کلمہ کی طرح اُسکے ماقبل ماننا ہوگا۔ اور چار و ناچار مین سکتہ کے قائل ہوئے چونکہ یہ واؤ عربی و فارسی مین مشترک ہے میرے نزدیک اولیٰ یہی ہے کہ عربی کی طرح واو مفتوح رکھا جاے۔ چنانچہ کوئی کلمہ بترکیب عربی مذکور ہوتا ہے اسی طرح مفتوح رکھا جاتا ہے جیسے اس شعر مین نظامی رح شعر نام تو بر حاشیۂ دل رقم ٭ حکم تو فرمان دہِ نون وَالقَلَم ٭ خواجہ جمال الدین سلمان شعر ملجا مین درشاہ ست وَلِلّٰہِ الحَمد ٭ کہ مرابخت بدین ملجا و ماوا آورد ٭ اور وہ واو عاطفہ بھی مفتوح پڑھا جاتا ہے جو کسی شعر کے صدر[۱] یا مطلع[۲] مین واقع ہوتا ہے۔ اول جیسے فردوسی شعر و دیگر کہ گیتی ندارد درنگ ٭ سراے سپنجی چہ پہن و چہ تنگ ٭ حافظ شعر وانکہ پیشش بنہد تاج تکبر خورشید ٭ کبریائیست کہ درحشمتِ درویشان است ٭ ثانی جیسے حافظ رح شعر سکین چو من بعشق گلے گشتہ مبتلا ٭ وَانْدر چمن فگندہ بفریاد غلغلے ٭ یہ بھی یاد رہے کہ جب اس واؤ عاطفہ کے بعد کوئی کلمہ مصدر بالف ہو اس الف کی حرکت نقل کرکے واؤ کو دیتے ہین اور الف کو کبھی کتابۃً و تلفظاً حذف کر دیتے ہین جیسے وگر و ور و وز و وان و وین اور کبھی صرف تلفظ سے گرا دیا جاتا ہے کتابۃً باقی رکھا جاتا ہے جیسے اوپر کے شعر مین وَانْدر چمن فگندہ بفریاد غلغلے۔ یہ امر رسم الخط کے ساتھ تعلق رکھتا ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب موضع اس واؤ عاطفہ کا وہ ہے کہ معطوف کے سرے پر بلا فصل معطوف علیہ لایا جائے۔ مگر بعض وقت بحکم ضرورت ان مین فصل بھی واقع ہو جاتا ہے۔ امیر خسرو شعر نامہ کنید سوے وی وتا بدو رسم[۳] ٭ خاکستر م کنید و بران خط پراگنیت ٭ اے نامہ نویسید سوئے وے و مرا خاکستر کنید و بران خط پراگنید تا بدو رسم شعر مین تا دگر بارہ چون تاختم ٭ سخن را کجا سر برافراختم ٭ دوسرا حرف یا جیسے نظامی شعر بلیناس باکارداران روم ٭

[۱] صدر رکن اول مصرع اول کو کہتے ہین۔ [۲] مطلع رکن اول مصرع ثانی کو کہتے ہین۔ [۳] یہ نظم امیر خسرو کی اس غزل کا ہے جس مین بجائے دال پہلا تا شمالی التزام لائی گئی ہے۔

بعد واوٴ کے اگر کوئی کلمہ مصدر بالف ہو تو اسکی حرکت نقل کرکے واو کو دیتے ہین اور الف کو کبھی سرے سے حذف کرتے ہین کبھی باقی رکھتے ہین کبھی گرا دیتے ہین

واو عاطفہ اور معطوف کے درمیان فصل بھی واقع ہو جاتا ہے

سوے کید رفتند زان مرز بوم ولہ پریچہرہ با آن پری پیکران ÷ شدند از پے گنج و گوہر گران ÷ سعدیؒ
شعر رئیس دہے باپسر در رہے ÷ گذشتند بر قلب شاہنشہے ÷ رفتند و شدند و گزشتند بصیغہ جمع
بیان کرنا اسکے عاطفہ ہونے پر دلیل ہے ۔ اگر بمعنی مع لیا جاتا (چونکہ بلیناس اور پریچہرہ اور رئیس دہ
مفرد ہین) رفت اور شد اور گذشت کہا جاتا۔ سعدیؒ شعر فرق ست میان آنکہ یارش در بر ÷ با آنکہ
دو چشم انتظارش بر در ÷ اے فرق ست میان آن و آن الخ علی خراسانی شعر می دود چون باد بر شیب و فراز
این جہان ÷ پیش عاشق در طریقت کوہ با صحرا یکے ست ÷ تیسرا تا جیسے نظامیؒ شعر وگر بامداد ست
راہم بتست ÷ ہمہ روز تا شب پناہم بتست ÷ اے ہمہ روز و ہمہ شب ۔ کیا معنی بندہ خداوند تعالیٰ
عز اسمہ کی پناہ کا ہر دم ہر آن محتاج ہے ۔ ظہوریؒ شعر تفاوت کفر و دین آمد بمعنی ÷ میان عدل او
تا عدل کسریٰ ÷ اے میان عدل او و عدل کسریٰ ۔ اور یہ تا جسطرح عربی مین حتےٰ جارہ کے
معنے مین مستعمل ہوتا ہے جس کا بیان حروف جارہ مین گزر چکا ۔ حتےٰ عاطفہ کے معنے مین بھی
مستعمل ہوتا ہے جیسے اَکَلْتُ السَّمَکَۃَ حَتّٰی رَأْسَھَا یعنے مچھلی بھی کھائی اور اسکا سر بھی ۔ نظامیؒ
شعر سکندر بآن شاہ فرخ نژاد ÷ شبانگاہ بگریست تا بامداد ÷ یعنی اسقدر غم کیا کہ رات بھر روتے
گزری اور صبح بھی تھک کر بیٹھ گیا روتا رہا ولہ ز بے آبیم سینہ سوزد درون ÷ قدم تا سرم غرق
دریاے خون ÷ چوتھا ہم جیسے امیر خسروؒ شعر نیست پشیمانیش ارزر دہد ÷ ہم بود آن لحظہ
کہ کمتر دہد ÷ اے و بود پشیمانی آن وقت کہ الخ بیدلؒ شعر مردہ ہم فکر قیامت دارد ÷ آرمیدن
چہ قدر دشوار ست ÷ اس لفظ کے خصوصیات سے ہے کہ معطوف و معطوف علیہ ہر دو پر داخل
ہوتا ہے نظامیؒ شعر ہم اورا دان ہم فرس راہوار ÷ زہے شاہ مرکب زہے شہسوار ÷ اور کبھی
تعیین و تاکید معنی عطفی کے لئے اسکے ساتھ واو عاطفہ بھی لے آتے ہین نظامیؒ شعر وگر خدمت
شاہ را در خورست ÷ مرا ہم خداوند و ہم خواہرست ÷ بعض مقننین نے اسکے معطوف و معطوف علیہ
صاحب بہار عجم
کا جملہ ہونا واجب جانا ہے سو یہ کوئی بات نہین ۔ مفرد اور جملہ ہر دو پر داخل ہوتا ہے مفرد جیسے
نظامیؒ شعر اے بزمین برچہ فلک نازنین ÷ نازکشت ہم فلک و ہم زمین ÷ جملہ جیسے اوپر کا شعر
"ہم اورا دان ہم فرس راہوار" اور اسکا معطوف کے اول و آخر ہر دو جگہ لانا جائز ہے اول جیسے اوپر
کے اشعار مین اور آخر نظامیؒ شعر وان بیکے دانہ ز راہ کرم ÷ حلہ بر انداختہ و حلیہ ہم ÷

ہم بیکار نہ عاطفہ

ہم عاطفہ کے ساتھ بنظر تاکید واو عاطفہ بھی لایا جاتا ہے

ہم عاطفہ معطوف کے اول و آخر ہر دو جگہ لانا جائز ہے

اے حلہ وہم حلیہ برانداختہ۔ اور جس طرح واو عاطفہ کے ساتھ جمع ہوتا ہے۔ نیز عاطفہ کے ساتھ بھی جمع ہوتا ہے نظامیؒ شعر تا سخن آنجا کہ برآرد علم ٭ حرف زبادست زبان نیز ہم ٭ اے حرف از قبیل باد و زبان نیز یا زبان ہم از قبیل بادست۔ اور اسکا مزید علیہ ہمان بھی مستعمل کلام فصحا ہے نظامیؒ شعر چنان آفریدی زمین و زمان ٭ ہمان گردش انجم و آسمان ٭ کہ چندانکہ اندیشہ گرد و بلند ٭ سر خود برون ناورد زین کمند ٭ اے و گردش انجم و آسمان ولہ نہنگی بما برگذر کردہ گیر ٭ ہمان گنج ناخوردہ را خوردہ گیر اے و گنج ناخوردہ الخ۔ اور اسکے ساتھ بھی نیز عاطفہ کا جمع کرنا جائز ہے نظامیؒ شعر ز مرکوب دیبا و صد گونہ چیز ٭ ہمان خلعت پادشاہانہ نیز ٭ اے و خلعت پادشاہانہ الخ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

پانچوان نیز عاطفہ جیسے نظامیؒ شعر شکستہ بسے را ہم بستہ ام ٭ بسے بستہ را نیز بشکستہ ام ٭ اے بسیار شکستگان مظلوم را قوی کردہ ام و بسیار ظالمان قوی را بشکستہ ام ولہ ہزارم پذیرفتہ را داد و زود ٭ بسے چیز ہا نیز در وے فزود ٭ ولہ بہر خانہ کہ جان ستان دیدمت ٭ قوی دست و چابک عنان دیدمت ٭ بر انگشت نیز بینم شگرف ٭ حریفے نداری درین ہر دو حرف ٭ ہم کی طرح اس کا مکرر اور مقدم و موخر لانا بھی جائز ہے نظامیؒ شعر جہان عارت از ہر درے نے برد ٭ یکے آورد دیگرے نے برد ٭ نہ زوا مین اینانکہ ہستند نیز ٭ نہ آنانکہ رفتند رستند نیز ٭

چھٹا پس۔ یہ لفظ جمع مع الترتیب کے لیئے آتا ہے یعنی معطوف کو عقیب معطوف علیہ جمع کرنا منظور ہوتا ہے نظامیؒ شعر رہا کرد برانجم اسباب را ٭ بہ داد گہوارۂ خواب را ٭ پس آنگہ قلم بر عطارد شکست ٭ کہ اُمّی قلم را نگیرد بدست ٭ محقق فرزانہ صاحب بہار عجم نے پس آنگاہ کو بمعنی بعد ازان فرمایا ہے کیا معنے کہ یہان پس عاطفہ نہین بلکہ معنے بعد ازان مین لفظ پس کا بھی دخل سمجھا ہے اور اسی شعر مذکور سے استشہاد کیا ہے۔ مگر میرے نزدیک یہان لفظ پس عاطفہ ہے (چونکہ آن اسم اشارۂ بعید اور گاہ ظرف زمانی بمعنے وقت ہے) معنے بعد ازان کے صرف لفظ آنگاہ سے لیئے گئے ہین۔ جیسے اس شعر مین نظامیؒ شعر بشکرم رسان اول آنگہ بگنج ٭ نخستم صبوری دہ آنگاہ رنج ولہ نخستین در پادشائی زنم ٭ دم از کار کشور کشائی زنم ٭ ز حکمت برآریم آنگہ سخن ٭ کنم تازہ تاریخہائے کہن ٭ بہ پیغمبری کو بم آنگہ ورش ٭ کہ خواندہ خدا نیز پیغمبرش ٭ سعدیؒ مصرعہ مردمیت بیازمائے و آنگہ زن کن ٭ مگر یہ ترتیب و تعقیب بلا مہلت ہونی چاہیئے اگرچہ اتمام و اکمال اس امر معقب

ہم عاطفہ کا نیز عاطفہ کے ساتھ جمع ہونا

ہم عاطفہ کا مزید علیہ ہمان بھی مستعمل ہے

ہمان عاطفہ کے ساتھ نیز عاطفہ بطور تاکید کے آسکتا ہے

نیز عاطفہ کا بیان

نیز عاطفہ بھی مکرر اور مقدم اور موخر ہم عاطفہ کی طرح مستعمل ہے

بیان پس عاطفہ

پس بعد مین سبب سے ہے بمعنے بعد ازان نہین ہے صرف آنگاہ بمعنے بعد ازان ہے

[illegible]

ومترتب کا مہلت وتراخی کے ساتھ زمان طویل مین ہو۔ سعدیؒ شعر باش تا دستش بہ بندد روزگار ٭ پس بکام دوستان مغزش برآر ٭ یہ حرف بعینہ عربی کے فا کی طرح ہے۔ کما قال اللہ عزوجل فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا اور جیسے عربی مین فا تفریع کے لیئے آتی ہے یہ لفظ پس بھی تفریع کے لیئے لایا جاتا ہے اور تفریع اور تعقیب مین بھی فرق ہے کہ تعقیب مین امر اول کو وجود امر ثانی مین کچھ دخل نہین ہوتا تفریع مین امر اول کو وجود امر ثانی مین ضرور دخل ہوتا ہے سعدیؒ شعر گر سنگ ہمہ لعل بدخشان بودی ٭ پس قیمت لعل و سنگ یکسان بودی ٭ یعنے جواہرات کا پتھرون کی طرح نے قدر و قیمت ہونا ان کے اسطرح کثیر ہونے کی وجہ سے ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

بیان تفریع
تفریع اور تعقیب مین فرق

ساتوان باز۔ یہ لفظ جمع مع الترتیب مین پس کی طرح ہے۔ مگر اس مین مہلت اور تراخی کا اعتبار زیادہ ہے جیسے عربی مین ثُمَّ اور ہندی مین پھر چنانچہ مولوی اوحدالدین بلگرامیؒ نفائس اللغات مین لفظ پھر کی تحقیق مین فرماتے ہین۔ پھر بکسر اول مخلوط التلفظ بہا و رای مہملہ در آخر بمعنے باز بعربی ثُمَّ الخ سعدیؒ شعر شکم آید کہ کسے سیر نگہ در تو کند ٭ باز گویم کہ کسے سیر نخواہد بودن اور اس لفظ کا معطوف کے اخیر بھی لانا جائز ہے نظامیؒ شعر برآسود روزے دو در لہو و ناز ٭ ز مشکوے دارا خبر جست باز ٭ اسے اول چند روز در لہو و ناز گذاشت و بعد ازان از مشکوی دارا خبر جست۔ اور اس کے ساتھ واو عاطفہ کا لانا بھی جائز ہے حافظؒ شعر زان روے نکو چشم بدان دور کہ امروز ٭ بر مہ زدہ طعنہ و بر خور زدہ باز ٭ اسے و بعد ازان برخورشید طعنہ زدہ۔

بیان لفظ باز

آٹھوان کاف عاطفہ جو واو کی طرح مطلق جمع کے لیئے آتا ہے۔ سعدیؒ شعر اے بسا اسپ تیز رو کہ بماند ٭ کہ خر لنگ جان بمنزل برد۔ اور ہا متصلہ مختفی بھی دو جملون کے مضمون کے جمع مع الترتیب کے لیئے لایا جاتا ہے اور اسکے مدخول کا فعل ماضی صیغہ واحد غائب ہونا واجب ہے جیسے عالی کہتا ہے شعر چون دانہ تسبیح بدست اے در یکتا ٭ آخر بصد آمین و دعا آمدہ رفتی چنانچہ کچھ بیان اسکا مقدم گذر چکا ہے وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب اور حروف عاطفہ مین سے نہ ہے جو مفردات پر داخل ہوتا ہے اور اس مفرد سے نفی اس حکم کی کیجاتی ہے جو کہ اس مفرد کے متبوع (یعنی معطوف علیہ) مین تعیین کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ اس کے

کاف عاطفہ کا بیان
ہای متصلہ مختفی عاطفہ کا بیان

ما قبل جملہ خبریہ موجبہ یا امر کا ہونا ضرور ہے اور اس کے بعد اسم مفرد (یعنی غیر خبر) کا ہونا واجب جیسے رفت زید نہ عمرو۔ سعدیؒ شعر ترک دنیا و شہوت ست وہوس ٭ پارسائی نہ ترک جامہ ولبس ٭ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

بیان کلمات عاطفہ تردیدیہ

اور حروف عاطفہ مین سے یا و اگر و خواہ اور کہ و واو بمعنی یا ان کو حروف عناد و تردید بھی کہتے ہین ان پانچ حرفون مین سے کوئی حرف جن کلمون یا کلام کے درمیان واقع ہوتا ہے ان مین سے ایک امر غیر معین لا علے التعیین مراد ہوتا ہے۔

یا اور اگر اور خواہ ان تینون کلمون کو معطوف و معطوف علیہ دونون پر لانا جائز ہی

جاننا چاہیئے کہ یا اور اگر اور اس کے مخففات گر و ار اور خواہ۔ ان تینون کلمون کو معطوف و معطوف علیہ ہر دو پر لانا بھی جائز ہے بخلاف کاف و واو عنادیہ کہ فقط معطوف کے سرے پر یعنی صرف معطوف علیہ اور معطوف کے درمیان مین لاتے ہین امثلۂ آتیہ اس دعوے کے شاہد ہین۔

یا اور خواہ کے استعمال مین فرق ہے یا نہین

اور یہ بیان بھی سن لیجیئے کہ صاحب جواہر الحروف یا کے استعمال کو اس جگہ مخصوص رکھتے ہین کہ جہان معطوف و معطوف علیہ مختلف الکیفیت ہون یعنی ایک مثبت تو دوسرا منفی ہو اور استعمال مدخول خواہ کو متفق الکیفیت مین مختص سمجھتے ہین یعنی معطوف و معطوف علیہ ہر دو کا مثبت ہونا ضروری سمجھتے ہین چنانچہ جواہر الحروف مین بیان کلمات عناد کے تحت مین فرماتے ہین "وفرق بینہما آنست کہ مدخول خواہ در ہر دو جا مثبت می باشد و مدخول یا در یکے منفی و دیگر مثبت انتہیٰ" میرے نزدیک یہ شرط و اختصاص ناصواب ہے اشعار مذیلہ استشہاد ما فی الباب ہے۔

یا کا استعمال متفق الکیفیت مین

نظامیؒ شعر چنانش دہم مالش از تیغ تیز ٭ کہ یا مرگ خواہی زمن یا گریز ٭ ولہ کسے کو بران اژدہا بگزرد ٭ ہمان ساعتش یا کشد یا خورد ٭

یا کا استعمال خبر اور انشا دونون مین جائز ہے

اسکا استعمال خبر و انشا ہر دو مین برابر جائز ہے خبر جیسے امثلۂ مذکورہ مین انشا جیسے نظامیؒ شعر یا علی در صف میدان فرست ٭ یا عمرے بر سر شیطان فرست ٭ ولہ یا چو غریبان پئے رہ توشہ گیر ٭ یا چو نظامی ز جہان گوشہ گیر ٭ یہ امثلہ اتفاق کیفیت کی تعیین

یا کا استعمال اختلاف کیفیت مین

اور اختلاف فے الکیفیت جیسے طالب آملی شعر ناز و کرشمہ بود در آئین حسن لیک ٭ مہر و وفا ندانم یا بود یا نبود ٭ سعدیؒ شعر یا مکن با پیلبانان دوستی ٭ یا بنا کن خانہ در خورد پیل ٭ اور کبھی

کبھی حرف تردید لفظاً حذف کر دیتے ہین

اس حرف تردید کو لفظاً حذف کر دیتے ہین۔ مولوی معنویؒ شعر فتوئیت اینست اے بہ بریدہ دست ٭ کاندر آئی و نگوئی امر ہست ٭ بو حنیفہ داد این فتوئی ترا ٭ شافعی گفتست این امر نا سزا ٭

اے یاشافعی الخ زین خان کوکلتاش **شعر** یک شب چہ عشرت توان کرد باتو ٭ تماشا کنم می خورم رازگویم ٭ اے تماشا کنم یامے خورم یارازگویم۔ آور کبھی اس حرف تردید کو صرف معطوف علیہ پر لے آتے ہین صوفی کا شعر ہے **شعر** یاصوفی رازلعل خود کام دہید ٭ ورکام ندہید دشنام دہید ٭ اے یاصوفی راکام دہید یادشنام دہید۔ اور ممکن ہے کہ یہان یاے تردید یہ بجاے حرف شرط اگر کے مستعمل ہوا ہو جیسے اداۃ شرط موضع تردید مین مستعمل ہوجاتے ہین۔ اب اس شعر مین یہ تاویل ہوگی اگرصوفی رازلب خود کام دہید فبہا واگرندہید دشنام دہید اور ممکن ہے کہ یہان (ورکام ندہید مین) حرف شرط ار جبطرح اکثر بوقت تکرار معنی تردید کا افادہ کرتا ہے اسیطرح بوجہ تقابل یاے تردید مفید معنی تردید ہو وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

دوسرا لفظ اگر۔ یہ بھی موضع تردید مین استعمال کیا جاتا ہے بعض مقننین نے اس استعمال کو اہل سرخس کے ساتھ مخصوص بتلایا ہے سو یہ کوئی بات نہین اہل سرخس وخراسان سب کے ہان اسکا استعمال برابر ہے خصوصاً قدما کے کلام مین یہ لفظ اکثر مستعمل ہے چنانچہ فراہانی علیہ الرحمۃ نے انوری کے اس شعر کو اس امر مین شاہد اپنے مدعا کا بنایا ہے اور فرمایا ہے **شعر** این طرفہ ترکہ ہست براعدات نیز تنگ ٭ پس چاہ یوسف است اگرچاہ بیزن است ٭ یعنی این جہان چاہ بیزن است بواسطۂ آنکہ بردشمن تنگ است یاچاہ یوسف است بواسطہ آنکہ ازبہر یاے تو برتوتنگ است۔ فردوسی رح **شعر** ستمگار خوانیمش ارداد گر ٭ ہنرمند دانیمش ارب ہنر ٭ اور یہ بھی سن لیجیے کہ یاے تردید کیطرح لفظ اگر بھی معطوف ومعطوف علیہ ہر دو پر لایا جاتا ہے اور اسی طرح مختلف الکیفیت ومتفق الکیفیت دونون موقعون مین استعمال پاتا ہے۔ اول یعنی اتفاق کیفیت مع تکرار حرف تردید جیسے نظامی رح **شعر** گرآسودہ ورنا توان می زیم ٭ چنانکہ آفریدی چنان می زیم ٭ دوسرا یعنی اختلاف کیفیت مع تکرار حرف جیسے نظامی **شعر** زتعظیم تو پیش تو ہست ونیست ٭ اگر باشد وگر نباشد یکیست ٭ یہ بات بھی ذرا توجہ کے ساتھ ملاحظہ فرمایئے کہ مینے یہان یہ عرض کیا ہے کہ لفظ اگر موضع تردید مین استعمال کیا جاتا ہے کیا معنی کہ بجاے اس لفظ اگر کے یاے تردید لائی جائے معنی درست رہین کوئی بگاڑ نہ آئے جیسے "ستمگار خوانیمش ارداد گر" مین ستمگار خوانیمش یاداد گر بھی کہہ سکتے ہین اور اسکے یہ معنی نہین کہ بجاے یاے تردید یعنے جہان یاے تردید استعمال

یاے تردید صرف معطوف علیہ پر بھی آتی ہے

بیان اگر تردیدیہ اور اسکا اہل سرخس سے مخصوص نہ ہونا

اگر کا یاے تردید کیطرح معطوف ومعطوف علیہ ہر دو پر لایا جانا اور اتفاق واختلاف کیفیت مین اس کا استعمال

یاے تردیدیہ اور اگر تردید مین فرق

کیا جاتا ہو اُس جگہ اس اگر کو استعمال کرسکین جیسے اشعار مذکورہ مین "چنانش دہم مالش از تیغ تیز ٭ کہ یا مرگ خواہی زمن یا گریز ٭ اور" یا مکن با پیلبانان دوستی ٭ یا بناکن خانہ درخورد پیل ٭ مین اگر مرگ خواہی زمن اگر گریزا ور" اگر مکن با پیلبانان دوستی ار بناکن الخ نہین کہہ سکتے۔ اسمین سر یہی ہے کہ در اصل یہ حرف شرط ہے اور اس کا مدخول جملہ شرطیہ ہے جس کا حاصل معنی مفہوم مردّد پر پہنچ جاتا ہے اسی واسطے اسکا مدخول سوا ے جملہ کے نہین ہوتا۔ اگرچہ صورت مین مفرد کے ہو اور یہ حرف شرط مکرر یعنی معطوف ومعطوف علیہ دونون جملون کے سرے پر لایا جاتا ہے اور جہان کہین صرف معطوف پر ہوتا ہی وہان بھی باعتبار حقیقت ایک حرف شرط جملہ معطوف علیہ کے سر پر ماننا ہوگا وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

تیسرا کلمات تردید مین سے لفظ خواہی اور اسکا مرخم خواہ ہے در اصل یہ خواستن سے مضارع حاضر کا صیغہ ہے اور خواہی خواہ کے مرخم کرنے مین وہی نکتہ تخفیف مدنظر ہے جو توانند سے توان کی ترخیم کرنے مین تھا کیا معنی کہ لفظ توان کی تخفیف لفظی کو تخفیف معنی یعنی عدم ذکر فاعل لازم ہے مگر مصرعۂ ثانی اس شعر ثانی مین جو توان شمرد کا فاعل پڑا ہوا ہے۔ نظامیؒ شعر پژوہندۂ دیگر آغاز کرد ٭ کہ دلہا نہ چندان سپہ ساز کرد ٭ کہ آنرا شمردن توان در قیاس ٭ کسانیکہ ہستند لشکر شناس ٭ الحاقی ہے میانجیون کی بے توجہی سے درج اصل کتاب ہوگیا ورنہ در اصل مصرعہ ثانی یہ ہے شمارندہ را در دل آید ہراس ٭ اور یہ مصرعہ ثانی بتقدیر حرف علت مصرعہ اولیٰ کی علت ہے یعنی اس وجہ سے شمار نہین کیا جاسکتا کہ شمارندہ خوف زدہ ہو جاتا تھا۔ خیر اسی طرح خواہ کی تخفیف لفظی کو حذف اداۃ شرط لازم اسی وجہ سے خواہی نخواہی وخواہ نخواہ بجاے طوعاً وکرہاً یعنی ناگزیر وناچار کے معنون مین اساتذہ کے کلام مین مستعمل ہے میر معز فطرت شعر زلف می داد اگر نازش عنان کم نگاہی را ٭ نمی شد کس حریف غمزۂ خواہی نخواہی را ٭ نخشبی شعر نخشبی ذوفنی عجب چیز است ٭ خواہ ناخواہ زدبدست آید ٭ اور اردو مین خواہ مخواہ بھی بولتے ہین کیا معنی کہ دل چاہتا کام طوعاً اور جس کام کو دل نچاہے کرہاً کیا جاتا ہے اور جو کام اگر دل چاہے اور اگر دل نہ چاہے ہر حال کرنا ہو وہ ناگزیر اور ضروری ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ شرطیہ جملے ہین اداۃ شرط یہان سے محذوف ہین جسکا حاصل معنی مفہوم مردّد پر جا ٹھہرتا ہے تو بلا لحاظ شرطیت اداۃ تردید یا کی طرح اتفاق واختلاف کیفیت مین اور اسی طرح انشا وخبر ہر دو جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اتفاق کیفیت

لفظ اگر کی حقیقت

خواہ تردیدیہ کا بیان

خواہی سے خواہ بنانے مین نکتہ کیا ہے

خواہ اتفاق واختلاف کیفیت اور انشا وخبر مین برابر مستعمل ہے

جیسے سعدیؒ شعر من انچہ شرط بلاغت باتو میگویم ✤ تو خواہ از سخنم پند گیر خواہ ملال ✤ نظامیؒ شعر
چو من زین ولایت کشادم کمر ✤ تو خواہ افسر از من ستان خواہ سر ✤ اور اختلاف کیفیت جیسے نظامیؒ شعر
تاج و تخت آلتست شاہی نہ ✤ آلتی خواہ باش خواہی نہ ✤ یہ امثلہ انشا کے بھی ہو سکتے ہین - اور
خیر جیسے سعدیؒ شعر رای رای تست خواہی جنگ خواہی آشتی ✤ ما قلم بر سر کشیدیم اختیار خویش را ✤
ولہ دست کوتاہ باید از دنیا ✤ آستین خواہ دراز خواہ کوتاہ ✤ اے خواہ جنگ باشد خواہ آشتی باشد آستین خواہ
دراز باشد خواہ کوتاہ باشد - اور یہان تاویل انشا کی بھی ہو سکتی ہے - اے خواہ جنگ کن خواہ
آشتی کن - آستین خواہ دراز باش خواہ کوتاہ باش وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ✤

کاف تردید

چوتھا کلمات تردید مین سے کاف ہے یعنی بعض مقننین نے کاف کو بھی اداۃ تردید مین شمار کیا ہے (صاحب قواعد دستگیری)
اور شاہد اپنے مدعا کا اس شعر کو بنایا ہے شعر حسن معشوق بہترست کہ آن ✤ آن ازین بہترست
این از آن ✤ اے حسن معشوق بہترست یا ادا ے معشوق - یہ سوال ہے اسکا جواب مصرعہ ثانیہ
اور کبھی یہ کاف یاے تردید کے ساتھ جمع ہو جاتا ہے جیسے شعر بر دلش می گزرم یا کہ فراموشم کرد ✤
اے محبت بسر دوست تراسوگند ست ✤ اور صاحب جامع الترکیب نے یہ مثال گھڑ دی ہے ع ہست
تردید ے روم یا رب کہ باشم درمقام ✤ اور بعض سخن فہمون نے سعدی کے اس شعر مین شعر دل
دوستان جمع بہتر کہ گنج ✤ خزینہ تہی بہ کہ مردم بہ رنج ✤ کاف کو تردیدیہ فرمایا ہے اور بعض نے
نافیہ مانا ہے یعنی "دل دوستان جمع بہتر نہ گنج" (صاحب بہفت قلزم) میرے نزدیک یہ فضول کاف کی توزیع بڑہاتا ہی
دراصل یہ وہی کاف ہے جو مفضل علیہ پر از کی طرح داخل ہوتا ہے جیسے اس شعر مین شعر بہ تنا ے
گوشت مردن بہ ✤ کہ تقاضاے زشت قصابان ✤ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ✤

واو تردیدیہ کا بیان

پانچوان اداۃ تردید مین سے واو ہے جیسے سعدیؒ کا شعر ہے شعر گل ہمین
پنج روز و شش باشد ✤ وین گلستان ہمیشہ خوش باشد ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤

ھٰذَا اٰخِرُ مَا تَیَسَّرَ لِیْ مِنَ الْکَلَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی حُسْنِ الْخِتَامِ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنَامِ مَوْلَانَا
مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی وَاٰلِہِ الْعِظَامِ وَصَحْبِہِ الْکِرَامِ
اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ✤

گهر جوے را تیشه بر کان رسید | جگر خوردن دل بپایان رسید
بسا طے کشیدم بترتیب نو | برو کردم اندیشه را پیشرو
دگر باره[۵] بر کان کشادم کمین | برانداختم مغز گنج از زمین
بسے سالها شد که گوهر پرست | نیاورد زینگونه گوهر بدست
فروشنده جوهر آمد پدید | متاع از فروشنده باید خرید
بدعوے دروغے نباید نمود | زر و آتش اینجا توان آزمود
شناسنده گر نیست شوریده مغز | نه بهره شناسد ز دینار نغز

هنر تابد از مردم گوهری
چو نور از مه و تابش از مشتری

تقریظ چکیدہ کلک گہرسلک قدوۃ العارفین امام السالکین مغیث الفضلا رحلۃ العلما۔ المحقق للحقائق والمعارف طود العلم والفضل ۔ بحر التحقیق والتدقیق المفسر العارف ۔ والمحدث الفقیہ ۔ سیدی وسندی ۔ وسیلتی فی الیوم والغد مولانا الاستاذ المولوی الحافظ ابو المحمود رشید احمد مدظلہم اللہ الفرد الصمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامدًا ومصلیاً ۔ بندہ کی دانست مین مولوی صاحب مؤلف نے بہت اچھا لکھا ہی قابل تحسین ہی فقط

کتبہ الراجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

ایضاً از علامِ علوم فارسیہ فہامِ فنون عربیہ دقیقہ رس سخن یک فنی در ہر فن نقاد جواہر حقایق صراف نقود دقایق جامع المعقول والمنقول حاوی الفروع والاصول جہبذ الجہابذہ استاذ الاساتذہ مولانا استاذی المجد المولوی ابو الخیرات سید[۶] احمد صاحب دہلوی مدرس اول مدرسہ اسلامیہ دیوبند ضلع سہارنپور صانہا اللہ عن الفتن والشرور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومثنیاً بالصلوٰۃ والتسلیم ۔ امابعد خادم سادات مفتقر الی الصمد ابو الخیرات سید احمد ناظرین با استعداد وطالبین خوش اعتقاد کی خدمت مین گذارش کرتا ہے کہ یہ کتاب کچھ میرے

[۵] مصنف قبل ازین رساله نوشت افشار در صرف نوشته است ازان بعد این رساله در نحو چنانچه در دیباچه ذکر کرده ۱۲

[۶] مولانائے ممدوح در علوم فارسیه از شیخ امام بخش صهبائی رحمه الله و میرزا اسد الله خان غالب تلمذ داشتند ۱۲

دیکھنے مین کچھ سننے مین آئی اس طرز تحقیق سے مذاق مشتاق نے حلاوت پائی واقعی صاحب تصنیف ادیب منیف سلف حریف مولوی حسین شریف نے اس تاسیس قواعد وتمہید فوائد مین تحقیق کا بیڑا اُٹھایا ہے اور نظارگیان آفاق وطالبان باشتیاق کو تدقیق کا جلوہ دکھایا ہے کتاب لطیف قابل تحسین ہے اور مصنف شریف لایق آفرین ۔ مبتدی ومنتہی اس دستور نامہ کو دستور العمل بناوین تو امید ہے کہ بہیڑیا چال سے رہائی پاکر تحقیق وتدقیق کی راہ پر آوین ومن اللہ التوفیق وبیدہ ازمۃ التوثیق فقط

ابو الخیرات سید احمد عفی عنہ

ایضاً از عمدۃ الفضلا زبدۃ العلما حلال مشکلات علوم عربیہ کاشف معضلات فنون ادبیہ مقبول بارگاہ لم یزلی مولانا الاستاذ المولوی محمد ذو الفقار علی صاحب مد ظلہ العالی

حامداً ومثنیاً ومسلماً ومصلیاً ۔ کتاب قواعد فارسی تصنیف فاضل منیف مولوی حسین شریف کے اکثر مقامات کمترین کی نظر سے گذرے معلوم ہوا کہ مولوی صاحب نے فراہمی قواعد مین نہایت سعی فرمائی ہے اور جو کچھ لکھا ہے محققانہ لکھا ہے اور اشعار مثالیہ خوب بہم پہونچائے ہین مین امید کرتا ہون کہ یہ رسالہ مبتدی اور منتہی دونونکو نافع ہوگا فجزاہ اللہ تعالی عن مستفیدیہ خیرا ولا یلحق بہ ضراً وضیراً فقط

کتبہ العبد المفتقر ذو الفقار علی الدیوبندی

هٰذا ما كَتَبَ البارِعُ السَّمَيْدَعُ الأَرِيبُ الفاضِلُ نحريرُ الأُدَباءِ المُخاطَبُ بِأَدِيبِ الدَّولَةِ سِنادُ المُلْكِ سُلطانُ العُلَماءِ آقا السَّيِّدُ علي بن السَّيِّد أبو الحَسَنِ الشُّوشتَرِي الجَزائِرِي سَلَّمَهُ اللهُ تعالى مُقَرِّظاً على هذِهِ الرِّسالَةِ

هو المعز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد لمن اعرب بناء هذه السقف المرفوع ۔ بلا عمد منصوبۃ موضوع ولا طنب الی الارض مجرورہ ۔ ولا اوتاد لها مجزورہ بل جزم علقتها عما سواها ورفع سمکها فسواها ۔ فسبحان من جلت اسمائہ وافعالہ ۔ وتنزهت عن وصمۃ الحروف کلماتہ واقوالہ ۔ والصلوۃ والسلام علی الاصل الواحد الذی یشتق منہ الافعال المحمودۃ فی کل باب ۔ والمصدر الوجودی الذی صدر الیہ فمنہ احکام السنۃ والکتاب ۔ نبینا المنعوت فی الکتب السماویۃ من لسان اللہ الاحد الصمد

بالضم آویزش

۵ الجزم بریدن و بریدن ازین است بخاجرم

المنزّل علیہ بواسطۃ روح الامین عن روح القدس برسولٍ یاتی من بعدی اسمہ احمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ الامثلۃ المختلفۃ لمعانی مؤتلفۃ وھم معہ الحروف النّورانیۃ ۔ والغرض الاصلی من الاحرف المرموزۃ فی اوائل السّور القرآنیۃ ۔ فصلی اللہ علیھم مادام الکلام لما فی الفواد ظرف ۔ ومادامت الکلمۃ اسم وفعل وحرف ۔ وبعد فلما رایت قرائتہٗ علیّ ما املاہ قلم الحبر الہمام بل البحر الذّاخر ابو الفارسیۃ وبن جلاھا وشیخھا وطلّاع ثنایاھا الغطریف الطریف المولوی محمد حسین شریف فی اصول القواعد الفارسیۃ من نحوھا وصرفھا وبیانھا ومعانیھا باستنباطات منہ اُنسیّۃ بتحقیقات عللا بعد الوقوع ۔ وقد قیفقات ذللا للجانی عند الینوع قطوفھا دانیہ ۔ تسقی من عین انیہ ۔ واستحسانات عمل فیھا فکرہ ۔ وفرغ لھا راسہ واتعب دماغہ وحکّ لھا صدرہ ۔ حتی وضع کتابا ینفع طالب اللسان ۔ اذا وقف علیہ فقد وقف منہ بما لم یطمث ھن انس قبلہ ولا جان ۔ ومن استعود کلماتہ وقلّد عاداتہ یفوق الاقران ۔ بشحاذۃ تحصلُ منہ للاذھان وعندی انّ ھذا اللسان لسان حملۃ العرش کما ورد عن صاحب الادوار والاکوان ۔ وجنۃ قد تزخرفت وفیھا ما تشتھیہ الانفس وتلذُّ الاعین ۔ ولما کان من بنی سام بن نوح علی نبینا وعلیہ السلام ا الانبیاء جمیعا علیھم السلام وکان کل نبی بمقتضی یومہ ۔ علی لسان قومہ ۔ وحکی الوحی السماوی ما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ فما اظنّ ان احدا منھم تکلم بالفارسیۃ الا کلمات منھا شرّفھا تاج الانبیاء وخلاصتھم و شرف الرسل فاتحھم وخاتمھم ۔ لمّا تکلم مع سلمان اذ کان یتململ فی المسجد بصحنہ من شدۃ وجع بطنہ فقال صلی اللہ علیہ وسلم یا سلمان اِشکمتْ درد قم فصل وکما قال بعجمی یاکل العنب علی باب المسجد عدّ قۃ عذقۃ یا اخا فارس کُلِ العُنب دوتا دوتا نہ خوش خوش وقال ملعو المشھور عند الفقھاء بالشھرۃ والزیادۃ انی اکرہ بیع دہ بدوازدہ فلفی الفارسی مبلغا انہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تکلم بہ قاصدا او استبھم بہ حامدا ولمّا کان الاغلب فی ھذہ الملۃ البیضاء المحمدیۃ کثر اللہ امثالھم فی البریۃ والبحریۃ ملوکاً ودُوَلاً اما من الترک او الفارس من ولد یافث بن نوح او الکرد والانکلیس لما اقتضت الحکمۃ الالھیۃ بان تکون ھذہ الجرثومۃ اصحاب سیف وسلطنۃ وکان کما قال المتنبی ؎ اعلی الممالک ما تبنی علی الاسل ۔ وکان

عذقہ یالاخ ۔ خوش خوش ۔ دوتا دوتا ۔ یا اخا فارس

کلّ دفاترهم و احکامهم بالفارسیة ودساتیرهم وقوانینهم بها طول الازمان حتی الهند لما حکم فیها المغولیة الی التیموریة لم یتغیر احکامهم ودفاترهم عما کانت علیها من لسان دولتهم وقلّدها المسلمون فی کل قطر فاتواخذوهم حذو النعل بالنعل والقذة بالقذة تقریرًا شطرًا بشطر وتحریرًا سطرًا بسطر فحصل الفارسیة کل ترکی وروی وهندی وبنوا دفاترهم بهذا اللسان * لاسیما من زمن الدولة التیموریة الی هذا الزمان * کانت بالفارسیة الی الآن فتبع المسلمین الهنود * حصّلوا هذا اللسان المحمود * لانه کان لسان دولتهم * ان لم یکن لسان ملتهم - ولسان حکومتهم * ان لم یکن لسان طریقتهم - الی المائة الثالثة بعد الالف من الهجرة النبویة - صلی علیه وآله رب البریة - فاتبعت الناس لسان الانکلیس لما اخذت الدنیا بثلاث ارباعها بلا تفاوت فی القیاس والمقیس - ومسّت الحاجة الی تحصیل لغة الافرنج اشد تمسیس * اللهم انا نعوذ بك من تتمیم الامور - ورغبات الجمهور الا لاکمال الدین وانت خیر الحاکمین - وبیدك ازمة الامور * وزمام قلوب الجمهور * فکما قیل ؎ اذا تمّ امر بدا نقصه * ترقب زوالا اذا قیل تم * فقد تصرف الانکلیس فی الربع المسکون واخذت الثلثین منها علی ما هو تخمین المساحین من ارباب الفنون وقد قلت فی دولتها ؎ لا تغرب الشمس بملکها ولا * تحسب کلامی ذاك قولا مهملا * فان امریکا نهارها ابدا * لیلة وجه الارض سل من وجدا * وارجوزتی هذه طویلة ومنها ؎ صلّی طار طار حسن صیتها * وعندنا فی هندها عفریتها * یاتیك لو کنت بوسط الصین * من سبأ بنبأ یقین * وکل من له الی هذا اللسان شوق * او له توق الی طعم حلاوته لصادق الذوق * فلا احسن له من هذا الکتاب فان فیه ما قرأ * ولکل ضیف قری * من اهل البلد والقری * فقد جمع ما یحتاج الیه فی اللسان ویصدق علیه کل الصید فی جوف الفرا * ولو لا سوی تشحیذ الاذهان من نکاته * وتحنیذ الاذکار من تحقیقاته لکفی فی الرغبة الیه عن غیره * من استطلاب خیره - وبه الکفایة * ومن الله الوقایة * کتب هذه الاحرف بقلمه وخط یده برقمه سلطان العلما سناد الملك *

وقال فی الفارسیۃ بدیہاً مضمناً

چو او مزاج شناسی بپارسی ز کجاست	پزشک فارسی ار خوانمش درست و بجاست
کرشمہ دامنِ دل میکشد کہ جا اینجاست	ز فرق تا قدمش ہر کجا کہ نظر فگنی

الحق حق تحقیقات پارسیہ را ادا نمودہ۔ و ابواب تدقیق بر روی طالبان این زبان کما ینبغی کشودہ و محققانہ گوی سبقت از محققین ربودہ۔ ہر ورقش را ہزار دفتر ثنا در خور ست۔ و ہر سطرش را ہزار شطر آفرین در بر ست

متوسط از وی سرور نہاد	مبتدی منتہی بہ بہرہ ازو	منتے بر سر ہمہ بنہاد	داد معنی مصنفش خوش داد
کہ تو آوردہ مادرے کہ توزاد	آفرینِ خدا سے بر پدرے	کہ ندا ہا تفش چنین در داد	بر مصنف ز غیب این شعر ست

تقریظ نوک ریز کلک گہر سلک سحر طراز بل ہمہ اعجاز سپہر کمال را مہر منجلی حاجی مولوی محمد ضیا علی صاحب سلمہ اللہ القوی الولی +

حمد واجب واجب الوجود را لایق و سزا است۔ و تحائف صلوات و تحیات بران ممکن الوجود کہ لباس امکان از قامت وجوب نبوتش قصیر و نا زیبا میرزا قانع علیہ الرحمۃ چہ خوش گفتہ بلکہ در سفتہ ع لباس واجبی از قامتش بلند تراست * ولیک جامۂ امکان ز قد او ست قصیر * و علی الہ الطاہرین و اصحابہ الماجدین الراشدین پس بر ضمائر اولی الالباب و البصائر مخفی و محتجب مباد کہ این کتاب نادر البیان بطرز شگرف و نو بنظرم رسید و دامن خاطرم از چمنستان آن ریاحین تازہ بہار چید فی الواقع عجب کتابیست کہ دیدۂ زمانہ نظیرش ندیدہ و گوش اساتذۂ سلف ہمچو نغمۂ جدیدش نشنیدہ و شنیدہ کے بود مانند دیدہ و چرا چنین نبود کہ مصنفش فاضل نحریر و باستخراج مضامین دقیقہ ماہر و قدیر ہا ہو ابن بجدتہا و ابو بکرہا کما قال و ہو اصدق فی المقال ع

ستارہ بیا وردہ ام بر زمین	بہر نقطہ از چشم انصاف بین	نیابیش در صحف پیشینیان	درین نامہ من ہر چہ کردم بیان

وہو الشاعر الماہر اللطیف والادیب البلیغ الغطریف اعنی جناب مولوی حسین شریف ادام اللہ تعالی و ابقاہ و من حیاض فیضہ القدیم اسقاہ و لا زال کتابہ مقبولا بین العام والخاص و موہوبا من اللہ سبحانہ شرف الافادۃ بمزید الاختصاص و لا برحت مہجتہ محسودا و قیلہ بہذہ الاستقامۃ محمودا۔ والسلام حرر فی سابع عشر من شہر اللہ الاکبر یوم الربع

جررہ الراجی عفو ربہ و الفقیر الی رحمتہ سبحنہ
محمد ضیا علی

تاریخ طبع کتاب از مجمع الفضائل منبع الفواضل نکتہ سنج جادو طراز مضمون آفرین سخن پرداز ناظم بیمثال ناثر بیعدیل مولانا المولوی محمد عبد اللہ الحسین الخلیل صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ معسکر بنگلور مدمجدہم الجلیل

کیا ہی چھپا ہی فضل خدا سے آب وتاب	یہ لاجواب دفترِ آئینِ فارسی
سنے الفور سالِ طبع کہا یہ خلیل نے	لکھے ہین واہ خوب قوانینِ فارسی

ایضاً از نتائج طبع دقیقہ یاب کیاست مآب شاعر نازک خیال فصیح بیان معنی رس سخندان محمد ابراہیم خان صاحب آصف بنگلوری کان اللہ لہ

فارسی کی نحو ہین نادر کتاب	لکھی مولانا نے بیمثل وندید
فی البدیہہ لکھدیا آصف نے یہ	سالِ طبع اس کا "فیوضاتِ جدید"

ایضاً از طبع وقاد نقاد سخن علامہ جلیل مولانا المولوی خلیل الرحمن صاحب خلیل برہانپوری مؤلف تاریخ برہان پور و مقامات الاولیا و احادیث قدسیہ و علامات القیامہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ازجناب حکمی علامۂ فہام دہر	شد بترتیب عجیب این نسخۂ لب لباب
اوست لقمانِ زمان و بوعلیِ عصرِ خود	ملکِ حکمت زو منور شد چو ماہ از آفتاب
خوب شد در فارسی دستور نامہ بیعدیل	مثل آن چشم زمان گاہے ندیدہ یک کتاب
در ادب بسیار می باشد کتب لیکن کسے	پیش ازین ہرگز ندیدہ ہمچنین راہِ صواب
با ادب پیش مصنف بہر تاریخش خلیل	عرض کن " دستور نامہ طبع شد عالیجناب "

خاتمہ و تاریخ طبع دستور نامہ فارسی از مصنف عفا اللہ عنہ

شکر کاین نامہ بعنوانے رسید	کانِ گوہر در جہان آمد پدید
گوہرے چون چشم روز افروختہ	با فروغش مہرِ ستارہ سوختہ
گوہرے آمد ز جان کندن بدست	نیست آن کاید ز کان کندن بدست
چون درین رہ آب من خون کردہ ام	مغز نغز از نغز مغز آوردہ ام
چون بصد دل خوردہ ام خونِ جگر	معنے آوردہ ام رنگین و تر
ہر گہر گنجینۂ زاسرارِ نہان	خاصہ آن کا در دمش از مغزِ جان

بودم از فکر معانی در جگر | تا ز زرِ نگین نکتہ گشتم لعل گر

این چنین رنجے کہ بردم بہر گنج | نہ از تمنا کہ خورم من دست رنج

در نہ بستم ہمچو بے سرمایگان | رایگان بخشم چہ گنج شایگان

این چنین گنجینہ وبکشادہ در | خوابناکیست بود خسران مگر

چشم بکشا واقفِ اسرار شو | نکتہ ام بہ پزیرو برخوردار شو

مزد کار خود نمے خواہم مگر | طالب انصافم از صاحب نظر

کہ عیار زرِّ من گیرد نخست | تا درست زرِّ من بیند درست

گنج من کز قلب میدارد فراغ | دہ دہی زر است و گوہر شبچراغ

حرف حرفش دفتر معنی ست بین | زو بصد رنگے نگارستان چین

خطّ او سر خط خورشید آمدہ | خاصہ در برج حمل خرگہ زدہ

سطرہا بر کاغذش دام نظر | حرف حرفش یک ز دیگر نغز تر

لفظ او منت بمعنے بر نہاد | ہم فصاحت بہر لفظش خانہ زاد

سحر و افسون ہر سخن در دلبری | نکتہ اش را تیر گردون مشتری

حرف او از برگ گل نازکتر ست | زہرہ با ناز ادایش گشت پست

سطر سطرش رشتۂ جادو ست بین | نظم پروین نثر آنرا شد رہین

سطر و مابین سطورش در نظر | جوے شیر ست و نیستان شکر

سطر را جنات و بین سطر را | گوئی الانہار تجری تحتہا

معنئ روشن بلفظ نکتہ سنج | زہرہ در میزان سعادت ہست گنج

چون مرتب گشت حکمی بہر سال | آشنا گردید در بحر خیال

خاصہ سالے کاندران ہر ہفت گشت | این عروسے کہ زمہ حسنش گزشت

مصرعِ تاریخ آن کاندر قبول | گفت "نادر ہست تبیان اصول"

سال طبع از غیب در گوشم رسید | "در قواعد شد کتابے بس مفید"

سال دیگر سال طبعش بے شبہ | از سر الفاظ و طرز مرتبہ

في البديهہ ہاتفم اندر نہفت
حکمت آمد جملۂ اسرار گفت

ولہ

دُرِ سالش چہ نغز دیگر سفت | در "قواعد متین کتابے" گفت

ولہ

فلکم بگفت دیگر کہ نہ شک درو نہ ریبہ | کہ بجوئی سال طبعش ز "فوائد غریبہ"

ولہ فی الھندیۃ

بحمد اللہ چھپا دستور نامہ | زمانہ سے تھے سب طالب اسی کے
لکھا حکمی نے سال طبع مطبوع | ہوئے سہل اب ضوابط فارسی کے

از نتایج طبع ارجمند آسمان پیوند سحر پرداز جادو طراز در فن تاریخگوئی ماہر بدایع اسلوب آن قادر یکہ تاز مضمار نکتہ دانی المولوی الحافظ حفیظ اللہ صاحب فانی اعظمگڈہی

حکیم حاذق و علامۂ حسین شریف | نوشت اصول قواعد زہے پسند طبع
چو سال طبع ہمایونش خواستم فانی | سروش گفت بگو "شد متین کتابے طبع"

ولہ

چھپی مجتبائی مین باصد صفائی | یہ نادر کتاب افاضت شمامہ
کہو مصرع سال مطبوع - فانی | چھپا ہے بہت عمدہ دستور نامہ

ولہ

فوائد نامہ چون در طبع آمد | ندائے ہاتفم گردید مسموع
بگو اے فانی دلشاد تاریخ | بشد دستور نامہ عمدہ مطبوع

ولہ

شدہ دستور نامہ چون مطبوع | کہ افاضات علم راست آب
گفت تاریخ ہاتفم فانی | گشتہ مطبوع لاجواب کتاب

تمت

عالیجناب مولانا حافظ محمد عبدالاحد صاحب مالک مطبع مجتبائی دہلی

کیسی نادر کتاب طبع ہوئی — جسپہ ہر شخص لوٹ ہی۔ غش ہے
فکر تاریخ کی تو ہاتف نے — کہدیا دلپذیر و دلکش ہے

صورۃ ما کتبہ الکاتب الیلمعی مولانا نظام الدین المتخلص بالعشق الکیرانوی مصحح المطبع المجتبائی

رأیتُ الکتابَ الّذی یُستطابُ — بِصَرفٍ وَنحوٍ اِلیهِ المتابُ
لِتحقیقِ لفظٍ عبارٌ صحیحٌ — لِتوجیهِ معنیً بیانٌ صوابُ
جَرٰی مِنهُ بحرُ القوانینِ جِدًّا — وَمِن ذاكَ سالَت عیونٌ عِذابُ
شَواهِدُهُ ثابتاتٌ عدولٌ — دَلائِلُهُ مالهنّ جوابُ
فَلِلّٰهِ دَرُّ الشَّریفِ الظَّریفِ — اَتانا بِمالَیسَ فِیهِ ارتیابُ
لَهُ فِی القواعِدِ آیاتُ سَبقٍ — لَهُ فِی مَبادِینِ فخرٍ حِرابُ
لَوانْ شِئتَ عِلمًا فَشیخٌ وَحِیدٌ — وَاِن خِلتَ فی جَودَةِ الطّبعِ شابُ
هُوَ البحرُ مِن شانِهِ اَن یُروّی — هُوَ الغیثُ مِن طبعِهِ الانسکابُ
فَطوبٰی لِاَربابِ عِلمٍ وَفضلٍ — وَبُشریٰ لِمَن زانَهُ الاکتسابُ
اَلا اَیُّها الفارسیّونَ قُوموا — خُذوا ما صفا وَدَعوا ما یرابُ
اَما اِنَّ فیهِ غرائِبَ دُرٍّ — اَلا اِنَّ هٰذا لَشیءٌ عُجابُ
تَحلّی بِحَلیِ انطباعٍ لطیفٍ — تَجَلّٰی کَبدرٍ وَما فیهِ عابُ

فَفکّرتُ مِن اَوّلِ الامرِ فیهِ
وَارّختُهُ نِعمَ هٰذا الکتابُ
۱۳ ۰ ۲ ۰ ۱

از عاجز محمد بیگ عفی عنہ منیجر مطبع مجتبائی دہلی

وہ وہ چہ بلیغے ومضامین جدیدہ — طرزے کہ نہادست نہ دیدہ نہ شنیدہ
تاریخ نوشتم سر اطناب بریدہ — نوباوۂ ابحاث شریفہ ومفیدہ

ـلہ مولوی حکیم حسین شریف صاحب مصنف کتاب ہذا سلمہ ۱۱ سے عاب لنقیت درعیب ۱۲

تقریظ نوک ریز کلک گہر سلک مقدام الکملا رحلة الفضلا سحر طراز جادو نگار معجز بیان جناب محمد عبد الجبار خان صاحب آصفی سر رشتہ دار دفتر معتمد پیشی قدر قدرت اعلحضرت حضور پرنور دام الملکہ

الا اے سخن سنج معنی سگال
بدستور نامہ نظر برگشا
سخن را باندازۂ ہوش بین
قوانین نگاران سنجیدہ رائے
خزف ہا بگوہر بیامیختند
نبودہ کسے زان میان ژرف بین
ز بازار دانش کسادی زرفت

ازین نامۂ ہوش پرخوببال
باوج سخن بال برتر کشا
نچیدہ کسے دستگاہش چنین
بسنجیدگی گنج گوہر کشائے
گہر با خزف ہا بہم ریختند
کہ چیدے خزف ہا زدر ثمین
خزف ماند ور نجش زیادی زرفت

بجلی چو دور سخن در رسید
خزف از میان گہر بر کشید

زسستی اصل بنائے لغات
بمعماری فکر کیوان شکوہ
ز اسرار ہر نکتہ داد آگہی
ز تحقیق کردہ بدانسان پسیچ
چہ خوش گفت دانائے سنجیدہ رائے
بنائے کہ بنہاد معمار کج
کجی ہا بنے بود اندر سخن
بچشم خرد آن کجی وانمود

بایوان گفتار نبود ثبات
رسانیدہ پشتِ قوانین بکوہ
نکردہ با براز آن کوتہی
کہ نگزاشتہ نکتہ سربستہ ہیچ
سخن را بقانون نگہدار جائے
برآید از و قصر و دیوار کج
ندید ند سویش دگر اہل فن
در آگہی بر رخ شان کشود

بہ النشوران است دستور ہوش	باین دیدگی ہا ز فرخ سروش
ہمایون گہر حکمیِ نکتہ سنج	بچیدہ گہر ہا بر آمودہ گنج
زبانِ دری یا بود پہلوی	ازین نامہ بگرفت سازِ نوی
ز تردستی او درین کار کشت	بہر گوشہ بینی بہارِ بہشت
رسانیدہ بہر سخن پروران	براہین زگفتارِ والنشوران
ز دانش سگالان ربایدِ خرد	بناقص خیالان فزاید خرد
بلب تشنۂ آبِ حیوان درست	بظلمت زدہ مہر تابان درست
برآراست زلفِ رسای سخن	بشاطگی ہاے انداز فن
خرد را ازو روشنائی بود	سخن را بگیتی روائی بود

سخن را بود تا نشان در جہان
بود حرز جانِ سخن پروران

تقریظ فاضل جلیل وحبر نبیل شمس العلما مولانا شبلی نعمانی ناظم علوم وفنون سرکار عالی نظام حیدر آباد دکن وسابق پروفیسر مدرستہ العلوم علیگڈہ وفیلو یونیورسٹی الہ آباد

مین نے جناب مولوی حسین شریف صاحب کی کتاب دستور نامہ فارسی اکثر جگہ سے بغور دیکھی۔ کوئی شبہہ نہین کہ یہ کتاب ایک معرکہ آرا کتاب ہی مصنف نے مشکل اور اہم مسائل کو بڑی بسط اور تنقید سے لکھا ہے۔ بہت سے اصول اور قواعد خود بھی ایجاد کئے ہین مصنفین سابق سے جابجا اختلاف بھی کیا ہے اور وہان بہت زورِ طبع دکھلایا ہے اسقدر ہے کہ یہ کتاب بوجہ دقت مضامین کے منتہیون کے قابل ہے۔

تشبیہ کی بحث اسمین استطراداً موضوع سے خارج آگئی ہے۔ بہر حال یہ کتاب ہر طرح قدردانی کے مستحق ہے۔

شبلی نعمانی

۱۷ فروری ۱۹۰۴ء